انہ من سلیمن وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ والمنۃ کہ نسخہ متبرکہ ترجمہ کتاب مستطاب فتح الربانی و فیض الرحمانی المسمے بہ

تحفہ سبحانی

ملفوظ مبارک حضرت غوث الاعظم شیخ الاسلام ابو محمد محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ باہتمام مولوی غلام احمد خان

در مطبع مسلم پریس واقع دہلی طبع گردید

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

انتخاب از فہرست کتبخانہ تجارتی مولوی غلام احمد خاں مترجم کتب تصوف مالک مسلم پریس

بحمدللہ اس کتب خانہ میں ہر علم وفن کی ہزارہا کتب موجود ہیں فہرست کتب کلاں درخواست کرنے پر کارخانہ سے بلاقیمت محصول روانہ
اس کتاب کی پشت لوح پر چند کتب علم تصوف یعنے جس فن کی یہ کتاب ہے درج کی جاتی ہیں شائقین بارسال قیمت یا بذریعہ ویلیو طلب
فرمائیں - المشتہر مولوی غلام احمد خاں بریاں مترجم کتب تصوف مالک مسلم

النعیم العاطر ترجمہ غبطۃ الناظر در حالات حضرت غوث الاعظم رح
مولانا داد الامیران شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی پیران پیر دستگیر
مصنفہ حضرت ابن حجر عسقلانی حالات حضرت محبوب سبحانی ہمیں جو
کتاب ہے اس نسخہ شریف میں حضرت غوث پاک کے یوم ولادت
آپکی وفات تک کے جملہ حالات ہیں بصرف زر کثیر ترجمہ کرکے طبع کیا گیا ہے ۸ر

آداب المریدین عربی لسان میں یہ کتاب حضرت نجیب الدین
عبدالقاہر سہروردی پیر و مرشد حضرت شیخ شہاب الدین عمر
رحمۃ اللہ کی تصنیف ہے علم تصوف میں از حد معتبر و مستند ہے اسمیں
ہر طرح کے آداب ہیں اخلاق اور عقائد کا تذکرہ ہے ہر مسلمان کو
لازم ہے کہ وہ یہ کتاب ضرور اپنے بچوں کو پڑھائیں کہ اس سے ان کے
عقائد درست ہوں اور اخلاق سنور جائیں اور آداب ہر قسم کے معلوم ہوں ۸ر

اصول السماع عربی مع ترجمہ اردو تصنیف لطیف عالم
بے نظیر حضرت مولانا فخر الدین زرادی رح
خلیفہ حضرت محبوب الٰہی قدس سرہ مسئلہ سماع کی تحقیق میں
اس سے بڑھکر اور کوئی کتاب نہیں ہے ۔ بین السطور میں
ترجمہ مولوی غلام محمد خاں صاحب چشتی مرحوم کا ہے ۔ ۴ر

الجواب الکافی لمن سئل عن الدواء الشافی مصنفہ
مشہور زمانہ فاضل اجل عالم باعمل حضرت
حافظ ابن قیم جوزی صاحب تصانیف کثیرہ ہمارے پاس
وہ الفاظ نہیں جنسے اس کتاب کی خوبی مطالب کا اظہار
کریں مختصر یہ ہے کہ یہ کتاب گناہوں سے بچانے کے واسطے
خاصیت اکسیر رکھتی ہے مصنف علامہ نے ہر گناہ کے اخلاقی
عیوب اس کے بد نتیجے ایک گناہ سے دوسرے پر رغبت اور
اس کا علاج اُنسے بچنے کی ہدایات اس خوبی سے بیان کی ہیں کہ
بڑھکر ناممکن ہے اصل بزبان عربی تھی بخیال افادہ عام اردو ترجمہ
کرکے طبع کیا ہے یہ کتاب ہر وقت زیر مطالعہ رکھنے کے قابل
ہے ضرور ملاحظہ فرمایئے بہت استفادہ حاصل ہوگا قیمت صرف

اخبار الاخیار اردو۔ مصنفہ حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث
دہلوی رح ۔ حاوی حالات جملہ اولیار کرام ۔ اصفیاء عظام ۔
مجاذیب و نساء عارفات رحمہم اللہ جو خاک پاک ہندوستان
میں آسودہ ہیں ۔ یہ کتاب نہایت معتبر اور مستند ہے ۔
مصنف رح نے علاوہ حالات کے اکثر بزرگان کے ارشادات
اُنکی تصانیف کے اقتباس کا بھی درج کیا ہے جس سے یہ کتاب
علاوہ علم سیر کی قابل قدر کتاب ہونے کے علم تصوف
میں بھی لاجواب ہے ضرور طلب فرمایئے قیمت فی جلد
ایک روپیہ آٹھ آنہ ۔

تحفۃ المتقین از مولانا مولوی حافظ الدین صاحب دوجانوی اس کتاب
میں احیاء العلوم کے باب آفات زبان دل کا خلاصہ ہے قیمت

تذکرۃ المعین مختصر سوانحعمری حضرت ولی الہند خواجہ معین الدین
حسن سنجری ثم الاجمیری رح مع حالات دیگر اولیار امت

حکایات الصالحین فی احوال الصادقین یہ بڑی عمدہ کتاب
ہے اسمیں اولیار اللہ کے حالات اور عجیب و غریب صالحین کی حکایات ہیں اسکے

Marfat.com

إنه من سليمان وإنه بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد للہ کہ نسخہ متبرکہ ترجمہ کتاب مستطاب فتح الربانی و فیض الرحمانی المسمیٰ

تحفہ سبحانی

ملفوظ مبارک حضرت غوث الاعظم شیخ الاسلام ابو محمد محی الدین عبد القادر جیلانی حسنی

مطبع مسلم دہلی باہتمام مولوی غلام احمد طبع گردید

Marfat.com

137074 ۲۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تعالیٰ جل شانہ وعم نوالہ کی حمد اور حضرت سید المرسلین خاتم النبیین محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی نعت انسان ضعیف البنیان خصوصاً مجھ نالائق خلائق نالائقی رالائق سے کیونکر تحریر وتقریر مین آسکتی ہے جبکہ حمد وثنا باریتعالیٰ عز اسمہ مین خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا احصی ثناء علیک زبان عجز بیان سے فرمایا ہے اور نعت مبارک کی سرور کائنات مین بڑے بڑے غواصان دریاے معانی عاجز رہے درماندہ ہو کر زبان عجز بیان سے گویا ہوئے کہ اگر تمام روے زمین کے اشجار قلم [illegible]ین کل دریا اور سمندرون کا پانی سیاہی کا کام دے اطباق زمین وطبقات آسمان بجاے [illegible]ہون اور تا بقیامت سب ذی شعور ملکر لکھین اسصورت میں بھی ایک شمہ آپکے اوصاف نعت سے رقم نہ ہو سکیگا پس بعد اظہار کمال مجبوری ومعذوری خاکسار ناکپائی درویشان بلکہ تراب نعال اقدام ایشان غلام احمد خان بریان المشہور بہ مترجم کتب تصوف ابن جناب سالک مسالک راہ طریقت ومعرفت سراج السالکین بدر العارفین محب الفقراء والغرباء والمساکین مولانا بالفضل واولانا بالکمال حضرت مولوی غلام محمد خان صاحب حنفی چشتی سلیمانی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

وجعل فی خطیرۃ القدس مثواہ ساکن قصبہ ممحمد از مصافات شاہجہان آباد دہلی خدمت حضرات ارباب دانش واصحاب بینش میں بصد ادب عارض عاجز ہے کہ عنفوان ایام جوانی سے تا الی الآن خاکسار مصداق ع بدنام کنندۂ نکونامے چند کو الحمد للہ علی احسانہ شوق تلاش کتب حالات و ملفوظات حضرات اولیاء کرام و اصفیاء عظام رہتا ہے کہ ان ایام میں مجھ جوئندہ یابندہ کو یاوری بخت وخوبی طالع سے نسخۂ نایاب معدن فیوضات یزدانی اعنی **فتح الربانی وفیض الرحمانی** ملفوظ مبارک حضرت قطب الاقطاب فرد الاحباب شیخ العالم غوث الاعظم حجۃ العارفین امام الصدیقین غوث الثقلین وسیلتنا فی الدارین قطب الحقیقۃ روح المعرفت رحمتہ للعالمین شیخ الاسلام حضرت میراں محمد محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی الحسنی الحسینی رضی اللہ عنہ مطالعہ خاکسار میں آیا جو کہ یہ نسخہ شریف مجموعۂ فوائد بے بہاء ازلی ہادی گم گشتگان مرحب زندگی مردہ دلاں تھا لہذا بخیال افادۂ عام اصل کتاب عربی سے ترجمہ کر کے طبع میں لایا گیا اور شروع کتاب میں حسب عادت مستمرہ مختصر حالات حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ کتب سیر سے انتخاب کر کے درج کئے گئے۔ قاریان کتاب سے اُمید کی جاتی ہے کہ وہ خاکسار مترجم و والدین احقر کے حق میں غائبانہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ ہم سب کے ساتھ وہ معاملہ نہ کرے جس کے ہم سزاوار ہیں اور اپنے فضل و کرم سے وہ معاملہ کرے جو اُس کی شان غفاری کے لائق ہے۔

مختصر حال سعادت و برکت اشتمال مستغنی عن الالقاب حضرت غوث الثقلین وسیلتنا فی الدارین مولانا و سیدنا عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ

حضرت پیران پیر دستگیر غوث الاعظم سیدنا شیخ الاسلام شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ سادات حسنی و حسینی سے ہیں چنانچہ نسب شریف آپ کا امیر المومنین حضرت علی [illegible] اس طرح سے منتہی ہوتا ہے کہ سید عبد القادر جیلانی بن ابی صالح موسیٰ بن عبد اللہ یحییٰ زاہد بن محمد بن داؤد بن موسیٰ الجون بن عبد اللہ محض بن حسن مثنیٰ بن حضرت امام حسن رضی اللہ عنہم بن علی کرم اللہ وجہہ یہ آنحضرت کا آبائی نسب نامہ ہے جس سے آپ سید حسنی ہوتے ہیں اور اپنی والدہ ماجدہ کیطرف سے اس

Marfat.com

سلسلہ سے حسینی سادات کرام سے ہیں کہ آنحضرت کی والدہ ماجدہ بی بی ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ بنت عبداللہ صومعی بن ابی جمال بن سید محمد بن سید ابی محمود طاہر بن سید ابی عطا عبداللہ بن سید ابی کمال عیسیٰ بن سید علاؤ الدین بن امام جعفر صادق بن امام محمد باقر بن امام زین العابدین بن حضرت امام حسین شہید دشت کربلا رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ ان سلاسل نسب شریف سے صاف ظاہر ہے کہ آپ یقینی سادات حسنی وحسینی سے ہیں۔ **ولادت** باسعادت آپ کی ۴۷۰ھ یا ۴۷۱ھ میں اول شب ماہ رمضان کو ہوئی آپ قصبۂ یلق (یلق ایک قصبہ قصبات جیل میں ہے جسے جیلان اور گیلان بھی کہتے ہیں اور یہ ایک احاطہ ملک کا نام ہے جو بغداد سے قریب ہے) میں پیدا ہوئے آپکی والدہ ماجدہ سے **منقول** ہے کہ جب آپ پیدا ہوئے ماہ رمضان المبارک تھا۔ آپ حرمت ماہ رمضان المبارک کیوجہ سے دن کو دودھ نہیں پیتے تھے۔ اور آپ کی والدہ سے منقول ہو کہ جس رات آپ پیدا ہوئے آسمان پر ابر غلیظ محیط تھا اسوجہ سے چاند نظر نہ آیا صبح کو لوگوں نے آکر مجھسے آپ کا حال پوچھا میں نے کہا کہ میرے نونہال فرزند عبدالقادر نے دودھ نہیں پیا اسی عرصہ مین شہادت بھی بہم پہنچی جس سے معلوم ہوگیا کہ آج اول تاریخ ماہ رمضان ہے پس تمام شہر میں مشہور ہوگیا کہ سادات میں آج ایسا لڑکا پیدا ہوا ہے جو حرمت ماہ رمضان نگاہ رکھ کر دن میں دودھ نہیں پیتا ہے حضرت شیخ عیسیٰ برہان پوری سے **منقول** ہے کہ جب حضرت غوث الاعظم پیدا ہوئے اللہ تعالےٰ نے بہت سے اولیاء کرام پیدا کئے کہ آپکی صحبت کے لائق ہوں اور مستفیض برکات وکرامات عالیہ سے ہوں ؎

تا قامت رعنائے تو در جلوہ گری شد	نقش قدمت دام رہ کبک دری شد

حضرت غوث الاعظم رضہ نے خود ارشاد فرمایا ہے کہ جب اوائل جوانی میں میری آنکھیں خواب سے گرم ہوتی تھیں مین ایک آواز سنتا تھا کہ ای عبدالقادر ہم نے تمکو سونیکے واسطے پیدا نہیں کیا ہے اور جب مین مکتب میں جاتا تھا۔ فرشتون کی آواز سنتا تھا کہ اٹھو اور ولی اللہ کو جگہہ دو۔ اخبار الاخیار مین لکھا ہے کہ اٹھارہ سال کی عمر میں آپ اپنے وطن سے بغداد شریف میں تشریف لائے اور تحصیل علم میں مصروف ہوئے اول قرآن شریف کو مع تجوید و باتفسیر پڑھا۔ اور محمد ثنی عارف کامل فاضل اجل سے علم حدیث کی سند حاصل

Marfat.com

کی اور دیگر علمائے متقین سے تحصیل علوم اور تکمیل جمیع فنون سے فارغ ہو کر جمیع فضلائے بغداد بلکہ کافہ علماء بلاد دستہ گوئے سبقت لیگئے بعد ازاں حق عز وجل نے آنحضرت کو خلق پر ظاہر فرمایا اور مرتبۂ قطبیت کبریٰ اور ولایت عظمیٰ سے مخصوص کیا اور جمیع اکابر فقہا۔ طلبا و علما و فقرا کو آپکے فیض سے مستفیض فرمایا اور آپ کا آوازۂ جلال اور صیت کمال زمین سے آسمان تک پہنچایا اور علامات قدرت و امارت و دوایت اور شواہد تخصیص اور دلائل کرامت آفتاب نصف النہار کی طرح روشن کیئے اور جمیع خزائن جود آپکے قبضۂ اقتدار میں دئے اور منجانب اللہ قدمی علی رقبۃ کل اولیاء اللہ کے امر سے مامور ہوئے چنانچہ مرقوم ہے کہ حضرت قطب ربانی محبوب سبحانی دُرِ یکتای دریائے ولایت لالہ سیراب بوستان فردیت ؎

شمع ایوانِ محمدؐ راحتِ جانِ علی	نورِ چشمِ فاطمہ شاہنشہِ مردانِ حق
میوۂ شاخِ حسنؑ گلدستۂ باغِ حسینؑ	قطبِ دین قطبِ جہاں پیدا ازشانش شانِ حق

مقتدائے اصفیاء سرگروہ اولیا سیدنا و مرشدنا غوث الصمدانی پیر دستگیر شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ جمعہ کے روز ممبر پر خطبہ خوانی میں مشغول تھے کہ ناگاہ استغراق کی کیفیت آپ پر طاری ہوئی۔ مقامات اور مراتب منکشف ہونے لگے کوئی مرتبہ اور مقام ایسا نہیں رہا جو اُسوقت طے نہیں ہوا۔ دفعتہً اسی اثنا میں زبان مبارک پر جاری ہوا۔ کہ قدمی ھذہٖ علےٰ رقبۃ کل اولیاء اللہ یعنی یہ میرا قدم تمام اولیا اللہ کی گردنوں پر ہے۔ معًا درگاہ پروردگار عالم سے منادی کو حکم ہوا کہ تمام عالم میں ندا کر دے کہ جملہ اولیاء اللہ میرے محبوب کی اطاعت کریں اور اُس کے فرمان واجب الاذعان کو بسر و چشم قبول کر کے مستفیض سعادت ہوں پس کوئی ولی اللہ ابتدا سے انتہا تک ایسا نہ تھا کہ جس نے آپکے ارشاد کی تعمیل نہ کی ہو۔ صرف ایک اصفہانی نے تعمیل ارشاد میں کوتاہی کی ولایت اُس کی خراب ہوئی۔

لطائف الغرائب میں حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی سے حضرت خواجہ بندہ نواز سید محمد گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہما نقل فرماتے ہیں کہ جب حضرت سید محی الدین عبد القادر جیلانی رضؓ نے قدمی ہذہ علی رقبۃ کل اولیاء اللہ نے فرمایا تمام گروہ اولیاء نے اپنی اپنی گردنیں جھکا دیں چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رضی اللہ عنہ نے بھی اس زمانہ میں جوان تھے اور خراسان کے پہاڑوں پر ریاضت اور مجاہدے

Marfat.com

مین مصروف رہتے تھے اس امر سے آگاہ ہوتے ہی اپنا سر مبارک زمین پر رکھدیا اور فرمایا بل علی راسی یعنی بلکہ آپکا قدم مبارک میرے سر پر اُسیوقت حضرت محبوب سُبحانی کو بھی نور باطن سے تعظیم اور قبول فرمانا خواجہ صاحب کا معلوم ہوا کہ آپنے اس حسن تعظیم سے خوش ہوکر اُسیوقت عین محفل مین فرمایا کہ خواجہ معین الدین حسن سنجری رحمۃ اللہ علیہ نے جمیع اولیاء اللہ سے پہلے اپنی گردن جھکا دی اور اس ادب اور انکساری سے اپنے اللہ اور رسول مقبول کو مسرور کیا قریب ہے کہ سلطان ہند ہو چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ۵۱۱ھ ہجری میں بعد سفر اقصای عالم میں بغداد واپس آیا راستہ میں ایک سخت بیمار ضعیف زار و نزار مجھ سے ملاقی ہوا اسلام علیک کرکے کہنے لگا کہ یا عبدالقادر میرے پاس تشریف لائیے میں سلام کا جواب دیکر اُس کے پاس گیا اُسنے کہا مجھے اُٹھا کر بٹھاؤ مینے اُسکو بٹھایا پس بیٹھتے ہی اُسکا مرض زایل رنگ تازہ صورت بہتر ہو گئی میں نے اسکا سبب دریافت کیا کہا تم مجھکو نہیں پہچانتے میں آپکے نانا کا دین ضعیف ہوں مورد ہو رہے پژمردہ ہو گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے آپکے سبب سے زندہ کیا آپ محی الدین ہیں میں اسکو چھوڑ کر جامع مسجد میں آیا ایک شخص نے نعلین اُٹھا کر میرے سامنے رکھیں اور کہا یا شیخ محی الدین۔ نماز کے بعد شہر کے آدمیوں نے مجھ پر ہجوم کیا میرے ہاتھ پاؤں چومتے تھے اور یا محی الدین یا محی الدین کہتے تھے اس وقت سے پیشتر میرا لقب محی الدین نہ تھا حضرت شیخ ابو محمد عبداللہ الجبائی رحمۃ اللہ علیہ سے **نقل** ہے کہ حضرت محبوب سبحانی نازک بدن میانہ قد تھے آپکا سینہ بے کینہ کشادہ و وسیع۔ ریش مبارک بہت گنجان۔ گندمی رنگ بھوین جٹی ہوئی نہایت خوبصورت تھیں

اے بت زیبا چہ نیکو دلبری
باختہ مرا بحسن و جمال
میدہی صد جان و یک دل مے بری
رائگان ہم کس نگردد مشتری

آپ کا طریق بہت خلق وعظ و نصیحت تھا **روایت** ہے کہ آپکی مجلس وعظ میں چار سو اہل علم قلم دوات لیکر با ادب بیٹھتے اور ارشادات عالیات لکھتے جاتے (الحمد للہ علی احسانہ کہ اس زمانہ میں بھی حضور کی مجالس وعظ بطفیل معائنہ کتاب ہذا ہم ایسے سیہ کار مستفیض ہوتے ہیں اور اہل عالم اسی طرح تا انقضا مستفیض یاب ہوتے رہیں گے) آنحضرت فرماتے ہیں کہ میں نے اوّل حال

Marfat.com

ہیں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا کہ مجھکو تکلم کیواسطے ارشاد فرمایا اور اپنا لعاب دھن میرے موتھ میں ڈالا۔ اسی لُعاب مُبارک کی وجہ سے ابواب سخن مجھپر کھل گئے اخبار الاخیار میں مشائخ کبار سے نقل ہے کہ آنحضرت کی مجلس مبارک میں اولیاء اللہ کا اژدہام ہوتا تھا اور جس قدر حاضرین سے اس مجلس متبرکہ میں ارباب کمال نظر آتے تھے اُس سے زیادہ کسی اور مجلس میں نظر نہ آتے تھے یعنی ملائکہ جنات وغیرہ جو عوام کی نظر سے پوشیدہ حاضر ہوتے تھے چنانچہ آپکے مشائخ ہمعصر سے کسی بزرگ نے فرمایا ہے کہ میرے عمل میں چند جنات تھے۔ ایک روز میں نے وہ ادعیات جو جنات کے حاضر ہونیکے لیے موضوع ہیں پڑھیں لیکن فوراً کوئی جن حاضر نہ آیا۔ تھوڑی دیر بعد حاضر ہوئے میں نے دریافت حال کیا جوابدیا کہ ہم وعظ سُننے کیلیے حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی کی مجلس شریف میں گئے ہوئے تھے اور آدمیوں کی تعداد حاضری سے ہماری جماعت کی تعداد زیادہ ہوتی ہے اور ہماری اکثر طائفے آنحضرت کے دست مُبارک پر بیعت سے مشرف ہوئے ہیں نقل ہے کہ آنحضرت کی وعظ کی مجلس میں یہود و نصاریٰ اور دیگر اہل بدعت و فساد وغیرہ تائب ہوتے اور آنحضرت کے دست حق پرست پر مشرف بہ اسلام ہوتے چنانچہ پانچ ہزار سے زیادہ یہود و نصاریٰ دولت اسلام سے مالا مال ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد دوسرے طوائف سے تائب ہوکر راہ ہدایت پر آئے نقل ہے کہ جمیع اولیاء و انبیاء کرام زندہ اپنے جسموں سے اور موتی اپنی ارواح سے مجلس عالیہ میں حاضر ہوتے تھے۔ اور حضرت حبیب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم بھی آنحضرت کی تربیت و تائید کیواسطے نزول اجلال فرماتے تھے۔ اور اکثر اوقات مجلس شریف کے حصار میں حضرت خضر علیہ السلام ہوتے تھے اور خضر علیہ السلام جس مشائخ عصر سے ملاقات فرماتے وصیت فرماتے کہ حضور ملازمت آنحضرت سے محروم نہ رہیں نقل ہے کہ حاضرین مجلس کو وہ کیفیت حاصل ہوتی تھی کہ غلبہ ذوق و شوق میں کوئی گریہ و فریاد کرتا۔ کوئی کپڑے پھاڑ کر جنگل کا راستہ لیتا۔ کوئی بیہوش ہوکر جان دیتا۔ چنانچہ اخبار الاخیار میں مرقوم ہے کہ آنحضرت کے وعظ کی مجلس سے بجہت غلبہ شوق اور وحشت ہیبت آپکے و تصرف اور قہر مان عظمت و جلال سے جنازے نکلتے تھے

Marfat.com

آنحضرت کی مجلس وعظ وارشادات کے حالات اور عجائب وغرائب اور حدوث اشیاء عجیبہ وظہور امور غریبہ اور خوارق کرامات وتجلیات احاطۂ تحریر سے زائد اور حد حصر سے باہر ہیں ؟

ابیات

وہ نور چشم رسول اکرم وہ فخر عالم شہ مکرم
حبیب یزدان امیر دوران ضیای اسلام غوث اعظم

گل گلستان مصطفائی بہار گلزار مجتبائی
نہال بستان رہنمائی نسیم جاں بخش روح عالم

جناب زہرا کے دل کی ٹھنڈک وہ چشم حیدر کی عین عینک
وہ وہ جس کی ہے آسمان تک کہ ہے یہی فخر نسل آدم

وہ سیر میراں وہ پیر پیراں وہ مایۂ فیض وجود احساں
شہ مریداں نیاب دنیاں انہیں حال اسیر ماتم

ولی ہیں یا غوث یا قطب ہیں غرضکہ دنیا میں جتنے سب ہیں
مرید حضرت کے با ادب ہیں ہیں سب کے سردار غوث اعظم

غبار کوئے حضور والا ہی طوطیا چشم اہل دل کا
بصد ارادت وہ جب لگایا تو پائی آنکھوں کی تیرگی کم

عمر شریف آپ کی نوے برس سات مہینے نو دن کی اور بقول نواسی برس سات مہینے نو دن کی ہوئی۔ وفات شریف ماہ ربیع الثانی سنہ ۵۶۱ہجری میں با قوال مختلف تاریخ ۹-۱۱-۱۳-۱۷-یا ۲۰ کو ہوئی۔ مگر صحیح روایت ۱۱ ربیع الثانی ہے۔ مزار مبارک بغداد شریف میں زیارت گاہ خاص وعام ہے۔ فقط

Marfat.com

آغاز کتاب تحفۂ سبحانی

مجلس اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ہمارے شیخ محی الدین ابو محمد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے ایک دن [illegible]

کو رباط یعنی مسافر خانہ میں فرمایا تقدیری امور کے پیش آنے کے وقت خدائے غالب بزرگ پر اعتماد کرنا [illegible]

توکّل اخلاص کو [illegible] مومن کا دل رضی الٰہی سے کبھی خالی نہیں ہوتا [illegible] تسلیم [illegible]

بالکل مخالف اور دشمن ہے جیسے [illegible] اسکو چاہئے کہ [illegible]

مخالفت اور لڑائی کیجائے یہ بہت تنگ کرتا ہے لیکن [illegible] جب تمام اطمینان حاصل [illegible]

کل عبادتوں کے ادا کرنے اور سارے گناہوں کے چھوڑ دینے میں موافقت کرتا ہے پس اسوقت اسکو [illegible]

النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْ إِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ترجمہ اے جان آرام دینے والی پھر جا [illegible]

اور پسندیدہ وہ اللہ کا مشتاق ہو جاتا ہے اور [illegible] ہو جاتا ہے اور مخلوقات [illegible] نہیں کرتا

اسکی نسبت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے ٹھیک ہو جاتی ہے کیونکہ [illegible]

کو دخل نہ دیا اور دلکو تسکین دی آپکے پاس مخلوقات کی ہر ایک جنس حاضر ہوئی اور مدد [illegible]

نے فرمایا کہ میں تمہاری امداد نہیں چاہتا اللہ تعالیٰ کا میرے حال کو جاننا مجھے سوال سے [illegible]

و توکّل میں آپ پختہ نکلے تو آگ کو حکم ہوا کُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى إِبْرٰهِيْمَ اے آگ ابراہیم [illegible]

سلامت والی ہو جا صابر کیلئے خدائے غالب و بزرگ کی [illegible] بے حساب [illegible]

بیشمار ملینگے خداوند عزوجل نے فرمایا ہے اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ [illegible]

Marfat.com

اجر دیا جائیگا۔ خدا سے وہ امور مخفی اور پوشیدہ نہیں رہتے جو صبر کرنیوالے اسکے لیے برداشت کرتے ہیں خدا کیلئے ایک گھڑی صبر کرو۔ تم نے کئی سال اُس کی مہربانی اور عنایت کو دیکھا ہے ایک گھڑی کا صبر بہت بڑی شجاعت ہے خداوند واحد فتح سے صابروں کیساتھ ہے اس کے ساتھ صبر کرو اور ہوشیار رہو غفلت نہ کرو۔ موت کے بعد کی ہشیاری پر نہ رہو کیونکہ اسوقت کی ہشیاری تمہارے لیے ذرا بھی مفید نہ ہوگی۔ اس سے ملنے کے پہلے ہشیار ہو جاؤ پیشتر اسکے کہ تم خود بخود ہشیار ہو جاؤ۔ کیونکہ اسوقت تمکو شرمندگی ہوگی اسوقت کی شرمندگی تمکو مفید نہ ہوگی۔ اپنے دلوں کو سنوارو کیونکہ جب وہ سنور جاتے ہیں تو تمہارے تمام حالات درست ہو جاتے ہیں اسواسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اِنَّ فِی ابْنِ اٰدَمَ مُضْغَۃً اِذَا صَلُحَتْ صَلُحَ لَھَا سَائِرُ جَسَدِہٖ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ لَھَا سَائِرُ جَسَدِہٖ بنی آدم کے جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جب وہ درست ہو جاتا ہے تو اُس کا تمام جسم درست ہوتا ہے اور جب بگڑ جاتا ہے تو اُسکا سارا جسم بگڑ جاتا ہے۔ یاد رکھو وہ دل ہے دلکی اصلاح تقوی اور خدائے غالب بزرگ پر بھروسہ رکھنے اور اُسکو واحد ماننے اور عملوں میں اخلاص کو کام لانے میں ہے اور اُنکے نہ پائے جانے میں فساد قلب ہے۔ دل قالب کے پنجرہ میں پرندہ ہے جیسے موتی ڈبیہ میں یا مال خزانے میں سو معتبر پرندہ ہے نہ پنجرہ۔ موتی ہے نہ ڈبیہ۔ مال ہے نہ کوٹھڑی۔ اے خدا ہمارے اعضا کو اپنی بندگی میں اور دلوں کو اپنی معرفت میں لگا اور ساری عمر شب و روز مشغول رکھ۔ جو نیک لوگ پہلے گذر چکے ہیں اُنکے ساتھ ہمیں ملا اور جو تونے انکو عنایت کیا ہمیں بھی عنایت کر ہمارے لیے بھی ویسا ہی ہو جیسا اُنکے لیے تھا۔ آمین۔ اے قوم خدای غالب و بزرگ کے ہو جاؤ جیسے کہ نیک لوگ اُسکے ہو گئے تاکہ وہ بھی تمہارے لیے ویسا ہی ہو جائے جیسا اُن کیلئے تھا اگر تم چاہتے ہو کہ خدا تمہارا ہو جائے تو اُسکی عبادت اور اُسکے ساتھ صبر کرنے اور اُسکے فعلوں میں رضا ظاہر کرنے میں خواہ تمہارے ساتھ ہوں یا تمہارے غیر کیساتھ مشغول ہو جاؤ۔ نیک لوگوں نے دنیا سے پرہیز کیا اور اُس سے اپنا نصیبہ تقوی اور پرہیزگاری کے ہاتھ سے لیا پھر آخرت کو طلب کیا اور آخرت کیلئے عمل کئے اور اپنے نفس کے فرمانبردار بنے اور اپنے خدای غالب برتر کی اطاعت کی۔ اول اپنے نفسوں کو سیدھا کیا پھر غیر کے دلوں کو سدھارا اے بندے پہلے اپنے نفس کو نصیحت کر پھر غیر کے نفس کو پہلے خود اپنے نفس کو درست کر دوسروں کی طرف التفات نکر ابھی بہت کچھ باقی ہے جسکی اصلاح تجھے ضروری ہے افسوس تو خود ڈوبتا ہے دوسروں کو کسطرح بچائیگا۔

Marfat.com

تو خود اندھا ہے اور انکو کسطرح راہ بتائیگا۔ لوگوں کو آنکھوں والا ہی راستہ بتا سکتا ہے اور انکو دریا سے اچھا تیراک ہی بچانیکی طاقت رکھتا ہے۔ لوگوں کو خدا کی طرف وہی لیجا سکتا ہے جسنے اُسے پہچانا ہو۔ اور وہ جو اس سے (یعنی خدا سے) ناآشنا ہے دوسرے کو کسی طرح راستہ نہیں بتا سکتا جبکہ تو اُس سے محبت رکھتا ہے اور خاص اُسکے لیے عمل کرتا ہے اور اُس سے ڈرتا ہے تجھکو اُس کے تصرفات میں مجال دم زدن نہ ہونی چاہیئے۔ یہ دل سے ہوتا ہے نہ زبان کی بک بک سے۔ خلوت میں نہ جلوت میں جب توحید گھر کے دروازے پر اور شرک اندر ہو تو یہ بعینہٖ نفاق ہے۔ افسوس تیری زبان متقی اور تیرا دل فاجر۔ زبان شاکر اور تو معترض خدا غالب و بزرگ نے فرمایا ہے۔ یَا ابْنَ اٰدَمَ خَیْرِیْ اِلَیْکَ نَازِلٌ وَّ شَرُّکَ اِلَیَّ صَاعِدٌ (اے ابن آدم میری طرف سے تجھے نیکی ملتی ہے اور تیری طرف سے بدی) افسوس تو اُسکی عبودیت کا مدعی اور اُسکے غیر کا مطیع ہے۔ اگر تو حقیقتاً اُسکا بندہ ہوتا تو اُسکے لیے عداوت اور محبت رکھتا۔ ایکا مومن نہ نفس اور شیطان اور حرص کی نہیں مانتا۔ وہ شیطان کو جانتا ہی نہیں۔ اطاعت کا ذکر دنیا کی پروا نہیں رکھتا اسلیے ذلت گوارا کرنا درکنار خود دنیا کو ذلیل جانتا ہے اور آخرت کی طلب کرتا ہے جب آخرت حاصل ہو جاتی ہے تو اُسے بھی ترک کر کے اپنے مولیٰ غالب و بزرگ سے ملجاتا ہے تمام اوقات میں خالصۃً للہ عبادت کرتا ہے خدائے عزوجل کے کلام وَمَا اُمِرُوْا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ حُنَفَاءَ (اور نہیں امر کئے گئے وہ مگر یہ کہ خدا کی خالص اور پاک ہو کر عبادت کریں) کو سُنیں۔ شرک بالخفی کو چھوڑا اور خدائے عزوجل کو واحد مان۔ وہ سب چیزوں کا خالق ہے کل اشیاء اُسی کے ید قدرت میں ہیں اے اُسکے غیر سے چیزوں کا مانگنے والے تجھے عقل نہیں کیا کوئی ایسی چیز بھی ہے جو خدائے عزوجل کے خزانوں میں نہیں ہے خدائے عزوجل نے فرمایا وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهٗ (کوئی چیز نہیں مگر ہمارے پاس اُس کے خزانے ہیں) [illegible]

[illegible] تجھے صبر کا پیالہ اگانے موت موافقت [illegible] عادی ہو کر خواب کر لیں جب تو ایسا ہو گا تو اُسکے فضل و احسان [illegible] نازل ہونگے جیسے تو اسی طرح طلب نہیں کر سکتا اور نہ اُنکی تمنا کر سکتا ہے اے قوم [illegible] کی موافقت کرو۔ اور عبد القادر تو تقدیر کی موافقت میں ساعی ہے قبول کرو تقدیر کے ساتھ موافق ہونے نے مجھے قادر تک پہنچا لیا۔

Marfat.com

اے قوم آؤ ہم خدائے غالب اور اسکی تقدیر و فعل کے آگے ذلیل ہو جائیں۔ اور ظاہر باطن کے سر جھکائیں تقدیر کے موافق بنجائیں اور اس کے ساتھ چلیں کیونکہ وہ بادشاہ کا قاصد ہے نہ بھیجنے والے کی خاطر سے اسکی عزت کریں پس جب ہم یہ کرینگے تو اس کی صحبت میں قادر کی طرف اٹھائے جائینگے۔ پھر اس جگہ خاص خدا ہی کی دانائی اور حکمت ہے تجھے اسکے علم کے دریا سے پینا اور اسکے فضل کے دسترخوان سے کھانا اور اسکے انس سے مانوس ہونا اور اس کی رحمت میں ڈھانپا جانا مبارک ہو۔ یہ ان یگانوں کے لیئے ہے جو ہر ایک کے لیئے اور قبیلے میں لاکھوں سے ایک ہی ہیں۔ اے بندے تقویٰ کو لازم پکڑ تجھے حدود شرع کی پابندی اور تقدیر سے موافقت اور شیطان اور بری خصلتوں کی مخالفت ضروری ہے۔ مومن ان کے جہاد میں اپنے اوپر سے ہتھیار نہیں اتارتا۔ اپنی تلوار کو میان میں نہیں ڈالتا۔ اپنے گھوڑے کی پیٹھ (زین سے) برہنہ نہیں کرتا۔ ہر وقت اسکی زین کستے ہوئے تیار رہتا ہے۔ قوم (یعنی اولیاء اللہ) کیطرح نیند کے غلبہ کے وقت سوتا ہے کہ انکی نیند فاقہ اور کلام بوقت ضرورت (یعنی ضرورت کے بغیر کلام نہیں کرتے) انکا طریقہ گونگا رہنا ہے جب وہ چاہتا ہے انکو گویا کرتا ہے اور ان کی زبان کو دنیا میں طاقت گوئی دیتا ہے جیسا کہ ہاتھ پاؤں کو کل قیامت کے روز گویا کریگا۔ ان کو وہی خدائے غالب گویا کریگا جو ہر ایک ناطق کو گویا کرتا ہے انکو ایسا گویا بنائیگا جیسے جمادات کو اسباب گویائی مہیا کرتا ہے تو وہ بولتے ہیں جب ان کو کسی امر کے لیئے چاہتا ہے تو ان کے لیئے تیار بنا دیتا ہے اسنے ارادہ کیا کہ مخلوق پر حجت پورا کرنے کے لیئے ترہیب اور ترغیب کرے تو نبیوں اور رسولوں کو گویا کر دیا جب ان کو اپنے پاس بلالیا تو عالموں کو جو اپنے علم پر عملکرتے ہیں انکا نائب بنایا اور انکو خلقت کی مصلحت میں گویا کیا۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم العلماء ورثة الانبیاء (علماء پیغمبروں کے وارث ہیں) اے قوم خدائے غالب کا اسکی نعمتوں پر شکریہ ادا کر۔ اور ان کو اسی کی طرف سے سمجھ کیونکہ اسنے فرمایا ہے وما بکم من نعمة فمن اللہ (جو نعمت تمہارے پاس ہے وہ اللہ کی طرف سے ہے) اے اسکی نعمتوں میں مزے اڑانے والو دیکھو شکر کہاں ہے اے بندے تو اس کی نعمتوں کو غیر کی طرف منسوب کرتا ہے کبھی تو غیر کو دیکھتا ہے اور کبھی استقلال کا دم مارتا ہے اور جو تمہارے پاس نہیں اسکا انتظار کرتا اور جو تیرے پاس ہے اس نعمت سے گناہوں پر استعانت کرتا ہے اے شخص تو اپنی خلوت میں پرہیزگاری کر جو تجھے گناہوں

Marfat.com

اور لغزشوں سے نکالے۔ اور مراقبہ کر جو تجھے خدا کی نظر رحمت یاد دلائے تو محتاج اور مضطر ہے کہ خلوت میں تیرے ساتھ ہو اور پھر تو نفس و ہوا اور شیطان سے لڑنے کا محتاج ہے۔ بزرگوں کی بربادی لغزشوں سے ہے اور زاہدوں کی شہوتوں سے اور ابدال کی خلوتوں میں فکر و خواطر سے اور صدیقوں کی نظروں میں انکا کام دلوں کی محافظت کرنا ہے کیونکہ وہ بادشاہ کے دروازے پر خواب کنندہ ہیں وہ دعوت کے مقام پر قائم ہیں مخلوقات کو خدائے عزوجل کی معرفت کی طرف بلاتے ہیں۔ وہ ہمیشہ دلوں کو پکارتے رہتے ہیں۔ اے دلو۔ اے روحو۔ اے انسانو۔ اے جنو۔ اے بادشاہ کے طالبو۔ بادشاہ کے دروازے تک آؤ۔ انکی طرف دلوں کے قدموں اور تقویٰ اور توحید اور معرفت کے قدموں اور اعلیٰ درجہ کی پرہیزگاری اور دنیا و آخرت اور ماسوا اللہ سے پرہیز کے ساتھ دوڑو۔ یہ قوم کا شغل ہے۔ انکا ذوق کا کام مخلوقات کا سنوارنا ہے۔ انکی ہمتیں عرش سے زمین تک شامل ہیں۔ ای غلام نفس ہوا کو چھوڑ اپنے لوگوں کی ذات قدم اور انکے سامنے مٹی بنجا خدا نے اپنے بزرگ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ (زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے) ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلاۃ والتسلیم کو ان کے کافر [illegible] مردہ والدین سے نکالا [illegible] زندہ [illegible] اور کافر مردہ [illegible] اور مشرک مردہ [illegible] اسی واسطے اللہ عزوجل نے بعض حدیث قدسی میں فرمایا [illegible] خَلْقِی اِبْلِیْسُ یَعْنِی عَصَانِی فَکَانَ بِالْمَحِیْتِین (اول [illegible] میری [illegible] ابلیس [illegible] تیسری نافرمانی کی [illegible] گناہ سے مرگیا [illegible]

[illegible] اللہ [illegible] کافر [illegible] کر [illegible]

اور موافق [illegible] کر [illegible] اسلام [illegible]

[illegible] کر لیا ہے [illegible] اپنے [illegible]

[illegible] تو [illegible]

[illegible] آدم علیہ السلام کا [illegible]

اور [illegible] درمیان پاک دشمنی [illegible]

جب تجھ پر قدرت پائیگا تجھے قتل کریگا تجھے اللہ تعالیٰ یاد دلا تقویٰ کو اپنا ہتھیار بنا [illegible]

Marfat.com

توحید اور مراقبہ اور خلوتوں میں پرہیزگاری اور صدق اور خدائے عزوجل سے مدد مانگنے کو اپنا شعار کر
پس یہ سلاح اور یہ لشکر وہی ہیں جو اُسے شکست دیں گے۔ اُسے گرائیں گے اُسکے لشکر بھگائیں گے تو
کس طرح اُسکو نہ بھگائیگا جبکہ خدا تیرے ساتھ ہے۔ اے غلام دنیا و آخرت کو ملا اور انکو اکٹھا کر اور
ویسے برہنہ (بے دُنیا و آخرت) خدا کا ہو رہ۔ اُسکے پاس غیر سے مجرد ہونے کے بغیر نہ جا۔ خالق کو
چھوڑ کر خلقت کا پابند نہ بن۔ ان اسباب کو قطع کر۔ ان جھوٹے معبودوں کو چھوڑ جب تجھے توفیق ملجائے
تو دُنیا اپنے نفس کے لئے اور آخرت دل کے لئے اور مولیٰ کو باطن کے لئے ٹھیرا۔ اے شخص [illegible] کا پیٹ ہوا کا نہ دُنیا کا
نہ آخرت کا۔ اور رسول خدا کے [illegible] کی پیروی نہ کر تجھے ایسا [illegible] کبھی [illegible] ہوگا اس وقت تجھے خدای عزوجل
کی طرف سے ایسی ہدایت ملیگی جسکے بعد ضلالت نہیں۔ اپنے گناہوں سے توبہ کر اور انکو چھوڑ کر اپنے مولیٰ
عزوجل کی طرف دوڑ جب توبہ کرے تو چاہیے کہ ظاہر اور باطن سے توبہ کرے [illegible] دل [illegible]
اور خدای عزوجل سے حیاء حقیقی نہ مجازی کے ساتھ گناہوں کو [illegible] اعضاء کو [illegible]
بعد یہ دلونکے عمل ہیں جسم کا عمل [illegible] اور دل [illegible] اور [illegible] اتفاق [illegible] نفس [illegible]
تو توکل خدای عزوجل کی معرفت اور اُسکے علم [illegible] جب
اس دریا کے وسط میں پہنچتا ہے تو وہاں کہتا ہے اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ [illegible]
کریگا تب ایک کنارے سے دوسرے کنارے [illegible] صراط مستقیم
واقف ہوجاتا ہے۔ پھر جب خدا کو یاد کرتا ہے تو اسکا [illegible] اور [illegible] ہوجاتا ہے خدای عزوجل کے
طالب کا دل مسافتوں کو طے کرتا ہے اور سب کو پیچھے چھوڑ دیتا ہے پھر جب وہ کسی رستے میں خوف ہلاکت
کرتا ہے تو [illegible] ان کو اُسی شجاع بناتا ہے پس [illegible] اور خوف کی آگ بجھ جاتی ہے اور ان کے عوض اور
[illegible] خوشی حاصل ہوجاتی ہے۔ اے غلام [illegible] تجھے بیماری آئے تو صبر کے ہاتھ سے لے
اور دوا کے آنے تک تحمل کر پھر جب دوا آئے تو شکر کے ہاتھ سے لے جب تو اس حال میں ہووے تو عیش
عاجل [illegible] خوشی [illegible] اور [illegible]
دیتا [illegible] پھر [illegible] خدای عزوجل [illegible] دلوں پر اپنی رحمت

اور لطف کا پانی ڈالتا ہے اور اُن کے لیے آخرت کا دروازہ کھول دیتا ہے پس وہ اپنی آرامگاہ کو دیکھتے
ہیں پھر جب سکون اطمینان و آرام تھوڑی دیر تک حاصل کر لیتے ہیں تو انکے لیے جلال کا دروازہ کھولا
جاتا ہے پس وہ انکے دلوں اور باطنوں کو کاٹ ڈالتا ہے اور وے پہلے سے زیادہ خوف میں مبتلا ہو جاتے ہیں جیسا پھر
یہ بھی اُن کے لیے کامل ہو جاتا ہے تو جمال کا دروازہ کھولا جاتا ہے پس وہاں سکون اور طمانیت پاتے ہیں اور پیدا
ہو جاتے ہیں اور ایسے رُتبوں میں جو درجہ بدرجہ ترقی کرتے ہیں جگہ لیتے ہیں۔ اے بندۂ خدا تیرا بڑا ارادہ طعام
شرب۔ پوشاک۔ نکاح۔ گھر اور مال کا ہونا چاہیے یہ سب نفس اور طبع کے ارادے ہیں دل اور باطن کا ارادہ کہاں
ہے؟ وہ خدای عزوجل کی طلب ہے تیرا مقصد وہ ہے جو تجھے رنج میں ڈالے پس تیرا مقصد خدای عزوجل
اور جو اس کے پاس ہو ہونا چاہئے۔ دنیا کا عوض کیا ہے؟ آخرت۔ اور خلق کا عوض کیا ہے؟ خالق جلشانہ!
جسقدر تو اس دنیا کو چھوڑیگا اُسکے عوض اور اُس سے اچھا عاقبت میں پائیگا۔ فرض کر کہ تیری عمر کا صرف آج کا
دن باقی رہگیا ہے اب آخرت کی تیاری کر۔ ملک الموت کے آنیکا نشانہ بن۔ دنیا۔ قوم یعنی اولیاء کی طباخہ
اور آخرت انکا معمار ہے پس جب خدای عزوجل کی غیرت موجزن ہوتی ہے اور اُن کے اور دُنیا کی درمیان
پردہ ہو جاتا ہے اور تکوین آخرت کے قائمقام ہو جاتی ہے پھر وہ کسی کے۔ نہ دنیا اور نہ آخرت کے محتاج ہوتے
ہیں۔ اے دروغگو تو نعمت میں خدائے عزوجل سے محبت رکھتا ہے اور جب بلا آتی ہے تو ایسا بھاگتا ہے کہ
گویا خدای عزوجل تیرا محبوب نہیں تھا۔ یہ آزمایش کے وقت ہی ظاہر ہوتا ہے جب خدائے عزوجل
کی طرف سے مصائب پڑیں اور تو ثابت رہے تو عجب ہے اور اگر بدلجائے تو بھید کھلجائے گا اور پہلے کا کیا
برباد ہو جائیگا ایک شخص پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کیخدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ
یارسول اللہ میں آپ سے محبت رکھتا ہوں تو آپنے فرمایا کہ فقر کے لیے چادر بنا۔ ایک [illegible]
حاضر خدمت ہوا۔ اور عرض کی خدای عزوجل سے محبت رکھتا ہوں آپ [illegible] بلا کے لیے چادر
بنا۔ اللہ اور رسول کی محبت فقر اور فاقہ سے اور بلا سے ملی جلی ہوتی ہے اسیواسطے بعض نیک مردوں
نے کہا بلا و ولا (یعنی بلا محبت اللہ و رسول) کے ساتھ لازمی ہے تاکہ ہر ایک دعوے نکرے
اگر ایسا نہ ہوتا تو ہر ایک خدای عزوجل کی محبت کا دعوی کر لیتا۔ پس بلا اور فقر

میں ثابت قدمی محبت کی علامت بنائی گئی رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
(اے ہمارے خدا دنیا اور آخرت میں نیکی عطا فرما۔ اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا)

دوسری مجلس۔ آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) پانچویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں فرمایا۔ اللہ جلشانہ پر تیرا غرور تجھے اس سے دور اور جدا کر دیگا۔ غرور سے باز آ اس سے پیشتر کہ تجھے اسکی سزا دیجائے اور تو بے عزت کیا جائے اور تجھ پر مصائب کے سانپ اور بچھو مسلط کئے جائیں۔ تو نے بلا کا مزہ نہیں چکھا اس لئے غرور کرتا ہے۔ جو انعامات الٰہی تجھے حاصل ہیں اُن پر نازاں نہ ہو۔ یہ جلدی زوال پذیر ہو جائیں گے۔ فرمایا خدائے غالب و بزرگ نے حتّٰی اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً۔ یعنی جب ہماری عطیات میں اترا گئے تو ہم نے ان کو ناگہانی پکڑ لیا۔ جو خدائے عزوجل کے پاس سے صبر سے ہی حاصل ہوتا ہے اسیواسطے نبی اور خدا عزوجل نے صبر کے لئے تاکید فرمائی ہے فقر اور صبر اکٹھے نہیں ہوتے مگر مومن کے حق میں۔ عشاق مبتلا کئے جاتے ہیں۔ پس صبر کرتے ہیں اور ان کے ہمراہ نیکیوں کے کرنے کا الہام ہوتا ہے اور چونکہ خدائے غالب بزرگ کی طرف سے آتا ہے اُسپر صبر کرتے ہیں اگر صبر نہ ہوتا تم مجھے اپنے درمیان نہ دیکھتے۔ میں نے ایک ایسا پھندا لگایا ہے جو پرندوں کو شکار کرتا ہے وہ ہر ایک رات میری آنکھ سے کھولا جاتا ہے اور پاؤں سے الگ کیا جاتا ہے دن میں آنکھیں بند اور پاؤں پھندے میں جکڑے ہوئے پاتا ہوں۔ شاید یہ تمہاری بہتری کے لئے ہو اور تم نہیں جانتے اگر خدائے عزوجل کی موافقت نہ ہوتی تو میں یہاں نہ ٹھہرتا نہیں تو کیا کوئی عاقل اس شہر میں رہ سکتا ہے اور اس کے باشندوں سے معاشرت کرسکتا ہے۔ اس شہر میں ریا۔ نفاق۔ ظلم۔ حرام ہے۔ شبہہ و حرام کثرت سے ہے۔ خدا کے انعامات کی ناشکری اور فسق و فجور پر استقامت بدرجہ غایت ہے۔ گھر میں عاجز دوکان میں متقی۔ شراب میں زندیق۔ اپنے مسند پر صدیق بہت ہو گئے ہیں اگر حکم نہ ہوتا تو جو کچھ تمہارے گھر میں ہوتا ہے بتا دیتا لیکن میری بنیاد شریعت کی محتاج ہے۔ میرے بچے ایسے ہیں جو تربیت کے حاجت مند ہیں اگر جو کچھ مجھے معلوم ہے ذرا بھی ظاہر کروں تو یہ میرے اور تمہارے درمیان فراق کا باعث ہو۔ بیان حال

Marfat.com

ہیں کہ ہوں نبیوں اور رسولوں کی قوت کا محتاج ہوں۔ میں آدم سے لیکر اس زمانہ تک جتنے نبی پہلے گذر چکے ہیں انکے صبر کا حاجتمند ہوں مجھے قوت ربانیہ کی ضرورت ہے ای خدا مہربانی۔ مدد۔ اور رضا عطا فرما۔ آمین۔

ای بندے، تو دنیا میں ہمیشہ رہنے اور اسمیں نفع حاصل کرنے کے لیئے نہیں پیدا ہوا۔ خدائی عزوجل کی سختیوں سے جنمیں کہ تو ہے تبدیلی کر۔ تونے خدای عزوجل کی اطاعت میں صرف لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہنے پر قناعت کی ہے یہ تجھے فائدہ بخش نہیں جب تک کہ تو اسکے ساتھ اور کچھ نہ ملا دے ایمان قول اور عمل ہے وہ تجھے قبول نہ کیا جائیگا۔ اور نہ فائدہ مند ہوگا جبتک تو گنا ہوں اور قصوروں اور خدای عزوجل کی مخالفت کو اختیار۔ اور اسپر اصرار کرتا رہیگا اور نماز۔ روزہ۔ صدقہ اور کار خیر کو چھوڑے رہیگا۔ پس دونوں تنہا تنہا تجھے کیا فائدہ دیتی ہیں۔ جب تونے لا الٰہ اللہ محمد رسول اللہ کہا تو تو مدعی ہوا۔ پوچھا جائیگا ای کہنے والے کیا تیرے پاس گواہ بھی ہیں؟ گواہ کون؟ امر کی اطاعت۔ نہی سے باز رہنا۔ آفات پر صبر کرنا۔ قدر کی تسلیم۔ یہ اس دعوی کے گواہ ہیں۔ اور جب تو یہ عمل کرے تو بے اخلاص مقبول نہیں۔ اور نہ قول بے عمل اور نہ عمل بے اخلاص۔ اور نہ بغیر متابعت سنت قبول ہوتا ہے۔ اپنی مالوں سے کسی قدر فقرا کی غمخواری کرو۔ جب تم سائل کو کچھ دیسکتے ہو خواہ تھوڑا ہو یا بہت تو کسی سائل کو خالی نہ پھیرو۔ عطا کی محبت میں خدای عزوجل کی موافقت کرو۔ اور اسکا شکر بجالاؤ کہ اس نے تمہیں عطا کے لایق اور اسپر قادر بنایا۔ تجھپر افسوس جبکہ سائل خدای عزوجل کا ہدیہ ہے اور تجھے اسکو دینے کی طاقت ہے تو ہدیہ دینے والے پر ہدیہ کیوں پھیرتا ہے میرے پاس تو سنتا اور روتا ہے جب تو اٹھ کر جاتا ہے تو تیرا دل سخت ہوجاتا ہے پس معلوم ہوا کہ تیرا رونا اور سننا خالصًا لوجہ اللہ نہ تھا میرے ... (یعنی باطن سے ہے) پھر دل سے پھر اعضاء کو نیک کاموں میں استعمال کرنیکے جب تو میرے پاس آئے تو علم عمل زبان۔ نسب حسب سے علیحدہ ہوکر آ اور مال اہل کو بھلا دے۔ میرے سامنے خدای عزوجل کے غیر سے خالی ہوکر کھڑا رہتا کہ وہ اسے (یعنی دل کو) قرب فضل احسان کا لباس پہنائے جب تو مجھپر داخل ہوتے وقت یہ کریگا۔ تو پرندے کی طرح ہوگا جو صبح کو گرسنہ ہوتا ہے اور شام کو

Marfat.com

سیر۔ دل کا نور خدای عزوجل کے نور سے ہے۔ اسیواسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا اِتَّقُوْا مِنْ فِرَاسَةِ الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ عزوجل۔ (مومن کے ذہن کی تیزی سے بچو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے) اَی فاسق مومن سے بچ اور اُس کے پاس نہ جا جب تک گناہوں کی نجاست سے ملوث ہووے وہ اللہ کے نور سے دیکھے گا جو کچھ کہ تجھ میں ہے یعنی تیرے شرک اور نفاق کو دیکھیگا۔ تیرے اعمال بد کو تیرے کپڑوں کے نیچے چھپے ہوئے معلوم کریگا تیری ذلت اور بیعزتی سے مطلع ہوگا جو فلاح یافتہ کو نہ دیکھے وہ فلاح نہیں پاتا۔ تو حرص مجسم ہوا اور اہل ہوس سے بیزار ہے کسی سائل نے پوچھا یہ اندھاپن کبتک ہو جوابدیا اُسوقت تک تو جبتک نہ ملے اور اُس کی دلیز سے سہارا نہ لے اور انہیں ظن خیر کرے اور اسکو تہمت لگانے سے دل کو صاف کرے اور اپنی اولاد کو لیکر اُس کے دروازے پر بیٹھے اور اُسکی دوا کی تلخی پہ صبر کرے پس اُسوقت تیری آنکھوں سے اندھاپن جاتا رہیگا۔ خدای عزوجل کے آگے ذلیل ہو۔ اور اپنی حاجتیں اُسی کے آگے پیش کر۔ اپنے کسی عمل کا نام نہ لے اسے (یعنی عمل کو) اخلاص کے قدموں پر گرادے۔ خلقت کے دروازے کو بند کر اپنے اور اُس کے درمیان کا دروازہ کھول۔ اپنے گناہوں کا اقرار کر اپنے قصوروں سے اسکے آگے عذر کر۔ اور یقین کر کہ اُسکے سواء کوئی بھی ضرر دہ نفع بخش عطا کنندہ۔ اور مانع نہیں ہے۔ پس اسوقت تیرے دل کی آنکھ سے اندھاپن دور ہو جائیگا اور بصر اور بصیرت متحرک ہوگی۔ اَے غلام لباس اور طعام کی خشونت میں یہ حال نہیں دل کے زہد میں ہے۔ اول صادق صوف کو باطن پر اور پہنتا ہے پھر ظاہر پر۔ پہلے اسکا باطن پھر دل۔ پھر نفس پھر اعضاء یہ لباس پہنتے ہیں حتی کہ جبکل کا کل خشونت ہو جاتا ہو تو رافت اور رحمت اور منت کا ہاتھ لگتا ہے۔ اور ایک بڑی بھاری تبدیلی کر دیتا ہے۔ اس سے سیاہ لباس کو اُتار کر اُسے خوشی کے لباس میں منتقل کرتا ہے۔ رنج کو راحت بغض کو فرح۔ خوف کو امن۔ بُعد کو قرب۔ فقیر کو غنی کر دیتا ہے۔

اَی بندے روزی کو زہد کے ہاتھ سے لے نہ رغبت کے ہاتھ سے۔ وہ جو کھاتا ہے اور روتا ہے اس جیسا نہیں ہے جو کھاتا ہے اور ہنستا ہے۔ رزق اور دل خدای عزوجل کے سپرد کر۔

Marfat.com

پس تو اسکے شر سے بچا رہیگا جبکہ تو طبیب کے ہاتھ سے کھائے تو بہتر ہوگا اُس سے کہ اکیلا کھائے جس کا اصل نہیں جانتا۔ تمہارے دل کیسے سخت ہیں۔ امانت تم میں سے چلی گئی۔ رحمت تمہارے درمیان سے اٹھ گئی شرع کے حکم تمہارے پاس امانت ہیں اور تم نے انکو چھوڑ دیا۔ اور ان میں خیانت کی تجھپر افسوس اگر تو امانت کو لازم نہ پکڑیگا۔ تو جلدی ہی تیری آنکھوں تک پانی آجائیگا اور تیرے ہاتھوں اور پاؤں میں زنجیر پڑ جائینگی اور خدای عزوجل اپنی رحمت کا دروازہ تجھ سے بند کر لیگا۔ اپنی مخلوق کے دل تجھپر سخت کر دیگا اور اُن کو تجھپر عطا کرنے سے روک ڈالیگا اپنے بھیدوں کو خدا کے ساتھ رکھو۔ اُس سے ڈرو۔ اُسکی گرفت دردناک اور سخت ہو تمہیں تمہاری آرام گاہ تمہاری عافیت تمہارے غرور تمہارے اترانے سے پکڑیگا۔ اُس سے ڈرو وہ آسمان اور زمین کا مالک ہے۔ اُسکی نعمتوں کی شکر سے محافظت کرو۔ اُسکے امر و نہی کو بسر و چشم قبول کرو تنگی کو صبر سے فراخی کو شکر سے ہاتھ لو جو تمہارے پہلے نبی مرسل صالحین گذر چکے ہیں وہ اسی طرح نعمتوں پر شکر کرتے تھے اور رنجوں پر صبر اُسکی نافرمانیوں کے دستر خوان سے اٹھو اور فرمانبرداری کے دستر خوان پر کھاؤ۔ اُسکی حدود کی محافظت کرو جب یسیر (فراخی) آئے تو شکر بجا لاؤ اور جب عسر (تنگی) ہو تو گناہوں سے توبہ کرو اور نفسوں سے حساب لو کیونکہ خدای عزوجل اپنے بندوں پر ظالم نہیں موت اور اُس کے بعد کا ذکر کرو۔ رب عزوجل اور اُسکے حساب کو یاد لاؤ۔ اور جانو کہ وہ تمہیں دیکھتا ہے ہشیار ہو جاؤ یہ غفلت کسو لیے یہ جہالت اور ترو تازگی اہل باطل و نفس و ہوا (عادت) کی صحبت کب تک۔ تم خدای عزوجل کی عبادت اور اُسکی شرع کی متابعت سے مؤدب کیوں نہیں بنتے عبادت عادت کا چھوڑ دینا ہے قرآن اور کلام نبوت کے آداب سے مؤدب کیوں نہیں ہوتے۔

اے قوم تم لوگوں کے اندر جہالت غفلت ہے کہ ساتھ طلب کرو [illegible] تم بیداری کے ساتھ لیں جب تو ایسی بات دیکھی جس تو اچھا جانتا ہے تو اُسکی پیروی کر۔ اور جب ایسی بات دیکھے جسے تو برا سمجھتا ہے تو اُس سے پرہیز کر اور انہیں کے پاس رہنے دے۔ تم خدای عزوجل سے پوری غفلت میں ہو۔ اس کے لیے بیدار ہونا ضروری ہے مسجدوں میں آمد و رفت اور

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر زیادہ درود پڑھنے کو لازم پکڑو کیونکہ آپ نے فرمایا ہے۔ اگر
لَوْ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ نَارٌ لَمَا نَجَا مِنْهَا اِلَّا اَهْلُ الْمَسَاجِدِ (اگر آسمان سے آگ نازل ہو تو سوائے سجدہ والوں
کوئی بھی اس سے نجات نہ پائے) جب تم نماز میں سستی کرو تو تمہاری نماز خدا کے پاس نہیں پہنچتی۔ اسیواسطے
پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا۔ اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهٖ اِذَا كَانَ سَاجِدًا (بندہ
اپنے رب سے سجدہ کی حالت میں زیادہ قریب ہوتا ہے) تجھپر افسوس کس قدر تو تاویل کرے گا اور جھوٹی
تاویل کرنے والا دہوکہ باز ہے اے کاش جب ہم عزیمت پر سوار ہوں اور اجماع سے تعلق رکھیں
اور عملوں میں خلوص کریں تو خدا ے عزوجل سے خلاصی پاتے ہیں۔ پس کیا حال ہے جب تاویل کریں گے
اور رخصت منائیں گے عزیمت جاتی رہی اور اس کے اہل بھی۔ یہ رخصتوں کا زمانہ ہے نہ عزیمتوں کا
یہ ریا۔ نفاق۔ ناحق سے مالوں کو لینے کا زمانہ ہے۔ ایسے بہت ہیں جو خلقت کیلئے نماز پڑھتے۔
روزہ رکھتے حج کرتے۔ زکوٰۃ دیتے۔ اور نیکی کے کام کرتے ہیں۔ نہ خالق کیلئے اس زمانہ کا بڑا مقصد خلق
اور خلق بلا خالق ہے۔ تم سب دلوں کے مردے۔ نفسوں اور خواہشوں کے زندے دنیا کے طالب ہو دل
کی حیات خلقت سے نکلنے اور حق عزوجل کے باطنی طور سے نزدیک رہنے کیساتھ ہے۔ اسلئے اس تمام صورت
کا کوئی اعتبار نہیں۔ دل کی حیات حق عزوجل کے امر کی اطاعت کرنے اور اوسکی نہی سے باز رہنے اور
مصیبتوں حادثوں اور تقدیروں میں صبر کرنے سے ہے۔

اے بندے تسلیم اختیار کر۔ پھر اس کے ساتھ رہ۔ اس کے بعد تجھے بنیاد اور بناء کی ضرورت ہے اور
تمام اوقات رات دن اسیطرح رہ۔ تجھپر افسوس اپنے حال میں فکر کرنا دل کا کام ہے۔ پس جب تو نیکی دیکھے
تو شکر کر۔ اور جب بدی پائے تو اس سے توبہ کر۔ اس تفکر کے ساتھ تیرا دل زندہ ہوگا اور شیطان مر جائیگا
اسیواسطے کہا گیا ہے ایک گھڑی فکر کرنا تمام رات کھڑا رہنے سے بہتر ہے۔ اے امت محمدیہ اللہ عزوجل کا
شکر کرو۔ وہ تم سے تھوڑے عمل پر قانع ہے ان کی نسبت جو تم سے پہلے گذرے قیامت کے روز
تم ہی اولین تم ہی آخرین ہو۔ تم میں سے جو صحیح ہے اس جیسا کوئی صحیح نہیں۔ تم امیر ہو اور دوسری امتیں
رعیت جبتک تو نفس خواہش اور طمع کے گھر میں بیٹھا ہے تو تندرست نہیں۔ جبتک تو خلقت کی امداد پر

جھگڑالو ہے۔ اور ریاء و نفاق سے اسکو اپنی طرف کھینچتا ہے تو تیری صحت اچھی نہیں جبتک تو دنیا میں [illegible] ہے
تو صحیح نہیں جب تو دل میں خدا کے غیر سے محبت رکھتا ہے۔ اے خدا ہمیں اپنا ساتھ صحت عنایت کر۔ رَبَّنَا
اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ اور اے خدا ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت
میں نیکی عطا کر اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

تیسری مجلس آپ نے (حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رح) خدا آپ سے راضی ہو۔ [illegible]
روز جمعہ کے وقت مدرسہ [illegible] آٹھویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو فرمایا۔ اے فقیر دولت کی تمنا مت کر کیونکہ
کیونکہ شاید وہ تیری ہلاکت کا باعث ہو اور تو اے مریض عافیت کی تمنا نہ کر۔ شاید کہ وہ تیری ہلاکت کا
سبب ہو۔ عاقل بن اپنے دین کی ہلاکت کی جگہ سے حفاظت کر۔ اس مقدار پر جو تیرے پاس ہے قناعت کر اور
اور زیادتی کو نہ مانگ۔ جو چیز خدائے عزوجل تیرے سوال سے عطا کرے تجھپر مکدر اور مکروہ ہوگی۔ تو نے
اس کو تجربہ کر لیا ہے [illegible] بندہ دل سے سوال کرنے کا حکم کیا جائے تو اسوقت اسکے سوال میں برکت
[illegible] ہے اور اس [illegible] جانتے ہیں اور چاہیئے کہ تیرا زیادہ سوال معافی۔ عافیت۔ اور ابدی
[illegible] دین و دنیا و آخرت [illegible] اسی پر قناعت کر۔ خدائے عزوجل پر جبر نکر ورنہ وہ تجھے شکست دیگا
خدائے عزوجل اور [illegible] جوانی۔ تو نے [illegible] سے جبر نہ کر کیونکہ وہ تجھے گرفت کریگا اور پکڑیگا
جیسا اوروں کو پکڑا [illegible] وہ ہے [illegible] تیری زبان تو مسلمان مگر دل [illegible]
قول مسلمان فعل نہیں۔ تو ظاہر [illegible] نہیں۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ جب تو نماز پڑھے
اور روزہ رکھے اور تمام نیکی کے کام [illegible] اگر [illegible] عزوجل نہ ہو تو تو منافق [illegible] اور
خدائے عزوجل سے [illegible] عزوجل کی طرف [illegible] افعال [illegible]
وہ جو اپنے اعمال میں مخلص [illegible] اللہ
عزوجل کی [illegible] اپنے پچھلے
امر کا ذکر [illegible] کہ اور [illegible]
[illegible] دل [illegible] ان کے [illegible]

Marfat.com

جانتے ہیں ... [illegible] کی خیال ... [illegible] ان کی سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ زمین آسمان اور
ان کے اندر کی مخلوقات کچھ نہیں ... [illegible] عالم ہے اور ایک جہت کی طرف متوجہ ہیں ... [illegible] دنیا
اور اس کے اہل کیسا ... [illegible] پھر آخرت اور اس کے اہل ایسا ... [illegible] پھر دنیا و آخرت کا مالک کہ جس کی راہ
... [illegible] کیا ... [illegible] اس کی طرف چلے حتیٰ کہ ملے اور رستہ چلنے سے پہلے رفیق
کو حاصل کر لیا ... [illegible] دروازہ کھلوا لیا۔ ان کو وہ یاد کرتا ہے جیسے وہ
... [illegible] کا بوجھ اٹھا ... [illegible] کے ساتھ وہ مقصود ہیں
... [illegible] خدا عزوجل کے کلام فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا
لِي وَلَا تَكْفُرُونِ (مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کرونگا اور میرا شکر کرو ناشکری نہ کرو) کو سنا پس اس کو
... [illegible] لازم پکڑا انہوں نے خدا عزوجل کے کلام أَنَا جَلِيسُ مَنْ ذَكَرَنِي (جو میرا
ذکر کرے میں اس کا جلیس ہوں) کو سنا پس مخلوق کی مجلسوں کو چھوڑا اور ذکر پر قناعت کی حتیٰ کہ انکو اس
... [illegible] حاصل ہوگئی ... اے قوم ... [illegible] علم بغیر عمل کے تمہیں فائدہ نہ دیگا تمہیں
... [illegible] یعنی کلام الٰہی ... [illegible] عمل کرو وہ خدا عزوجل کا حکم ہے ...
... [illegible] اس پر عمل کرو تاکہ تمہارے ہاتھوں میں اسکا ثمرہ آجائے ۔

... [illegible] علم ... پکارتا ہے اگر تو نے مجھ پر عمل نہ کیا تو میں تجھ پر حجت ہوں اور اگر عمل کیا تو تیرے لئے
... [illegible] پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا يَهْتِفُ الْعِلْمُ بِالْعَمَلِ فَإِنْ
أَجَابَهُ وَإِلَّا ارْتَحَلَ ... [illegible] بَرَكَتُهُ وَبَقِيَ ... [illegible] شَفَاعَتُهُ ... [illegible] وَيَنْقَطِعُ
... [illegible] إِنَّ الْعِلْمَ إِذَا لَمْ يُعْمَلْ بِهِ بَقِيَ قِشْرًا فَإِنَّ لُبَّ الْعِلْمِ الْعَمَلُ (علم عمل کو آواز
دیتا ہے اگر ... [illegible] تو ... [illegible] اس کی برکت چلی جاتی ہے اور کلفت باقی رہتی ہے
... [illegible] شفاعت چلی جاتی ہے اور اسکا تیرے پاس تیری حاجتوں میں اثر کرنا جاتا رہتا ہے
... [illegible] اسلیے کہ علم کا خلاصہ عمل ہی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تیری
... [illegible] آپکے ... [illegible] عمل کریگا تو تیرے لئے باعث ...

Marfat.com

کا استقبال کریں گے اور اُن کو خدا ہی عزوجل کے پاس لیجائینگے تو اے عالم تجھے اسکا اتباع ہی لازم ہے
کیونکہ تیرا قول ہی ہے کہ دل اور باطن کے کانوں سے اسکے کلام کو سن اور اسلئے تسلیم کر تو اسکی …
علم پر عمل کرنا تجھے اس عالم سے جو اس علم کو نازل کرتا ہی قریب بنادیگا جب تو اس حکم پر کہ جو علم اول ہے عمل
کریگا۔ تو دوسرے علم کا چشمہ تجھپر کھلجائیگا تیرے پاس اور چشمے جاری ہوجائیں گے تیرے دل کو
حلم اور علم ظاہر و باطن سے پُر کردیگا۔ اسوقت تجھے اسکی زکوٰۃ ضروری ہے۔ اس سے بھائیوں اور عزیزوں کی
مواسات کر علم کی زکوٰۃ اسکا پھیلانا۔ اور خلقت کا خدا ہی عزوجل کی طرف بلانا ہے ۔
اے بندے جس نے صبر کیا قادر رہا۔ اللہ جلشانہ نے فرمایا انما یوفی الصابرون اجرھم بغیر حساب
(تحقیق صابروں کو بے حساب اجر دیا جائیگا) اپنے کسب سے کھانے … اور …
غیر کیسا غمخواری کر مومنوں کی کمائی … انکے …
حقیقت میں مخلوقات پر رحمت پہنچانے کی تمنا کرتے ہیں اور اُس … خدا ہی عزوجل کی رضا …
کرتے ہیں اُنہوں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے کلام الخلق عیال اللہ … احب
الناس الی اللہ عزوجل انفعھم لعیالہ (لوگ خدائے عزوجل کے عیال ہیں اور خدا کے نزدیک
زیادہ پیارا اسکی عیال کو زیادہ فائدہ پہنچانے والا ہے) خدا کے دوست خلقت کے نزدیک … ہوئیگے ۔
اندھیرے میں جب انکے دل خدا ہی عزوجل کے قریب ہوجاتے ہیں تو اسکے غیر کی … اسلئے …
نہیں … کو قرب … ہوتا ہے اور انکے … باقی رہے اور محبت …
کرو الفت … جلال جمال کے درمیان … حائل نہیں ہوتے وہ سابق ہیں …
فرشتے اور ہر قسم کی مخلوقات انکی خدمتگذار ہے … نام فضل … خداوتعالیٰ …
ہی اسکے فضل کا طعام کھاتے اور اسکے انس کا پانی پیتے ہیں وہ خلقت کا کلام …
بس وہ وادی میں ہیں اور انکی خلقت اور ہی ہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے تابع …
مخلوق کو خدائی احکام کا امر کرتے اور نہی سے باز رکھتے ہیں تحقیقا وہی وارث ہیں انکا کام خلقت کو خدا
عزوجل کے دروازے پر لانا ہی اسکی محبت پر … میں …

Marfat.com

[illegible] جس شخص کو اسکا فضل دیتے ہیں وہ اپنے حقوق کو پورا [illegible] اور اپنے نفسوں اور طبیعتوں [illegible] کی طرف
[illegible] پہنچتے [illegible] خدا کیلئے محبت اور اسیکے [illegible] رکھتے ہیں [illegible] کہ [illegible]
انہیں کوئی حصہ نہیں جسکو یہ کامل طور سے حاصل ہوا اسکی محبت کامل [illegible] کو نجات و ظفر حاصل ہو گئی
اور تمام انس و جن اور فرشتے اور آسمان و زمین اس حصے [illegible] ہیں۔
اے منافق۔ اے ملعون و اسباب کے [illegible] خدائے عزوجل کو فراموش کیے ہوئے۔ کیا تیری خواہش ہے کہ
تیرے موجودہ دنیاوی حال میں یہ تجھکو حاصل ہو تیری کوئی عزت نہیں [illegible] اسلام لا۔
پھر توبہ کر [illegible] اور عمل کر اور اخلاص لا نہیں تو کچھ ہاتھ نہ آئیگا۔ تجھ پر افسوس تیرے اور تیرے
[illegible] نہیں مگر [illegible] کہتا ہوں اور خدائے عزوجل کے دین میں تجھے نہیں دیکھتا میں مشایخ کے
کلام [illegible] فقر کی محنت [illegible] تیری نسبت کوئی کلام ظاہر ہو تو اسے
[illegible] خیال کر کیونکہ اسی [illegible] جب تیرے پاس آئے تو زندہ ہو کر اور نفس
[illegible] خالی ہو کر آ۔ اگر تجھے بصیرت ہوتی [illegible] (یعنی غیر اللہ سے) لیکن تیری آنکھ تیرا فہم [illegible]
[illegible] نفع حاصل [illegible] مخلوقات اور دنیا و آخرت نہیں
[illegible] میرے ہاتھ پر توبہ کر [illegible] اور مجھ پر ظاہر [illegible] کے بموجب عمل کر
اگر خدائے عزوجل کا ارادہ ہو تو ویسا ہی ہو جائیگا۔ خدائے عزوجل پیغمبروں کو اپنے کلام سے اور اولیاء کی
آیت و حدیث سے پرورش کرتا ہے (حدیث ان کے دلوں پر الہام کا نام ہے) کیونکہ [illegible]
کلام ہیں۔ خدائے عزوجل نے موسیٰ سے کلام کیا۔ اسی نے کلام کی [illegible] نہ مخلوق [illegible] کلام کی علام الغیوب
[illegible] کلام کی جسکو اسنے سمجھا اور بلا واسطہ اسکی سمجھ میں آگئی اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
[illegible] واسطہ کلام کیا۔ یہ قرآن اللہ کا مضبوط رستا تمہارے اور تمہارے رب جل شانہ کے درمیان ہے اسکو
[illegible] جبرئیل علیہ السلام نے خدا کی طرف سے آسمان سے نازل کیا۔ اسکو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر
نازل فرمایا جیساکہ اسنے ارشاد کیا اور خبر دی۔ اسکا انکار جائز نہیں۔ اے خدا سب کو ہدایت دے
سب کی توبہ قبول کر سبکو بخش۔ امیرالمومنین متعصم باللہ سے خدا اسکو بخشے۔ روایت ہے کہ اسنے اپنی وفات

Marfat.com

کے وقت کہا۔ خدا کی قسم میں خدائے عزوجل کی طرف رجوع لاتا ہوں اس ظلم سے جو میں نے امام احمد حنبلؒ پر باوجودیکہ مجھے اسکی ولایت نہ تھی اور میرا غیر اسکا متکفل تھا کیا۔ اے مسکین اب بے فائدہ کلام کرنا چھوڑ دے۔ مذہب میں اندھا دھند پنا ترک کر۔ اور ایسی چیز میں مشغول ہو جو تجھے دنیا و آخرت میں فائدہ بخشے تو جلدی اپنے آپکو پالیگا۔ اور میرے کلام کو یاد کر۔ نیزہ زنی کیوقت حالانکہ تیرے سر پر خود ہوگی دیکھیگا کہ اسکو کونسا کاری زخم لگا ہے (یعنی نہیں لگا) اپنے دلکو دنیا کے رنجوں سے فارغ کر۔ تو اُسے جلدی ہی پکڑا جائیگا۔ دنیا میں خوش عیشی نہ مانگ۔ وہ تجھے حاصل نہیں ہوگی۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے العیش عیش الاخرۃ (خوشی آخرت کی خوشی ہے) اپنی امید کو تازہ کر۔ حالانکہ ترک دنیا کا حکم تجھے پہنچ چکا ہے۔ نہ امید کا کوتاہ کرنا ہو برے جلیسوں کو چھوڑ اور اُنکے رشتہ دوستی کو قطع کر اور نیکوں سے الفت پیدا کر۔ تیرا قریبی رشتہ دار جب برے جلیسوں سے ہو تو اسے ترک کر دے۔ اور بعید سے جب وہ نیک ہمنشینوں سے ہو رشتہ بنا جس سے تو نے محبت پیدا کی تیرے اور اس کے درمیان قرابت ہوگئی دیکھ کہ کس سے محبت پیدا کرتا ہے۔ کسی ولی خدا سے پوچھا گیا۔ قرابت کیا شئے ہے۔ فرمایا مودت مقسوم اور نامقسوم دونوں کی طلب چھوڑ دے کیونکہ مقسوم کی طلب بے فائدہ تکلیف ہے اور غیر مقسوم کو طلب کرنا غضب الٰہی اور ذلت ہے اسیواسطے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا۔ من جملۃ عقوبات اللہ تعالیٰ لعبدہ طلب مالم یقسم لہ (بندہ کے لئے اس چیز کی طلب جو قسمت میں نہیں خدا کے عذابوں سے ایک عذاب ہے)

اے بندے! مصنوعات سے صانع کا پتہ لگا۔ صنعت میں فکر کر۔ صانع ملجائیگا۔ مومن یعنی کامل عارف کی دو ظاہری اور باطنی آنکھیں ہیں وہ ظاہری آنکھوں سے خدا کی ارضی مخلوقات کو اور سماوی مخلوقات کو دیکھتا ہے۔ پھر اس کے دل کے حجاب اٹھ جاتے ہیں پس [illegible] دیکھتا ہے اور کیف مشاہدہ کرتا ہے اور مقرب و محبوب بنجاتا ہے اور محبوب سے کچھ چھپا نہیں رہتا اسکے واسطے حجاب دور ہونے ہیں جو طاقت نفس و طبع [illegible] شیطان سے خالی ہوا اور زمین کے خزانوں کی کنجیاں اپنے ہاتھ سے پھینکدیں اور اُسکے نزدیک پتھر اور مٹی یکساں ہوئی۔ عقیل [illegible] میں کہتا ہوں اسکو

سوچ اور سمجھ میں کلام کا خلاصہ کہتا ہوں جس کے ظاہر اور باطن اور معنی نصیحت ہیں۔ اے غلام خالق
کا مخلوق کے پاس شکوہ نہ کر بلکہ اُسی کی طرف شکایت لیجا وہی تقدیر مقدر کرتا ہے دوسرا انہیں نیکی کے خزانوں
میں سے سر اور مصائب اور مرض اور صدقہ کا چھپانا ہے۔ داہنے ہاتھ سے صدقہ دے اور کوشش کر کہ بائیں
(ہاتھ) کو اطلاع نہ ہو۔ دُنیا کے بحر ناپیدا کنار سے ڈر اس میں بہت سی خلقت غرق ہو چکی سوا یگانوں کے
اس سے کوئی نہیں بچتا۔ وہ بڑا گہرا دریا ہے سب کو غرق کرتا ہے مگر خدای عزوجل جسے چاہتا ہے
نجات بخشتا ہے جیسا کہ قیامت کے روز مومنوں کو دوزخ سے نجات دیگا۔ اُس پر سے سب لوگ گذریں گے
اور خدای عزوجل اپنے بندوں سے جسے چاہیگا بچالیگا فرمایا خدای عزوجل نے وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا
كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا (تم میں سے کوئی نہیں مگر اس میں وارد ہوگا یہ تیرے رب کا لازم اور مقرر
شدہ امر ہے) خدای عزوجل آگ کو حکم دیگا سرد اور سلامت ہوجا تا کہ میرے بندے مجھ پر ایمان لانیوالے
مجھ سے اُنس رکھنے والے مجھ سے رغبت کرنیوالے میرے غیر سے بیزار ہونیوالے گذر جائیں۔ اس سے ایسا ہی
فرمائیگا جیسے اُس آگ کو جو نمرود نے حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے جلانے کے
لیئے روشن کی حکم دیا تھا۔ خدای عزوجل حکم دیتا ہے۔ اے دُنیا کے دریا۔ اے پانی اس بندے میرے
مطلوب اور محبوب کو غرق مت کرنا پس وہ اس سے نجات پاتا ہے۔ جیسے کہ موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ
والتسلیم اور اُنکی قوم نے اس دریا سے نجات پائی یہ اسکا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور جسے
چاہتا ہے حجاب نصیب کرتا ہے نیکی کل اُسکے ہاتھ میں ہے اور دنیا اور نہ دنیا اُسکے ہاتھ غنا اور
فقر اُسکے ہاتھ عزت اور ذلت اُسکے ہاتھ کسی چیز میں اُسکا کوئی شریک نہیں عقلمند وہ ہے جسنے
وہ سر کے در کو چھوڑا اور اُسکے دروازے کو لازم پکڑا۔ اے کمبخت میں دیکھتا ہوں کہ تو خلقت کو
راضی کرتا اور خالق کو ناراض۔ دُنیا کی عمارت کے عوض آخرت کو برباد کرتا ہے۔ جلد ہی تو پکڑا جائیگا تجھے
وہ پکڑیگا جس کی گرفت ہر درجہ کی دردناک ہے۔ اُسکی گرفت کئی طرح سے ہے تجھے گرفت کرتا ہے۔ ولایت
علیٰحدہ کرنے سے مرض اور ذلت وفقر سے سختیوں اور رنجوں اور غموں سے خلقت کی زبانوں اور ہاتھوں کو
تجھ پر مسلط کر دینے سے اور خلائق کو تجھ پر غالب کر دیتا ہے۔ اے غافل ہشیار ہوجا۔ اے خدا ہمیں اپنے

Marfat.com

ہمراہ اور اپنے بیدار کر۔ اے بندے دنیا کے لینے میں رات کے وقت لکڑیاں اٹھانے والے کی طرح نہ بن۔ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ اسکے ہاتھ میں کیا آتا ہے میں تجھے تیرے حالات میں اس رات کے وقت لکڑیاں چننے والے کی طرح پاتا ہوں جو سخت اندھیری رات میں جسمیں نہ چاندنی ہو اور نہ اسکے پاس شمع ہے اور وہ ایک ریگستان میں جو مہلکات اور حشرات الارض جہلکہ سے بھرا ہوا ہے لکڑیاں اٹھا رہا ہے۔ قریب ہے کہ ان میں سے کوئی اسے مار ڈالے تجھے دن کے وقت لکڑیاں چننا چاہئے تاکہ سورج کی روشنی تجھکو موذی کے پکڑنے سے روک لے۔ اپنے حالات میں توحید شریعہ اور تقوی کی سورج کیساتھ نظارہ یہ سورج تجھکو حرص نفس شیطان۔ خلقت۔ کو شریک بنانے کے پھندے میں پھنسنے دینے سے اور ٹھہر میں جلدی کرنیسے روک لینگے تجھ پر افسوس جلدی نہ کر جتنے جا رہی کی خطا کی اندھیری بخطا ہوا اور جس نے آہستگی کی راہ صواب پائی یا قریب بصواب ہوا۔ جلدی شیطان کا کام ہے اور آہستگی رحمن کا۔ جو چیز کہ زیادہ تجھے عجلت پر برانگیختہ کرتی ہے دنیا جمع کرنے کی حرص ہے قناعت کر قناعت ایسا خزانہ ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔ وہ جو تیری قسمت نہیں کس طرح طلب کرتا ہے وہ کبھی تجھے نہ ملیگا۔ اپنے نفس کو روک اور اسپر راضی رہ اور غیر سے پھر جا۔ اسکو لازم پکڑ تاکہ تو خداشناس ہو جائے اسوقت تو سب چیزوں سے غنی ہو جائیگا۔ تیرا دل اعتماد کریگا۔ تیرا باطن صاف ہو جائیگا۔ اور تجھے تیرا خدا تعلیم دیگا۔ پس دنیا تیرے سر کی آنکھوں میں ذلیل اور آخرت دل کی آنکھوں میں اور غیر خدائے عزوجل باطن کی آنکھوں میں ذلیل ہو جائیگی۔ تیرے نزدیک کوئی چیز سوائے خدائے عزوجل کے بڑی نہ ہوگی پس اسوقت تو سب خلق کے نزدیک بڑا ہوگا۔ اے بندے تو چاہتا ہے کہ تیرے سامنے کوئی دروازہ بند نہ رہے تو خدائے عزوجل سے خوف کر وہ سب دروازوں کی کنجی ہے اللہ جل شانہ نے فرمایا۔ وَمَن يَتَّقِ اللّٰهَ [illegible] مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔ اور جو اللہ سے ڈرتا ہے خدا اس کے [illegible] بنا دیتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے رزق پہونچاتا ہے جو اسکے خواب خیال میں بھی نہ تھی خدائے عزوجل کا اپنے نفس۔ اہل مال۔ اور زمانہ والوں میں معارضہ (مقابلہ) نہ کر کیا تجھے شرم نہیں آتی کہ تو اسے حکم کرتا ہے کہ تغیر دے اور بدل ڈالے کیا تو اس سے زیادہ حالم اور زیادہ عادل اور [illegible]

Marfat.com

زیادہ رحیم ہے۔ تو اور ساری خلقت اُسکے بندے ہیں وہ تیرا بھی اور انکا بھی منتظم ہی۔ اگر تو دنیا و آخرت میں اسکی صحبت کا خواہشمند ہے تو سکون۔ خاموشی۔ گونگا رہنا لازم پکڑ۔ خدائے عز وجل کے دوست اُس کے سامنے مودب ہیں۔ اسکی ظاہری اجازت کے بغیر جو اُن کے دلوں میں ہوتی ہے ذرا سی حرکت نہیں کرتے اور ایک قدم نہیں اٹھاتے۔ مباح چیزیں نہیں کھاتے۔ اور بغیر قلبی صریح اذن کے نہ لباس پہنتے۔ نہ نکاح کرتے۔ اور نہ اپنے اسباب میں تصرف کرتے ہیں۔ وہ خدائے عز وجل کے ہمراہ کھڑے ہیں۔ دلوں اور آنکھوں کے پھیرنے والے کے ساتھ قائم ہیں۔ خدائے عز وجل کے بغیر ان کو قرار نہیں جب تک کہ اس سے دنیا میں دلوں کے ساتھ اور آخرت میں جسموں کے ساتھ نہ ملیں۔

اے خدا دنیا و آخرت میں اپنا دیدار نصیب کر۔ اپنی نزدیکی اور زیارت سے لذت بخش۔ ہمیں ان میں شامل کر جو تیرے غیر سے تیرے ساتھ راضی ہیں وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ اور ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت بھلائی عطا کر اور ہمکو عذاب دوزخ سے بچا۔

چوتھی مجلس آپنے اتوار کی صبح شوال کی دسویں تاریخ ۵۴۵ھ کو رباط میں فرمایا۔ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا من فتح لہ باب من الخیر فلینتھزہ فانہ لا یدری متی یغلق عنہ (جس کے لیئے نیکی کا دروازہ کھولا گیا۔ تو اُسے چاہیے کہ اسکو غنیمت جانے کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ کب وہ دروازہ اسپر بند کیا جائیگا۔)

اے قوم حیات کے دروازے کو جب تک کھلا ہے غنیمت جانو وہ جلدی ہی تم سے بند کیا جائیگا نیکی کے کاموں کو جب تک تمہیں قدرت ہے غنیمت سمجھو۔ توبہ کے دروازے کو جب تک وہ تمہارے لیئے کھلا ہی غنیمت جانو۔ اور اس میں داخل ہو جاؤ دعا کے دروازے کو غنیمت جانو کہ وہ تمہارے لیئے کھلا ہی اپنے نیک بھائیوں کی ملاقات کے دروازے کو غنیمت سمجھو وہ تمہارے لیئے کھولے گئے ہیں۔ اے قوم جو تونے توڑا اُس کی مرمت کر۔ جو تونے پلید کیا اسکو دھو ڈال جو تونے بگاڑا اُس کو درست کر۔ جو تونے مکدر کیا اسکو مصفے بنا۔ جو تونے لیا اسکو واپس دے۔ نفرت اور بھاگنا چھوڑ۔ اور مولی عز وجل کی طرف لوٹ۔

Marfat.com

اے بندے! سوائے خالق عزوجل کے اور کوئی نہیں۔ اگر تو خالق کیساتھ ہے تو تو اُس کا بندہ ہے اور اگر مخلوق کے ساتھ ہے تو مخلوق کا بندہ۔ تو کسی کام کا نہیں جبتک کہ دل اور باطن سے معرفت کے بیابانوں اور میدانوں کو طے کرے اور سب سے جدا نہ ہووے کیا تجھے معلوم نہیں کہ خدا کا طالب سب سے جدا ہوتا ہے یقین کر کہ کل مخلوقات تیرے اور خدائے عزوجل کے درمیان پردہ ہے جس چیز سے دل لگایا وہی حجاب بنگیا۔ ای غلام سست نہ بن کیونکہ کاہل ہمیشہ محروم اور ندامت سے دست بگریبان رہتا ہے۔ اپنے عملوں کو ٹھیک بنا تجھے خدائے عزوجل نے دنیا و آخرت عطا کی ہے۔ ابو محمد عجمی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمانے تھے ای خدا ہمیں اپنے کام مین خالص بنا۔ جسنے ذوق حاصل کیا اُس نے پہچان لیا۔ یعنی معرفت حاصل کر لی۔ خلقت کیساتھ نیک صحبت اور حدود شرع اور رضائے مولیٰ کا پابند رہکر انسے موافقت نہایت مبارک ہے اور اگر حدود شرع میں سے کسی حد کے توڑنے اور بیر ضاء مولیٰ ہو تو اچھی نہین اور نہ اسمیں کچھ عزت ہے صاحب باطن اور برگزیدہ لوگوں کے ہاں عبادتوں کے قبول ہونے اور مردود ہونیکی علامات ہیں۔

اے بندے دعا کے پھندے لگا۔ اور رضا کی طرف رجوع کر۔ دل اور زبان پر کوئی اعتراض نہ لا قیامت کے روز انسان نے جو نیکی یا بدی دنیا مین کی ہو گی اُسکو یاد کریگا۔ پس وہان کی ندامت کچھ فائدہ نہ دیگی اور وہاں کا ذکر مفید نہ ہو گا موت سے پہلے یاد کرنے میں عزت ہے لوگوں کے کاٹنے کے وقت ہل چلانا اور بیج بونا بے سود ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ فَمَنْ زَرَعَ خَیْرًا حَصَدَ غِبْطَۃً وَمَنْ زَرَعَ شَرًّا حَصَدَ نَدَامَۃً (دنیا آخرت کی کھیتی ہے جس نے اچھا بویا خوشی سے کاٹیگا اور جس نے بُرا بویا نادم ہو کر کاٹیگا) جب تیری موت آئیگی تو بیدار ہو گا جبکہ تجھے بیداری [illegible]

اے خدا تو ہمیں اور ان غافلوں کو نیند سے جو تجھ سے بیخبر ہیں بیدار کر۔

اے بندے شریروں کی صحبت تجھکو اچھوں پر بدظنی میں ڈالیگی۔ اللہ عزوجل کی کتاب (یعنی قرآن) اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت کے سائے کے نیچے چل تو خلاصی پائیگا۔

اے قوم خدائے عزوجل سے حیا و شرم کر۔ اپنے وقت کو غفلت میں ضائع نہ کر۔ اس مال کے جمع

Marfat.com

کرتے نہیں جسکو تم نہ کھاؤ گے اور ان اُمیدوں میں جنکو حاصل نہ کرو گے اور ان مکانوں میں جنمیں نہ بسو گے مشغول ہو یہ تمہارے خدائے عزوجل کے مقام سے حاجب بنگے۔ اللہ عزوجل کا ذکر عارفوں کے دلوں میں جمیگا اور انکو گھیر لیتا۔ اور انکو اسکے ماسوا سے فانی کر دیتا ہے جب یہ رتبہ حاصل ہوجائے تو جنت ٹھکانا ہی مفقود بھی اور موجود بھی مفقود دنیا میں قضا پر راضی ہونا۔ اور اللہ عزوجل سے لی قرب اور اس سے کلام کرنا اور خدا اور اسکے درمیان سے حجاب کا اُٹھ جانا ہے پس اس حال کا مالک خلوت میں اور سب حالات میں بلا کیف و تشبیہ خدا کیساتھ ہے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (اسکی مانند کوئی شی نہیں اور وہی سننے والا اور دیکھنے والا ہے) اور موعود وہ ہے جسکا اللہ عزوجل نے مومنوں سے وعدہ کیا۔ اور اس کے دیدار سے بلا حجاب مشرف ہونا۔ اسمیں شک نہیں کل خیر خدا کی جانب سے ہے اور شر اپنے نفوس کیجانب سے۔ خیر اسکی طرف متوجہ ہونے اور شر اس سے پھرنے میں ہے جس عمل کا تو عوض چاہے وہ تیرے واسطے ہے اور جس عمل سے اللہ عزوجل کو طلب کرے وہ اسکا ہی جب تو نے عمل کیا اور عوض چاہا تو اسکا عوض مخلوق ہی جب تو نے اللہ جلشانہ کیلیے عمل کیا تو تیری جزا خدا کا قرب اور اسکا دیدار ہی خلاصہ یہ ہے کہ تجھے عملوں کا عوض نہیں مانگنا چاہیے۔ دنیا و آخرت اور ماسوا اسکی نسبت بحقیقت ہیں۔ منعم کو طلب کر نہ نعمت کو گھر سے پہلے ہمسایہ کی تلاش کر وہی اول ہے اور وہی خالق اور وہی آخر موت کے ذکر اور مصائب پر صبر۔ اور سب حالات میں اللہ عزوجل پر بھروسہ کرنیکو لازم پکڑ جب تینوں خصلتیں تجھ میں کامل ہو جائینگی تو تیرا زہد کامل اور فرشتہ تیرے پاس موت کا ذکر لائیگا اور صبر کیساتھ جو چاہتا ہے اللہ عزوجل سے پائیگا۔ اور توکل کیساتھ کل اشیاء کو دلسے نکال ڈالیگا۔ اور خدائے عزوجل سے تمسک کریگا دنیا و آخرت اور ماسوائے مولی تجھسے علیحدہ ہوگا۔ ہر ایک طرف سے تجھے راحت ملیگی اور خلعت رضا و حمایت جہانتک تجھسے حاصل ہوگی تیرا مولی عزوجل تجھے محفوظ رکھیگا۔ مخلوقات تجھے ذرا بھی تکلیف نہ دیسکیگی سب جہتیں تجھسے روکی جائینگی اور سب دروازے تجھپر بند ہونگے۔ تو منجملہ انکے ہوگا جنکے حق میں خدائے عزوجل نے فرمایا۔ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ (میرے بندوں پر تیرا غلبہ نہوگا) اُن مومن مخلصوں پر اعمال بد یا نہیں کرتے اسکا کسطرح غلبہ ہوگا۔ نطق انتہا میں حاصل ہوتا ہی نہ ابتدا میں ابتدا مجھ م

Marfat.com

بے زبانی اور انتہاء کل نطق ہے مخلص دل کا حاکم اور باطن کا بادشاہ ہے ظاہر کا کوئی اعتبار نہیں ایسے کم
ہیں جو ملک ظاہر اور باطن کو جمع کرتے ہیں ہمیشہ گمنام ہیں اور ایسے رہے ہیں حتی کہ تو ہر کامل ہوجائے اور
تیرا دل خدای عزوجل کی معرفت کو حاصل کرلے پس جب تو کامل ہوجائیگا اور معرفت حاصل کریگا
تو تجھے پرواہ نہیں رہیگی کیونکہ تو نے اپنے حال کو پالیا اور اپنے مقام پر کھڑا ہوگیا اور تیرے نگہبانوں
نے تجھے گھیر لیا۔ اور مخلوقات تیرے نزدیک سنگ اور درخت ہیں اور انکی تعریف اور مذمت اور اقبال اور ادبار
تیرے نزدیک یکساں ہوگئے۔ تو انکا بانی اور توڑنے والا نہیں تو ان میں خالق کے علم سے تصرف نہ کر
وہ تجھے انکا انتظام سپرد کردیتا ہے۔ تیرے دل کے ہاتھ میں فرمان اور باطن کے ہاتھ میں علامت
کوئی عزت نہیں جبتک یہ حاصل نہو۔ عاقل ہو اور حریص بن تو اندھا ہے اسے تلاش کر جو تجھے
تو جاہل ہی اسے طلب کر جو تجھے علم پڑھائے جب تو اسے پالے تو اسکی تابعداری کر اسکے قول اور
کو قبول کر۔ اور اس سے راستہ پر دلیل لے جب اس تک پہونچے تو وہاں بیٹھ جا حتی کہ تیری معرفت درست ہو
اسوقت تو ہر ایک گمراہ کی پناہ اور فقیروں مسکینوں کا ملجا ہوگا۔ خدائے عزوجل کے راز کی حفاظت اور
خلقت کیساتھ اچھے خلق سے پیش آنا جوانمردی ہے تجھ میں خدا کی طلب اور اسکے غیر کو چھوڑ کر اسپر راضی ہونا
کہاں ہے۔ کیا تو نے خدائے عزوجل کے کلام کو نہیں سنا مِنْكُمْ مَنْ يُرِيدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيدُ الْآخِرَةَ (
تم میں بعض ایسے ہیں جو دنیا کو چاہتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو آخرت کو) اور دوسری جگہ فرمایا يُرِيدُونَ وَجْهَهُ (
اسکی ذات کو چاہتے ہیں) اگر تیرا نصیبہ اچھا ہوا تو غیرت کا ہاتھ نکلکر تجھے ماسواء اللہ عزوجل کے ہاتھ سے
چھڑالیگا اور حق عزوجل کے قرب کے دروازہ تک پہنچا دیگا۔ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ (وہاں پر
خدا کی حکومت ہی) جب یہ تجھے کامل طور سے حاصل ہوجائے تو دنیا و آخرت سب تیرے تابع
ہوجائینگی حق عزوجل کے دروازے کو ٹھوکا دے اور اسکے دروازے پر کھڑا رہ
تو خواطر تجھے معلوم ہوجائیں گے نفس، ہوا، دل، ابلیس، ملائکہ کے خواطر پہچان لیگا تجھے معلوم ہوجائیگا
کہ یہ خیال حق اور یہ باطل۔ تو ہر ایک کو اس علامت سے پہچانیگا جو تجھے معلوم ہوجائے گی جب تو
درجہ پر ہو تجھے تو خدا کی طرف سے ایک خطرہ آئیگا جو تجھے مؤدب اور ثابت قدم بنادیگا

Marfat.com

اور کھڑا کریگا۔ جھٹلائیگا۔ حرکت دیگا۔ ساکن کریگا۔ امر کریگا۔ نہی کریگا۔

ای قوم زیادتی۔ نقصان۔ تقدیم۔ تاخیر کو نہ مانگ۔ کیونکہ قدرتم میں سے ہرایک پر علاوہ علمہٖ محیط ہی۔ تم میں کوئی ایسا نہیں جسکی کتاب اور تاریخ مخصوص نہ ہو۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ فَرَغَ رَبُّکُمْ مِنَ الْخَلْقِ وَالرِّزْقِ وَالْاَجَلِ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ ٥ (تمہارا رب تمہارے پیدا کرنے، رزق اجل کو مقرر کرنے سے فارغ ہوچکا۔ جو ہونا تھا۔ سو ہوگیا قلم لکھہ چکا) اللہ عزوجل سب کچھہ کرچکا۔ اسکی قضا سابق ہے مگر جب امر و نہی کے التزام کی آڑ مین اس کا علم آتا ہی توکیکو سابقہ مقدر کا بہانہ کرنا جائز نہیں بلکہ یہ کہو لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ ٥ (وہ جو کرتا ہی اسکی بازپرس نہین اور مخلوق پوچھی جائے گی)

ای قوم! اس ظاہر اور اس سیاہی پر جو سفیدی پر ہے عمل کر حتی کہ تجھے باطنی عمل کا شوق پیدا ہو اس ظاہر پر عمل کرنا تجھے فہم باطن پہنچا ئیگا۔ اول اول تیرا باطن فہم کرتا ہے پھر تیرا دل تیرے نفس پر املا کرتا ہے۔ اور نیز نفس تیری زبان پر اور تیری زبان خلقت پر۔ یہ اس کی طرف اسکی منفعت اور مصلحت کیلئے متعدی ہوتا ہے۔ تجھے شاباش ہے۔ اگر تو نے حق عزوجل موافقت اور اس سے محبت کی۔ تجھپر افسوس تو اللہ عزوجل کی محبت کا مدعی ہوا۔ کیا تو نے نجانا کہ اس کی کئی شرائط ہیں۔ انمیں سے ایک یہ ہی کہ اپنے اور اپنے غیر کی تقدیر میں اسکی موافقت کرے۔ اور دوسرے یہہ کہ اُسکے غیر کی طرف مائل نہووے۔ اور اس سے انس پکڑے اور وحشت نکرے۔ جب کسی بندے کے دلیں اللہ کی محبت جاگزین ہوتی ہو تو اس سے اُنس پاتا ہی اور ان سب چیزوں کو جو اُس سے پھیریں بُرا سمجھتا ہے۔ اپنے جھوٹے ہونے کو چھوڑ یہ ایسی شئے ہے کہ خلوت اور تمنا اور جھوٹھ اور نفاق اور بناوٹ سے حاصل نہیں ہوتی توبہ کر اور اپنی توبہ پر ثابت قدم رہ صرف توبہ میں کچھہ نہیں بلکہ اُسپر ثابت و قایم رہنے میں فائدہ ہے۔ صرف بونے میں کیا فائدہ بلکہ اُسکے ثابت رہنے اور شاخیں نکالنے اور پھل لانے مین فائدہ ہے۔ اور حضرت شیخ جیلانی نے (خدا آپ سے راضی ہو) فرمایا۔ حق عزوجل کی موافقت۔ تنگی۔ ترشی۔ فقر۔ غنا۔ سختی۔ نرمی بیماری۔ صحت۔ نیکی۔ بدی۔ سخاوت۔ بخل میں لازم پکڑو وہین تمہارے لئے کوئی دوا سواء تسلیم

Marfat.com

بحق جل شانہ کے نہیں پاتا جب وہ تجھ کو کسی چیز کا حکم کرے تو اس سے وحشت نہ کرو اور نہ [illegible] اسکے غیر کے پاس شکایت لیجاؤ کیونکہ اس سے تمہاری مصیبت بڑھ جائیگی بلکہ سکون سکوت گمنامی اختیار کرو اسکے سامنے ٹھہرے رہو اور دیکھو کہ وہ تمہیں کیا کرتا ہے اسکے تغیر اور تبدیل [illegible] جب تم اسکے ساتھ ایسا برتاؤ کرو گے تو یقیناً وحشت کو انس اور [illegible] کو اپنے قرب کی خوشی [illegible] اے خدا ہمیں اپنی جناب میں باریاب فرما اور اپنی ہمراہی نصیب کر وَآتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (اور ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا)

مجلس پانچویں

آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) منگل کے روز بارہویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں عشاء کے وقت فرمایا۔ اے بندے حق عزوجل کی عبودیت کہاں ہے حقیقی عبودیت حاصل کر اور سب کاموں میں بیٹھ کر رہ تو اپنے آقا کا فرزند غلام ہے اسکی طرف باز آ اور اسکا مطیع ہو اسکے امر کا بجا لا اور اسکی نہی سے باز رہ اور اسکی قضا کا صابر اور موافقت کا ظاہر اختیار کر جب تجھ کو یہ حاصل ہو جائے تو تیری عبودیت درست ہو جائے گی اور یہ تیرے لیے کافی ہے خدائے عزوجل نے (فرمایا) أَلَيْسَ اللَّهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ (کیا خدا اپنے بندے کیلئے کافی نہیں ہے) جب تیری عبودیت ٹھیک ہو جائیگی تو وہ تجھے محبت رکھیگا تیرے دل میں اسکی محبت اور اسکا انس اور قرب بلا مشقت پختہ ہو جائیگا۔ اور [illegible] راضی [illegible] اگر [illegible] فراخی اور [illegible] کے تنگ اور [illegible] ہو جائیگا [illegible] جائے گا۔ [illegible] عزوجل نے فرمایا [illegible]

[illegible] نگہبان اور ہر شے کے قریب ہے اس کے سوا کوئی [illegible] نہیں [illegible] انکار [illegible] تجھ پر افسوس خدائے عزوجل کو پہچانتا ہے پھر [illegible] کرتا ہے [illegible] روکا جائے گا اس [illegible] معلوم نہیں

Marfat.com

جنے صبر کیا اور بنا چہ عقل کیسی ہے اور یہ جلدی کیسی خدای عزوجل نے فرمایا ہے۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ٥ (اے ایمان والو صبر کرو اور صبر دلاؤ اور تعلق پیدا کرو اور خدا سے ڈرو تو کہ تم نجات پاؤ) قرآن میں صبر کے متعلق بہت سی آیات ہیں جو اسکی خیر اور نعمت اور نیک جزا اور عطاء دنیوی و آخری راحت کو بتاتی ہیں اسکو لازم پکڑو تو تم نے یقیناً دنیا و آخرت کی بہبودی کو پالیا صبر و نبی زیارت اور خدا کے نیک بندوں کی طرف قصد صحبت کرنے اور نیکی کرنے کو لازم جانو تبھی تمہارے سب کام ٹھیک ہو گئے۔ تم ان لوگوں سے ہو جب نصیحت انہیں کیجاتی ہے تو قبول نہیں کرتے اور جب سنتے ہیں تو عمل نہیں کرتے۔ چار چیزوں سے تمہارا دین کھویا جاتا ہے پہلی یہ کہ تم اپنے علم پر عمل نہیں کرتے، دوسرے یہ کہ جس کا تمہیں علم نہیں اُسپر عمل کرتے ہو تیسرے یہ کہ جسے تم نہیں جانتے اسکو سیکھتے نہیں اور جاہل رہجاتے ہو۔ چوتھے یہ کہ تم لوگوں کو اُس چیز کے سیکھنے سے جسے وہ جانتے نہیں روکتے ہو۔ ای قوم اب تم مجلس وعظ میں حاضر ہوتے ہو تو سیر کے لیے۔ نہ دوا کے لیے واعظ کے وعظ کو چھوڑ دیتے ہو اور اسکی خطا اور زلات یاد رکھتے ہو اور اُسپر استہزا اور مضحکہ کرتے ہو تم خدای عزوجل سے روگردانی کرتے ہو اس سے توبہ کرو۔ اللہ عزوجل کے دشمنوں سے مشابہت نہ کرو۔ اور جو تم سنتے ہو اس سے فائدہ حاصل کرو۔ ای غلام! تو عادت کا پابند ہے۔ اور خدا کا بھی پابند ہے لیکن روزی کو طلب کرنے اور سبب پر ٹھہرنے اور سبب اور اُسپر توکل کرنے کو فراموش کرنے کیساتھ عمل کو ابتدا سے شروع کر۔ اور اس میں اخلاص لازم کر فرمایا خدائے عزوجل نے۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ٥ (اور میں نے جن اور انس کو نہیں پیدا کیا مگر اسلیے کہ وہ مجھے شناخت کریں) انکو ہوس کے لیے یا کھیل کیلئے یا کھانے پینے۔ سونے اور نکاح کے لیے نہیں پیدا کیا۔ اے غافلو! اپنی غفلتوں کو ترک کرو۔ تیرا دل اس کی طرف ایک قدم اور اُس کی محبت تیری طرف دس قدم چلتی ہے۔ وہ اپنے محبوں کی ملاقات کا اُنسے زیادہ مشتاق ہے یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ (جسے چاہتا ہے بحساب رزق دیتا ہے) جب بندے کو کسی کام کے لیے چاہتا ہے تو اس کے لیے تیار بنا دیتا ہے یہ ایسی شے ہے جو باطن سے تعلق رکھتی ہے نہ ظاہر سے جب مذکورہ بالا اوصاف کسی بندے میں پائے جائیں تو اسکی دنیا و آخرت اور غیر ...

Marfat.com

تک درست ہے۔ وہ جنت پاتا ہے اور اس کو قرب حاصل ہوتا ہے۔ ملک سلطنت سرداری اسکی ... اسکا ... پہاڑ اسکا قطرہ دریا۔ اور اس کا ستارہ چاند اور اسکا چاند سورج۔ اسکا تھوڑا بہت اسکا ... اسکا ... اور اسکی حرکت سکون ہو جاتی ہے اسکا درخت اسقدر بلند ہوتا ہے ... چوٹی عرش تک اور جڑ زمین کی تہ میں پہونچتی ہے۔ اور اس کی شاخیں دنیا و آخرت میں پھیلی ہوئی ... شاخیں کیا ہیں؟ علم و حکمت۔ دنیا اس کے پاس حلقہ انگشتری کی طرح ہے نہ دنیا اسپر غالب آتی ہے اور نہ آخرت اسکو ... کرتی ہے۔ کوئی بادشاہ یا غلام اسپر حکمرانی نہیں کر سکتا کوئی دربان اسکو نہیں روکتا اسکو کوئی نہیں پکڑ سکتا۔ کوئی کدورت اسے مکدر نہیں بناتی جب یہ باتیں پائی جائیں تو بندہ ... کیسا رہتے اور انکے ہاتھوں سے پینے اور انکو دنیا کے دریا سے خلاصی دینے کے لائق بنتا ہے پھر اگر خدا کو اس کی بہتری منظور ہو تو اسے مخلوق کا طبیب اور ... اور ... اور ... اور درست کنندہ چراغ اور سورج بنا دیتا ہے بعد ازاں اگر یہ چاہے کہ ان میں شامل ہو تو خیر ورنہ اسکو اپنے پاس روک لیتا ہے اور اپنے غیر سے غائب کر دیتا ہے اس حدیث ... حفاظت تا سلامت کلمہ کے ساتھ خلقت کی طرف واپس کرتا اور خلقت کی بہتری اور ... کی توفیق دیتا ہے دنیا کا زاہد آخرت سے آزمایش کیا جاتا ہے اور دنیا و آخرت کا زاہد دنیا و آخرت کے مالک ... پرکھا جاتا ہے تم ایسے غافل ہو کہ گویا تم کو مرنا نہیں اور نہ قیامت کے دن اٹھایا جانا اور نہ ... کے سامنے ... دینا اور نہ پلصراط پر گذرنا ہے۔ تم میں یہ صفتیں ہیں ... جنت ہے جب تم ان پر عمل کروگے تم سے دریافت ... تعالی کے پاس ... جو ... بتاتے ہیں اسکو نہ مانو تو انکے پاس تمہارا ...

جیسا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... نہ مانو ...

عزوجل کے جلال اور عظمت اور بزرگی اور عدل ... اور اسکا ملک باقی رہیگا۔ قیامت کے روز سب اسی کی طرف ... ملک ظاہر ہوگا۔ انکی عزت اور غنا اور انپر اللہ عزوجل کے احسان ظاہر ہونگے ...

Marfat.com

زمین کی میخوں پر غالب ہیں اور زمین کا قیام انہیں سے ہے۔ وہ بلحاظ باطن نہ بلحاظ صورت وخلقت کے امیر اور رئیس ہیں وہ خدائے عزوجل کے نائب ہیں۔

اے بندے اس سے پیشتر کہ تجھے بے ذریعہ آگاہ کیا جائے ہشیار ہو جا۔ دین اختیار کر۔ اور اہل دین سے ملاپ رکھ کیونکہ وہی انسان ہیں۔ لوگوں کا زیادہ عقلمند وہ ہے جس نے اللہ عزوجل کی اطاعت کی اور انکا زیادہ جاہل وہ ہے جس نے اسکی نافرمانی کی۔ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تَرِبَتْ يَدَاكَ يعني افْتَقَرْتَ وَاَتْرَبَ اِذَا اسْتَغْنٰى (ترجمہ ہاتھ خاک آلودہ ہوں یعنے تو فقیر ہو جائے اور مالدار ہو جب غنا طلب کی) جب تو دین والوں سے ملے اور ان سے محبت رکھے تو تیرے ہاتھ غنی اور سینہ اور دل نفاق اور منافقوں سے نفرت کرنیوالا ہو جائیگا۔ منافق ریاکار کسی کام کا نہیں تجھسے وہی مقبول ہے جس میں اسکی ذات مطلوب ہو۔ تیرے عمل کی صورت کو قبول نہیں کرتا بلکہ اسکے معنی کو جب تو عملکرنے میں اپنے نفس اور ہوا اور شیطان اور دنیا کی مخالفت کرے تو وہ تجھسے قبول کرتا ہے عمل اخلاص سے اور اپنے عمل پر مغرور نہ ہو۔ خلاصہ یہ کہ وہ قبول نہیں کرتا۔ مگر وہی جس میں اسکی ذات مطلوب ہو نہ خلقت کی تجھپر افسوس۔ خلقت کے لیے عملکرتا ہے اور ارادہ ہے کہ خدا اسکو قبول کرے یہ ہوس خام ہے۔ لالچ غرور خوشی چھوڑ دے۔ خوشی کو کم کر اور غم کو زیادہ۔ تو غم اور فکر کے گھر میں سے ہمارے نبی (انپر خدا کی رحمت اور سلام ہو) ہمیشہ متفکر خوشی میں کم غموں میں زیادہ ہنسی میں تھوڑے تھے۔ دوسرے کے دل کو خوش کرنے کے لیے تبسم فرماتے۔ آپ کے دلمیں بہت سے غم اور شغل تھے اگر صحابہ رضہ اور دنیا کے کام نہ ہوتے تو آپ کبھی گھر سے نہ نکلتے اور نہ کسیکے پاس بیٹھتے۔

اے بندے! جب اللہ عزوجل کے ساتھ تیری ظاہری حالت درست ہو تو تیرا باطن مدہوش اور دل صاف ہو جائیگا۔ تیری نظر عبرت تیرا دل فکر اور تیری روح اور باطن خدائے عزوجل سے ملجائے گا دنیا میں تفکر کرنا عذاب اور حجاب ہے اور آخرت میں فکر کرنا دل کے لیے علم اور حیات ہے کسی بندے کو تفکر عطا نہیں ہوا مگر اسکو دنیا و آخرت کے حالات کا علم دیا گیا۔ تجھپر افسوس۔ اپنے دلکو دنیا میں ضائع کرتا ہے۔ حالانکہ خدائے عزوجل اس نے تیرا نصیبہ مقرر کر چکا ہے اور اسکے وقت معین کر دئیے جو اسی کو معلوم ہیں

Marfat.com

ہر روز تجھے نیا رزق پہونچتا ہے اسے طلب کرے یا نہ کرے۔ تیری حرص تجھے خدائے عزوجل اور خلقت کے نزدیک نقصان ایمان سے فضیحت کریگی تو رزق کو تلاش کرتا ہے اور جب زیادہ ہو جائے تو طلب چھوڑ دیتا ہے اور اس کی کمائی اور تکمیل کے وقت اس سے غفلت کرتا ہے۔

اے بندے! حق کو منزل سے ڈھونڈ کیونکہ تیرا دل خلائق سے مطمئن نہیں خالق سے کس طرح ملیگا۔ تو سبب کا مشرک ہے مسبب کو کس طرح پائیگا۔ ظاہر و باطن اور جسے تو سمجھتا ہے اور جسے نہیں سمجھتا اور جو خلقت کے پاس ہے اور جو خالق کے پاس ہے یہ سب کس طرح اکٹھے ہونگے جس نے مسبب کو بھلایا اور سبب میں مشغول ہوا۔ دوسرے (یعنی سبب) کا گرویدہ ہوا اور پہلے کو چھوڑ اور باقی کو فراموش کیا اور فانی سے خوش ہوا وہ بڑا ہی جاہل ہے۔ اے بندے! تو جاہلوں سے صحبت رکھتا ہے پس انکی جہالت تجھ میں اثر کرتی ہے۔ احمق کی صحبت خسارے کی صحبت ہے۔ مومنوں یقین والوں، عالموں عاملوں سے صحبت رکھ۔ مومنوں کے حالات اپنے تصرفات میں کیا ہی عمدہ ہیں۔ وہ اپنے مجاہدوں اور نفسوں اور ہواؤں کو مقہور کرنے پر کیسے قادر ہیں۔ اسی واسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بِشْرُ الْمُؤْمِنِ فِي وَجْهِهِ وَحُزْنُهُ فِي قَلْبِهِ (مومن کی خوشی چہرے میں اور رنج دل میں ہے) یہ اسی کی طاقت ہے کہ خلقت کے سامنے خوشی ظاہر کرتا ہے اور اپنے اور اللہ عزوجل کے درمیان غم کو چھپاتا ہے اسکا غم ہمیشہ اسکا تفکر زیادہ ہے رونا بہت ہنسی کم ہے۔ اسی واسطے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَا رَاحَةَ لِلْمُؤْمِنِ غَيْرَ لِقَاءِ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ (مومن کو سوائے خدائے عزوجل کے دیدار کے راحت نہیں) مومن اپنے غم کو خوشی سے چھپاتا ہے۔ اسکا ظاہر کسب کرنے میں حرکت کرتا ہے اور اسکا باطن خدائے عزوجل کے ساتھ مطمئن ہے۔ اسکا ظاہر عیال کے لئے اور باطن [illegible] کیلئے ہے وہ اپنا بھید اپنے اہل و عیال۔ اور ہمسایگان قریب اور ہمسایگان [illegible] کے پاس ظاہر نہیں کرتا۔ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے کلام کو سنتا ہے کہ آپ نے فرمایا اِسْتَعِينُوا عَلَى أُمُورِكُمْ بِالْكِتْمَانِ (اپنے کاموں پر مخفی رکھنے سے اعانت چاہو) وہ ہمیشہ جو اسکے پاس ہے چھپاتا ہے اور اگر غلبہ کیوقت کوئی کلمہ اسکی زبان سے نکل جائے تو فوراً اسکی تلافی کرتا ہے اور عبارت کو بدل ڈالتا ہے اور جو ظاہر ہوا

Marfat.com

اسکو چھپاتا ہے اور جو معرض بیان مین آیا۔ اس سے عذر کرتا ہے۔
ای بندے! مجھے اپنا آئینہ بنا۔ دل اور باطن اور عمل کا آئینہ میرے قریب ہو تو اپنے دل میں وہ چیزین دیکھیگا جو دوری کے وقت نہ دیکھی ہونگی۔ اگر دین میں تیری کوئی حاجت مجھسے پانی کر میں اللہ عزوجل کے دین کو تجھے بتانے مین نہین ڈرونگا میرے پاس ایسی شیرین ... کام سے جو اللہ عزوجل کا دین ہے۔ تونے سخت بیفائدہ منافق ہاتھمیں پرورش پائی ہے۔ دنیا کو گھر مین چھوڑ اور میرے قریب آ۔ میں آخرت کے دروازہ پر کھڑا ہوں میرے پاس ٹھہر اور میری بات سن اور اسپر عمل کر اس سے پیشتر کہ تجھے موت آئے اللہ عزوجل سے خائف اور ترساں رہ جب اسکا ڈرہو تو دنیا و آخرت میں آرام نہیں۔ اللہ عزوجل کا ڈر بعینہ علم ہے اسیواسطے اللہ عزوجل نے فرمایا۔ اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمَاءُ (خدا سے عالم ہی خوف کیا کرتے ہیں) خدا سے نہیں ڈرتے مگر وہی عالم جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں اور حق عزوجل سے اپنے عمل کی جزا نہیں مانگتے ہیں بلکہ اسی کی ذات کو چاہتے ہیں اسکی محبت طلب کرتے ہیں اسکی دوری اور حجاب سے خلاصی مانگتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان سے دنیا و آخرت میں دروازہ قرب الٰہی بند نہو۔ وہ دنیا و آخرت اور اسکے غیر میں رغبت نہیں کرتے دنیا کے لیئے اور ہیں اور آخرت کیلیئے اور۔ اور خدای عزوجل کے وہ لوگ ہیں جو مومن یقین کنندہ عارف اس سے محبت کرنیوالے۔ اس سے ڈرنے والے۔ اسکے آگے فروتن اور اس کے بیچ شگفتہ اور شکستہ دل ہیں یہ لوگ وہ ایسی قوم ہے جو خدای عزوجل سے غیب میں ڈرتی ہے۔ وہ ان کے ظاہر کی آنکھوں سے غائب اور دل کی آنکھوں کے آگے حاضر موجود ہے۔ کیسے اس سے نہ ڈرین۔ حالانکہ وہ ہر روز کام میں ہے تغیر دیتا ہے اور بدلتا ہے کسی کی مدد کرتا ہے اور کسیکو بیکس بناتا ہے کسیکو زندہ کرتا ہے اور کسیکو مارتا ہے کسیکو قبول فرماتا ہے اور کسیکو مقرب بناتا اور کسیکو دور پھینکتا ہے لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَھُمْ یُسْئَلُوْنَ (جو کرتا ہے اسکی بابت پرسش نہیں کیا جاتا۔ اور وہ یعنے بندے پوچھے جائینگے) ای خدا ہمیں اپنا مقرب بنا اور اپنی درگاہ سے رد نکر۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (اور ہمیں دے تو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا)

Marfat.com

چھٹی مجلس آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) جمعہ کے روز پندرہویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو مدرسہ
میں فرمایا۔ صوفیہ کے دل صاف اور پاک ہوتے ہیں۔ خلقت کو فراموش کرنیوالے۔ اللہ عزوجل
کا ذکر کرنے والے۔ دُنیا کو بھلانیوالے۔ آخرت کو یاد دلانیوالے جو تمہارے پاس ہے اس سے روگردان
اور جو خدا کے پاس ہے اُس سے مشغول۔ تم ان سے اور اُن کے حالات سے مستور رہو اور آخرت کو چھوڑ
دُنیا میں مصروف۔ تم خدائے عزوجل کے آگے حیاء کو ترک کرنیوالے۔ اور بےشرمی کا اظہار کرنیوالے
ہو اپنے بھائی مومن کی نصیحت قبول کر۔ اور اُسکی مخالفت نہ کر کیونکہ وہ تیرے لیے وہ چیزیں دیکھتا ہے
جو تو اپنے لیے نہیں دیکھتا اسلئے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا المومن مرءۃ المومن (مومن
مومن کا آئینہ ہے) مومن اپنے بھائی مومن کی سچی خیرخواہی کرتا ہے۔ اُس کے لیے وہ باتیں ظاہر کرتا ہے
جو اُسپر مخفی ہیں نیکیوں اور بدیوں کے درمیان اُسکے لیے فرق بتاتا ہے اسکے نفع اور ضرر کو بتاتا ہے
پاک ہے وہ جس نے میرے دل میں خلقت کی خیرخواہی القا کی اور اُس کو میرا بڑا مقصد گردانا۔ میں
خیرخواہ ہوں اور اُسپر اُجرت نہیں مانگتا۔ میری اُجرت مجھے میرا خدائے عزوجل دیگا میں دنیا کا طالب
نہیں ہوں دُنیا و آخرت اور خدا کے غیر کا بندہ نہیں ہوں میں سوائے خالق۔ اکیلے یگانے۔ قدیم کے
کسی اور کی عبادت نہیں کرتا اور میری خوشی تمہاری نجات اور غم تمہاری ہلاکت میں ہے جب میں کسی
مرید صادق کے چہرے کو دیکھتا ہوں کہ اس نے میرے ہاتھ پر نجات پائی تو میں سیر اور سیراب ہوتا اور
لباس پہنتا اور خوش ہوتا ہوں کہ اس جیسا میرے ہاتھ سے کیسے نکلا۔ اے غلام میرا مقصد تو ہے
نہیں کیونکہ تو متغیر ہوگا نہیں میں عبور کر چکا اور میں اپنے آپ کو تیرے ہی لیے دوست رکھتا ہوں تجھے
پست پاتا ہوں تو جلد ہی عبور کر جائے اے قوم! اللہ عزوجل اور اُس کی نعمتوں [illegible]
اپنی قدر کو معلوم کرو اور [illegible] تواضع اختیار کرو تمہاری اصل ایک [illegible] باقی
اور تمہارا انجام [illegible] لوگوں [illegible] باقی [illegible]
[illegible] نہیں [illegible] پیغمبر خدا صلے اللہ
علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا۔ اشد عقوبات اللہ عزوجل لعبدہ طلبہ مالم یقسم لہ

(اللہ عزوجل کے نہایت سخت عذابوں سے بندے کے لیئے اس چیز کی طلب جو اسکی قسمت میں نہین)

تجھپر افسوس ہے ای تقدیر اور اپنے مقدرت جاہل کیا تو خیال کرتا ہے کہ دنیادار اس چیز کو جو تیری قسمت میں نہین دینے کی طاقت رکھتے ہیں۔ یہ صرف شیطانی وسوسہ ہے۔ جو تیرے دل و سر پر غالب ہوا ہے تو اللہ عزوجل کا بندہ نہین بلکہ نفس اور شیطان اور طمع اور درہم و دینار کا بندہ ہے سعی کر کہ تو کسی نجات یافتہ کو پائے تاکہ اس طریقے اور صحبت سے نجات حاصل کرے کسی بزرگ نے اسپر خدا کی رحمت ہو۔ فرمایا جو نجات یافتہ کو نہیں پاتا۔ نجات حاصل نہیں کرتا۔ تو ایسی نجات یافتہ کو دیکھتا ہے۔ مگر سر کی آنکھوں سے نہ دل کی۔ اور نہ باطن اور نہ ایمان کی آنکھوں سے۔ تجھ مین ایمان نہین اسلیئے یقیناً تجھے ایسی بصیرت نہین جس سے تو اسکو دیکھے۔ فرمایا خدای عزوجل نے فَاِنَّہَا لَا تَعْمَی الْاَبْصَارُ وَلٰکِنْ تَعْمَی الْقُلُوْبُ الَّتِیْ فِی الصُّدُوْرِ (تحقیق آنکھیں اندھی نہیں بلکہ وہ دل جو سینوں میں ہیں اندھے ہیں) وہ جو خلقت کے ذریعہ دنیا میں طمع کرنے والا۔ دین کو ٹکے کے عوض۔ اور باقی کو فانی کے بدلے فروخت کرتا ہو یقیناً اُس کے ہاتھ میں نہ دنیا آتی ہے نہ آخرت۔ جبتک تیرا ایمان ناقص ہو۔ تو معاش کیوجہ حاصل کر تاکہ لوگوں کا محتاج نرہے۔ اور دین کے عوض انکے مال کو نہ کھائے۔ پس جب تیرا ایمان قوی ہوجائے اور کامل بنجائے تو اللہ عزوجل پر توکل اور اسباب سے علحدگی اور رہتوں سے قطع کرنا اور تمام اشیاء سے اپنے دل کیساتھ نکلنے کو لازم پکڑ۔ شہر اول شہر اور رہنے اور دکانداری اور جان پہچان سے نکلجائے۔ اور جو کچھ تیرے پاس ہے اپنے اہل اور بھائیوں اور دوستوں کو دیدے پس تو ایسا ہو جائیگا کہ گویا ملک الموت نے تیری روح قبض کر لی۔ اور موت کے جھپٹا مارنے والے نے اسکو جھپٹ لیا۔ یا زمین پھٹ گئی اور تجھے نگل لیا۔ قدر اور قدرت سابقہ کی موجوں نے تجھے علم کے دریا میں لے لیا۔ اور غرق کر دیا جو اسے تمام پر بہہ پہنچا۔ اسکے لیئے اسباب مضر نہیں کیونکہ وہ اس کے ظاہر پر ہوسکتے ہیں نہ باطن میں۔ اس کے غیر کے لیئے ہوتے ہیں نہ اسکے لیئے۔

ای قوم! جیساکہ میں نے ذکر کیا اگر تم دنیا کے اسباب کے چھوڑنے اور دلی تعلق کو بالکل ترک کرنے پر طاقت نہیں رکھتے تو تھوڑا ہی سہی جیسے تم کو کل پر قدرت نہیں بعض پر ہی سہی ہمارے نبی

Marfat.com

(اُن پر خدا کی رحمت اور سلام ہو) فرماتے تھے تَفَرَّغُوْا مِنْ هُمُوْمِ الدُّنْيَا مَا اسْتَطَعْتُمْ (جہاں تک تمہیں طاقت ہو دنیا کے ارادے چھوڑ دو) اے بندے اگر تجھکو دنیا کے ارادے چھوڑنے کی طاقت ہے تو چھوڑ نہیں تو دل کے ساتھ حق عزوجل کی طرف دوڑ اور اُسکی رحمت کے دامن سے لٹک تاکہ وہ دنیا کا ارادہ تیرے دل سے نکال ڈالے وہ ہر چیز پر قادر اور ہر چیز کا عالم ہے سب کچھ اُسی کے ہاتھ ہے اُس کے دروازے کو لازم پکڑ اور اُس سے سوال کر کہ تیرے دل کو اپنے غیر سے پاک اور ایمان اور معرفت اور اپنے علم اور خلقت سے بے نیازی کیساتھ بھر دے اور اس سے سوال کر کہ تجھے یقین عطا کرے اور تیرے دل کو اپنا مانوس بنائے اور تیرے اعضاء کو اپنی عبادت میں لگائے سب کچھ اُسی سے مانگ۔ نہ غیر سے۔ اپنی جیسی مخلوق کے آگے ذلیل نہ ہو بلکہ بجائے غیر کے اُسی سے معاملہ رکھ۔ نصیحت۔ اے بندے! زبانی قول دلی عمل کے بغیر تجھے خدا کی طرف ایک قدم بھی نہیں چلا سکتا۔ پھر دل کی سیر ہے۔ قرب باطن قرب ہے عمل عمل باطن ہے جس کے ساتھ اعضاء سے حدود شرع کی محافظت اور خدا کے لیے اسکے بندوں کی تواضع ہو جس نے اپنے آپ کو کچھ سمجھا اُس کی کوئی عزت نہیں جس نے اپنے عمل خلقت کے لیے ظاہر کیے اُسکا کوئی عمل نہیں عمل تنہائی میں ہوتے ہیں ظاہر میں سوائے ان فرائض کے جن کا اظہار ضروری ہے مت ظاہر کر جب بنیاد کی مضبوطی ضعف میں آجائے تو چھت کی مضبوطی کا کیا فائدہ جب چھت میں کمزوری ہو جائے اور بنیاد محکم ہو تو تلافی کر سکتا ہے۔ عملوں کی بنیاد کو توحید اور اخلاص ہو۔ اس کا کوئی عمل نہیں اپنے اعمال کی بنیاد کو توحید اور اخلاص سے محکم بنا۔ پھر اعمال کو اللہ تعالیٰ عزوجل کی طاقت اور قوت سے نہ اپنی طاقت اور قوت سے محکم کر۔ توحید کا ہاتھ ہی موحد ہی اپنے عمل کے مکان کو بلند کرتا ہے منافق نہیں کر سکتا۔ اے خدا ہمارے اور نفاق کے درمیان جدائی کر۔ وَآتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (اور دنیا میں اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔

ساتویں مجلس

آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) سترہویں ماہ شوال سنہ ۵۴۵ھ

Marfat.com

اتوار کے روز مسافرخانہ میں فرمایا۔ اللّٰھم صلِّ علیٰ محمدٍ وعلیٰ اٰلِ محمدٍ وافرغ علینا صبرًا وثبّت اقدامنا وکثّر عطاءک لنا وارزقنا توفیق الشکر علیہ۔ (ای خدا محمد اور انکی آل پر رحمت بھیج اور ہمکو صبر عطا فرما اور ہمارے قدم ثابت رکھ اور اپنی عطا ہمارے لیے زیادہ کر۔ اور اُسپر شکر کرنیکی توفیق بخش) پھر فرمایا ای قوم! صبر کرو دُنیا کل کی کل آفات اور مصائب ہیں۔ راحت وخوشی نہایت کم۔ کوئی نعمت نہیں مگر اُس کے ساتھ نقمت ہے کوئی عیش نہیں مگر اُس کے ہمراہ رنج ہے۔ کوئی فراخی نہیں مگر ساتھ ہی اُسکے تنگی ہے۔ دُنیا کو اپنی زندگانی دیدو اور اُس سے اپنا نصیبہ شرع کے حکم کیموافق لو۔ وہ دوا ہے اُسکی جو کچھہ دُنیا سے لیا جائے ای غلام جب تو مُرید ہووے تو شرع کے حکم سے اپنی قسمت لے اور جب تو خاص صدیق ہووے تو امر کے بموجب اور جب تو فانی اور خدا سے ملا ہوا اور مقرب ہووے تو خدائے عزوجل کے ہاتھہ سے جو تجھے دے لیلے۔ امر حکم کرنے والا تجھکو حکم کریگا۔ اور منع کریگا اور فعل تیرے دلکو حرکت دیگا۔ خلقت کی تین قسمیں ہیں۔ عام۔ خاص۔ خاص الخاص۔ عامی وہ متقی مسلمان ہے جو شرع کو ہاتھہ میں لیتا ہے اور شریعت کو لازم پکڑتا ہے۔ اور اُس سے جُدا نہیں ہوتا۔ خدا کے فرمودہ پر عمل کرتا ہے جیسا ہے وما اٰتاکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا (جو کچھہ رسول تمہارے پاس لائے اُسپر عمل کرو اور جسے منع کرے اُس سے باز رہو) جب یہ اسمیں کامل ہو جائے اور شریعت پر ظاہر و باطن میں عملکرے تو نورانی دل والا بنجاتا ہے اُس سے دیکھتا ہے پس جب کوئی شے شرع کے ہاتھ سے لیتا ہے تو اسکا دل اُس سے غنی۔ اور حق عزوجل کے الہام کو طلب کرتا ہے کیونکہ اُس کا الہام ہر ایک شے میں عام ہے۔ فرمایا خدائے عزوجل نے فالھمھا فجورھا وتقوٰھا۔ (پس اسے اُسکی نیکی اور بدی کا الہام کیا) پس اسکا دل متقی اور اللہ عزوجل کے الہام کو دیکھتا ہے۔ اس کی علامت ظاہر امر کا لینا ہے اسطرح کہ جو کچھہ اُس کے امکان میں ہے وہ خدا کا ملک اور اُس کے ہاتھ میں وہ اُسکی چیز ہے پھر وہ ترقی پاتا ہے۔ اور اُس کے دل کا نور روشن ہوتا ہے اور جو کچھہ اس امر میں خدا کے پاس ہے اُسے دیکھتا ہے۔ مگر یہ شرع پر عملکرنے سے فارغ ہونے کے بعد ایمانی قوت اور توحید کیساتھ ملزوم ہے جب دل دنیا اور خلق سے نکلجائے اور اُسکے بیابانوں اور دریاؤں سے عبور کرجائے پس اسوقت اس کی صحیح ہوتی ہے اور نور ایمان نور قربِ الٰہی اور نور علم اور صبر اور نور تحمل و رضا پیدا [illegible]

Marfat.com

حاصل ہوتا ہے۔ یہ کل ثمرہ حقوق شرع کے ادا کرنے اور اُنکی تابعداری کی برکت سے ہے لیکن ابدال تو خاص الخاص ہیں جو شرع سے فتویٰ حاصل کرکے پھر اللہ عزوجل کے امر اور فعل اور تحریک اور الہام کو دیکھتے ہیں اور ان تینوں کے سوا اور لوگ ہلاک در ہلاک سقم در سقم۔ حرام در حرام۔ دین کے سرکا درد۔ دل کی سختی جسم میں مرض سل کی طرح ہیں ؎

اے قوم! وہ تمہیں بلاؤں میں مبتلا کرتا ہے تاکہ دیکھے کہ کیا کرتے ہو۔ آیا ثابت قدم رہتے ہو یا بھاگتے ہو آیا تصدیق کرتے یا جھٹلاتے ہو جس نے تقدیر کی موافقت نہ کی۔ وہ نہ تو نرمی کیا جاتا ہے اور نہ موافقت ہوا سکے حکموں پر راضی نہ ہوا وہ اُس سے راضی نہیں جس نے عطا نہ کی اُسپر عطا نہیں کی جاتی جس نے زیارت نہ کی سوار نہیں کیا جاتا۔ اے جاہل کیا تو چاہتا ہے کہ اُسکے ارادے کو تغیر دے اور بدلے کیا تو دوسرا خدا ہے تاکہ اللہ عزوجل تجھ سے موافقت کرے بلکہ اس کا عکس کر صواب پائیگا اگر تقدیر میں نہ ہو تو تجھ ٹے دعوے نہ پہچانتا۔ گو ہر تجربے کے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ تو اپنے نفس سے ایسا انکار کر جیسا وہ خدائی عزوجل سے کرتا ہے جب تو اپنے نفس کا منکر ہوگا تو دوسرے کا بھی ہو سکیگا۔ ایمانی قوت کے بموجب منکرات زائل ہوں گے۔ اور اُس کے ضعف کی مقدار پر قدم جائیں گے اور تو ان کو زائل نہ کر سکیگا۔ ایمان کے قدم وہ ہیں جو شیاطین الانس والجن سے ملنے کے وقت قائم رہتے ہیں۔ یہ وہ ہیں جو بلاؤں اور آفتوں کے نازل ہونے کے وقت ثابت رہتے ہیں۔ تیرے ایمان کے قدم ثابت نہیں پس ایمان کا دعویٰ چھوڑ دے۔ سب کو برا جان اور ان سب کے خالق سے محبت کر پس اگر وہ اس چیز کو جسکو تو نے برا جانا جس سے تو نے دشمنی کی۔ تیرا محبوب بنادے۔ تو تو خفیف گا کیونکہ وہی محبوب کرنے والا ہے نہ تو۔ اسیواسطے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم

اِنَّ مِنْ دُنْيَاكُمْ ثَلٰثٌ اَلطِّيْبُ وَالنِّسَاءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ (تمہاری دنیا سے تین چیزیں مجھے محبوب ہیں۔ خوشبو۔ عورتیں۔ اور میری آنکھ کی خنکی نماز میں کی گئی) یہ چیزیں آپکے پاس برا جاننے اور ترک اور زہد اور روگردانی کی پیاری پیاری بنائی گئیں تو اپنے دل کو غیر سے فارغ کر تاکہ وہ جسے چاہے تیرا محبوب بنادے ؎

Marfat.com

آٹھویں مجلس۔ (اللہ آپ سے راضی ہو) آپ نے انیسویں ماہ شوال ۵۴۵ھ ہجری کو منگل کے روز
عشاء کے وقت مدرسہ میں فرمایا۔ ریاکار کا کپڑا ستھرا اور دل پلید ہے۔ مباحات میں زہد کرتا ہے
اور کمانے سے سستی۔ اپنے دین سے کھاتا ہے اور بالکل پرہیز نہیں کرتا۔ صریح حرام کھاتا ہی اس کا
حال عوام سے مخفی رہتا ہے۔ خواص سے نہیں رہتا۔ اسکا سارا زہد اور عبادت ظاہری ہے۔ اس کا
ظاہر آباد اور باطن ویران ہے۔ تجھ پر افسوس خدا کی عبادت دل سے ہے نہ جسم سے۔ یہ سب چیزیں
دل، باطن، معنی سے تعلق رکھتے ہیں جس میں تو ہے اس سے برہنہ ہو تاکہ میں تیرے لیے خدا
سے ایسی پوشاک لوں جو کبھی بوسیدہ نہ ہوگی۔ کپڑے اتار ڈال تاکہ وہ تجھے لباس پہنائے
اللہ عزوجل کے حقوق میں سستی کرنے کا لباس اتار دے۔ خلقت کا ہونے اور ان کو شریک
ٹھہرانے کا لباس دور کر۔ شہوات۔ غرور۔ رعونت نفاق۔ اور خلقت کے نزدیک قبولیت اور اپنی
طرف تعظیم پر خوش ہونے اور تجھے روپیہ دینے کی محبت زائل کر۔ دنیا کا لباس اتارہ اور آخرت کا پہن
اپنی طاقت۔ قوت اور وجود سے خالی ہو۔ اور خدائے عزوجل کے سامنے بے حس وحرکت ہو جا اور سبب
کو توحید کر لے اور مخلوق کی ... کسی کو شریک نہ بنانے کے ساتھ قرار پکڑ جب تو یہ کریگا تو اسکے
... کو اپنے سے متصل دیکھ لیگا۔ اسکی رحمت آئے گی اور تجھے تسلی دیگی۔ اور اسکی نعمت اور احسان
تجھے لباس پہنائیں گے اور اپنے ساتھ لیں گے۔ اسکی طرف بھاگ۔ اسی کا ہو رہ۔ اپنے نفس اور غیر کو
ترک کر کے دور ہو۔ سب سے علیحدہ اور کنارہ کش ہو کر اسکی طرف چل پریشان اور علیحدہ ہو کر اسکی طرف
تاکہ تجھے جمع کر دے اور ظاہری وباطنی قوتوں سے ملا دے۔ حتیٰ کہ اگر دنیا کو تجھ پر بند کر دے
اور سب بوجھ تجھ پر لاد دے تو یہ تجھے ضرر نہ دیگا بلکہ وہ آپ ہی تیری محافظت کریگا جس نے خلقت
کو توحید کے ہاتھ سے اور دنیا کو زہد کے ہاتھ سے اور خدا کے غیر کو ... کے ہاتھ سے فنا کر ڈالا۔
تو اسکی بہتری اور کامیابی کامل ہو گئی۔ اور اسکو دنیا و آخرت سے بہرہ دیا گیا۔ مرنے سے پہلے
نفس۔ ہوا شیطان کو مار ڈالو۔ عام موت سے پہلے خاص موت ہو جاؤ۔
اے قوم میرا کہا مان۔ میں اللہ عزوجل کا منادی ہوں تمہیں اسکے دروازے اور اطاعت کی طرف

Marfat.com

بلاتا ہوں اپنے نفس کیطرف نہیں۔ منافق خلقت کو اللہ عزوجل کی طرف نہیں بلاتا۔ بلکہ اپنی طرف۔ وہ راحت اور قبولیت اور دنیا کا طالب ہے۔ اے جاہل تو اس کلام کو سننا چھوڑ دیتا ہے اور اپنے گھر میں نفس وہوا کے ساتھ بیٹھتا ہے تجھے پہلے بزرگوں کی صحبت اختیار کرنا۔ اور نفس و طبع و خیر کو مار ڈالنا چاہیئے۔ مشائخوں کے گھر کا دروازہ لازم پکڑ۔ پھر اس کے اور ان سے علیٰحدہ ہو۔ اور عبادت خانہ میں صرف خدائے عزوجل کیساتھ بیٹھ۔ جب یہ امر تجھ میں کامل ہو جائے۔ تو پھر تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے خلقت کی دوا اور رہنما اور ہادی ہو جائے گا۔ تیری زبان زاہد اور تو فاسق۔ تیری زبان شکر اور دل کافر۔ ظاہر مسلمان اور باطن بے ایمان۔ تیرا ظاہر موحد اور دل مشرک ہے۔ تیرا ظاہر آباد اور تیرا باطن ویران جیسا کہ جائے ضرورت پر سفیدی اور کوڑے پر تالا جب تو ایسا ہو گیا تو شیطان تیرے دل میں خیمے لگاتا اور ڈیرے جماتا ہے۔ مومن پہلے باطن کو سنوارتا ہے پھر ظاہر کو اس شخص کیطرح کہ گھر بناتے وقت اندرونی عمارت پر بہت سا روپیہ صرف کرے اور دروازہ خراب ہو۔ جب اندرونی عمارت کامل ہو جاتی ہے۔ تو پھر دروازے کو درست کرتا ہے اللہ عزوجل کی طرف ابتدا اور اسکی فضا حاصل کرنیکا یہی حال ہے۔ پھر اسکی اجازت سے خلقت کی طرف توجہ۔ شروع میں آخرت کا حاصلکرنا پھر دنیا سے مقدر کو لینا ہے۔

نویں مجلس آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) بارھویں ماہ شوال جمعہ کی صبح کو مدرسہ میں فرمایا۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ آپ نے فرمایا۔ اِنَّ اللہَ لَا یُعَذِّبُ حَبِیْبَہٗ وَلٰکِنْ قَدْ یَبْتَلِیْہِ (خدا اپنے دوست کو عذاب نہیں دیتا۔ لیکن کبھی مبتلا کرتا ہے) مومن اُسکے نزدیک قائم رہتا ہے۔ بتحقیق خدائے عزوجل مبتلا نہیں کرتا مگر مصلحت کیلئے دنیوی ... پھر اس کے بعد جلدی حاصل ہو جاتی ہے۔ پس وہ بلا میں راضی اور صابر ... نہیں لگاتا۔ اے خدائے عزوجل نے بلا سے بچھ لیا

اے دنیا کے بندو! ان مقامات میں کلام کرنا چھوڑ دو۔ تم زبانی کلام کرتے ہو نہ دل سے تم اللہ عزوجل اور اسکے کلام اور پیغمبروں سے اور انکے تابعداروں سے جو حقیقتاً اُنکے نائب اور وارث ہیں روگردان ہو

Marfat.com

تم مقدر اور قدرت سے لڑائی کرتے ہو۔ تم نے اللہ عزوجل کے عطیات اور احسانات کو چھوڑ کر۔ خلقت کی عطیات پر قناعت کی ہے۔ تمہاری کوئی بات اللہ عزوجل اور اُس کے نیک بندوں کے پاس نہیں سُنی جاتی۔ جبتک کہ توبہ خالص نہ کرو۔ اور اُسپر ثابت نہ ہو اور قدر اور قضاء سے جو تم میں ہو یا تمہارے غیر میں موافقت نہ کرو۔ عزت اور ذلت۔ دولتمندی اور فقر۔ تندرستی اور مرض۔ محبوب اور مکروہ میں موافقت کرو۔ اے قوم! تابع بن تاکہ متبوع بنجائے۔ قضا۔ اور تقدیر کے تابع رہو۔ اور اُن کی خدمت کرو۔ تاکہ وہ تمہارے تابع اور خادم ہو جائیں۔ ان کے آگے ذلیل ہو جاؤ۔ تاکہ وہ تمہارے آگے ذلیل ہو جائیں۔ کیا تمنے نہیں سُنا کما تدین تدان (جیسا کریگا ویسا پائیگا) جیسے تم ہو گے عملوں کے بموجب تمپر حاکم بنائے جائیں گے۔ خدائے عزوجل ظالم نہیں۔ تھوڑے عمل پر بہت جزا دیتا ہے صحیح کو فاسد صادق کو کاذب بناتا ہے۔

اے بندے! جب خدمت کریگا۔ مخدوم بنے گا جب ٹھہریگا۔ ٹہرایا جائیگا۔ خدائے عزوجل کی خدمت کر۔ اور اُسکو چھوڑ۔ ان بادشاہون کی خدمت میں مشغول نہ ہو جو تجھے نہ ضرر پہنچا سکتے ہیں نہ نفع تجھے کیا چیز دینگے۔ کیا تجھے جو تیرا مقسوم ہی نہیں دینگے۔ یا انہیں طاقت ہے کہ تیرے مقسوم میں وہ زیادہ کریں۔ جو خدا نے مقسوم نہیں کی۔ انکے پاس سے کوئی نئی بات نہین آتی۔ اگر تو کہے ان کی عطا اُنہیں سے ہے تو پھر کافر ہے کہ تجھے معلوم نہیں کہ دینے والا۔ روکنے والا۔ ضرر پہنچانے والا۔ نفع دینے والا۔ اول۔ آخرت۔ سوائے خدا کے کوئی نہیں۔ اگر تو کہے کہ میں اُسکو جانتا ہوں۔ تو میں کہتا ہوں کہ کس طرح جانتا ہے جب اسکے غیر کو اُسپر مقدم رکھتا ہے تجھپر افسوس تو کس طرح آخرت کو دنیا کے عوض بگاڑتا ہے۔ تو اپنے مولیٰ کی تابعداری کو نفس اور ہوا اور شیطان اور خلقت کی تابعداری سے کس طرح فاسد کرتا ہے۔ غیر کے پاس شکوہ کرنیسے اپنے تقوٰی کو کس طرح خراب کرتا ہے کیا تو نہیں جانتا کہ خدائے عزوجل متقیوں کا حافظ اور مددگار اور ان سے شر کو روکنے والا اور ان کا معلم اور انکو اپنی معرفت عطا کرنیوالا ہے اور اُن کے ہاتھ پکڑنے والا اور ان کو سختیون سے بچانے والا۔ اور ان کے دلوں کی طرف دیکھنے والا۔ اور جس جگہ کا ان کو گمان نہین اُسجگہ سے رزق پہنچانے والا ہے۔

Marfat.com

خدائے عزوجل نے اپنی کسی کتاب میں فرمایا۔ یَا ابْنَ اٰدَمَ اِسْتَحْيِ مِنِّیْ كَمَا تَسْتَحْيِیْ مِنْ جَارِكَ الصَّالِحِ (اے آدم کے بیٹے مجھ سے ایسی حیا کر جیسی کہ اپنے ہمسائے نیک بخت سے حیا کرتا ہے) پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ اِذَا اَغْلَقَ الْعَبْدُ اَبْوَابَهٗ وَاَرْخٰى اَسْتَارَهٗ وَاخْتَفٰى مِنَ الْخَلْقِ وَخَلَا بِمَعَاصِی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَا ابْنَ اٰدَمَ جَعَلْتَنِیْ اَهْوَنَ النَّاظِرِيْنَ اِلَيْكَ (جب بندہ اپنے دروازے بند کرتا اور اس پر پردے ڈالتا اور خلقت سے چھپتا اور خلوت میں خدا عزوجل کی نافرمانی کرتا ہے تو خدای عزوجل فرماتا ہے اے آدم کے بیٹے تو نے مجھ کو باقی دیکھنے والوں سے نہایت کمزور سمجھا)

دسویں مجلس آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) اتوار کے روز صبح کے وقت چودھویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا اَنَا وَاَتْقِيَاءُ مِنْ اُمَّتِیْ بُرَآءُ مِنَ التَّكَلُّفِ (میں اور میری اُمت کے پرہیزگار تکلف سے بیزار ہیں) پرہیزگار خدائی عزوجل کی عبادت میں تکلف نہیں کرتا کیونکہ وہ اس کی طبیعت بن جاتی ہے۔ پس وہ ہر حال مین تکلف کرتا ہے خاصکر اللہ عزوجل کی عبادت میں۔ ظاہر میں تکلف کرتا اور باطن میں اسے ترک کرتا ہے وہ متقین کے طریقے میں داخل نہیں ہو سکتا۔ ہر ایک موقع کے لیے کلام ہے اور ہر عمل کے لیے آدمی۔ لڑائی کے اور آدمی بنائے گئے ہیں۔ اے منافقو! اپنے نفاق سے توبہ کرو اور گریز سے باز آؤ۔ تم شیطان کو کس طرح موقع دیتے ہو کہ وہ تم پر ہنسے اور تم سے راحت پائے۔ اور اگر تم نماز پڑھتے یا روزہ رکھتے ہو تو خلقت کے لیے نہ خدائے عزوجل کے لیے۔ اور اسی طرح اگر تم صدقہ کرتے ہو یا زکوۃ نکالتے ہو یا حج کرتے ہو تو تم عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (عمل کرنے والے رنج اٹھانے والے) ہو جلدی ہی آگ میں داخل ہو گے۔ اگر [illegible] توبہ اور معذرت نہ کیا تمہیں تابعداری اختیار کرنی چاہیے۔ نہ نیا طریقہ نکالنا۔ [illegible] اختیار کرو۔ سیدھی راہ پر چلو نہ بخیال مشابہت اور فراغت بلکہ بغرض تابعداری طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر تکلف اور بناوٹ اور سخت سمجھنے اور فریب دینے اور تاوان جاننے کے تمہیں بھی وہی عطیات ہوں گے جو تم سے پہلوں پر ہوئے۔ تجھ پر افسوس قرآن حفظ کرتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا

Marfat.com

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث زبانی یاد کرتا ہے اور اسپر عمل نہیں کرتا۔ پھر تو یہ کیسے کرتا ہے لوگوں کو امر کرتا ہے اور خود عمل نہیں کرتا۔ انکو منع کرتا ہے اور خود باز نہیں رہتا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ (خدا کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے کہ تم کہو وہ بات جو تم خود نہیں کرتے) کہتے ہو اور پھر اُس کے خلاف کرتے ہو۔ تم حیا نہیں کرتے۔ ایمان کا دعویٰ کیوں کرتے ہو جبکہ ایمان نہیں لاتے۔ ایمان آفتوں سے مقابلہ کرنے والا ہمارے بوجھوں کے نیچے صبر کرنے والا وہی پچھاڑنے والا وہی قتل کرنے والا ہے۔ ایمان ہی دنیا کے مال کو جو اسکے پاس ہے خدا کی راہ میں خرچ کرنے والا ہے۔ ایمان خدا کی رضامندی حاصل کرنے کے لیئے سخاوت کرتا ہے ہوا اور ہوا۔ شیطان کی رضامندی اور اغراض نفسانی کے لیئے جس سے خدای عزوجل کا دروازہ مسدود ہوا وہ خلقت کا محتاج ہوا جس نے خدائی عزوجل کے راستہ کو ضائع کیا اور اُس سے پھرا وہ خلقت کے راستہ پر بیٹھا۔ خدا جس سے بہتری چاہتا ہے خلقت کے دروازے اُسپر بند کر تا اور انکی عطا اس سے روک دیتا ہے تاکہ اسکو اسے ذریعہ سے اپنی طرف پھیرے۔ اسکو گھر سے باہیوں سے کنارہ پر لاتا اور عدم سے وجود تک لاتا ہے۔ تجھپر افسوس تو جاڑے میں تالابوں پر بیٹھنے سے خوش ہے جلدی ہی گرمی کا موسم آئیگا اور اس پانی کو جو تیرے پاس ہے خشک کریگا بس تو مرجا تیرا امکان وہ ہے جو تجھ معرفت کے کنارے سے قریب ہے۔ موسم گرما میں اسکا پانی خشک نہیں ہوتا اور موسم سرما میں بڑھتا اور زیادہ ہوتا ہے خدائی عزوجل کے ساتھ ہو تو علمی معزز امیر حاکم رہبر ہو جائیگا جس نے اللہ عزوجل کے معیت کی دولتمندی طلب کی ساری چیزیں اُسکی محتاج ہوئیں اور یہ ایسی چیز ہے جو لباس اور تمنا سے حاصل نہیں ہوتی۔ بلکہ ایسی چیز سے حاصل ہوتی ہے جو سینوں میں متمکن ہے اور عمل نے اُسکی تصدیق کی ہے۔

ای غلام تیرا طریقہ خاموشی اور لباس گمنامی اور تیرا کل مقصود خلقت سے نفرت ہونا چاہئے اور اگر تجھ میں طاقت ہو تو زمین میں سرنگ کھود کر سوراخ نکالے اور اس میں چھپ کر تیرا یہی طریقہ ہوتا وقتیکہ تیرا ایمان جوان اور تیرے یقین کا قدم مضبوط اور تیرے صدق کا بازو پروازہ

Marfat.com

اور تیرے دل کی آنکھیں کھل جائیں، پھر تیرے گھر کی زمین بلند ہوگی اور خدائے علم کے خلاف کی طرف
پرواز کریگی تو مشرق و مغرب خشکی، تری، ہموار زمین اور پہاڑوں کا طواف کرے گا، آسمانوں
اور زمین کو طے کریگا۔ اور سیر، نگہبان، رفیق کے ساتھ ہوگا۔ پس اسوقت کلام شروع کردے اور گمنامی کا
لباس اُتار ڈال، اور خلقت سے نفرت کرنا چھوڑ دے اور اپنے سوراخ سے ان کی طرف نکل تحقیق
تو ان کے بیچ دوا ہے اور تجھے کوئی ضرر نہیں پہونچیگا۔ خلقت کی کمی، زیادتی، اقبال، ادبار، تعریف
خدمت کی پرواہ نہ کر، کچھ پرواہ نہ کر جہاں گریگا اٹھایا جائیگا۔ کہ تو اپنے رب عزوجل کے ساتھ ہے
اے قوم! اس خالق کو پہچان اور اس کے سامنے ادب سے رہ۔ جبتک تمہارے دل اس سے دور ہیں
تم اس کے نزدیک بے ادب ہو اور جب قریب ہوں تو نیک ادب کر۔ دروازے پر غلاموں کی بیہودہ
کوئی بادشاہ کے سوار ہونے سے پہلے ہے جب وہ سوار ہوتا ہے تو وہ خاموش ہوجاتے اور مؤدب بنجاتے
ہیں کیونکہ وہ اس کے قریب ہیں، ان میں سے ہر ایک ایک کونے کی طرف بھاگ جاتا ہے۔ خلقت
پر بڑھنا بعینہ خدائے عزوجل سے پیٹھ پھیرنا ہے۔ تجھے نجات نہیں کہ تو اور معبودوں کو نہ چھوڑے
اور اسباب کو نہ توڑے اور خلقت سے نفع و ضرر کی امید نہ رکھے۔ تم تندرست بیمار، دولتمند فقیر، زندہ مردہ
معدوم موجود ہو۔ خدائے عزوجل سے یہ گریز اور اعراض کب تک دنیا کی تعمیر اور آخرت کی ویرانی کہاں تک
تم میں سے ہر ایک کا ایک ہی دل ہے تو دنیا و آخرت دونوں کی محبت اسمیں کسطرح سما سکتی ہے خالق اور خلق
دونوں اسمیں کسطرح رہسکتے ہیں یہ ایک ہی حالت میں ایک دل میں کسطرح حاصل ہو سکتا ہے۔ یہ
جھوٹ ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلْکَذِبُ مُجَانِبُ الْاِیْمَانِ (جھوٹ ایمان سے کنارہ کش ہے)
كُلُّ اِنَاءٍ يَتَرَشَّحُ بِمَا فِيْهِ (برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہو) تیرے کلا
تیرا ظاہر تیرے باطن کی دلیل ہے اسیواسطے ان میں سے بعض نے فرمایا۔ ظاہر باطن کا عنوان ہے تیرا
باطن خدائے عزوجل اور اُس کے خاص بندوں پر ظاہر ہے جب ان میں سے کوئی تجھے ملجائے تو
اُسکے سامنے مؤدب ہو اور اس سے ملنے کے پہلے اپنے گناہوں سے توبہ کر۔ اس کے آگے ذلیل
اور متواضع بنجا، جب تونے نیک بندوں کی تواضع کی تو اللہ عزوجل کی تواضع کی۔ جس نے

Marfat.com

تواضع کی خدائے عزوجل اسکو بلند کرتا ہے جو تجھ سے بڑا ہے اسکا ادب کر کیونکہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اَلْبَرَکَۃُ فِیْ اَکَابِرِکُمْ (تمہارے بڑوں میں برکت ہے) آپنے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سے صرف عمر کی بڑائی مراد نہیں جبتک کہ عمر میں بڑائی کیساتھ تقوی یعنی امر کی تابعداری اور نہی باز رہنا اور قرآن وحدیث کو لازم پکڑنا شامل نہو نہیں تو بہت سے بوڑھے ایسے ہیں جنکی کچھ بھی عزت نہیں نہ سلام کہنا روا نہیں انکی زیارت میں برکت نہیں۔ بڑے وہ ہیں جو متقی نیکوکار پرہیزگار علم پر عمل کرنیوالے خالص خدا کیلئے عمل کرنیوالے ہیں بڑے وہ جو دل صاف اور غیر خدا سے پھر نیوالے ہوں بڑے وہ دل ہیں جو خدا کو پہچانتے اور جانتے اور اس سے قریب ہیں جس قدر دل کا علم بڑھتا ہے وہ اپنے مولی عزوجل کی اسی قدر قربت حاصل کرتا ہے جس دلمیں دنیا کی محبت ہو وہ خدا سے پردے میں ہے اور جس دلمیں آخرت کی محبت ہو وہ اللہ عزوجل کے قرب سے مستور رہے دنیا میں رغبت کرنیکی مقدار سے آخرت کی محبت کم ہوتی ہے اور آخرت میں رغبت کرنے کی مقدار پر خدای عزوجل کی محبت کم ہوتی ہے اپنے درجہ کو پہچان تو اور اپنے نفس کو ایسی جگہہ جسمیں خدا نے اسکو نازل نہیں کیا نازل نکر۔ اسیواسطے ان میں سے کسی نے فرمایا جس نے اپنی قدرت نہ پہچانی تقدیریں اسکو اس کی قدر معلوم کراتی ہیں۔ ایسی جگہہ مت بیٹھ جس سے اٹھایا جائے جب تو کسی گھر میں داخل ہو تو ایسی جگہہ جا کہ تجھے گھر کے مالک نے نہیں بٹھایا نہ بیٹھ تو وہاں سے اٹھایا جائیگا اور اگر تو نہ اٹھیگا تو ذلت سے اٹھایا جائیگا اور نکالا جائیگا۔

اے بندے۔ تو نے اپنی عمر علم کی کتابوں اور انکے بے عمل زبانی یاد کرنے میں ضائع کردی ہے تجھے کیا فائدہ ہوگا۔ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْاَنْبِیَاءِ وَالْعُلَمَاءِ اَنْتُمْ کُنْتُمْ رُعَاۃَ الْخَلْقِ فَمَا صَنَعْتُمْ فِیْ رِعَایَتِکُمْ وَیَقُوْلُ لِلْمُلُوْکِ وَالْاَغْنِیَاءِ اَنْتُمْ کُنْتُمْ خُزَّانَ کُنُوْزِیْ ھَلْ وَاصَلْتُمُ الْفُقَرَاءَ وَرَبَّیْتُمُ الْاَیْتَامَ وَاَخْرَجْتُمْ مِنْھَا حَقِّیَ الَّذِیْ کَتَبْتُہٗ عَلَیْکُمْ خدای عزوجل قیامت کے روز پیغمبروں اور عالموں کو فرمائیگا تم خلقت کے نگہبان تھے پس تم نے اپنی رعیت میں کیا کیا اور بادشاہ اور دولتمندوں سے فرمائیگا کہ تم میرے خزانوں کے خزانچی تھے کیا تم نے فقیروں پر خیرات کی اور یتیموں کی پرورش کی اور اس سے میرا وہ حق جو میں نے تم پر فرض کیا تھا ادا کیا تھا

Marfat.com

ای قوم! رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے وعظون سے نصیحت پکڑ اور اُن کی کلام مان۔ تمہارے دل کیسے سخت ہیں۔ پاک ہے وہ جس نے مجھے خلافت کا رنج اُٹھانے کی طاقت بخشی جسوقت میں اُڑنے کا ارادہ کرتا ہوں تو تقدیر کی قینچی میرے پرون کو کاٹ ڈالتی ہے۔ مگر میں تسلی پاتا ہون کیونکہ میں بادشاہی فضا میں مقیم ہون ؛

ای منافق! تجھپر افسوس تو اس شہر سے میرے نکلنے کی آرزو کرتا ہے۔ اگر میں حرکت کرون تو [illegible] جاتا اور اعضاء الگ ہوجاتے اور کلام بدلجاتا ہے لیکن عین جلدی کے باعث خدائی عذاب سے ڈرتا ہون مین مستعد نہیں ہون بلکہ مجھپر تقدیر کا ٹھہراؤ ہوا ہے جس مین اُسکے موافق اور اُس کے سپرد ہوں۔ ای خدا سے [illegible] اور تسلیم عطا کر تجھپر افسوس مجھ سے ٹھٹھہ کرتا ہے حالانکہ مین خدا کے دروازے پر کھڑا ہوں اور خلقت کو اس کی طرف بلاتا ہون تو اپنا جواب دیکھیگا میں بلندی میں کبھی گڑ اور پستی میں ہزار ہا گڑھا بناؤنگا۔ ای منافقو! تم خدائے عزوجل کے عذاب کو دنیا و آخرت میں دیکھ لوگے۔ زمانہ حاملہ ہے۔ تم دیکھ لوگے جو جنے گا۔ میں خدائے عزوجل کے تصرف کے ہاتھ میں ہوں کبھی مجھے پہاڑ بنا دیتا ہے اور کبھی ذرہ اور کبھی دریا اور کبھی سورج اور کبھی روشنی اور بجلی مجھے اس طرح پاتا ہے جیسے رات اور دن کو وہ ہر روز اپنی قدرت کو ظاہر فرماتا ہے بلکہ ہر لحظہ آجکل دن تمہارے واسطے اور لحظہ تمہارے غیر کے لیے۔ ای بندے! اگر تو سینہ کی فراخی اور دل کی خوشی چاہتا تو اسکا [illegible] خلقت کہتی ہے اُسکو نہ سُن اور ان کی باتون کی طرف خیال نہ کر۔ کیا تو نہیں جانتا کہ وہ اپنے خالق سے راضی نہیں پس تجھسے کس طرح راضی ہونگے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ ان میں سے اکثر [illegible] اور ایمان لاتے ہیں۔ بلکہ جھٹلاتے ہیں اور سچ نہیں ہے۔ اُس قوم کی [illegible] غیرت واقف نہیں ہوتے اور نہ اس کے سننے اور نہ اسکے خبر کو [illegible] حاصل کرنے کے لیے مخلوقات کی تکلیف پر صبر کر [illegible] حالات میں مبتلا رہتا ہے اپنے برگزیدہ اور [illegible] بندون کیساتھ یہی طریقہ ہے۔ ان کو اپنے [illegible] بے نیاز کر دیا اور قسم قسم کی آفتوں بلاؤں [illegible] میں مبتلا کرتا ہے۔ [illegible] دنیا و آخرت [illegible]

Marfat.com

کر دیتا ہے۔ ان سے ان کے وجود کو فنا کرتا ہے حتیٰ کہ جب کامل طور سے فنا ہو جاتے ہیں تو انہیں اپنے لئے پیدا کرتا ہے نہ اور کے لیے ان کو اپنے ساتھ رکھتا ہے نہ اور کے ساتھ۔ ان کو دوسری دفعہ پیدا کرتا ہے جیسا کہ خدائے عزوجل نے فرمایا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ (پھر ہم نے ان کو دوسری دفعہ پیدا کیا پس اللہ بابرکت اچھا پیدا کرنے والا ہے) پہلا خلق مشترک ہے اور یہ خلق مفرد کہ اسکو اپنے بھائیوں اور ابنائے جنس سے علیحدہ کرتا ہے اسکی اول حقیقت کو بدل ڈالتا ہے۔ اسکے دل کو خلقت کی دیکھنے سے تنگ کرتا۔ اور اس کے باطن کے دروازے کو بند کر دیتا۔ اور اسکے لیئے دنیا و آخرت بہشت دوزخ ساری مخلوقات اور اکوان کو ایک ہی صورت میں نمودار کرتا ہے۔ پھر یہ اس کے باطن کے قبضے میں کر دیتا ہے پس وہ اسے نگلجاتا ہے اور ظاہر نہیں ہونے دیتا۔ اسمیں اپنی قدرت کو ظاہر کرتا ہے جسطرح کہ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے عصا میں ظاہر فرمائی۔ پاک ہے وہ جسمیں اور جس کے ہاتھ پر چاہتا ہے اپنی قدرت کو ظاہر کرتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کا عصا بہت سے رستوں اور چیزوں کو نگل گیا اور اسکا پیٹ نہ بڑھا خدائے عزوجل نے چاہا کہ ان کو جتلائے یہ قدرت ہے نہ حکمت۔ کیونکہ جو کچھ اس روز جادوگروں نے کیا وہ حکمت اور ہندسہ تھا اور جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا سے ظاہر ہوا وہ خدائے عزوجل کی قدرت اور خرق عادت اور معجزہ تھا۔ اسیواسطے ان جادوگروں کے سردار نے اپنے ساتھیوں میں سے ایک کو کہا۔ موسیٰ کو دیکھ کہ وہ کس حالت میں ہے۔ اس نے جواب دیا اس کا رنگ بدلا ہوا ہے اور اس کا عصا اپنا کام کئے جاتا ہے پس اس نے کہا یہ اللہ عزوجل کا فعل ہے نہ اسکا اپنا۔ کیونکہ جادوگر اپنے جادو سے نہیں ڈرتا اور صانع اپنی صنعت سے خوف نہیں کھاتا۔ پھر وہ اسپر ایمان لے آیا۔ اور جو اس کے ساتھی تھے اس کے پیرو ہو گئے۔

اے غلام! تو حکمت سے قدرت پر کس طرح پہنچیگا۔ تجھکو تیرے عمل حکمت سے خدائے عزوجل کی قدرت تک کب پہنچا ئینگے تجھکو تیرے بیریاں اعمال اللہ عزوجل کے قرب تک کب پہنچائینگے تجھے معرفت کا سورج عام و خاص دونکے چہرے کب دکھلائیگا۔ خدا سے اسکی بلا کے خوف سے بھاگ۔ تجھے اسلیئے مبتلا کرتا ہے کہ آزمائے کہ تو سبب کیطرف پھرتا اور اس کے دروازے کو چھوڑتا ہے یا نہیں کیا تو ظاہر کی طرف پھرتا ہے یا باطن کیطرف اس کی طرف جسے سمجھتا ہے یا اسکی طرف جسے نہیں سمجھتا۔ اس کی طرف جسے دیکھتا ہے یا اسکی طرف جسے نہیں دیکھتا

Marfat.com

اے خدا! ہمیں بلا میں نہ ڈال۔ اے خدا ہمیں اپنا قرب بلا آزمایش نصیب کر۔ اے خدا ہمیں قرب و لطف مانگتا ہوں
اے خدا قرب بلا بعد عطا کر۔ ہمیں تیری دوری اور بلا کا رنج اُٹھانے کی طاقت نہیں۔ ہمکو اپنا قرب بغیر آتش
آفات عطا فرما۔ اگر آفات کی آتش ضروری ہے تو ہم کو اسمیں اس سمندر کی طرح بنا جو آگ میں ہی انڈے
دیتا ہے اور اسی میں بچے نکالتا ہے اور وہ اُسے نہ ضرر دیتی ہے اور نہ جلاتی ہے۔ اسکو ہمپر ایسا بنا جیسا ابراہیم
خلیل علیہ السلام پر آگ کو بنایا۔ ہمارے گرد سبز گھاس اگا جیسا کہ تونے اُسکے گرد اگایا تھا۔ اور ہمیں سب چیزوں سے غنی کر
جیسا کہ تونے اسکو غنی کیا اور ہمیں اُنس کر اور ہمارا والی بن جیسا کہ تو اُسکا بنا۔ اور ہماری حفاظت کر جیسے کہ تونے اسکی
حفاظت کی۔ اے خدا قبول فرما۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے رفیق کو راستے پر چلنے سے پہلے ہمسائے کو گھر
سے پہلے۔ انیس کو وحشت سے پہلے پرہیز کو مرض سے پہلے۔ صبر کو بلا سے پہلے رضا کو قضا سے پہلے طلب کیا۔ اے تابع
ابراہیم علیہ السلام سے رسم حاصل کر۔ آپکے قولوں اور فعلوں میں آپکی پیروی کرو۔ پاک ہے وہ جس نے بلا کے دریا
میں اُسپر لطف کی۔ اور بلا کے دریا میں اسکو تیرنے کی تکلیف دی اور خود مدد کی۔ اُسکو دشمن پر حملہ کرنے کی
تکلیف دی اور خود گھوڑے کیساتھ ہوا۔ اسکو بلند جگہ پر چڑھنے کی تکلیف دی اور اُسکی کمر اپنے ہاتھ میں لی۔ اسے
خلقت کو کھانا دینے کی تکلیف دی اور خرچ اپنے پاس سے دیا۔ یہ باطنی پوشیدہ عنایت ہے۔ اے بندہ! خدا کے آگے
اُسکے قدر و فعل کیوقت خاموش ہو تاکہ تو اس سے بہت سی عنائتیں دیکھے۔ کیا تونے جالینوس حکیم کے غلام کا ذکر
نہیں سُنا کہ وہ کس طرح عمداً گونگا۔ بیوقوف۔ اور خاموش بنا جبتک کہ حکیم کا سارا علم حفظ کر دیا۔ خدائے عزوجل
کی حکمت تیرے بیہودہ بکنے اور اس سے لڑنے اور اسپر اعراض کرنے کی حالت میں تیرے دل تک نہیں
آئے گی۔ اے خدا ہمکو موافقت اور ترک منازعت عطا کر۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی مرحمت فرما۔ اور دوزخ کے

گیارھوین مجلس

آپ نے (خدا آپسے راضی ہو) نویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں نماز صبح کے
وقت فرمایا۔ اے قوم! خدا کو پہچان اور اُسسے جاہل نہ بن۔ خدا کی تابعداری کرو۔ اُسکی نافرمانی نہ کرو۔ اس سے
موافقت کرو۔ مخالفت نہ کرو۔ اُسکی قضا پر راضی رہو اور اُس سے نہ جھگڑو۔ خدائے عزوجل کو اسکی صنعت
سے پہچانو۔ وہ خالق۔ رازق۔ اول۔ آخر۔ ظاہر۔ باطن۔ قدیم۔ اول۔ دائم۔ ابدی۔ جو چاہتا ہے

Marfat.com

کرتا ہے۔ لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ (جو کرتا ہے اس سے پوچھا نہیں جاتا اور وہ پوچھے جائیں گے) وہی غنی بنانیوالا۔ وہی فقیر کرنیوالا وہی زندہ کرنیوالا۔ وہی مارنیوالا۔ وہی عذاب دینے والا۔ ڈرانے والا امید کیا گیا ہے۔ اُس سے ڈرو۔ اُس کے غیر سے مت ڈرو۔ اُسی سے امید رکھو نہ اُس کے غیر سے اُسکی قدرت اور حکمت کیساتھ پھرو یہاں تک کہ قدرت حکمت پر غالب آجائے۔ اس سیاہی سے جو سفیدی پر ہے ادب سیکھو یہانتک کہ تمہارے اور اُس کے درمیان امر حائل حاصل ہوجائے۔ تم ان حدود شرع میں رخنہ ڈالنے سے جسکی طرف سخاشارہ کیا گیا ہے نہ نقصان پہنچا جاؤ گے۔ اس حال تک نہیں پہونچے مگر یگانے نیکبخت ہمارے سکے شرعی دائرہ سے خارج کردی جاتی تھا نہیں۔ اسکو وہی جانتا ہے جو اس میں داخل ہوا۔ تو صرف ظاہری صفت حاصلکرنیسے نہیں پہچانیگا۔ اپنے تمام کاموں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے کمر باندھکر آپکے امر و نہی واطاعت میں ہوجاؤ۔ یہانتک کہ تمہیں آپ کیطرف فرشتہ بلائے پس اسوقت اجازت طلب کرو۔ اور داخل ہوجاؤ۔ ابدال کو ابدال اسی لیے کہا گیا ہے کہ وہ خداوند عزوجل کے ارادے کیساتھ کوئی اور ارادہ نہیں رکھتے اور سکے اختیار کیساتھ کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ ظاہری حکم کو مضبوط بناتے اور ظاہری اعمال کو بجالاتے ہیں پھر وہ ان اعمال میں جو انسے مختص ہیں پکے ہوجاتے ہیں جسقدر ان کے درجے اور مرتبے ترقی کرتے ہیں۔ اُسی قدر امر و نہی میں زیادہ ہوتے ہیں حتی کہ اس منزل تک پہنچ جاتے ہیں جسمیں امر و نہی کو گنجایش نہیں) بلکہ شرعی احکام انہیں اثر کرتے اور اُن کی طرف نسبت کیئے جاتے ہیں اور وہ کنارے پر ہیں۔ وہ ہمیشہ خدای عزوجل کیساتھ غائب رہتے ہیں امر و نہی کے وقت موجود ہوجاتے ہیں۔ اُنکی مخالفت کرتے ہیں تاکہ حدود شرع میں سے کوئی حد خراب ہوجائے۔ کیونکہ فرضی عبادتوں کا ترک کرنا کفر ہے اور ممنوعات کا اختیار کرنا گناہ۔ کسی حال میں کسی سے خدائی فرض ساقط نہیں ہوتا۔ اے بندے اُس کے حکم اور علم کے بموجب عمل کر۔ اور دائرے سے خارج نہ ہو عہد کو نہ توڑ دشمن سے ہر ایک نفس حرص شیطان۔ طمع دنیا سے لڑ۔ اور خدائے عزوجل کی امداد سے ناامید نہ ہو وہ تیرے استقلال سے تجھے میسر ہوگی۔ خدای عزوجل نے فرمایا۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ (خدا صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے) اور فرمایا۔ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ (تحقیق خدا کا ہی گروہ غالب ہے) اور فرمایا وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا (وہ لوگ جو ہماری رضا میں لڑے ہم انکو اپنی راہ بتائیں گے)

Marfat.com

خلقت کے پاس اسکا شاہد کرنے سے اپنے نفس کی زبان کو روک نفس اور تمام خلقت کا اللہ عزوجل کے لیے دشمن بن۔ اسکی اطاعت کا امر کر اور گناہ سے منع کر آنا گمراہی، بدعت، اور حرص کی تابعداری اور نفس کی موافقت سے روک۔ انکو اللہ عزوجل کی کتاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کی پیروی کا حکم کر اے قوم اللہ عزوجل کی کتاب یعنی قرآن کی عزت کر اور اُسکے سبب سے پیوند ہی تمہاری اور خدائے عزوجل کے درمیان اسکو مخلوق نہ بناؤ۔ خدائے عزوجل فرماتا ہے یہ میرا کلام ہے اور تم کہتے ہو کہ نہیں جس نے اللہ عزوجل کو نہ مانا اور قرآن کو مخلوق بنایا تو تحقیق خدائے عزوجل سے کفر کیا اور اس سے بیزار ہوا یہی قرآن تلاوت کیا گیا یہی پڑھا گیا یہی سنا گیا یہی دیکھا گیا یہی ہے جو مصحفوں میں لکھا گیا ہے۔ خدائے عزوجل کا کلام ہے حضرت امام شافعیؒ اور امام احمد حنبلؒ خدا اُن سے راضی ہو فرماتے تھے تمام مخلوق ہو اور جو اسکے ساتھ کہا گیا غیر مخلوق۔ دل مخلوق اور وہ جو اس میں ڈالا گیا غیر مخلوق۔ اے قوم قرآن کی تلاوت اور اسپر عمل کر نصیحت لو تم اس میں جھگڑتے۔ اعتقاد چند کلمے ہیں اور عمل بہت ہے۔ تم اُسپر ایمان لاؤ۔ اپنے دلوں سے تصدیق کرو اور اعضاؤں سے عمل کرو۔ اسمیں مشغول رہو جو تمکو مفید ہو۔ ناقص کمینی عقلوں کی طرف توجہ نہ کرو۔ اے قوم! منقول یعنی قرآن عقل سے رد نہیں ہو سکتا نص قیاس سے متروک نہیں ہوتی۔ گواہوں کو چھوڑ کر صرف دعوی پر نظر کر۔ لوگوں کے مال صرف دعوے کے ساتھ بغیر شہادت کے نہیں لیے جاتے فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لَوْ اُخِذَ النَّاسُ بِدَعَاوِیْهِمْ لَادَّعٰی قَوْمٌ دِمَاءَ قَوْمٍ وَاَمْوَالَهُمْ لٰکِنِ الْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنُ عَلٰی مَنْ اَنْکَرَ۔ (اگر لوگ صرف دعوے سے مواخذہ کیے جائیں تو البتہ ایک قوم دوسری پر خون و مال کا دعوی کرے لیکن مدعی کے لیے شہادت کا لانا ضروری ہے اور سوگند منکر کیلئے ہے) زبان عالم دانا اور دل جاہل مفید نہیں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپ نے فرمایا اَخْوَفُ
اُمَّتِیْ مِنْ مُنَافِقٍ عَلِیْمِ اللِّسَانِ (اپنی امت پر زیادہ خوف مجھکو تیز زبان منافق سے ہی) اے عالموں سے جاہلو اے حاضرین اے غائبین! خدائے عزوجل سے حیا کرو۔ اپنے دل ان کے ساتھ اسکی طرف دیکھو اسکے لیے ذلیل ہو جاؤ۔ اسکی تقدیر کے موافق ہمیشہ رہو جاؤ اور اسکو اُس کی نعمتوں پر شکر کرنے کے ساتھ لازم پکڑو اسکی عبادت میں روشنی لاؤ سے لاؤ یعنے رات دن

Marfat.com

جب یہ تم سے یقینی ہو جائے تو خدا کی طرف سے تمہیں بزرگی اور عزت اور جنت دنیا اور آخرت میں ملجائیگی
ای بندے! کوشش کرتا کہ دنیا میں کوئی ایسی چیز نہ رہے جس سے تجھکو محبت ہو جب یہ تجھ میں کامل ہو جائیگا
تو تجھے ایک لحظہ بھی نفس کے حوالہ میں چھوڑا جائیگا، اگر تو بھلائیگا تو یاد دلایا جائیگا۔ اور اگر غافل ہوگا تو ہشیار
کیا جائیگا خلاصہ یہ کہ تجھے غیر کی طرف دیکھنے نہ دیگا جس نے اسکا ذائقہ لیا اُسنے خدا کو پہچان لیا، جو جنس خلقت میں سے
یگانے ہیں۔ خلقت کی طرف مائل ہونا پسند نہیں فرماتے۔ ای منافقوں! آفتیں اور مصیبتیں تمہارے دلوں کے
ٹھہرا ہوئی ہیں۔ خدا کے دوست جب دلوں کی آنکھوں سے خدائے عزوجل کے غیر کو دیکھتے ہیں تو خدا کی طرف مائل ہوتے
اور اسکے آگے گرتے۔ اور خلقت سے اندھاپن ظاہر کرتے اور اسپر اعتراض کرنیسے زبانوں کو تھامتے ہیں
اپنی سلامتی صرف کر دیتے ہیں پس ان کے دن اور راتیں اور مہینے اور سال بدلجاتے ہیں۔ اور ایک ہی
حالت میں رہتے ہیں۔ خدائے عزوجل سے پھرتے نہیں۔ وہ اللہ عزوجل کی مخلوق میں سے زیادہ عقلمند ہیں۔ اگر تم
انکو دیکھو تو کہو کہ دیوانے ہیں۔ اور اگر وہ تمکو دیکھیں تو دیکھیں کہ یہ سب لوگ قیامت کے روز پر ایمان نہیں
لاتے انکے دل خدائے عزوجل کے سامنے غمگین اور شکستہ ہیں وہ ہمیشہ خوفناک اور ترسان رہتے ہیں جسوقت
وہ اسکے جلال وجمال کو بے دون کو ان کے دلوں پر کھولتا ہے انکا خوف زیادہ ہوتا ہے۔ قریب ہے کہ ان کے
دل پھٹ جائیں اور اُن کے جوڑ الگ ہوجائیں۔ پس جب ان سے یہ حال دیکھتا ہے تو اپنی رحمت اور رجا کے
اور لطف کے دروازے کھولدیتا ہے اور اُن کو آرام پہونچاتا ہے۔ میں سوائے آخرت کے طالبوں اور خدا کے
طالبوں کے اور کو دیکھنا پسند نہیں کرتا لیکن دنیا اور خلقت اور نفس اور حرص کے طالبوں کو کیا کروں مگر یہ کہ
انکا علاج کرنے کو ... چاہتا ہوں اسلیے کہ وہ مریض ہیں اور مریض پر سوائے طبیب کے اور کوئی صبر
نہیں کرتا۔ ... مجھسے اپنا حال پوشیدہ رکھتا ہے حالانکہ وہ پوشیدہ نہیں رہتا مجھے معلوم ہو جاتا
ہے کہ آیا تو آخرت کا طالب ہے یا دنیا کا طالب ہے۔ یہ ہوس جو تیرے دل میں ہے تیری پیشانی پر لکھی ہوئی ہے تیرا
باطن تیرے ظاہر میں ہے۔ یہ دینار جو تیرے ہاتھ میں ہے کھوٹا ہے اسمیں نصف دانگ سونا اور باقی چاندی ہے
تجھے ظاہر نہ کرنے سے کیا ہوگا کہ مینے اس جیسے بہت دیکھے ہیں۔ میرے حوالہ کر اور اسمیں مجھے اختیار دے
تاکہ میں اسے پگھلاؤں اور اسمیں جسقدر سونا ہے اسکو الگ کروں اور باقی کو پھینکدوں۔ تھوڑا کھرا بہت کھوٹے

Marfat.com

افضل ہے مجھے اپنے دنیا پر اختیار دے میں سکہ لگا ہوا ہوں اور میرے پاس اُسکے آلات ہیں یا و نفاق ہے توبہ کرادو اس کا اپنے نفس پر اقرار کرنیسے شرم کر کیونکہ اکثر مخلص پہلے منافق تھے اسیواسطے انہوں نے کہا فرمایا خدا تعالیٰ اُنپر رحمت کرے۔ اخلاص کو نہیں پہچانتا مگر ریا کار۔ وہ نہایت ہی کمیاب ہے جو اول سے آخر تک مخلص ہو۔ بچے پہلے پہل جھوٹھ بولتے اور مٹی اور نجاست سے کھیلتے اور اپنے نفس کی بلا کتوں میں ڈالتے اور اپنے والدین کے پاس سے چراتے اور چغلی کھاتے ہیں اور جب اُن کو عقل آتی ہے تو آہستہ آہستہ چھوڑ دیتے ہیں۔ والدین کا اور استادوں کا ادب کرتے ہیں جس کے لئے خدا بہتری کا ارادہ کرتا ہے وہ پہلی حالت کو ترک کر دیتا ہے اور جس سے بدی کا ارادہ کرتا ہے وہ اپنی پہلی حالت پر رہتا ہے پس دنیا و آخرت میں ہلاک ہو جاتا ہے۔ خدائے عزوجل نے دوا اور بیماری بنائی گناہ بیماری اور بندگی دوا ظلم بیماری اور عدل دوا خطا بیماری اور صواب دوا۔ خدائے عزوجل کی مخالفت بیماری گناہوں کی مستی سے توبہ کرنا دوا ہے۔ تیرے لئے دوا تب کامل ہوگی جب دل سے خلقت کو علیحدہ کرے اور دل کو خدائے عزوجل سے لگائے اور اسکی طرف بلند کرے وہ آسمان پر ہو اور تیری روح اور جسم زمین پر معرفت میں دل کو خدائے عزوجل پر لگائے اور حکم کی تابعداری میں خلقت کیساتھ شریک رہے۔ اسکی کسی خدمت میں اُنکی مخالفت نکرے تاکہ اُسکی اور انکی تجھپر کوئی حجت ہو۔ باطن میں صرف خدائے عزوجل سے ملا رہے ظاہر میں خلقت کے ساتھ۔ بالکل اپنے نفس کو حکم نکرنے دے اپنے نفس پر سوار ہو جا نہیں تو وہ تجھپہ سوار رہیگا۔ اسکو پچھاڑ نہیں وہ تجھکو پچھاڑیگا اگر وہ خدائے عزوجل کی عبادت میں جو تو چاہتا ہے تیری اطاعت نکرے تو اُسے بھوکہ پیاس ذلت پہنچی اور ایسی جگہ میں خلوت کرنیسے جہاں کوئی خلقت انیس نہو کوڑوں سے مزا دے۔ اسے کوٹھے سے علیحدہ نہ کرتا وقتیکہ ... کرے اور ہر وقت خدائے عزوجل کی عبادت میں لگا رہے۔ پس جب ... عذاب کو اٹھائے اسکو عتاب کرتا رہ کہ آیا تو نے ایسا اور ایسا نہیں کیا۔ اسکو بنا دو افق بنائے حتیٰ کہ وہ ہمیشہ شکستہ رہے۔ صرف انہیں باتوں کے ساتھ تو خدا کی مراد طلب کریگا اور اس سے موافقت کرنے اور اوسکے گناہوں کو ترک کرنے پر مدد دیگا۔ تیرا ظاہر و باطن ایک ہو جائیگا

Marfat.com

غیر سے نہ ڈرتا اور نہ اُمید رکھتا ہے۔ اُسکے دل و باطن میں قوت عطا کی گئی ہے مومنون کے دل خدائے عزوجل کیطرف کیونکہ قوی نہون حالانکہ وہ اُسکی طرف رجوع کیے گئے ہیں۔ وہ ہمیشہ اوسکے پاس رہتے ہیں اُنکے دل اُنکے پاس ہیں اور اُنکے جسم زمین پر ہیں۔ فرمایا خدائے عزوجل نے وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَیْنَ الْاَخْیَارِ (اور تحقیق وہ ہمارے نزدیک برگزیدہ اور پسندیدہ ہیں) وہ اپنے کنبے اور اہل زمانہ پر برگزیدہ کیئے جاتے ہیں۔ اُنکی حقیقتین متمیز اور اُنکے وجود روشن کیئے جاتے ہیں۔ اسیواسطے وہ خلقت سے متنفر اور دنیا کے محبوبات سے روگردان ہیں۔ وہ آگے چلدیئے اور پیچھے اُنکے گھاس پانی رکھی ہے وہ واپس نہیں آینگے۔ وحدت سے مانوس ہوگئے ہیں اُنھون نے ویرانہ اور دریاؤن کے کنارے اور جنگلون اور میدانون کو اختیار کیا ہے آبادیون کو چھوڑ دیا ہے۔ جنگلون کی گھاس پات کھاتے اور تالابون سے پانی پیتے ہیں وحشیون کی طرح بنجاتے ہیں۔ اُسوقت اُس سے قریب اور مانوس ہوجاتے ہیں۔ اُنکے جسم رسولون۔ صدیقون۔ شہیدون کے اجسام کے ساتھ واقف ہیں اور باطن خدائے عزوجل کے ہمراہ ہیں وہ ہمیشہ راتدن خدمت میں کہڑے خلوت اور راحت کے مشتاق خدائے عزوجل کی اُنس سے خوش ہیں۔ ای غلام ! شہری اور کڑواپن اور صلاح و فساد اور کدورت و صفائی ضروری ہے۔ اگر تو کلی صفا کو چاہتا ہے تو دل کے ساتھ خلقت سے علیحدہ ہو اور اُسے خدائے عزوجل کے ساتھ ملا۔ دنیا سے علیحدہ ہو اور اپنے اہل کو چھوڑ۔ اور اُنکو خدائے عزوجل کے سپرد کر۔ اپنے دلکو کل مخلوقات سے پھیر کر اور آخرت کے دروازے کے قریب ہو۔ پہر اس مین داخل ہو اگر تو اس میں اپنے رب عزوجل کو نہ پائے تو اس سے بھاگ کر اسکا قرب تلاش کرتے ہوئے باہر آجا جب تو اُسے پالیگا تو ساری صفائی اُسکو [illegible] خدائے عزوجل کا محب اُسکے سوا کیا کرسکتا ہے جنت درجات کے طالبون تاجرون [illegible] دنیا [illegible] والون کا گھر ہے۔ اسیواسطے خدائے عزوجل نے فرمایا۔ وَفِیْھَا مَا تَشْتَھِیْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ (اس مین وہ چیزیں ہیں جنکو جی چاہتے اور جنسے آنکھین لذت پاتی ہیں) دل کا باطن کا- [illegible] فرمایا جنت کثرت سے روزے رکھنے والون۔ کثرت نماز پڑھنے والون۔ شہوتون اور لذتون کو چھوڑنے والون کا گھر ہے جنھون نے روزہ رکھے روزے کے بدلے۔ باغ کو باغ کے بدلے۔ گھر کو

Marfat.com

گھر کے بدلے خریدا ہین تم سے عمل چاہتا ہون بغیر کلام کے ۔عارف خدا کیلیئے عمل کرنیوالا ۔اہرن کی مانند ہے
جنپر لوہا کوٹا جاتا ہے اسمین کلام نہیں ۔زمین کی طرح لوگ اُسپر چلتے ہیں اور بدلتے اور تغیر پذیر ہین لیکن
وہ گونگے ہیں ۔وہ لوگ خدای عزوجل کے غیر کو نہ دیکھتے اور نہ اُسکے سوا کیکی سُنتے ہیں اُنکے دل بغیر زبان کے
خود اپنے اور اپنے غیر کا آلہ مقیاس ہین ہمیشہ اسیطرح رہتے ہیں اور جب خدا انکو اُٹھانا چاہتا ہی تو دل کو
زبان بنا دیتا ہے کہ گویا وہ بھنگ پلائے گئے ہیں ۔خدا اُنکو اپنی طرف مہربانی اور رحمت کا ہاتھ بڑھا کر لیتا ہے
اُنکو اپنے لیئے بناتا اور اپنے لیئے اُٹھاتا ہے نہ اور کے لیئے ۔اُنکو اپنے لیئے بناتا ہے جیسے کہ موسیٰ علیہ السلام
کو بنایا جسوقت کہا وَاصۡطَنَعۡتُكَ لِنَفۡسِيۡ میں نے تجھے اپنے لیئے برگزیدہ کیا لَيۡسَ كَمِثۡلِهٖ شَيۡءٌ وَّهُوَ السَّمِيۡعُ
الۡبَصِيۡرُ (اُسکی مانند کوئی چیز نہین اور وہ سُننے والا اور دیکھنے والا ہے) راحت میں رنج ۔اُنس میں
وحشت نعمت میں نقمت خوشی بے بغض شیرینی بے تلخی ۔ملک بے زوال ۔بنا هُنَالِكَ الۡوَلَايَةُ لِلّٰهِ الۡحَقِّ
(اسجگہ خدا سچے کی ولایت ہے) جو شخص اسحالت کو پہنچا اوسیکے لیئے راحت جلدی آتی ہے ۔لیکن جسطرح کہ تو
ہیں تو ہے دنیا میں راحت نہ پائیگا اسلیئے کہ دنیا کدورت اور آفات کا گھر ہے مجھے اُسکا نکالنا ضروری
ہے ۔اسکو اپنے دل اور ہاتھ دونون سے نکال ۔اگر اسپر تجھے طاقت نہیں تو ہاتھ میں رکھ اور دل سے
نکال ۔پس جب تقویت پکڑ جائے تو ہاتھ سے نکال ڈال ۔اور فقیرون اور مسکینون کو جو خدا عزوجل
کے عیال ہیں بخشدے ۔اور باوجود اُسکے جو کچھ اس میں تیرا قصور ہے تجھسے قوت نہوگا ۔یہ ضرور ہے کہ
خواہی تو غنی یا فقیر یا زاہد یا راغب ہو دل کی بزرگی باطن کی صحت اور صفائی سے ہے اور وہ علم پڑھنے اور
اُسپر عمل کرنے اور عمل میں اخلاص اور حق عزوجل کی صادق طلب سے حاصل ہوتی ہے ۔۔۔
تو نے نہیں سُنا ۔فقیہ بن ۔پھر عزلت اختیار کر ۔پہلے ظاہری فقہ کا فقیہ بن
اس ظاہر پر عمل کر حتی کہ تجھے عمل اس علم کے نزدیک کرے جسکو تو نے نہین پڑھا ۔یہ ظاہری علم ظاہر کی
روشنی اور باطنی علم باطن کی روشنی ہے وہ تیرے اور خدا عزوجل کے درمیان روشنی ہے جسوقت تو اپنے
علم پر عمل کرے تو تیرا راستہ خدائی عزوجل کے قریب ہو جاتا ہی اور تیرے اور اُسکے درمیان دروازہ فراخ
ہوتا ہی اور دروازہ کا وہ کواڑ جو تجھسے مختص ہی کھل جاتا ہی (رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنۡيَا حَسَنَةً وَّفِي الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً

Marfat.com

غیبت سے بچو وہ نیکیوں کو ایسا کھا جاتی ہے جیسے آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ نجات یافتہ کبھی اسکی عادت نہیں ڈالتا اور جو غیبت کرنے والا ہو رسوا ہوا اور اسکی عزت لوگوں کی نظر میں کم ہو جاتی ہے شہوت کیساتھ نظر کرنے سے بچو کیونکہ وہ تمہارے دلوں میں گناہ کا بیج ڈالتی ہے۔ اور اسکا انجام دنیا و آخرت میں اچھا نہیں اور جھوٹی سوگند کھانے سے بچو وہ شہروں کو ویران کر دیتی ہے۔ مال و دین کی برکت جاتی رہتی ہے تجھ پر افسوس جھوٹی سوگند کھا کے اپنے مال کو رواج دیتا اور دین کا خسارہ اٹھاتا ہے۔ اگر تجھے عقل ہو تو جان لے کہ درحقیقت تو خسارہ ہی اٹھاتا ہے۔ خدا کی قسم اس شہر میں ایسا اسباب نہیں اور دنیا میں کسی اور کے پاس ہے، خدا کی قسم کہ اتنے کا ہے اور مجھے اتنے اور اتنے میں پڑا ہے۔ حالانکہ تو اپنے کلام میں جھوٹا ہے پھر جھوٹی شہادت دیتا ہے اور خدائے عزوجل کی قسم کہتا ہے کہ میں سچا ہوں جلدی ہی تو اندھا کیا جائیگا۔ خدائے عزوجل تم پر رحم کرے اوس کے سامنے مودب بنو جو شخص آداب سے مودب نہ ہوا تو قیامت کو اسے آگ مودب بنائیگی۔ آپ سے کسی نے سوال کیا کہ جس میں پانچوں خصلتیں یا ان میں سے کوئی ایک ہو ہم اوسکے روزہ اور نماز کے بطلان کا دعویٰ لگا دیں یا نہیں آپنے جواب میں فرمایا۔ اسکا روزہ اور نماز باطل نہیں لیکن یہ ترہیب بطور وعظ و تخویف ہے ای بندے؟ شاید کل کے آنے تک تو روئے زمین سے معدوم اور قبر میں موجود ہوگا اور شاید کہ یہ ابھی دوسری ہی ساعت میں واقع ہو جائے۔ یہ غفلت کیسی ہے تمہارے دل کیسے سخت ہیں۔ کیا تم پتھر ہو۔ میں یہی کہتا ہوں اور میرے سوا اور بھی کہتے ہیں اور تم اسی حالت میں ہو۔ تم پر قرآن تلاوت کیا جاتا ہے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث اور سابقین کے قصص پڑھے جاتے ہیں اور تم عبرت نہیں پکڑتے اور نہ گناہوں سے کنارہ کرتے ہو اور نہ تمہارے اعمال بدلتے ہیں۔ جو شخص کسی ایسی جگہ میں حاضر ہو جہاں وعظ ہو رہا ہو اور نصیحت نہ پکڑے حالانکہ وہ اسکے قابل ہے تو وہ بہت ہی برا ہے۔ ای غلام؟ خدائے عزوجل کے دوستوں کی حقیر کرنا خدائے عزوجل کو نہ پہچاننے کی وجہ سے ہے تو کہتا ہے۔ کہ یہ لوگ تہمت زدہ ہیں وہ کیوں ہمارے ساتھ نہیں رہتے کیوں ہمارے پاس نہیں بیٹھتے تو یہ نفس کو نہ پہچاننے کی باعث کہتا ہے۔ تجھے اپنے نفس کی پہچان نہیں۔ تجھے لوگوں کے درجوں کی شناخت نہیں۔ دنیا اور اسکے انجام کو نہ پہچاننے کے سبب تو آخرت کی قدر کو نہیں جانتا اور آخرت کو

نہ جاننے کی وجہ ہے۔ خدائے عزوجل کو بھولتا ہے۔ اے دنیا میں مشغول رہنے والے۔ جلد ہی دنیا و آخرت میں تجھکو نقصان اور شرمندگی حاصل ہوگی۔ قیامت کے روز یہ شرمندگی ظاہر ہوگی وہ نقصان اور ندامت اور شرمندگی اور حسرت کا دن ہے۔ آخرت کے آنے سے پہلے اپنے نفس سے محاسبہ کر اور خدائے عزوجل کے حلم اور کرم سے جو تجھ پر ہے مغرور نہ ہو تو گناہوں اور قصوروں اور لوگوں پر ظلم کرنے سے بہت ہی بدتر حال میں ہے گناہ کفر کو اسطرح زیادہ کرتے ہیں جیسے کہ تپ موت کو قریب کرتی ہے۔ موت سے پہلے فرشتہ کے آنے سے پہلے توبہ کر جو ارواح کے قبض کرنے پر موکل ہے۔

اے جوانو؟ توبہ کرو کیا تم نہیں دیکھتے کہ خدائے عزوجل تم کو مصیبتوں میں مبتلا کرتا ہے تاکہ توبہ کرو۔ اور تم خیال نہیں کرتے اور گناہوں پر اصرار کرتے ہو۔ اس زمانہ میں کوئی سوائے ایکانوں کے مبتلا نہیں کیا جاتا۔ جو مجھ پر بچ ہے نہ نعمت۔ گناہوں کی شامت ہے نہ درجات۔ اور کرامات کی زیادتی۔ صوفیا ابتلا کیے جاتے ہیں تاکہ اُن کے درجے اُنکے مالک کے پاس بڑھ جائیں وہ اسکے ساتھ صبر کرتے ہیں کیونکہ وہ اسکی قربت کے طلبگار ہیں جب یہ ان میں کامل ہو جاتے ہیں تو کامل شہنشاہ ہو جاتے ہیں اور جب یہ پورا ہو تو وہ یقین کر لیتے ہیں کہ ہم ہلاک ہوئے اے خدا ہم تیرے بندوں کے وسیلے سے تیرا قرب اور تیرا دیدار دنیا و آخرت میں مانگتے ہیں۔ دنیا میں دلوں کے ساتھ اور عقبیٰ میں آنکھوں سے دیدار دکھا۔

اے قوم خدائے عزوجل کی رحمت اور کشائش سے ناامید نہ ہو۔ وہ تم سے قریب ہے اس سے ناامید نہ ہو تحقیق صانع خدا ہے لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا (شاید کہ خدا اسکے بعد کوئی اور امر ظاہر کرے) بلا سے نہ بھاگ کیونکہ بلا صبر کے ساتھ ہر ایک نیکی کی بنیاد ہے۔ نبوت، رسالت، ولایت، معرفت، محبت کی بنیاد بلا ہے۔ جب تو بلا پر صبر نہ کرے تو تیری بنیاد نہیں۔ عمارت کے لئے بغیر بنیاد کے ثبات نہیں کیا تو نے کسی گھر کو زمین سے بلند ہوا پر قائم دیکھا ہے۔ بلا اور آفات سے تو اس لئے بھاگتا ہے کہ تجھے ولایت اور معرفت اور خدائے عزوجل کے قرب کی حاجت نہیں صبر کر اور عمل کر تاکہ تو باطن اور دل اور روح کے ساتھ خدائے عزوجل کے قرب کے دروازے تک سیر کرے۔ علماء اولیاء ابدال نبیوں کے وارث ہیں۔ انبیاء دلال ہیں اور یہ ان کے سامنے منادی کرنے والے ہیں۔ مومن خدائے عزوجل کے

وہ تیرے موافق بنجائیگا۔ بغیر مخالفت کے عبادت کریگا۔ شکر ہوگا بغیر ناشکری کے ذکر ہوگا۔ بغیر نسیان
کے خیر ہوگا۔ بغیر شر کے۔ تیرے دل کو نجات نہیں جب اس میں اللہ کے سوا کوئی اور ہو۔ اگر تو ہزار سال
تک سجدہ کرتا رہے اور دل سے غیر کی طرف متوجہ ہووے تو تجھکو مفید نہیں ہوگا۔ اسکی کوئی عاقبت
نہیں جو اللہ عزوجل کے غیر سے محبت رکھتا ہے۔ تجھے اسکی محبت کی سعادت حاصل نہ ہوگی جب
تک سبکو معلوم نکرے اور چیزون سے بیزاری کا اظہار تجھے کیا فائدہ دیگا جب دل سے تو انپر متوجہ ہے
کیا تو جانتا نہیں کہ خدائے عزوجل سبکے سینون کا علم رکھتا ہے۔ تجھے شرم نہیں آتی زبان سے کہتا ہی
ہیں نے اللہ پر توکل کیا اور تیرے دلمین غیر خدا ہے۔ ای غلام! خدائے عزوجل کے حکم پر مغرور نہو
اوسکی گرفت نہایت سخت ہے۔ ان عالمون نے خدائے عزوجل سے جاہل ہیں وہ ہو گا نہ کہا۔ وہ اللہ
عزوجل کے حکم کے عالم ہین اور اوسکی ذات سے جاہل۔ لوگونکو کام کرنے کا امر کرتے ہیں اور خود نہیں
کرتے۔ لوگوں کو منع کرتے ہیں اور خود نہیں رکتے۔ خدائے عزوجل کیطرف بلاتے ہیں اور خود اس سے
بھاگتے ہیں گناہون اور قصوون سے اوسکا مقابلہ کرتے ہیں۔ انکے نام میرے پاس تحریر کیئے ہوئے
لکھے ہوئے شمار کیے ہوئے ہیں۔ ای خدا ہمپر اور انپر لطف فرما اور ہم سبکو اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم
اور ہمارے باپ ابراہیم علیہ السلام کے طفیل بخش۔ ای اللہ ہم میں سے ایک دوسرے پر مسلط کر اور ہم
ایکدوسرے سے نفع عطا کر۔ اور ہم سبکو اپنی رحمت میں داخل کر۔ آمین۔

بارہوین مجلس۔ آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) دوسری ماہ ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری اتوار کی روز
صبح کیوقت رباط میں فرمایا ای بندے! تیری ارادت خدای عزوجل کے لیے ٹھیک نہیں ورنہ تو اسکو
چاہتا ہے اسلیئے کہ جو خدای عزوجل کی ارادت کا دعوی کرتا اور اسکے غیر کو طلب کرتا ہی اسکا دعوی
باطل ہے۔ دنیا کے مریدوں میں کثرت ہے اور آخرت کے مریدون میں کمی۔ اور خدائے عزوجل کے م
اور اسکی ارادت میں سچے انسے بھی کم۔ وہ کمی اور نہ پائے جانیمیں کبریت احمر (یعنی سرخ گندھک) کی
وہ شاد و نادر ہیں۔ اُن میں پایا جانا ایسا مشکل ہے وہ قبائل کے سردار ہیں زمین کے بادشاہ میں وہ شہروں
اور اوسمیں رہنے والون کے حاکم ہیں انہیں کے طفیل خلقت سے بلا دور ہوتی ہے اور انھیں کے طفیل

Marfat.com

بارش ہوتی ہے۔ انکے طفیل ہی خدا آسمان سے بارش نازل فرماتا ہے اور انھیں کے طفیل زمین سے پھل پھول وغیرہ اگاتا ہے۔ ابتداء حال میں ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ۔ ایک شہر سے دوسرے شہر۔ ایک ویرانے سے دوسرے ویرانے میں بھاگتے ہیں جب کسی جگہ میں مشہور ہوجاتے ہیں تو وہاں سے چلے جاتے ہیں سبکو چھوڑ دیتے ہیں دنیا کی امیدیں اوس کے مستحقوں کو دیتے ہیں۔ ہمیشہ ایسے ہی رہتے ہیں حتی کہ انکے گرد قلعے تیار ہوجاتے اور انکے دلوں کی طرف نہریں بہتی اور خدائے عزوجل کی طرف سے انکو لشکر گھیر لیتے ہیں ہر ایک حراست میں ہوتا ہے۔ پس عزت دیئے جاتے ہیں اور حفاظت کیے جاتے ہیں اور خلقت پر حاکم بنائے جاتے ہیں۔ یہ سب کچھ عقلوں سے خارج ہے پس اسوقت خلقت پر انکو توجہ کرنا فرض ہوتا ہے وہ طبیبوں کی طرح ہوتے ہیں اور باقی مخلوقات مریضوں کی طرح۔ تجھ پر افسوس۔ تیرا دعوی ہے کہ تو انہیں سے ہے۔ تجھ میں انکی کونسی علامت ہے خدائے عزوجل کے قرب اور انس کی علامت کیا ہے خدائے عزوجل کے نزدیک تیرا کونسا مرتبہ اور مقام ہے ملکوت اعلیٰ میں تیرا نام اور لقب کیا ہے تو اپنا دروازہ ہر ایک رات کس پر بند کرتا ہے۔ تیرا طعام و شراب مباح ہے یا خالص حلال ہے۔ کیا دنیا و آخرت یا حق عزوجل کے قرب کا ہم بستر ہے۔ تنہائی میں تیرا انیس کون ہے خلوت میں تیرا ہم مجلس کون ہے؟ اے دروغگو! خلوت میں تیرا انیس تیرا نفس اور شیطان اور ہوا و دنیا ہے انکا ہے اور جلوت میں شیاطین الانس برے ہمنشین اور بیہودہ بکنے والے ہیں۔ یہ ایسی شے ہے جو بیہودہ بکنے اور نرے دعوے سے حاصل نہیں ہوتی اسمیں تیرا کلام ہوائے نفسانی ہے تجھے فائدہ مند نہیں تجھے گونگا ہونا چاہیئے۔ اور تجھے خدائے عزوجل کے سامنے گمنامی اور بے ادبی کو چھوڑ دینا لازم ہے۔ اور اگر اس میں تجھکو کلام کرنے کے بغیر کوئی چارہ نہیں تو تیرا کلام اس سے اور اسکے اہل کے ذکر سے تبرک حاصل کرنے کے لیے ہونا چاہیئے۔ نہ اسطرح کہ تو ظاہر میں دعوی کرے اور تیرا دل اس سے خالی ہو جیسا کہ باطن اسکے موافق نہ ہو۔ کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نہیں سنا ما صام من ظل یاکل لحوم الناس (جس نے لوگوں کا گوشت کھانا شروع کیا وہ روزہ دار نہیں، حالانکہ آپ نے (خدا کی رحمت اور سلام ہو) بیان فرما دیا ہے کہ روزہ صرف طعام و شراب و جماع کا ترک کرنا نہیں جبتک کہ انکے ہمراہ گناہوں کا ترک نہ پایا جائے۔

Marfat.com

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (اے ہمارے خدا ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا)

تیرہویں مجلس (ہم اپنے خدا آپ سے راضی ہو) چوتھی ماہ ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری منگل کے روز عشا کے وقت مدرسہ میں فرمایا۔ اے عزیز! آخرت کو دنیا پر مقدم کر دونوں میں فائدہ حاصل کرے گا اور جب تونے دنیا کو آخرت پر مقدم کیا تو دونوں میں نقصان اُٹھائے گا۔ یہ تیرے لیئے عذاب ہے تو کس طرح اسمیں مشغول ہے جسکا تجھے حکم نہیں جب تو دنیا میں مشغول نہ ہے تو خدای عزوجل تیری مدد کریگا۔ اور اس سے نصیبہ لینے کی وقت تجھے توفیق نصیب کریگا اور جب تو اس سے کچھ لیگا تو اسمیں برکت رکھدیگا۔ مومن اپنے دنیا و آخرت کے لیئے عمل کرتا ہے۔ دنیا کیلئے بقدر ضرورت کام کرتا ہے اور اسی پر قناعت کرتا ہے اس سے زیادہ حاصل نہیں کرتا۔ جاہل کا ارادہ دنیا اور عارف کا کل ارادہ آخرت پھر مولی ہوتا ہے۔ جب تیرے پاس دنیا کی ایک روٹی ہو اور تیرا نفس تجھسے منازعت کرے اور شہوت غالب ہو تو اسوقت اسکی طرف دیکھ جسکو پاؤ نان پر قدرت نہیں اسلیئے کہ تحقیق تجھے نجات نہیں جبتک کہ تو اپنے نفس کو خدائی راہ میں مقبوض اور دشمن نہ جانے صدیق ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں۔ انہیں سے ہر ایک قبول اور صدق کی خوشبو دوسرے سے سونگھتا ہے۔ اے خدای عزوجل اور اسکے صادق بندوں سے پھرنے والے اور خلقت پر بڑھنے والے اور انکو شریک ٹھرانیوالے تو انکی طرف کبتک بڑھے گا وہ تجھے کیا فائدہ دینگے انکے ہاتھ میں ضرر۔ نفع عطا و منع کچھ نہیں۔ انکے اور باقی پتھروں کے درمیان نفع و ضرر پہنچانے میں کچھ فرق نہیں مالک ایک ہی۔ ضار ایک نافع ایک چلانے والا اور ٹھیرانے والا ایک غالب مسخر ایک دینے والا ایک نہ دینے والا ایک خالق رازق وہی اللہ عزوجل ہے۔ وہ قدیم اور ازلی ابدی ہے۔ وہ پیدائش سے پہلے موجود تھا۔ باپ دولتمندوں سے پہلے۔ وہ آسمانوں زمینوں اور اون چیزوں کا جو انمیں ہیں اور جو انکے درمیان ہیں پیدا کرنے والا۔ اُسکی کوئی مثال نہیں وہی سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔ اے اللہ کی مخلوق تم پر افسوس ہے تم اپنے خالق کو جیسا چاہیے نہیں پہچانتے۔ اگر قیامت کے روز خداوند عزوجل کے پاس مجھے کوئی درجہ عطا ہوا تو میں تم سبکے اول سے آخر تک بوجھ اوٹھاؤنگا۔ اے پڑھنے والے صرف پڑھنے پر خدا اور باشندگان ارض و سما سے جو شخص اپنے پڑھے پر عمل کرتا ہے اسکے اور خدائے عزوجل کے

Marfat.com

درمیان دروازہ کھل جاتا ہے جسکے ذریعہ وہ اسکے دل پر ظہور فرماتا ہے۔ لیکن ای عالم تو بیہودہ قیل و قال اور جمع مال میں مشغول ہے علم پر عمل کر جیسے پھرا ہوا ہیں یقیناً تو نے صرف صورت حاصل کی ہے نہ حقیقت جب اللہ جلشانہ اپنے بندوں میں سے کسیکے لئے بہتری کا ارادہ کرتا ہے تو اُسے علم عطا کرتا ہے پھر اسکو عمل اور اخلاص کا الہام کرتا ہے اور اسکے ذریعہ سے اسے اپنے قریب کرتا اور اپنا مقرب بناتا اور معرفت عطا کرتا اور دلی اور باطنی علم کی تعلیم کرتا ہے اور وہ اسکے سوا اسے پسند فرماتا ہے اور اسے برگزیدہ کرتا ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو برگزیدہ کیا اور فرماتا ہے کہ میں نے تجھے اپنے لیے برگزیدہ کیا ہے نہ اور کے لئے نہ شہوتوں نہ لذتوں اور نہ خواہشات کے لئے نہ زمین کے لیے نہ جنت کے لیے نہ نار کیلئے نہ ہلاکت کے لیے بلکہ کے لیے مجھ سے تجھے کوئی چیز مقید نہ کریگی اور نہ میرے سوائے تجھے کوئی شغل مشغول کرے گا نیکوی صورت تجھے اسیر بنائے گی اور نکوئی مخلوق مجھ سے تجھکو حجاب میں ڈالیگی اور نہ تجھسے کوئی خواہش تجھے غنی کریگی ای بندے! اُس گناہ پر جو تجھسے صادر ہوا خدائی عزوجل کی رحمت سے نا امید نہ ہو بلکہ اپنے دین کے جامہ کی نجاست توبہ کے پانی سے دھو ڈال اور اسپر ثابت رہ اور اسکو اخلاص اور معرفت کی خوشبو سے خوشبودار اور معطر بنا۔ اس منزل سے جس میں تو ہے [illegible] توجہ کرے دوزخ تیرے گرد اور تکلیفیں تیرا ارادہ کرتی ہیں [illegible] دل سے آہ طبیعت اور شہوت اور ہوا سے طعام [illegible] بغیر [illegible] دل کو [illegible] اپنے قرآن [illegible] پھر [illegible] اور گواہ یعنی اپنے دل اور وصل الٰہی کو طلب کر جب قرآن و حدیث اور [illegible] تو تجھے اپنے اللہ عزوجل کے فعل اور کا انتظار کر [illegible] کے وقت [illegible]

کہ وہ لکڑیاں چنتا ہے اور یہ معلوم نہیں کہ ہاتھ میں کیا آتا ہے۔ [illegible]

زینت اور آرزو اور تکلیف اور بناوٹ سے حاصل نہیں ہوتا لیکن [illegible] گیا اور عمل اسکی تصدیق کرتا ہے۔ کونسا علم [illegible] صرف واردات [illegible] ہو

ای غلام! عافیت کی طلب کو چھوڑ دے اور غنا کی طلب کو ترک کرنے اور [illegible] طلب کو چھوڑنے سے حاصل ہوتی ہے کل دوا خدائی عزوجل کے آگے تسلیم اور

اسباب کو ترک کرنے اور دل کے ساتھ ارباب دنیا سے بیزار ہونے میں ہے۔ دوا خداوند عزوجل کو دل سے واحد جانتے میں ہے نہ صرف زبان سے توحید اور زہد جسم اور زبان پر نہیں۔ توحید دلمیں زہد دلمیں تقوے دل میں۔ معرفت دلمین خدائے عزوجل کا علم دلمین۔ اللہ عزوجل کی محبت دلمین۔ اور اوسکا قرب دلمین ہے۔ عاقل بن ہوس بناوٹ اور تکلّف نکر۔ تو ہوس اور بناوٹ اور تکلف اور جھوٹھ اور ریاء کے دریا مین ہے۔ تیرا سارا ارادہ خلقت کو اپنی طرف کھینچنا ہے۔ کیا تجھے خبر نہیں کہ جتنے قدم تو دل سے خلقت کی طرف چلیگا اُتنے ہی قدم خدائے عزوجل سے دور ہوگا۔ تیرا دعویٰ ہے کہ تو خدائے عزوجل کا طالب ہے حالانکہ تو خلقت کو طلب کرتا ہے۔ تیری مثال اس شخص سے جس نے کہا میں مکہ کی طرف جاتا ہون اور خراسان کا راستہ لیا پس وہ مکہ سے دور ہوا۔ تو دعویٰ کرتا ہے کہ میرا دل خلقت سے بیزار ہوا حالانکہ تو اُنسے ڈرتا اور اُنسے اُمید رکھتا ہے۔ تیرا ظاہر زہد ہے اور باطن رغبت تیرا ظاہر حق ہے اور باطن خلقت۔ یہ حالت زبانی قیل وقال سے نہیں حاصل ہوتی۔ یہ ایسی حالت ہے جس سے خلقت دُنیا وآخرت اور غیر خدا کا مذکور نہیں۔ خلاصہ یہ کہ وہ واحد ہے اور صرف یکسو ہونے کو قبول کرتا ہے واحد ہے شریک کو قبول نہیں کرتا وہ تیرے حال کا منتظر ہے جو میں کہتا ہون اُسے مان۔ خلقت عاجز ہے نہ تجھے ضرر پہنچائے گی اور نہ نفع دیگی۔ صرف خدائے عزوجل اُنکے ہاتھون سے یہ کراتا ہے۔ اسکا فعل تجھ میں اور ان میں تصرف کرتا ہے۔ خدا کے علم میں تیرے فائدے اور ضرر پر قلم چلگئی۔ موحد نیکوکار باقی مخلوقات پر خدا کی حجت ہین اُن مین سے بعض ایسے ہین جو ظاہر و باطن میں دنیا سے خالی ہوئے اور بعض ایسے جو صرف باطن ہی سے خالی ہیں۔ خدائے عزوجل اُنکے باطنون پر دنیا کی کوئی نشانی نہیں پاتا وہ صاف دل ہیں جو شخص اُسپر قادر ہوا وہ خلقت کا حاکم بنایا گیا۔ وہ بہادر اور شجاع ہے۔ شجاع وہ ہے جس نے اپنے دل کو غیر خدا سے پاک کیا اور دل کے دروازے پر توحید کی تلوار اور شرع کی شمشیر لیکر کھڑا ہوا اور اسمین مخلوقات میں سے کسی شئے کو داخل نہ ہونے دیا۔ اسکا دل مقلب القلوب سے مل گیا۔ شرع ظاہر کو۔ اور توحید اور معرفت باطن کو خوب بناتی ہے۔ قالوا اور قُلنا مین کچھ حاصل نہیں۔ تو کہتا ہے کہ یہ

Marfat.com

حرام ہے اور خود متلبس ہوتا ہے تو ہوس در ہوس ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا۔ وَیْلٌ لِلْجَاهِلِ مَرَّةً وَلِلْعَالِمِ سَبْعَ مَرَّاتٍ (جاہل کے لیئے ایکدفعہ افسوس ہے اور عالم کیلیئے سات مرتبہ) جاہل کے لیئے ایک خرابی ہے کہ اُسنے کیون علم نہ پڑھا اور عالم کے لیئے سات خرابیاں ہین کہ اُسنے پڑھا اور عمل نکیا اس سے علم کی برکت اُٹھ گئی اور حجت اُسپر باقی رہگئی علم پڑھ پھر عمل کر پھر خلوت مین خلقت سے علیحدہ ہو۔ اور خدائے عزوجل کی محبت مین مشغول ہو۔ پس جب تیرے لیئے تنہائی اور محبت پختہ ہو جائے گی تو وہ تجھے اپنا مقرب بنائے گا اور نزدیکی عطا کریگا اور اپنی ذات میں تجھکو فنا کر ڈالیگا۔ پھر اگر چاہے گا تو تجھے شہرت بخشیگا اور خلقت کے لیئے ظاہر کرے گا۔ اور تجھے باقی اقسام کے پورا کرنے کے لیئے واپس کرے گا۔ اپنی تقدیر اور علم کی ہوا تجھپر چلائے گا پس وہ تیری خلوت کی دیوارون پر چلیگی اور اُنکے حال کو اچھا بنائیگی اور تیرا حال خلقت پر واضح کردے گا۔ اور تو اُن کے درمیان خدا کے ساتھ ہوگا نہ اُنکے ساتھ۔ تو اُس سے اپنا نصیبہ لیگا۔ بغیر نفس کی کنجوسی اور طبیعت اور ہوس کے تجھے قسمت کی طرف واپس کریگا تاکہ تجھ مین اُسکے علم کا قانون باطل نہ جائے تو نصیبے کو پورا حاصل کریگا۔ حالانکہ تیرا دل خدائے عزوجل کیساتھ ہوگا۔ ای خدائے عزوجل سے اور اُسکے اولیاء سے غافلو۔ سنو اور عمل کرو۔ ای خدائے عزوجل۔ اور اوسکے دوستوں کے طعنہ زنو! خدائے عزوجل حق ہے اور تم باطل۔ ای مخلوقات خدا دلون اور باطنون اور معانی کے درمیان ہے اور وہ جو نفسون ہواؤن اور طبیعتون اور عادتون اور دنیا اور غیر خدا میں سے وہ باطل ہے۔ یہ دل فلاح نہیں پاتا جب تک خدائی عزوجل قدیم ازلی دائم ابدی کا قرب حاصل نکرے۔ ای منافق۔ مزاحمت نکر۔ تیرے پاس اس سے اچھا نہیں۔ تو اپنی روٹی اور سالن اور تنبیری لباس اور گھوڑے اور حکومت کا بندہ ہے۔ صادق دل خلقت سے خالق کی طرف سفر کرتا ہے اور مین ایسی چیزین دیکھتا ہے جو اُسے سلام کہتی ہیں۔ وہ عالم جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں اور اتباع کرتے ہین وہ انبیاء کے وارث اور نقیب ہیں وہ اُنکے سامنے مقدم ہیں شریعت تھے مین آبادی کا حکم کرنا اور ویران کرنے سے منع کرتے ہیں قیامت کے روز وہ اور انبیاء علیہم السلام جمع ہونگے اور حق عزوجل کی طرف سے اُنکو کامل اجر دیا جائیگا تحقیق خدائی عزوجل نے اس عالم کی جو اپنے علم پر عمل نہیں کرتا گدھے سے مثال دی ہے اور فرمایا ہے

Marfat.com

کَمَثَلِ الْحِمَارِ یَحْمِلُ اَسْفَارًا (گدہے کی طرح ہے جو انہیں اٹھاتا ہے) اسفار کی کتابیں ہیں کیا علم کی کتابوں سے گدہے کو کچھ فائدہ ہے سوائے تکلیف اور رنج کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا جسکا علم زیادہ ہو چاہئے کہ خدائے عز وجل کا خوف اور اسکی طلب اسکو زیادہ ہو۔ ای علم کے مدعی! خدائے عز وجل کے خوف سے تیرا رونا کہاں ہے تیرا ڈر اور خوف کہاں اور اپنے گناہوں کا اقرار کہاں۔ خدائے عز وجل کی عبادت میں تیرا رات دن کو ملانا کہاں اپنے نفس کو ادب دینا اور خدا کی طرف سے اوس سے لڑنا اور اوسکی راہ میں اوس سے عداوت رکھنا کہاں تیرا بڑا مقصد قمیص۔ عمامہ اور طعام اور نکاح اور گہر اور دکانیں اور خلقت کے ساتھ بیٹھنا اور اُن سے اُنس کرنا ہے اپنی ہمت کو اُن سے پھیر لے۔ اگر تیرے مقسوم میں ہونگی تو وقت مقرر پر ملجاینگی اور تو انتظار کے رنج اور حرص کے بوجھ سے آرام میں ہوگا اور خدائے عز وجل کیساتھ قائم ہوگا پس تجھے ایسی چیز میں جس سے فراغت ہو چکی ہو رنج اٹھانے سے کیا حاصل۔ ای غلام! تیری خلوت فاسد صحیح نہیں۔ پلید ہے پاک نہیں میں تیرے ساتھ کیا کروں۔ تیرے دلمیں توحید اور اخلاص درست نہیں۔ ای غافلو! وہ تم سے غافل نہیں۔ ای اعراض کرنیوالو وہ تم سے معرض نہیں۔ ای فراموش کرنیوالو تم فراموش نکیے جاؤگے ای ترک کرنیوالو نچھوڑے جاؤگے۔ ای خدائے عز وجل اور اوسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور پہلے اولیاء سے جاہلو تم ایک ہی تراشیدہ لکڑی کی طرح ہو جو کسی کام کی نہو رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ ای ہمارے خدا ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔

چودہوین مجلس آپ نے خدا آپ سے راضی ہو ساتویں ماہ ذیقعد ۵۴۵ھ ہجری مدرسہ میں جمعہ کے روز صبح کیوقت فرمایا۔ ای منافق خدائے عز وجل تجھسے زمین کو پاک کرے۔ کیا تیرا اتفاق تجھے کافی نہیں حتی کہ تو عالموں اور اولیاؤں اور صالحوں کی غیبت کرتا اور انکا گوشت کھاتا ہے تو تیرے جیسے منافق بھائی بہو ایسا کرتے ہیں قریب ہے کہ کیڑے تمہاری زبانیں اور گوشت کھائینگے اور تمہیں ریزہ ریزہ اور پارہ پارہ کرینگے اور زمین تمکو اپنے اندر بھینچیگی۔ تمہارا استخوان کردے گی تمہیں پیس ڈالیگی اور اپنا بدلہ لیگی۔ وہ شخص جو خدائے عز وجل اور اسکے نیک بندوں پر اچھا گمان نہیں رکہتا اور انکے آگے متواضع نہیں وہ نجات نہیں پائیگا تو کیوں انکی تواضع نہیں کرتا حالانکہ وہ رئیس اور امیر ہیں۔ انکی نسبت تو کون ہے۔ خدائے

Marfat.com

عزوجل نے حل وربط (باندھنا کھولنا) یعنی انتظام انکے سپرد کیا ہے انہیں کی برکت سے مینہہ برستا اور زمین غلہ
اُگاتی ہے۔ ساری مخلوقات انکی رعیت ہے۔ انمیں سے ہر ایک پہاڑ کی مثال ہے جسے آفات اور مصائب کی آندھیاں
مضطرب نہیں کرتیں اور نہ جنبش دیتی ہیں۔ توحید اور اپنے مولی عزوجل کی رضا کے مقام سے نہیں ہلتے۔
خدائے عزوجل کی طرف رجوع لاؤ اور اسکے آگے عذر کرو اور اپنے گناہوں کا جو پوشیدہ اور ظاہر ہیں اقرار
کرو اور اسکے سامنے عاجزی کرو تمہارے سامنے کیا چیز (موت) ہے اسکو اگر تم پہچانا تو اس حال کو ترک کرو خدا
عزوجل کے سامنے مودب بنو جیسا کہ تم سے پہلے کے لوگ مودب تھے۔ تم انکی نسبت مخنث اور عورتیں ہو
تمہاری شجاعت نفسوں اور ہواؤں اور شیطانوں کے امر کے وقت ہے (حالانکہ شجاعت دین اور خدائے عزوجل
کے حقوں کے ادا کرنے میں ہے جھوٹوں اور عالموں کی کلاموں کی پیروی نکرو۔ انکی کلام دوا اور کلمات خدا عزوجل کے
طعام کا ثمرہ ہیں۔ تم میں سے کوئی بھی صورتا موجود نہیں تاکہ اسکی تابعداری کرو۔ ہاں جب تم پیغمبر خدا
صلے اللہ علیہ وسلم کے حقیقی تابعدار ہو اور انکی اطاعت کروگے تو گویا تم آپ کے نزدیک اور تابعدار ہوسکوگے اور جب
تم انکو دیکھو گے گویا تم نے آپ کو دیکھا۔ متقین علماء کی صحبت میں رہو انکی صحبت تمہارے لیے برکت ہے
اور ان علماء کے پاس نہ بیٹھو جو اپنے علم پر عمل نہیں کرتے کیونکہ انکی صحبت تمپر وبال ہوگی۔ جب تو کسی
پرہیزگار اور عالم کی صحبت اختیار کی تو اسکی صحبت تجھ پر مبارک ہوگی۔ اور جب تو نے اس سے جو تجھ سے عمر میں بڑا
اور اس میں تقوی اور زہد اور علم نہیں صحبت رکھی تو یہ صحبت تجھپر وبال جان ہے۔ خدائے عزوجل کیلئے عمل کر
نہ اور کے لیے۔ اسکے لیے گناہ چھوڑ نہ اور کیلئے۔ غیر کے لیے عمل کرنا کفر ہے اور غیر کے لئے ترک گناہ ریا ہے تو ابھی
یعنے خدا کو نہیں پہچانتا اور اسکے سوا کسی اور خیال سے عمل کرتا ہے وہ ہوس ہیں جلدی ہی موت آئیگی اور اسکی
ہوس ختم کردیگی تجھپر افسوس۔ دیکھ ساتھ خدا کے دل اور اسکی محبت قطع کر فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے اصلوا الذی بینکم وبین ربکم تسعدوا جو تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان ہے
جو تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان صالحین ہیں انکی محافظت کرنے سے ملاؤ۔ اے غلام! اگر غنی اور امیر
تیرے پاس آنیکے وقت تو دونوں میں فرق دیکھے تو تجھے نجات نہیں۔ صابر فقیروں کی عزت کر اور ان
اسکے دیدار اور صحبت سے برکت حاصل کر۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الفقراء الصابرون جلساء الرحمن

Marfat.com

یَوْمَ الْقِیَامَۃِ (صابر فقیر قیامت کے روز خدا کے ہم جلیس ہونگے) دنیا میں دلونکے ساتھ اسکے جلیس اور آخرت میں جسموں کے ساتھ۔ یہ وہ لوگ ہیں جنکے دل دنیا سے غافل اور اسکی زینت سے روگردان ہیں جنہوں نے غنا پر فقر کو اختیار کیا اور صبر کیا ہیں جب یہ انکی طلب کامل ہوگیا تو آخرت انسے نکاح کی درخواست کرتی اور اپنے آپکو انکے آگے پیش کرتی ہو پس وہ اس سے ملجاتے ہیں اور جب وہ حاصل ہوجاتی ہے اور دیکھتے ہیں کہ یہ خدائے عزوجل کا غیر ہے تو اُس سے نقل کرتے اور دونکی پیٹھ پھیرتے اور اس سے خدائے عزوجل سے حیا کہ ہارسے ہو اگے جاپیں وہ کسطرح غیر کے پاس ٹہیرے اور حادث پر مائل ہوتے اور اس سے انس کی اور کل عمل اور خیرات اور جسقدر عبادت کی اس کے خدائے کردی پہر صدق کی بازوؤں پر ونکے ساتھ اپنے مولی عزوجل کی طلب میں اُڑے اسکے غیر کے پاس پنجرا چھوڑ دیا اور اپنے وجود کے پنجرے سے نکلے اور اپنے خالق کی طرف اُڑے اُنھوں نے رفیق اعلیٰ کو طلب کیا اسکو جو اوّل اور آخر اور ظاہر اور باطن ہی طلب کیا اُسکے قرب کے برج میں نقل کرگئے وہ انمیں سے ہوگئے جنکے حقمیں عزوجل نے فرمایا وَاِنَّھُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَیْنَ الْاَخْیَارِ (وہ ہمارے نزدیک برگزیدہ اور پسندیدہ ہیں) اُن کے دل ہمارے پاس انکی ہمتیں ہمارے پاس اور معانی ہمارے پاس اور عقلیں ہماری پاس دنیا اور آخرت دونوں میں جب یہ قوم کے ہیئے پایا جائے تو انکے پاس دنیا و آخرت نہیں ملتی آسمان زمینیں اور جو کچھ انکے درمیان ہو اون دونوں اور باطنوں کی نسبت لپیٹے جاتے ہیں۔ خدا اپنے غیر سے انکو فنا کرتا اور اپنے ساتھ موجود کرتا ہو پس اگر دنیا میں انکی کوئی روزی رہجاتی ہو تو انکو آدمیت اور بشریت کی طرف اپنی روزی حاصل کرنیکے لیئے واپس کرتا ہے تاکہ علم اور سابقہ قضا نہ بدلے پس وہ خدا کے علم اور راوسکی قضا اور قدر سے ادب کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ اور جو انکو عطا ہوتا ہے زہد اور ترک کے ہاتھوں سے لیتے ہیں نہ نفس اور ہوا اور ارادے سے۔ اور ظاہری حکم سب حالات میں انکے پاس محفوظ رہتا ہو۔ دنیا سے خواہ وہ قلیل ہو تعلقت دل نہیں کرتے۔ اور اپنے کو خدائے عزوجل سے قریب کرتے ہیں۔ مخلوقات اور محدثات میں سے کوئی چیز انکے دلوں میں ذرہ کے برابر اعتبار نہیں رکھتی۔ جبتک تو دنیا کے ساتھ ہی آخرت سے نہیں ملیگا۔ اور جبتک آخرت کیساتھ ہو مولی سے نہیں ملیگا۔ عمل کر جاہل نہ بن تو انمیں سے ہے جنکو خدا نے اپنے علم میں گمراہ کیا۔ خدائے عزوجل کے قرب میں سے ایک یہ ہے کہ تو فقیروں پر اپنا مال تقسیم کرے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ صدقہ

Marfat.com

خدائے عزوجل سے جو کہ غنی اور کریم ہے معاملہ کرتا ہے اور کیا کوئی غنی کریم کے ساتھ معاملہ کرنیسے خسارہ اٹھاتا ہے۔ خدا کی ذات کے لیئے ایک ذرہ صرف کردہ تجھے پہاڑ عطا کریگا۔ قطرہ خرچ کردہ تجھے دنیا میں دریا بخشیگا اور آخرت میں تجھے پورا اجر اور ثواب دیگا۔ ای قوم! جب تم خدائے عزوجل سے معاملہ کروگے تو تمہاری زراعت بڑھے گی اور تمہاری نہریں جاری ہونگی۔ اور تمہاری درخت پتے ٹہنیاں پھل لائینگے۔ نیکی کا امر کرو اور بدی سے منع کرو اور خدائے عزوجل کے دین کی مدد کرو۔ اور اسمیں دوست سے دشمنی کرو۔ جو شخص نیک نیتی سے دوستی پیدا کرتا ہے اسکی دوست باطن و ظاہر اور فراخی و تنگی اور سختی و نرمی میں قائم رہتے ہیں۔ اپنی حاجتیں خدا سے مانگو نہ خلقت سے۔ اور اگر خلقت سے چارہ نہو تو دلکو خدائے عزوجل کی طرف متوجہ کرو وہ تمہیں سوال کی کوئی وجہ الہام کریگا۔ پھر اگر تم روکے جاؤ یا دیئے جاؤ تو یہ اسکی طرف سے ہوگا نہ اہل دنیا سے۔ صوفیاء نے اپنی روزی کا غم دلوں سے نکال ڈالا۔ اُنھوں نے یقین کیا کہ یہ معین وقتوں میں مقدر ہے پس اوسکی تلاش ترک کی اور اپنے مالک کے دروازے پر ڈیرہ لگایا۔ خدای عزوجل کے فضل اور قرب اور علم کے ساتھ سب چیزوں سے ہو گئے جب اُنمیں یہ کامل ہوگیا تو وہ خلقت کا قبلہ اور انکے بادشاہ کے پاس داخل ہونیکے لیئے انکے خطیب ہو گئے۔ دلوں کے ہاتھوں سے انکو اسکی طرف لیجاتے ہیں اور اُس سے اُنکے لیئے قبولیت اور رضامندی کی خلعت مانگتے ہیں۔ اُنمیں سے ایک سے روایت ہے اُسپر خدا کی رحمت ہو کہ اُسنے کہا۔ خدا کی بندہ وہ ہیں جنکی عبودیت تحقیق کو پہونچگئی۔ اس سے دنیا و آخرت کا سوال نہیں کرتے۔ بلکہ اس سے اسیکو طلب کرتے ہیں۔ ای اللہ میرا ہمیشہ یہ سوال ہے کہ ساری خلقت کو اپنی راہ بتا اور امر تیرا ہے۔ یہ دعا عام ہے۔ خدا ثواب عطا کرے۔ اور خدائے عزوجل جو چاہتا ہے خلقت میں امر جاری کرتا ہے جبدل صحیح ہوتا ہے تو خلقت پر رحمت اور شفقت سے بھرا ہوتا ہے۔ اُنمیں سے کسی سے روایت ہے خدا اُسپر رحمت کرے۔ اُسنے فرمایا نیکی کرنیوالے بہت ہیں [illegible] نہیں چھوڑتے مگر صدیق۔ صدیق بڑے اور چھوٹے گناہ چھوڑ دیتا ہے پھر اپنی پرہیزگاری کو نہو تو پھر مباح چیزوں کے چھوڑنیسے صفا کرتا ہے اور حلال مطلق کی طلب کرتا ہے صدیق دن اور رات کا اکثر حصہ خدای عزوجل کی عبادت میں گذارتا ہے اور خلقت کے منافع کو ترک کرتا ہے۔ پس یقیناً اُسکی عادت متروک ہوتی ہے اور [illegible] جسکا اُسے خیال نہیں ہوتا اُسکو رزق دیا جاتا ہے عطا کیا جاتا۔ اور لینے کا امر کیا جاتا ہے۔ اسکے لیٔ

Marfat.com

تمام چیزیں خالص اور صاف ہو جاتی ہیں کیونکہ وہ اکثر دفعہ روکا گیا اور اُسکی حاجتیں اسکے سینہ پر باقی رہیں اور
اُسنے اپنی عرض و آرزو کو پوشیدہ رکھا اور تمام حالتوں میں رد کیا جانے پر صبر کیا۔ وہ دعا کرتا تھا اور قبول نہ ہوتی تھی سوال کرتا
تھا اور اُسکا سوال پورا نہ کیا جاتا تھا شکایت کرتا تھا اور زیادہ تکلیف دیا جاتا تھا کشائش طلب کرتا اور نہ پاتا ڈرتا
اور نکلنے کا راستہ دیکھتا اور راحت کی خواہش ہوتا اور اپنے اعمال میں اخلاص برتتا تھا لیکن جسکے لیے عمل کرتا اس سے
نہ ملتا تھا گویا کہ وہ نہ مومن ہے نہ موحد اور باوجود ان سب باتوں کے وہ ان چیزوں میں مدارات کے لیے حلیم اور
صابر رکھا جاتا تاکہ اسکا صبر اسکے سلامتی اور صفائی اور نزدیکی کا باعث ہے اس ابتلا کے بعد اسکو خیر حاصل
ہوتی ہے اسلیے کہ یہ ابتلا اسلیے ہے کہ مومن اور منافق موحد اور مشرک اخلاص کرنیوالے اور ریاکار
بہادر اور بزدل تنہا بیٹھا اور متحرک صابر اور بیقرار۔ محقق اور مبطل سچے اور جھوٹے۔ دوست اور دشمن
تابعدار اور باغی کے درمیان فرق ظاہر ہو جائے۔ انہیں سے ایک کا قول ہے (اوسپر خدا کی رحمت ہو)
دنیا میں اُس شخص کی طرح رہ جو اپنے زخم کا علاج کرواتا اور دوا کی کڑواہٹ پر مرض زائل ہونیکی امید سے
صبر کرتا ہے۔ کل بلاؤں اور عوارض خلقت کو شریک بنانا۔ اور ضرر و نفع اور عطا و منع میں انکے [illegible] سمجھنا
ہیں اور کل دواؤں اور بلاؤں کا زائل ہونا قضا اور تقدیر کے وقت خلقت کو دل اور عزم سے نکال
ڈالنا ہے اور یہ کہ تو خلقت پر ریاست اور اپنی بلندی نہ طلب کرے اور یہ کہ تو اپنا دل خدا کے لیے مجرد کرے
اور صبر اسکے سینہ میں ڈالکر ہمیشہ اوسکی ہمت اسکی طرف ترقی کرے جب یہ تجھمیں متحقق ہو جائے تو تیرا دل اپنا
ہوگا اور نبیوں اور رسولوں اور شہدا اور صالحین اور ملائکہ مقربین کی صفوں میں داخل ہوگا۔ اور
جسکے پیچھے [illegible] پیشوا ہوگا تو تجھے بزرگی اور عظمت اور بلندی اور قدامت اور ولایت اور درام دیا جائیگا
تجھے [illegible] اور والی بنایا جائیگا اور دیا جائیگا جو دیا جائے۔ محروم وہ ہے جو اس کلام کے
سننے اور ایمان لانے اور اسکے اہل کی حرمت کرنے سے محروم ہوا۔ آپ اپنے معیشت میں مشغول رہنے والوں
سے [illegible] پاس۔ آخرت کا متاع میرے پاس ہے اور میں کبھی منادی اور کبھی دلال اور کبھی مالک سرمایہ
ہوں [illegible] اوسکا حق دیتا ہوں جب آنحضرت کی کوئی شے مجھے ملے تو اکیلے نہیں کھاتا اسلیے کہ کریم
اکیلا نہیں کھاتا جو شخص خدائے عزوجل کے کرم سے واقف ہوا تو اسکے پاس بخل نہ پائیگا۔ جس نے

Marfat.com

جس نے خدائے عز وجل کو پہچانا اوسکا ماسوائے اسکے نزدیک ذلیل ہے بخل نفس سے ہی عارف کا نفس نسبت خلقت کے نفسوں کے مہتّت ہے وہ مطمئن اور خدائے عز وجل کے وعدہ پر مائل اور اسکے وعید خائف ہے۔ ای خدا یہ دولت ہمکو بھی نصیب کر جو تونے اولیاء کے نصیب کیا دُ اٰتِنَا فِی الدُّنیا حَسَنَةً وَّفِی الاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ہ اور ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت مین نیکی عطا فرما اور ہم کو دوزخکے عذاب سے بچا۔

پندرہوین مجلس

بر آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) نوین ماہ ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری۔ اتوار کیکے روز مسافر خانہ میں فرمایا، مومن مال سے زادِراہ بناتا اور کافر تمتع حاصل کرتا ہے مومن زاد بناتا ہے اسلئے کہ وہ راستہ پر ہے اپنے مال سے اندک پر قناعت کرتا اور اکثر آخرت کی طرف بھیجتا ہے۔ اپنے نفس کیلیے بطور مسافر کے زادِراہ کے واسطے جس قدر اُٹھا سکتا ہے لیتا ہے اسکا کل مال آخرت میں ہے اسکا دل اور ہمت اسکی آخرت ہی وہ دنیا سے سیر ہے۔ اپنی ساری عبادتین آخرت کی طرف بھیجتا ہی نہ دنیا اور دنیا والوں کی طرف اگر اسکے پاس عمدہ کھانا ہو تو فقرا پر نثار کر دیتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ آخرت میں اس سے اچھا دیا جائیگا مومن عارف کی ہمت کا اصلی مقصد خدائے عز وجل کے قرب کا دروازہ ہے اور یہ کہ اسکا دل دنیا میں آخرت سے پہلے اوسکی یعنی خدا کی طرف پہونچ جائے۔ خدائے عز وجل کا قرب دل کے قدموں اور باطن کی سیر کی غایت ہی مین تجھے قیام اور قعود اور رکوع وسجود میں دیکھتا ہون لیکن تیرا دل اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا اور اپنی ہستی کے گھر سے نہیں نکلتا اور اپنی عادت سے نقل نہیں کرتا۔ اپنے مولیٰ عز وجل کی طلب میں صادق بن تیرا صدق تجھے بہت سی تکلیف سے بے نیاز کر دے گا۔ اپنے وجود کے انڈے کو صدق کی چونچ سے پھوڑ اور خلقت کو دیکھنے اور انمیں مقید ہونے کی دیواروں کو اخلاص اور توحید کے بیلچون سے گرا اور تیر دل کا پنجرے کو اسنے اعراض کرنیکے ہاتھ سے توڑ اور دل کے ساتھ پرواز کرتا کہ تو دریا کے کنارے پر جا گرے پس اسوقت تیرے پاس تیری تقدیر کا ملاح عنایت کی کشتی لیکر آئیگا تجھے اسمین بٹھائیگا اور خدائے عز وجل کی طرف عبور کرائیگا۔ یہ دنیا دریا ہے اور ایمان کشتی ہے اسیطرح لقمان حکیم (خدا اسپر رحم کرے) کہا۔ ای میرے بیٹے دنیا دریا۔ ایمان کشتی اور عبادتیں ملاح اور آخرت کنارہ ہے اسے گناہون بد اعمالکو نیند اؤ۔ جلدی ہی تم اندھے اور بہرے اور لنگڑے اور فقیر ہو جاؤ گے

Marfat.com

خلقت کے دل تم پر سخت ہو جائینگے۔ تمہارے مال خساروں اور نادانوں اور چوٹوں میں چلے جائیں گے عقلمند ہو۔ اور خدائے عزوجل کی طرف رجوع لاؤ۔ اپنے مالوں سے تبرک نکرو اور اُنپر بھروسہ نرکھو انہیں کیساتھ نرہو۔ اُن کو اپنے دلوں سے نکال ڈالو۔ اور اپنے گھروں اور جیبوں اور غلاموں اور دکیلوں کے حوالہ کرو اور موت کے منتظر رہو۔ اپنی حرص کو کم اور اُمیدوں کو تازہ کرو۔ بایزید بسطامی سے روایت ہو (اوسپر خدا کی رحمت ہو) اُنھوں نے فرمایا۔ مومن عارف خدائے عزوجل سے دنیا و آخرت کو نہیں مانگتا صرف اوسکی ذات کو مانگتا ہے۔ اے بندے! اپنے دلکو خدائے عزوجل کی طرف پھیر۔ خدا کیطرف توبہ لانے والا وہی اوسکی طرف رجوع کرنیوالا ہے۔ خدائے عزوجل کا فرمودہ ہے۔ وَانِیبُوا اِلیٰ رَبِّکُم (اپنے رب کی طرف رجوع لاؤ) سبکو اوسکی سپرد کر دو اپنے نفسوں کو اوسکے سپرد کرو اور انھیں اُنکی قضا اور قدر اور امر نہی اور تصرف کے آگے پھینکدو اور اپنے دلوں کو اوسکے آگے گونگے بیدست وپا۔ اندھے بےچون وچرا۔ بلکہ بے نزاع اور مخالفت۔ موافقت اور تصدیق کے ساتھ ڈالدو اور رکھو کہ امر سچا اور قدر اور سابقہ درست ہے جب تم ایسے ہو جاؤگے تو بیشک تمہارے دل اوسکی طرف رجوع لانے والے اوسکو دیکھنے والے ہو جائیں گے کسی اور شے سے مانوس نہ ہونگے۔ بلکہ ہر ایک چیز سے جو عرش سے لیکر زمین تک ہے وحشت کریں گے ساری مخلوقات سے بھاگیں گے۔ تمام مخلوقات سے بیزاری اور انقطاع کریں گے۔ بزرگوں کے ساتھ اچھا ادب نہیں برتا مگر وہی جس نے انکی خدمت کی اور اُن کے بعض حالات پر جو خدائے عزوجل کے ساتھ ہیں مطلع ہوا۔ قوم (یعنی اولیاء اللہ) نے تعریف اور مذمت کو گرما و سرما اور رات اور دن کی طرح (گذران) پاتے اور ان دونوں کو خدائے عزوجل کیطرف سے خیال کرتے ہیں کیونکہ خدائے عزوجل ہی ان کو لاتا ہے جب یہ اُن کی تحقیق کو پہنچی تو تعریف کرنیوالوں سے بے نیاز ہوئے اور مذمت کرنیوالوں سے نہ لڑے اور انہیں مشغول نہوئے انکے دلوں سے خلقت کی محبت اور عداوت خارج ہوئی وہ محبت اور عداوت نہیں رکھتے بلکہ رحم کرتے ہیں بے صدق علم تجھے کیا فائدہ دیگا تیری نادانی نے تجھے اپنے علم سے گمراہ کیا ہے تو خلقت کیلئے علم پڑھتا اور روزے رکھتا اور نماز پڑھتا ہے تاکہ تیری بزرگی کا اقرار کریں اور تیرے لیے مال خرچ کریں اور اپنے گھروں اور مجلسوں میں تعریف کریں۔ فرض کرلے یہ سب کچھ تجھے اُسے حاصل ہوگیا جب موت اور عذاب اور تنگی اور

Marfat.com

ہول آئینگے تو تیرے اور اون کے درمیان پردہ ہوجائیگا اور وہ تجھے ذرہ بھی فایدہ نہ دینگے اور جو کچھہ تونے اُن کے
بالون سے لیا ہی اُسے تیرا جھہ سے کھینچا لیگا اور اُسکا عذاب اور حساب تجھہ پر ہوگا ۔ ای بدبخت ای بے نصیب تو دنیا میں
عمل کرنیوالون اور رنج اُٹھانیوالون سے ہے ۔ کل دوزخ میں تکلیف پائیگا ۔ عبادت ایک صنعت ہے ہ
اس کے اہل اولیاء اور ابدال مخلص اور خدای عزوجل کے مقرب ہیں ۔ وہ علماء جو اپنے علم پر عمل کرتے
ہیں زمین پر اللہ اور اُسکے رسولون کے نائب ہیں ۔ انبیا اور رسولوں کے وارث وہ ہیں ۔ نہ تم ہو ای جہد وسعی
باطن کی جہالت کیساتھ زبانی گفتگو اور ظاہری ذکر میں مشغول رہنے والو — ای غلام تجھمین کچھہ نہین
تیرا اسلام ابھی کامل نہین ۔ اسلام وہ بنیاد ہی جسپر شہادت کی بنا ڈالی جاتی ہے ۔ وہ تیرے بیچ حاصل نہین
تو لا الٰہ الا اللہ زبان سے کہتا ہے اور جھوٹ بولتا ہے ۔ تیرے دلمیں بہت سے خدا ہین ۔ بادشاہ اور شحنہ
حاکم کا خوف ایک خدا ۔ اپنے کسب اور نفع اور طاقت اور قوت اور کان اور آنکھون اور تندرستی پر بہروسہ کرنا
دوسرا خدا ۔ خلقت سے ضرر اور نفع اور عطا و منع کا خیال کرنا تیسرا خدا ۔ خلقت میں سے بہت سے ایسے
ہیں جو لوگ ان چیزون پر بہروسہ رکھتے ہین اور ظاہر یہ کرتے ہیں کہ خدای عزوجل پر متوکل ہیں ۔ او
ان دنیا کے لوگون کا خدای عزوجل کا ذکر کرنا عادت ٹھہرگئی ہے نہ دلون سے اور جب وہ اس امر مین تحقیق کیے
جاتے ہین تو اڑتے ہیں اور کہتے ہین کہ ہکو یہ کس طرح کہا جاتا ہے کیا ہم مسلمان نہیں ۔ کل (قیامت) کو
تو نصیحت واضح ہو جائیگی اور بھید کھلجائینگے تجھہ پر افسوس ۔ تو اپنی ہی بات پر رہ جب تونے لا الٰہ کہا
تو یہ کلی نفی ہے اور الا اللہ اثبات کلی اوسی کیلئے نہ اوسکے غیر کے لیئے پس جب تیرے دل نے کسیوقت
خدای عزوجل کے غیر پر اعتماد کیا تو تو اپنے اثبات مین جھوٹا ہے ۔ تیرا خدا وہ ہے جسپر تیرا اعتماد ہوا اسلئے
کا اعتبار نہین ۔ دل ہی مومن ہی ۔ وہی مخلص ہی متقی وہی پرہیزگار وہی زاہد
عارف وہی عالم وہی امیر اور باقی اعضا اوسکے لشکر اور تابعدار ہیں جب تو لا الٰہ الا اللہ دل سے
کہہ پھر زبان سے ۔ اور اُسی پر توکل اور اعتماد کر نہ اوسکے غیر پر ۔ ظاہر کو حکم میں اور باطن کو خدای عزوجل
مین مشغول رکھہ ۔ خیر اور شر کو ظاہر پر چھوڑ اور باطن میں خیر اور شر کے خالق کے ساتھہ ہو جب اس کو پہچان
لیا ۔ اسکا مطیع ہوا اور اوسکی زبان گنگ ہوئی اور اسکا اور اسکے نیک بندونکا متواضع ہو ۔ اور اسکا رنج

Marfat.com

اور غم اور نالہ و ننگ ہوا اور اسکا خوف اور ڈر اور حیا زیادہ ہوگئی اور پہلے گناہوں پر اوسکی ندامت بڑھ گئی اور معرفت اور علم اور قرب یار کے زائل ہو جانے کا خوف اور ڈر حد سے بڑھ گیا۔ اسلئے کہ خدائے عزوجل (جو چاہتا ہے کرتا ہے) فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ہے ؀ لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ (جو کرتا ہے اوس سے سوال نہیں کیا جاتا اور وہ سوال کیے جائینگے) وہ اپنی پہلی تفریط اور بیحیائی اور جہالت اور غرور سے مضطرب ہوتا ہے۔ حیا رکے باعث بگھلتا ہوا اور مواخذہ (یعنی قیامت کی گرفتاری) سے ڈرتا ہے اور آگے کیطرف دیکھتا ہے کہ آیا مقبول ہوتا ہے یا مردود اور آیا اس سے عطا چھینی جائے گی یا اپنے حال پر چھوڑا جائیگا۔ یا آیا قیامت کے روز مومنوں کی صحبت میں ہوگا یا کافروں کی صحبت میں اسیواسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَنَا اَعْرَفُکُمْ بِاللّٰہِ وَاَشَدُّکُمْ لَہٗ خَوْفًا (میں تم سے زیادہ خدا کو پہچانتا ہوں اور تم سے زیادہ اسکا خوف کرتا ہوں) عارفوں میں سے شاذ و نادر ایسے ہیں جو امن میں رہتے ہیں انکا مقدر انپر پڑھا جاتا ہے وہ اپنے انجام اور مآل کو جانتے ہیں انکا باطن پڑھ لیتا ہے جو انکے لیے لوح محفوظ میں لکھا ہے پھر دل اسپر واقف ہوتا ہے اور اسکو چھپانیکا امر ہوتا ہے تاکہ نفس کو اسپر مطلع نکرے اس امر کا ابتدا اسلام ہے اور امر کی اطاعت اور نہی سے باز رہنا اور آفتوں پر صبر کرنا اور اسکا انتہا خدائے عزوجل کے غیر کو ترک کرنا اور سونا اور مٹی اور تعریف اور مذمت اور عطا و منع اور بہشت و دوزخ اور نعمت و رنج اور دولتمندی اور فقیری اور خلقت کا وجود و عدم برابر ہوتا ہے۔ جب یہ کامل ہو جائے تو پھر خدا ہی خدا ہے پھر اسکی طرف سے خلقت پر سرداری اور حکومت کا فرمان ملتا ہے۔ جو اسکو دیکھتا ہے بسبب خدائے عزوجل کی ہیبت اور نور کے جو اسمیں ہے اس سے نفع حاصل کرتا ہے (رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (اے خدا ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر۔ اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا)

سولھویں مجلس۔ آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) گیارھویں ماہ شوال ۵۴۵ھ ہجری کو مدرسہ میں منگل کے روز عشا کے وقت ایک کلام کے بعد فرمایا۔ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا دنیا کو ذلیل کرو کیونکہ خدا کی قسم وہ عمدہ نہیں ہوگی مگر ذلت کے بعد ای غلام قرآن پر عمل کرنا تجھکو اسکی منزل کا واقف بنائیگا اور حدیث پر عمل کرنا تجھکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واقف کردے گا ہمارے نبی محمد (اوسپر خدا کی

جنت اور سلام ہو) دل اور ہمت کے ساتھ قوم (یعنی اولیا) کے دلوں سے علیحدہ نہیں ہوتا۔ وہی اُن کو خوشبودار اور معطر بناتا ہے وہی انکے اسرار کو برگزیدہ کرتا اور زینت بخشتا ہے۔ وہی انکے لیے قرب الٰہی کا دروازہ کھولتا ہے وہی زینت دہندہ ہے وہی دلوں اور باطنوں اور خدائے عزوجل کے بیچ میں سفیر یعنی قاصد ہے جس وقت تو اسکی طرف ایک قدم بڑھے گا اوسکی خوشی زیادہ ہوگی جسکو یہ حال نصیب ہو اُسپر لازم ہے شکریہ بجالائے اور آپ کی اطاعت میں بڑھے لیکن اسکے علاوہ خوشی مطلق ہوسکے۔ جاہل دنیا میں خوش رہتا اور عالم اوس میں غمناک رہتا ہے۔ جاہل تقدیر سے مناظرہ کرتا اور جھگڑتا ہے اور عالم اوس سے موافقت کرتا اور اسپر راضی رہتا ہے۔ اے مسکین! قضا سے مناظرہ اور مخالفت نکر تو ہلاک ہو جائیگا فضیلت اسی میں ہے کہ خدائے عزوجل کے کاموں پر راضی رہے اور دلکو خلقت سے نکال لیوے اور اس سے جنت کے رب کو حاصل کرے۔ دل اور باطن اور حقیقت سے اسکو لے جب تو خدائے عزوجل اور اسکے رسولوں اور اُسکے نیک بندوں کی تابعداری میں ہمیشگی کرے تو اگر تجھکو طاقت ہو کہ نیک لوگوں کی خدمت کرے تو کر وہ تیرے لیے دنیا و آخرت میں اچھی ہے۔ اگر تو ساری دنیا کا مالک ہو جاوے اور تیرا دل انکے دلوں کی طرح نہ ہو۔ تو تو ایک ذرہ کا بھی مالک نہیں۔ وہ جسکا دل خدائے عزوجل کے لائق ہوتا ہے اوس کے پاس دنیا و آخرت ہوتی ہے وہ عوام اور خواص کے درمیان خدائے عزوجل کے حکم کے بموجب رہتا ہے تجھپر افسوس! اپنی قدر پہچان تو انکی نسبت کیا چیز ہے تیرا کل رنج کھانے پینے اور پہننے نکاح اور دنیا جمع کرنے اور اسپر حرص رکھنے میں تو دنیا کے کاموں کا کرنیوالا اور آخرت کے کاموں سے بیکار ہے تو اپنے جسم کو تیار رکھتا اور کیڑے اور حشرات الارض کا نشانہ کرتا ہے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا اِنَّ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ مَلَکاً یُنَادِی کُلَّ یَوْمٍ غُدْوَةً وَعَشِیَّةً [illegible] لِدُوا لِلْمَوْتِ وَابْنُوا لِلْخَرَابِ وَاجْمَعُوا الاَمْوَالَ لِلْاَعْدَاءِ (تحقیق خدائے عزوجل کی طرف سے فرشتہ ہر روز صبح و شام پکارتا ہے۔ اے بنی آدم موت کے لیے جنو اور ویران ہونیکے لیے عمارتیں بناؤ اور دشمنوں کے لیے مال جمع کرو) مومن کی اپنے تمام تصرفات میں نیت نیک ہوتی ہے۔ دنیا کے لیے عمل نہیں کرتا۔ دنیا میں آخرت کو سنوارتا ہے مساجد اور

Marfat.com

بول اور حدیث اور سعادتیں تعمیر کراتا اور مسجدیں اور [illegible] درست کرتا ہے اور اگر انکے علاوہ ہو تو عیال اور
راندہ دون اور فقیر دلی او دکھ [illegible] اسکو عوض انکے بہت مبارک ہوتا ہے
طبیعت اور حرص اور نفس کیلئے [illegible] جب انسان آدم [illegible] تو اپنے تمام حالات میں حق تعالیٰ کی
عزوجل کیساتھ ہوتا ہے۔ اسکا عدم بھی [illegible] ساتھ ہے۔ اسکا دل نبیوں اور
رسولوں سے ملتا ہے۔ جو کچھ کہ وہ لاتے ہیں اگر قول اور عمل میں ایمان اور ایقان سے اسکو قبول کرے تو
وہ یقیناً دنیا و آخرت میں نفع پاتا ہے خدائے عزوجل کا ذکر کرنے والا ہمیشہ زندہ ہے وہ ایک حیات سے
دوسری حیات کی طرف نقل کرتا ہے [illegible] ذکر [illegible] میں جگہ کر لیتا ہے تو
ہمیشہ خدا کو یاد کرتا ہے اگرچہ زبان [illegible] خدائے عزوجل کے ذکر میں رہتا ہے
[illegible] اور [illegible] موافقت اور [illegible] اگر وہ تم کرا کے [illegible] خدائے
عزوجل کا موافق نہیں تو گرمی اسکو [illegible] اسکا موافق ہو تو [illegible]
اسکو نہایت ذوق کرتی ہے اور دونوں [illegible] دور کرتی ہے [illegible]
اور آخرت میں موافقت سختی اور تنگی اور [illegible]
ہے۔ قوم کے تمام کیا ہی عجیب اور ان کے حالات کیا ہی اچھے ہیں جس وقت ان کے پاس خدائے عزوجل کیطرف سے
آتی ہے اور وہ انکو اپنی معرفت کی پینگ پلاتا ہے اور اپنی عنایت کی گود میں سلاتا ہے اور اپنے انس سے
مانوس کرتا ہے پس یقیناً انکا مقام اوسکے نزدیک عمدہ ہوتا ہے اور ہر ایک شئے جو اسکے سوا ہو غائب
ہوتی ہے [illegible] سامنے مردے ہو جاتے ہیں اور انپر ہیبت چھائی ہے پس جیسے وہ چاہتا ہے ان کو
[illegible] کرتا اور اٹھاتا اور [illegible] وہ انکے ساتھ اصحاب کہف کے کتے کی طرح ہیں وہ جن
کے حق میں اس نے فرمایا وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ (ہم اسکو دائیں اور بائیں پلٹتے ہیں)
وہ سب سے زیادہ عقلمند ہیں اپنے خدائے عزوجل سے تمام حالات میں مغفرت اور نجات کی امید رکھتے ہیں
لیکن انکی ہمت [illegible] پھر افسوس۔ وہ [illegible] عمل کرتا ہے اور بہشت کی امید رکھتا ہے پس تو
[illegible] خدائے عزوجل

Marfat.com

تجھے حیات عاریتاً دی تاکہ تو اسمیں اُسکی اطاعت کرے۔ تو نے اسکو اپنا خیال کیا اور اُس میں کیا جو چاہا۔
اسیطرح جاننا [illegible] تیرے پاس [illegible] تیرے پاس عاریت اور اسیطرح امن
اور [illegible] اور تمام نعمتیں جو تیرے پاس [illegible] عاریتوں میں حد سے [illegible] کی بابت
مطالبہ کیا جائیگا [illegible] ہر ایک کی بابت تم جو نعمتیں تمہارے
پاس ہیں خدائے عزوجل کی طرف سے [illegible] سب چیزوں میں تم
رغبت کرتے ہو [illegible] والا شغل [illegible] عزوجل کے ساتھ
دنیا و آخرت میں سلامتی [illegible] کہ [illegible] خلقت میں
خدائے عزوجل کا موافق [illegible] شکست پائی [illegible] شکست پائی
اور [illegible] اسکے نیک موافق بندوں نے سیکھا ہو۔

سترہویں مجلس

[illegible] رزق کے لئے اہتمام کر [illegible] طلب کرتا ہے جب آج کا رزق موجود ہو تو کل کے
لئے اہتمام چھوڑ دے جیسا کہ تو نے گذشتہ کل کو چھوڑا۔ اور تجھے معلوم نہیں کہ آئندہ [illegible] یا نہیں
[illegible] اگر خدا [illegible] کو پہچانے تو اسکو چھوڑ کر رزق کے پیچھے نہ پڑے
[illegible] تجھے [illegible] رزق کی طلب سے روک [illegible] خدا کو پہچان لیا اُسکی
زبان [illegible] عارف خدا کے ساتھ [illegible] خلقت کی [illegible] کے پیچھے
[illegible] زبان کی [illegible] دور کر دیتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام
جب بکریاں چراتے تھے تو آپکی زبان میں لکنت [illegible] اور [illegible]
جب خدا نے آپ کو [illegible] چاہا تو [illegible]
لِسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي (میری زبان سے گرہ دور کر تاکہ وہ میری بات سمجھیں) گویا انہوں نے
کہا جب میں جنگل میں تھا تو مجھے اسکی ضرورت نہ تھی اور اب مجھے خلقت کے ساتھ شغل اور
کلام کا موقع دیا گیا ہے ای خدا میری مدد کر۔ اور میری زبان سے لکنت دور کر [illegible]

Marfat.com

زبان سے گرہ دور کی گئی یہان تک کہ آپ نوے فصیح کلمات جو ہر شخص کی سمجھ میں آجاتے تھے اتنے عرصہ میں ادا کرتے تھے جتنے عرصہ میں دوسرا تھوڑے سے کلمات کہہ سکتا تھا۔ بچپن میں آپنے فرعون اور حضرت آسیہ کے روبرو بے موقع کلام کرنے کا ارادہ کیا اسلیئے خدائے عزوجل نے کوئلے سے آپکا ہاتھ جلانے کی سزا دی ۔

ای غلام، میں تجھے خدائے عزوجل اور اُسکے رسول سے ناواقف اور اللہ عزوجل کے دوستون اور اُسکے پیغمبرون کے وارثون (علماء) اور خلیفون سے جو زمین پر ہیں نا آشنا دیکھتا ہون۔ تو حقیقت سے بے خبر مثل پنجرۂ بے پرند (یعنی خالی) ہے تو ایک گھر ہے خالی اور ویران تو ایک درخت ہے خشک جسکے پتے گر گئے ہیں۔ بندے کے دل کی عمارت اسلام سے پھر اسکی حقیقت یعنی تسلیم کو اپنے میں ثابت کرنے سے ہے سب کو خدائے عزوجل کے سپرد کر۔ وہ تیرے نفس اور تیرے غیر کو تیرے حوالہ کر دیگا دل کیساتھ اپنے وجود اور خلقت کو چھوڑ اور اُسکے سامنے اُنسے برہنہ ہو کر کھڑا ہو جب خدائے عزوجل تجھے لباس پہنائے اور خلعت عطا کرے اور خلقت کی طرف بھیجے تو اُسکے امر کے بموجب خوشنودی رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور بھیجنے والے کی اپنی اور اُنکے درمیان اطاعت کر پھر اُسکے حکم کا منتظر کھڑا رہ۔ وہ جس چیز کا حکم کرے اسکے موافقت کر اسکے موافقت کر جو شخص خدائے عزوجل کے غیر سے خالی ہوا اور اُسکے سامنے دل و باطن کے قدموں پر کھڑا ہو تو گویا اسنے زبان حال سے ایسا کہا جیسا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا وَعَجِلْتُ اِلَیْکَ رَبِّ لِتَرْضٰی (ای خدا میں نے تیری طرف جلدی کی تاکہ تو راضی ہووے) میں دنیا و آخرت اور کل خلقت سے علیحدہ ہوا اور تمام اسباب کو دور کیا اور خواہشات نفسانی کو چھوڑا اور تیزی کیساتھ تیری طرف آیا تاکہ تو راضی ہووے اور میرے پہلے قصور یعنی خلقت کا بندہ ہونیکو بخشدے ای جاہل تجھ میں اور اس میں بڑا فرق ہے تو اپنے نفس اور دنیا اور حرص کا بندہ۔ تو مخلوق کا بندہ ہے انکو خدا کا شریک بنانیوالا ہے اسلیئے کہ تو ضرر و نفع میں انکو دیکھتا ہے تو جنت کا بندہ ہے اسمیں داخل ہونیکی امید رکھتا اور تو دوزخ کا بندہ کہ اسمیں داخل ہونے سے ڈرتا ہے۔ تم سب دلوں اور آنکھوں کے پھیرنیوالے اور چیزوں کو امر کن کے ساتھ بنانیوالے سے بہت فاصلے پر ہو۔ ای بندے تو اپنی عبادت پر مغرور نہو اور گھمنڈ نکر۔ خدائے عزوجل سے اسکی قبولیت کا سوال کر۔ اور ڈرو اور خوف کر کہ انکو تیرے غیر کی طرف نقل نکر دے تجھے کس چیز نے اس سے نڈر بنایا اس کا

Marfat.com

کہ وہ تیری عبادت کو کہدے کہ گناہ ہو جا اور تیری صفائی کو کہدے کہ کدورت بنجا جس نے خدائے عز وجل کو
پہچانا کسی چیز کا خیال نہیں کرتا اور کسی چیز پر مغرور نہیں ہوتا۔ وہ امن میں نہیں ہوتا جبتک کہ دنیا سے اپنا دین
سلامت اور جو اسکے اور خدائے عز وجل کے درمیان میں ہے اسے حفاظت کے ساتھ لیکر نہ نکلجائے۔ ای قوم!
دلی عمل اور اخلاص کو لازم پکڑو۔ کامل اخلاص خدائے عز وجل کے غیر کو ملحوظ نہ رکھنے سے ہی اور خدائے عز وجل
کی معرفت اصل ہے میں تم سے اکثر کو اقوال و افعال اور جلوت و خلوت میں کاذب دیکھتا ہوں تمہیں ثبات نہیں
تمہارے قول بے فعل اور فعل بے اخلاص ہیں۔ اگر تونے فریب کیا تو توحید نہیں وہ کسوٹی جو میرے پاس ہے تجھے
پرکھیگی تجھے کیا فائدہ۔ تیری مرضی ہے کہ خدائے عز وجل تجھے قبول کرے اور پسند فرمالے جلدی ہی تیرا عمل
پر نہ سیم پگھلائے اور آگ روشن کریگے وقت رسوا ہوگا۔ کہا جائیگا یہ سفید ہے یہ سیاہ قلعی قیامت کے روز
کھلجائیگی تیرے سارے اعمال کو جنمیں تونے نفاق کیا ہے ہی کہا جائیگا خدائے عز وجل کے غیر کے لیئے جو عمل ہو وہ
باطل ہے عمل کرو اور محبت کرو اور خلوص رفیق بناؤ اور اسکو طلب کرو جسکی مانند کوئی چیز نہیں۔ وہی سننے
والا اور وہی دیکھنے والا ہے۔ نفی کرو پھر اثبات اس امر کو نفی کرو جو اسکے لائق نہو اور اسکے لیئے وہ امر
ثابت کرو جو اسکے لائق ہو یعنی وہ جو اُسنے اپنے لیئے پسند کیا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے لیئے
پسند کیا۔ جب تم یہ کروگے تو تمہارے دلوں سے تشبیہ اور تعظیم اور تعلیل دور ہوگی۔ خدائے عز وجل اور اسکے
رسول اور اسکے نیک بندوں کی تعظیم اور عزت کرو اگر نجات چاہتے ہو تو تم میں سے کوئی میرے پاس آئے
گر ادب کے ساتھ ورنہ آنا بے سود ہے۔ تم فضولیات میں مصروف رہتے ہو فضول کو چھوڑ دو۔ یہ گھڑی
جس میں تم میرے پاس آتے ہو اس میں اکثر دفعہ مجلس کے درمیان ایسے ہی ہوتے ہیں تمہاری عقلوں اور فہموں
سے باہر اسکی عزت کرتے۔ اور اچھا ادب بجالاتے ہیں۔ بادرچی اپنے پکانے ہوئے کو جانتا
جانتا ہے اور صانع اپنی صنعت کو پہچانتا ہے اور صاحب دعوت۔ دعوت کے
حاضر ہونے والوں کو پہچانتا ہے۔ دنیا تمہارے دلوں پر چھا گئی ہے کہ تم کسی چیز کو نہیں دیکھتے اسکے
بعد۔ وہ اپنے نفس پر آہستہ آہستہ چلتی ہے۔ وہ تم کو موقع دیگی اور انجام کار تم کو ذبح کردیگی
تمہیں اپنی شراب اور بھنگ پلائیگی پھر تمہارے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالیگی۔ اور تمہاری آنکھیں اندھی کردیگی

Marfat.com

جب نشہ اُتر جائے گا اور ہوش آئیگا تو دیکھ لو گے جو اسنے تمہارے ساتھ کیا۔ دنیا کی محبت اور اسکے پیچھے دوڑنے
اور اسکے جمع کرنے پر حرص کرنے کا انجام یہ ہے۔ اُس کا کام یہی ہے۔ اس سے بچو۔
اے بندے! جب تو اس سے (یعنی دنیا سے) محبت رکھے تو تجھے نجات نہیں اور تو اے خدائے عزوجل کی محبت
مدعی تیرے لیئے نجات اور محبت نہیں اس حالت میں کہ تو آخرت اور خدا کے سوا کسی اور شے سے بھی محبت رکھتا ہو۔
خلاصہ یہ کہ محب عارف دنیا و آخرت اور غیر خدا سے محبت نہیں رکھتا جب اُسکی محبت کامل اور تحقیقی ہو جاتی ہے
تو دنیا سے اسکا بہرہ خوشگوار اور کافی طور سے آجاتا ہے اور اسیطرح جب آخرت کو پالے تو وہ تمام جسے اُسنے
اپنی پیٹھ کے پیچھے چھوڑا خدائے عزوجل کے دروازے پر اپنے سے پہلے پہونچا ہوا دیکھ لیتا ہے اسلیئے کہ اسکو اُسنے
صرف خدائے عزوجل کی ذات کیلیئے چھوڑا تھا۔ اُسکے دوست تمام چیزون سے اپنا نصیبہ دیئے جاتے ہیں اور
اسسے کنارہ پر رہتے ہیں۔ دل کے حظ باطنی ہیں اور نفس کے حظ ظاہری پس دل کے حظ حاصل نہیں ہوتے
مگر نفس کو اپنے حظوں سے روکنے کے بعد جب روکا جائے تو حظ قلب کے دروازے کہلجاتے ہیں یہان تک کہ جب
دل اپنے حظون پر خدائے عزوجل سے راضی ہو جاتا ہے تو نفس کے لیئے رحمت آتی ہے اور اس بندے کو کہا جاتا ہے
کہ اپنے نفس کو قتل نہ کر۔ اسوقت اسکے حظوظ اوسکو ملجاتے ہیں اور وہ مطمئن ہو کر انکو لیتا ہے۔ اُس شخص کی صحبت
جو تجھے دنیا کی رغبت دیتا ہے چھوڑدے اور اسکی صحبت طلب کر جو تجھے اس سے منع کرتا ہے جنس جنس کی طرف
مائل ہوتی ہے۔ ہر ایک اپنے سر کے گرد پھرتا ہے محب محبوب کی جستجو کہ اپنے محبوب کو انکے پاس پاتا ہے خدا کے دوست
آپس میں محبت رکھتے ہیں اسلیئے یقیناً وہ ان سے محبت کرتا۔ اور انکی امداد کرتا اور انکو باہمی تقویت عطا کرتا ہے
خلقت کی دعوت پر ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ اُنہیں ایمان توحید اعمال میں اخلاص کی طرف بلاتے ہیں
اُنکے ہاتھ پکڑتے اور انکو خدائے عزوجل کے راستہ پر کہڑا کر دیتے ہیں جسنے خدمت کی مخدوم بنا اور جسنے احسان
کیا اُسپر احسان کیا گیا۔ اور جو دیتا ہے دیا جاتا ہے۔ جب تو آگ کے لیئے عمل کریگا تو کل تیرے لیئے آگ ہوگی
جیسا کریگا پائیگا جیسے تم ہوگے ویسے ہی تمہارے عمل تم پر عامل ہون گے تو دوزخیون کے کام کرتا اور خدائے
عزوجل سے بہشت کی اُمید رکھتا ہے عملون کے بغیر تو جنت کی کسطرح آرزو کرتا ہے جنت والے دنیا میں لوگوں کے
مالک ہیں۔ یعنے وہ جنہون نے اپنے دلون کے ساتھ عمل کیئے نہ فقط اعضا سے عمل بغیر دل کی موافقت کیئے ہوئے

Marfat.com

دیتا ہو ریا کار ہاتھ پاؤں سے عمل کرتا ہے اور مخلص دل اور ہاتھ پاؤں دونوں سے۔ اعضا ظاہری پہلے دل کے ساتھ عمل کرتا ہو۔ مومن زندہ ہے اور منافق مردہ۔ مومن خلقِ خدائے عزوجل کیلئے عمل کرتا ہے اور منافق خلقت کی نیز اُنسے اپنے عمل پر تعریف اور عطا چاہتا ہے مومن کا عمل ظاہر و باطن۔ خلوت و جلوت۔ فراخی اور تنگی میں یکساں ہوتا ہو اور منافق کا صرف جلوت میں۔ فراخی کے وقت عمل کرتا ہے جب تنگی آتی ہو تو کوئی عمل نہیں کرتا خدائی عزوجل کے ساتھ اوسکی صحبت نہیں اور اللہ عزوجل اور اوسکے رسولوں اور کتابوں پر اسکا ایمان نہیں۔ وہ حشر و نشر اور حساب کا ذکر نہیں کرتا۔ اسکا اسلام اسلیئے ہے کہ اسکا سر اور مال دنیا میں بچا رہے نہ اسلیئے کہ آگ سے جو خدائے عزوجل کا عذاب ہے آخرت میں نجات پائے لوگوں کے روبرو نماز پڑہتا اور روزے رکھتا اور علم پڑہتا ہے اور جب اُنسے علیحدہ ہوتا ہے تو اپنے شغل اور کفر کی طرف لوٹتا ہے۔ ای خدا ہم اس حالت سے پناہ مانگتے ہیں اور دنیا و آخرت میں تجھسے اخلاص کا سوال کرتے ہیں قبول فرما (ای بندے) عملوں میں اخلاص کر۔ اپنے عمل اور خلق اور خالق سے اسکا عوض مانگنے سے نظر اُٹھا۔ خدائے عزوجل کے لیئے عمل کر نہ اوسکی نعمتوں کے لیئے۔ تو ان لوگوں میں سے ہو جو اُسکی ذات چاہتے ہیں اوسکی ذات طلب تاکہ تجھے ملجائے جب وہ ملجائیگی۔ تو دنیا و آخرت میں جنت ملجائیگی یعنی دنیا میں اوسکا قرب اور آخرت میں اسکا دیدار اور جزائے موعودہ جو بیع شدہ اور گروی ہو حاصل ہوگی۔ ای بندے اپنا نفس اور مال اوسکی قدر اور حکم اور قضا کے ہاتھ میں سپرد کر دی چیز خریدار کو دیدے وہ کل تجھے اُسکی قیمت دیدے گا۔ ای اللہ کے بندو! اپنی قیمتی نفس اور قیمت وار چیزیں اوسکے سپرد کرو۔ اور یہ کھو کہ نفس و مال اور بہشت اور اسکے سوا اور جو کچھ ہی سب تیرا ہی ہو ہم سوائے تیرے کچھ نہیں چاہتے ہمسائے کو گھر سے پہلے اور رفیق کو راستے سے پہلے تلاش کر۔ ای کہ تو جنت کو چاہتا ہے۔ اوسکی خرید و فرخت اور عمارت آج کے روز ہے نہ کل کے دن۔ اس کی نہروں کو زیادہ کر اور ان میں پانی کو آج نہ کل۔ ای قوم! قیامت کے روز دل اور آنکھیں پلٹ جائینگی۔ وہ ایسا دن ہے جس میں ہر ایک اپنے ایمان اور تقوی کے قدموں پر قائم رہے گا۔ قدموں کا ثابت رہنا ایمان کے مقدار سے موافق ہوگا۔ اس روز ظالم اپنے ہاتھ کاٹیگا کہ میں نے ظلم کیوں کیا۔ مفسد اپنے ہات کاٹیگا کہ کیوں فساد کیا اور اصلاح نہ کی۔ اپنے آقا سے کیوں بھاگا۔ ای غلام عمل پر مغرور نہو۔ اسلیئے کہ اعمال کا اعتبار خاتموں پر ہے

Marfat.com

خدائے عزوجل سے ہمیشہ سوال کرتا رہ کہ وہ تیرا خاتمہ اچھا کر دے اور اوسکے نزدیک جو پسندیدہ اعمال ہیں اونہیں تیری روح کو قبض کرے۔ بچتا رہ اس سے کہ توبہ کرنیکے بعد اوسکو توڑ ڈالے اور پہر گناہ کی طرف لوٹے توبہ کرکے نہ پھر۔ توبہ نہ توڑ نفس اور ہوا اور طبع کا موافق ہوکر اپنے مولیٰ عزوجل کی مخالفت مگر آجتک جو ہوا سو ہوا کل اگر تونے خدائے عزوجل کی نافرمانی کی تو تجھے بے نصیب اور بے یار چھوڑ دے گا۔ ای خدا اپنی عبادت میں ہماری مدد کر۔ اور اپنی نافرمانی میں ہمیں بے مدد نہ چھوڑ۔ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ اور دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر۔ اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔

اٹھارہویں مجلس آپنے (خدا آپسے راضی ہو) سولہویں ذیقعدہ ۵۴۵ھ ہجری انوار کی صبح کو رباط میں فرمایا۔ بالتحقیق خدانے تجھے دو جہادوں ظاہری اور باطنی کی اطلاع دی ہے۔ باطنی جہاد نفس اور ہوا اور طبیعت اور شیطان کو مغلوب کرنا۔ اور گناہوں اور قصوروں سے توبہ کرنا اور اوسپر ثابت رہنا اور شہوتوں اور حراموں کو ترک کرنا ہے۔ اور ظاہری جہاد کافروں، خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منکروں اور مخالفوں سے لڑنا۔ انکی تلواروں۔ نیزوں۔ اور تیروں کا رنج اٹھانا مارنا اور مرنا ہے۔ جہاد باطن جہاد ظاہر سے زیادہ سخت ہے اسلیئے کہ کئی دفعہ واقع ہوتا ہے اور کیونکر زیادہ سخت نہ ہو وہ نفس کی خواہشوں اور حراموں کا ترک کرنا اور چھوڑنا اور شرعی امروں کی تعمیل اور منہیات سے باز رہنا ہے جس نے دونوں جہادوں میں خدائی احکام کو تسلیم کیا اسے دنیا و آخرت میں بدلہ ملا۔ شہیدوں کے جسم میں زخم ایسے ہوتے ہیں جیسے تم میں سے کسیکے ہاتھ کی فصد کھولی جائے کہ اس کا ذرا بھی درد نہیں ہوتا۔ اور مجاہد گناہوں سے توبہ کرنیوالے کے حق میں نفس کو مارنا پیاسے کے سرد پانی پینے کی طرح ہے۔ صوفیا! ہم تمکو کسی چیز کی تکلیف نہیں دیتے مگر ... اچھی عطا کرتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ اسکے بیٹے یعنی مومن کے بیٹے خدا کی طرف سے ہر ایک لحظہ میں ... سے تعلق رکھتے ہیں عام خلقت اور منافقوں خدائے عزوجل اور اوسکے رسول کے دشمنوں ... کہ وہ خدائے عزوجل کو نہ پہچانتے اور اوسسے دشمنی رکھنے کے باعث دوزخ میں داخل ہونگے کیونکر نہ داخل ہوں، وہ خدائے عزوجل کی مخالفت اور اپنے نفسوں اور ہواؤں اور طبیعتوں اور عادت اور شیاطین کی موافقت کرتے تھے اور دنیا کو آخرت پر اختیار کرتے تھے کیونکہ دوزخ میں داخل نہونگے حالانکہ انہوں نے

قرآن کو سنا اور اُسپر ایمان نہ لائے اور اُسکے امروں کی تعمیل نہ کی اور منہیات سے نہ رُکے۔ ای قوم! (درویشون) قرآن پر ایمان لاؤ۔ اور اُسپر عمل کرو خالص عمل کرو۔ عملوں میں ریا اور نفاق نکرو۔ اور ان سے خلقت میں تعریف اور عوض نہ چاہو خلقت میں وہ لوگ نہایت کم ہیں جو قرآن پر ایمان رکھتے اور صرف خدا کے لیے اسپر عمل کرتے ہیں اسیواسطے مخلص کم اور منافق زیادہ ہیں۔ تم خدائے عزوجل کی عبادت میں کیسے سُست ہو اور اُسکے دشمن کی طاعت میں کیسے چست ہو تمہارا دشمن مردود ہوا (مراد شیطان سے ہی) صوفیا یہ تمنا کرتے ہیں کہ خدائے عزوجل کی تکالیف سے خالی نہ رہیں اُنہوں نے جانا کہ اسکی تکالیف اور قضا و قدر پر صبر کرنے میں دنیا اور آخرت میں بہت بہتری ہے اسکے تصرفات اور تبدیلات کی کبھی صبر اور کبھی شکر اور کبھی قرب اور کبھی بُعد اور کبھی تکلیف اور کبھی آرام اور کبھی غنا اور کبھی فقر اور کبھی تندرستی اور کبھی بیماری میں موافقت کرتے ہیں انکی آرزو دلوں کو خدائے عزوجل کے پاس رکھنا ہے یہ ان کے نزدیک سب سے زیادہ ضروری چیز ہے وہ اپنی اور خلقت کی خدائے عزوجل کے آگے تسلیم کی تمنا کرتے ہیں وہ ہمیشہ مخلوقات کی بھلائیوں کا خدائے عزوجل سے سوال کرتے ہیں۔ ای عزیز صحیح بن فصیح بنجائیگا حکم میں صحیح ہو علم میں فصیح ہو جائیگا باطن میں صحیح ہو ظاہر میں فصیح ہو جائیگا۔ تمام سلامتی خدائے عزوجل کی اطاعت میں ہے یعنی اسکے تمام امور کی تابعداری اور جس سے اُسنے منع فرمایا باز رہنا اور جو اُسنے مقدر کیا اسپر صبر کرنا جسنے خدائے عزوجل کے حکم کو مانا وہ مقبول ہوا اور جسنے اوسکی اطاعت کی تمام خلقت اُسکی مطیع ہو گئی۔ ای درویش! میرا کہا مان۔ میں تمہارا ناصح ہوں میں اپنے ان حالات میں جن میں کہ میں ہوں اپنے وجود اور تم سے کنارہ کش ہوں اور الگ ہوں میں اپنے وجود اور تم میں خدائے عزوجل کے حکموں کی سیر کرتا ہوں مجھے تہمت نہ لگاؤ میں تمہارے لیے وہی چاہتا ہوں جو اپنے لیے چاہتا ہوں۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَا یَکْمُلُ الْمُؤْمِنُ اِیْمَانَہٗ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ (مومن کا ایمان کامل نہیں ہوتا جتبک کہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے وہی نہ چاہے جو اپنے لیے چاہتا ہے) ہمارے امیر ہمارے رئیس ہمارے بزرگ ہمارے پیشوا ہمارے پیغمبر اور ہمارے شفیع آدم علیہ السلام کے زمانہ سے لیکر قیامت تک نبیوں اور رسولوں اور صدیقوں کے پیشوا کا یہ قول ہے اور اس شخص سے جو اپنے بھائی مسلمان کے لیے وہ چیز پسند نکرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ ایمان کے کمال کو نفی کرتا ہے جب

Marfat.com

اپنے پیئے لذیذ طعام اور اچھی پوشاک اور عمدہ مکان اور خوبصورت چہرہ اور زیادہ مال سے محبت رکھیگا اور
اپنے بھائی مسلمان کے پیئے اسکے برخلاف چاہے گا تو تُو کمال ایمان کے دعوے میں جھوٹا ہی۔ ای فکر تیرا
ہمسایہ فقیر اور اور عیال محتاج اور مال قابل زکوۃ اور ہر روز نفع زائد اور قدر تیری حاجت کے موافق تجھے دے
رہی ہے تو پھر انپر خیرات نکرنا ان کے فقر پر راضی ہونا ہی جبتک نفس ہوا اور شیطان تیرے ساتھ ہی تو تجھے یقینا
نیکی کرنی آسان نھین۔ قوت حرص اور کثرت اُمید اور محبت دنیا اور قلتِ تقوی اور ایمان تجھمین جو دیئے تو اپنے
نفس اور مال اور خلقت سے مشرک بن رہا ہے۔ تجھے خبر نھیں جس ملعین دنیا کی رغبت زیادہ اور اسکی حرص سخت
اور اسکی حرص بڑہی ہوئی ہو اور اُسنے موت اور خدائی عزوجل کے دیدار کو بھلایا اور حرام وحلال مین
فرق نکیا تو ان کفار کے مشابہ ہوا جنھون نے کہا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيٰ وَمَا يُهْلِكُنَا اِلَّا
الدَّهْرُ (ہماری دنیا ہی کی حیاتی ہی کہ مرتے ہیں اور زندہ ہوتے ہیں اور نھیں مارتا ہمکو مگر زمانہ) گویا کہ تو بھی
انھیں سے ایک ہے مگر فرق یہ ہی کہ تو ایمان سے آراستہ ہوا اور اپنا خون شہادت میں یعنی اشھد ان لا الہ الا اللہ
واشھد ان محمد عبدہٗ ورسولہٗ۔ اجنی مین گواہی دیتا ہون کہ خدا کے سوا عبادت کے لائق کوئی نھیں اور گواہی
دیتا ہون کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا بندہ اور رسول ہی۔ کلمہ شہادت سے بچالیا اور نماز روزہ مین بطور عادت
نہ عبادت مسلمانوں سے متفق ہوا ہے۔ لوگون پر ظاہر کرتا ہے کہ مین متقی ہون اور دل فاجر ہی یہ تجھے کیا فائدہ
دیگا۔ ای قوم! دن کو بھوکھ اور پیاس برداشت کرنا اور رات کیوقت حرام سے افطار کرنا تمہیں
کیا فائدہ دے گا۔ دنکو روزہ رکھتے اور رات کیوقت نافرمانی کرتے ہو۔ ای حرام کھانیوالو۔ دن میں اپنے
نفسون کو پانی پینے سے روکتے ہو اور مسلمانوں کے خون سے افطار کرتے ہو تم مین ایسے بھی ہیں جو دن کو روزہ
رکھتے اور رات کو فسق وفجور کرتے ہیں۔ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی کہ آپنے فرمایا لَا تَخْذُلُ
اُمَّتِیْ مَا عَظَّمُوْا شَهْرَ رَمَضَانَ (میری امت ذلیل نہ ہو گی جبتک ماہ رمضان کی عزت کریگی
اور تعظیم بجالائیگی) اسکی تعظیم اسمین پرہیزگاری۔ اور حدود شرع کی حفاظت کے ساتھ روزہ رکھنا ہی
ای بندے۔ روزہ رکھ اور جب افطار کرے تو اپنے کھانے میں سے فقیرون کو بھی دے۔ اکیلا مت کہا کیونکہ جس نے
اکیلے کھایا اور دوسرے کو نہ کہلایا اُسپر فقیری اور مسکینی کا خوف کیا جاتا ہے اسے قوم۔ تم سیر

Marfat.com

اور تمہارے ہمسائے بھوکے۔ اور دعوی یہ کہ مومن ہو۔ تمہارا ایمان صحیح نہیں تمہارے پاس اپنی اور عیال سے بچا ہوا بہت سا کہانا ہوتا ہے اور سائل دروازے پر کہڑا ہو کر بے نصیب چلا جاتا ہے جلدی تجھے اپنا حال آپ معلوم ہو جائیگا جلدی ہے تو ایسا ہی ہو جائیگا اور جیسا تونے اسکو باوجود دینے کی طاقت کے رد کیا۔ رد کیا جائیگا۔ تجھپر افسوس تو کیوں نہ اُٹھا۔ اور جو تیرے سامنے ہے اوسکو نہ اُٹھایا اور اوسے نہ دیا اور دو حالوں یعنی کہڑا ہونیمین تواضع اور عطا کو جمع نکیا۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سوالی کو اپنے ہاتھ سے دیتے اور اونٹنی کو چارہ ڈالتے اور بکری کو دہتے اور اپنے کرتے کو سیتے تھے۔ تم آپکی متابعت کا کس طرح دعوی کرتے ہو حالانکہ اقوال اور افعال میں آپکے مخالف ہو۔ تمہارا بڑا لمبا چوڑا دعوی ہو لیکن بے شہادت (یا تمہارا بڑا بول ہے) بے دلیل۔ کہاوت میں کہا جاتا ہے کہ یا تو خالص یہودی بنجا نہیں تو توریت پر فریفتہ نہو اسیطرح میں تجھے کہتا ہوں یا شرائط اسلام حاصل کر نہیں تو یہ نہ کہہ کہ میں مسلمان ہوں اسلام کی شرائط کو لازم پکڑو۔ اسلام کی حقیقت یعنی خدائے عزوجل کے آگے تسلیم کرنیکو لازم پکڑو۔ آج خلقت کی غمخواری کر کل قیامت کیدن خدائے عزوجل اپنی رحمت کیساتھ تیری غمخواری کریگا جو زمین پر ہیں اُنپر رحم کر تاکہ وہ جو آسمان پر ہے تجھپر رحم کرے اور گفتگو کے بعد فرمایا جبتک تو اپنے نفس کیساتھ ہے اس مقام تک نہ پہونچیگا جبتک اس کی خواہشیں پوری کریگا تو اُسکو اُسکی مدد میں ہے اس کا حق اسے پورا دے اور اسکو خواہش سے روک اسکا حق ادا کرنے میں اسکی زندگی ہے اور اُسکو اُسکی خواہشیں دینے میں اسکی ہلاکت ہے۔ اسکا حق ضروری کہانا اور لباس اور پانی اور وہ جگہ ہے جس مین وہ رہے اور اوسکی خواہش لذتیں اور شہوتیں۔ شرع کے بموجب اُسکو ملنی چاہیئں اور اوس کی خواہش قدر اور سابقہ علم الٰہی کے سپرد کر۔ اسکو حلال کہلا نہ حرام۔ شرع کے دروازے پر بیٹھ اور اسکی خدمت لازم پکڑ نجات پائے گا۔ کیا تونے خدائے عزوجل کے کلام کو نہیں سنا وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (جو کچھ رسول تہارے پاس لائے اُسکو لو اور جس سے منع کرے اس سے باز رہو) تھوڑے پر صبر کرو اور نفس کو اُسپر ٹہیراؤ اور اگر سابقہ تقدیر اور علم کے ہاتھ سے زیادہ آئیگا وہ تیرا ہی ہے جب تو تھوڑے پر قناعت کریگا تو تیرا نصیبہ تجھسے فوت اور ہلاک نہ ہوگا۔ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے مومن کے لیئے اس قدر کافی ہے جس قدر کہ غنیرہ (بکری کے بچے) کے لیئے خشک گھاس کی ایک مٹھی

Marfat.com

اور پانی کا ایک گھونٹ مومن زاد بناتا ہے اور منافق تمتع مومن اسلیئے زاد لیتا ہے کہ وہ راستہ پر ہے ابھی منزل تک نہیں پہنچا اُسنے جانا کہ میرے لیئے منزل میں میری ضروریات موجود ہیں اور منافق کی کوئی منزل اور کوئی مقصود نہیں۔ دنوں اور مہینوں کو ضائع کر ڈالتے ہو۔ عمرونکو بے فائدہ ختم کرتے ہو میں کہتا ہوں کہ تم دنیا کے امور میں خسارہ نہیں اُٹھاتے بلکہ ادیان میں۔ اسکا عکس کرو۔ فائدہ اُٹھاؤ گے۔ دنیا نے کسی سے وفا نہیں کی اور اسیطرح تم سے بھی وفا نہ کریگی۔ ای قوم کیا تمہارے پاس خدائے عزوجل کی طرف سے ہمیشہ زندہ رہنے کا تمسک لکھا ہوا ہے تم کیسے بے فکر ہو۔ جو شخص غیر کی دنیا اپنی آخرت کو بگاڑ کر آباد کرتا ہے اور اپنے دین برباد کرکے دوسرے کے لیے مال جمع کرتا ہے۔ وہ خدائے عزوجل کا مخالف ہے اپنے جیسے مخلوق کی رضا حاصل کرنیکے لیئے اسکا غضب سر پر لیتا ہے اگر وہ جانے اور یقین کرے کہ میں تھوڑے عرصہ میں مر جاؤنگا اور خدائے عزوجل سامنے حاضر ہونگا اور میرے اعمال کا حساب لیا جائیگا تو اپنے اکثر اعمال سے توبہ کرے۔ لقمان حکیم سے روایت ہے (اسپر خدا کی رحمت ہو) کہ اسنے اپنے بیٹے کو کہا۔ ای بیٹا جس طرح تو بیمار ہو جاتا ہے اور نہیں جانتا کہ کس طرح بیمار ہوتا ہے اسیطرح مر جائیگا اور نہ جانیگا کہ کس طرح مرا میں تو تم کو ڈراتا اور منع کرتا ہوں اور تم نہ ڈرتے ہو نہ باز رہتے ہو ای نیکی سے غافلو۔ دنیا میں مشاغلو۔ جلدی ہی دنیا تمپر لپیٹا آنے کی تمہارا اگلا گھونٹ ڈالے گی اور جو کچھ تمنے اسکے ہاتھ سے جمع کیا اور اوس میں لذت اُٹھائی وہ تمہیں مفید نہو گا بلکہ وہ سب تمپر وبال ہوگا۔ ای غلام با حوصلہ کر اور لڑائی ترک کر۔ کلمات کی قسمیں ہیں جب لوگوں میں سے کسینے تجھے ایک کلمہ کہا اور تونے اسکا جواب دیا۔ اسیطرح اوسنے حتی کہ تمہارے درمیان جنگ واقع ہوئی خلقت میں سے نہایت ہی کم ہیں جو خلقت کو خدائے عزوجل کے دروازے پر پہچانے کے لائق ہیں وہ اُنپر حجت ہیں اگر انکی نہ مانیں گے وہ مومنین کے لیئے نعمت ہیں اور خدائے عزوجل کے دشمنوں۔ منافقوں کے لیئے عذاب۔ ای خدا ہمیں عطر توحید سے معطر کر۔ اور خلقت اور اپنے غیر سے فنا ہونے کی دھونی دے۔ ای موحدین۔ ای مشرکین۔ خلقت میں سے کسیکے ہاتھ میں کچھ نہیں سبکے سب عاجز ہیں کیا مالک اور کیا غلام کیا بادشاہ اور کیا غنی اور کیا فقیر سارے کے سارے خدائے عزوجل کی تقدیر کے قیدی ہیں ان کے دل اُسکے ہاتھ میں ہیں۔ انکو پلٹاتا ہے جس طرح چاہتا ہے۔ اُس جیسا کوئی نہیں ہی سننے والا اور دیکھنے والا

Marfat.com

اپنے نفسوں کو فربہ نکرو وہ تمہیں اس طرح کہا جائیں گے جیسے کوئی شخص کاٹنے والے کتے کو پکڑ پالے اور موٹا تازہ کرے اور خلوت میں رکھے پس یقیناً وہ اُسے کہا جائیگا۔ نفسوں کو مطلق العنان اور اونکی چھریوں کو تیز نکرو اسلیے کہ تمہیں ہلاکت کے داؤں میں ڈالینگے اور دھوکہ دینگے اُنکے ناقوسے کو نکالو اور اُنکو شہوات میں ننگا رکھو۔ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ (اے ہمارے رب! دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا فرما۔ اور دوزخ کے عذاب سے بچا)۔

انیسویں مجلس آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) اٹھارہویں ماہ شوال ۵۴۵ھ کو بروز منگل کے روز عشا کے وقت مدرسہ میں فرمایا اگر خدائے عزوجل بہشت و دوزخ نہ بناتا تو بھی لائق تھا اس سے خوف کیا جاتا۔ اور امید رکھی جاتی۔ اور اسکی اطاعت کرو۔ اسکی ذات کے طلب کرنے کے لیے اوسکی عطا اور خطا کا خیال نکرو۔ اُسکی اطاعت اسکے امر کو ماننے اور نہی سے باز رہنے اور تقدیروں پر صبر کرنے سے ہے اسکی طرف رجوع لاؤ اور اُسکے آگے زاری کرو آنکھوں اور دلوں کے آنسو بہا کر اوسکے آگے ذلیل ہو۔ رونا عبادت ہے اور حد درجہ کی عاجزی۔ تو جب توبہ اور نیک نیتی اور پاکیزہ اعمال کی حالت میں مرے تو خدائے عزوجل تجھے نفع دیگا۔ اور مظلوموں کی جزا کا والی ہوگا۔ اس لیے قیامت کے روز اولیا و انبیا کیلئے کوئی ایسا نہیں جو اُسکی رحمت اور شفقت کو ظاہر کرے۔ دنیا اور آخرت میں اس سے محبت رکھو اسکی محبت سب چیزوں سے ضروری جان تجھے اسکے سوا کوئی چارہ نہیں ہی ہے۔ جو تجھے فائدہ دیگی خلقت میں ہر ایک تجھے اپنے لیئے چاہتا ہے خدائے عزوجل تجھے تیرے لیئے چاہتا ہے۔

(اے درویشو!) تمہارے نفس خدائی دعوی کرتے ہیں اور تمہیں خبر نہیں یا بلکہ وہ خدای عزوجل کی جبر کرتے اور جسے وہ نہیں چاہتا اسے چاہتے اور جس سے محبت نہیں کرتا بلکہ اسکا دشمن ہوتا ہے کرتا ہے اس سے محبت رکھتے۔ اور جب کوئی بلا آ جائے تو موافقت اور صبر نہیں بلکہ مقابلہ اور جھگڑا کرتے ہیں انہیں اسلام (یعنی مان لینے) کی کوئی خبر نہیں صرف اسلام کے نام پر قانع ہیں اور یہ انہیں نفع مند اور کچھ فائدہ بخش نہیں۔ اے غلام! تو ڈرتا رہ اور [illegible] نہ بن حتی کہ خدای عزوجل سے ملے اور تیرے دل اور جسم کے قدم اُسکے سامنے قرار پکڑیں۔ اور وہ اس کا فرمان

Marfat.com

تیرے ہاتھ مین دیدے۔ اسوقت تجھے نڈر ہونا لائق ہے جب تجکو امن دے تو اسکے پاس بہت سی بھلائی پائیگا جسے امن دیگا ہمیشہ کے لئے امن دیگا کیونکہ وہ اپنے ہبہ کو واپس نہین لیتا۔ خدای عزوجل جب کسی بندہ کو برگزیدہ کرتا ہے تو اپنا مقرب بنا لیتا ہو اور جسوقت اسپر خوف غالب آئے تو اسے دور کرتا اور اسکے دل و باطن کو اطمینان بخشتا ہے۔ جب دونون کا درمیانی راز ہوتا ہے (تجپر افسوس) ای جاہل۔ خدا سے پھرتا اسے اپنے دل کی پیٹھ کے پیچھے چھوڑتا۔ اور خلقت کی خدمت میں مشغول ہوتا ہے درویش خدای عزوجل کی خدمت میں مشغول ہوئے پس اُنہے اونکے دل اپنے پاس کر لیے اور اپنا آپ اونکو بتلایا انہون نے پہچان لیا۔ انہین کا کوئی جب خدائے عزوجل کو پہچانتا اور نفس و ہوا اور طبیعت اور شیطان کی لڑائی سے فارغ ہوتا اور ان سے اور دنیا سے خلاصی پاتا ہے خدائے عزوجل اس کے لیے اپنے قرب کا دروازہ کھولدیتا ہے کہ کسی شغل کو نہ پاکر جہاں مشغول رہے۔ پس اسکو کہا جاتا ہے کہ پیچھے کی طرف لوٹ اور خلقت کی خدمت میں مشغول ہو اور انہین ہماری راہ بتا۔ ہمارے طالبون اور مریدون کی خدمت کر۔ تم درویشون کے حالات سے ناواقف ہو۔ تم ان نفسون کے راضی کرنے میں جو تمہارے دشمن ہیں دن کو رات سے ملاتے ہو۔ دشمنون کو راضی کرتے اور خدائے عزوجل کو غصہ کرتے ہو۔ خلقت میں سے بہت سے ایسے ہیں جو اپنی عورتون اور اولاد کی خوشنودی کو خدائے عزوجل کی خوشنودی پر فضیلت دیتے ہیں۔ میں تیری حرکات و سکنات اور تاریخ اور بڑی خوشی نفس اور بیوی اور اولاد کے لیے دیکھتا ہون۔ اور خدائے عزوجل کی تجھے کوئی خبر نہیں۔ (تجپر افسوس) تو آدمیون میں شمار نہین کیا جاتا۔ انسان انسانیت میں کامل خدائے عزوجل کے سوا کسی کے لیے عمل نہیں کرتا تحقیق تیرے دل کی آنکھیں اندھی اور تیرے باطن کی صفا مکدر ہے اور تو خدائے عزوجل سے پردے میں ہے اور تجھے خبر نہیں۔ اسیواسطے انہین سے کہا خدا کا اپنے سلام ہو ان مجہولون پر جنکو اپنے محجوب ہونے کا حال معلوم نہیں (تجپر افسوس) تیرے کاسہ مین ٹوٹا ہوا شیشہ ہے۔ اور تو جہالت کے باعث لالچ اور شہوت اور حرص و ہوا کے غلبہ سے کھائے جاتا ہے۔ ایک گھڑی کے بعد تیرا معدہ کھیا جائیگا۔ اور تو مرجائیگا۔ یہ سب بلائیں اپنے مولی عزوجل سے دور رہنے اور اسکے غیر کو اختیار کرنے سے ہیں۔ اگر تو خلقت کو جانے تو اپنے دشمنی اور اپنے خالق سے محبت رکھے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا اخبر تقلہٗ (آزما تو اسے دشمن جانے گا) تو آزمائش کے بغیر محبت اور عداوت رکھتا ہے۔ آزمانا عقل کا کام ہے اور تجھ میں عقل نہیں۔ آزمانا دل کا کام ہے۔ اور تیرا دل نہیں۔ دل فکر کرتا۔ اور ذکر کرتا۔ اور نصیحت پکڑتا ہے۔ اللہ جلشانہ نے فرمایا۔ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَذِکۡرٰی لِمَنۡ کَانَ لَہٗ قَلۡبٌ اَوۡ اَلۡقَی السَّمۡعَ وَ ہُوَ شَہِیۡدٌ (تحقیق اس میں نصیحت ہے اس کے لئے جسکا دل ہے یا حضور سے کان لگاتا ہے) عقل دل اور دل باطن اور باطن فنا ہو گیا۔ اور فنا وجود حضرت آدم علیہ السلام اور باقی پیغمبروں میں شہوتیں اور رغبتیں تھیں مگر وہ اپنے نفسوں کی مخالفت کرتے اور اپنے رب عزوجل کی رضا طلب کرتے تھے حضرت آدم علیہ السلام نے جنت میں ایک ہی خواہش کی اور ایک ہی لغزش کی پھر توبہ کی اور بار دگر نہ پھرے بلکہ خواہش محمود تھی اسلئے کہ انہوں نے خدا کے قرب سے علٰحدہ ہونا نہ چاہا۔ اور انبیاء علیہم السلام اپنے نفسوں اور طبیعتوں اور شیاطین کی مخالفت کرتے رہے حتیٰ کہ اپنے نفسوں سے بہت جہاد کرنے اور انکو تکلیف دینے کے باعث از روئے حقیقت فرشتوں سے ملگئے۔ انبیاء اور رسول اور اولیاء صبر کرتے ہیں تم بھی صبر کرنے میں انکی موافقت کرو۔ (ای غلام) اپنے نفس دشمن کے مارنے پر صبر کر۔ جلدی ہی تو اسے مار دیگا اور قتل کر ڈالیگا اور اس کا اسباب لیگا۔ پھر تجھے بادشاہ کی طرف سے خلعت اور جاگیریں ملینگی۔ ای غلام! سعی کر کہ تو کسیکو اذیت نہ پہنچائے اور یہ کہ تیری ہمت ہر ایک کے لئے نیک ہے۔ مگر اسکے لئے جسکے واسطے شرع نے ایذا دینے کا حکم دیا۔ اوسے اذیت پہونچانا عبادت میں داخل ہے۔ تیلمند تحبیب رسدید کی کرنا پھونکی گئی۔ اور انہوں نے اپنے نفسوں پر قیامت برپا کر دی۔ ایسی جنہوں کیساتھ دنیا دکنار ہوئے۔ تصدیق کے باعث پل صراط سے عبور کر گئے۔ اپنے دلوں کے ساتھ چلے حتیٰ کہ جنت در کھڑے ہو گئے راستے پر کھڑے ہوئے اور کہا کہ ہم اکیلے نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں نہیں کھاتا۔ پس وہ دنیا کی طرف واپس ہوئے۔ لوگوں کو خدائے عزوجل کی طرف دعوت کرتے ہیں اور انہیں وہاں کی خبریں بتلاتے ہیں۔ اور اپنے امور کو آسان کرتے ہیں۔ جب کا ایمان قوی اور اعتقاد کامل ہو وہ اپنے دل کیساتھ وہ سب باتیں قیامت کے متعلق جنکی خدائے عزوجل نے خبر دی اپنے دل سے دیکھتا ہے۔ بہشت اور دوزخ اور انکے درمیان کی چیزوں کو دیکھتا ہے۔ صور اور اسپر موکل فرشتے کو دیکھتا ہے

Marfat.com

سب اشیا کی ماہیت کو دیکھتا ہے دنیا اور اسکے زوال اور دنیا والوں کے حالات کا انقلاب دیکھتا ہے خلقت کو قبروں میں مردوں کی طرح دیکھتا ہے جب قبروں پر سے گذرتا ہے تو انہیں کی نعمت اور عذاب کو دیکھتا ہے قیامت اور اسکے قیام اور موقفوں کو دیکھتا ہے خدائے عزوجل کی رحمت اور عذاب کو دیکھتا ہے فرشتوں کو کھڑے اور نبیوں اور رسولوں اور ابدال و اولیا کو اپنے مرتبے پر دیکھتا ہے جنت والوں کو آپس میں زیارت کرتے اور دوزخیوں کو آپس میں عداوت رکھتے دیکھتا ہے جسکی نظر درست ہو وہ سر کی آنکھوں سے خلقت اور دل کی آنکھوں سے انہیں خدائے عزوجل کے فعل کو دیکھتا ہے اسکا انکو متحرک اور ساکن کرنا دیکھتا ہے یہ اللہ عزوجل کے دوستوں کی نظر عزت ہے وہ لوگ جب کبھی کسی شخص کو دیکھتے ہیں اس کا ظاہر سر کی آنکھوں سے اور باطن دل کی آنکھوں سے اور اپنے مولیٰ عزوجل کو اپنے باطن کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں جس نے خدمت کی مخدوم ہوا جب تقدیر آتی ہے تو اسکے موافق ہوتے ہیں خواہ خشکی یا تری خواہ نرم زمین یا سخت زمین پر اُٹھائے میٹھا کھلائے یا کڑوا عزت ذلت دولتمندی فقیری تندرستی بیماری میں اسکے موافق ہوتے ہیں قدر کے ساتھ چلتے ہیں حتیٰ کہ جب تقدیر کو انکا تھکان معلوم ہوتا ہے تو نیچے اتر آتی ہے اور انکو سوار کر لیتی ہے خود انکی خدمتگار اور ملازم اور متواضع ہو جاتی ہے انکی یہ عزت اور خدائے عزوجل سے مقرب ہونے کے باعث یہ سب کچھ نفس اور ہوا اور طبع اور عادت شیطان اور بُری صحبتوں کی مخالفت کا نتیجہ ہے۔ اے خدا ہمیں تمام حالات میں اپنی قدر کی موافقت نصیب کر۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا فرما۔ اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔

بیسویں مجلس آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) ۲۱ ماہ ذیقعدہ ۵۴۵ھ جمعہ کے روز صبح کیوقت مدرسہ میں فرمایا۔ اے اس شہر کے رہنے والو! تم میں نفاق زیادہ اخلاص کم ہے باتیں زیادہ اور عمل ناپدید ہے۔ بے عمل بات کوڑی کے کام کی نہیں۔ وہ حجت ہے نہ وجہ حجت۔ بے عمل قول خالی اور ویران گھر کی طرح ہے۔ خزانہ ہے جس میں سے خرچ نہیں کیا جاتا وہ صرف دعویٰ ہے بلا شہادت۔ صورت ہی بے روح بت ہے۔ بے دست و پا اور بے حس۔ تمہارے اکثر اعمال جسم بے روح کی طرح ہیں۔ روح کیا ہے

Marfat.com

اخلاص اور توحید اور قرآن و حدیث پر قائم ہونا۔ غفلت نکرو، برعکس کرو نجات پاؤ گے، امر کی اتباع کرو، نہی سے باز رہو
تقدیر کے موافق ہو، خلقت میں سے نہایت ہی کم ہیں، وہ جنکے دل انس اور مشاہدہ اور قرب الٰہی کی جگہ ہو گئے ہیں [illegible]
پس وہ قدر کے رنجوں اور مصیبتوں کو معلوم نہیں کرتے جو انپر گذر رہے ہیں انکو [illegible]
عزوجل کی حمد اور شکر بجالاتے ہیں گویا موجود نہیں تھے کہ خدائے عزوجل پر اعتراض کرتے۔ آفات [illegible] اسی طرح
نازل ہوتی ہیں جیسے تم پر، مگر انمیں سے بعض صبر کرتے ہیں اور بعض آفات انپر صبر کرنے سے فانی ہو جاتی ہیں صبر [illegible]
ضعف ایمان اور بچپن کی حالت میں ہوتا ہے اور صبر جوان قریب البلوغ ہونے میں اور موافقت بلوغ
کیوقت اور رضا قریب ہونے کیوقت وہ اپنے علم سے خدائے عزوجل کو دیکھتا ہے اور غیبت اور فنا دل اور باطن
کے خدائے عزوجل کے پاس ہونے کی حالت میں یہی حالت مشاہدہ اور باہمی گفتگو کی ہے باطن فنا ہو جاتا ہے
وجود فنا ہو جاتا اور خلقت کی نسبت معدوم۔ اور خدائے عزوجل کے پاس موجود ہوتا ہے وہاں [illegible]
اور سخت پگھل جاتا ہے۔ پھر جب خدا چاہتا ہے اُسے اُٹھاتا ہے جب اوسے لوٹانا چاہتا ہے اوسکو لوٹاتا ہے۔
اوسکے متفرق اور منتشر اجزاء کو جمع کرتا ہے جس طرح کہ قیامت کے روز مخلوقات کے جسم کو پارہ پارہ اور
بوسیدہ ہو جانیکے بعد جمع کریگا۔ اُن کے استخوان اور گوشت اور بال اکٹھے کریگا۔ پھر اسرافیل کو انمیں روح
ڈالنے کا حکم دیگا۔ یہ عام مخلوق کا حال ہے لیکن یہ لوگ (یعنی اولیاء اللہ) انکو ملاقات کے واسطے اٹھائیگا۔ ایک لمحہ میں
فنا اور دوسرے میں موجود کرے گا۔ محبت کی شرط یہ ہے کہ محبوب کے ہوتے ہوئے کوئی اور ارادہ نہ ہو اور اس سے
پھر کر دنیا و آخرت اور خلق میں مشغول نہ ہو اللہ عزوجل کی محبت آسان نہیں کہ ہر ایک دعوی کرے۔ بعض ایسے
ہیں کہ اسکا دعوی کرتے ہیں اور وہ ان سے دور ہے۔ اور بعض ایسے کہ دعوی نہیں کرتے اور وہ انکے [illegible]
مسلمانوں میں سے کسیکو حقیر نہ جانو، تم میں خدائے عزوجل کے اسرار بونے گئے ہیں ولی تو [illegible]
عزوجل کے بندوں پر غرور نکرو، اپنی غفلتوں سے باز آؤ، تم بڑی بھاری غفلت میں ہو [illegible] تمہارا [illegible]
نہ بہا جائیگا اور تم پلصراط سے عبور کر گئے ہو اور تم نے جنت میں اپنی جگہیں دیکھ لی ہیں۔ اتنا بڑا غرور کیا
تم میں سے ہر ایک نے خدائے عزوجل کی بڑی نافرمانی کی ہے پھر اس سے توبہ اوس میں فکر نہیں۔ اور شاید
یہ کہ دل بھول گئے ہوں گے۔ وہ تمہارے صحیفہ اعمال میں وقت اور تاریخ وار لکھے ہوئے [illegible]

Marfat.com

قابل اور کثیر پر حساب لیا جائیگا اور سزا دی جائیگی۔ ای غافلو! جاگو۔ ای سوتے ہوئے اٹھو۔ خدائے عزوجل کی رحمت کو لو۔ جسکے گناہ اور قصور زیادہ ہوئے اور اسپر اصرار کیا اور توبہ نکی۔ ندامت ظاہر نکی۔ تو وہ کفر کے قریب ہوگیا۔ اگر اس امر کا تدارک نکریگا۔ ای دنیا بے آخرت۔ ای خلق بے خالق تو فقر کے سوا کوئی خوف نہیں رکھتا اور دولتمندی کے سوا کوئی امید نہیں۔ تجھپر افسوس! رزق مقسوم ہے کم اور زیادہ اور مقدم و موخر نہیں ہوتا تجھے خدائے عزوجل کی ضمانت میں شک ہے اپنے غیر مقسوم کی طلب میں لالچ کرتا ہے تیری حرص نے تجھے علما کے پاس جانے اور نیکی کے مشاہدے سے روک لیا۔ تو ڈرتا ہے کہ تیرا نفع کم ہوجائیگا اور مال کم۔

(تجھپر افسوس) جب تو اپنی ماکے پیٹ مین تھا تجھے کس نے کھلایا۔ تو اپنے نفس اور خلقت اور دینار اور درہم اور خرید و فروخت اور اس شہر کے حاکم پر بھروسہ کرتا ہے۔ جسپر تو نے بھروسہ کیا وہ تیرا خدا ہے اور جس سے ڈرا اور امید رکھی وہ تیرا خدا ہے جسکو تو نے ضرر اور نفع میں دیکھا اور نہ خیال کیا کہ خدائے عزوجل اسکے ہاتھوں سے کراتا ہے وہ تیرا خدا ہے تھوڑی دیر کے بعد تو اپنا حال دیکھ لیگا۔ خدائے عزوجل تجھسے تیرے مکان اور آنکھیں اور قوت اور مال اور وہ سب کچھ جسپر تیرا اسکے سوا بھروسہ ہے لیگا اور تیرے اور خلقت کے درمیان دشمنی ڈالدیگا اور انکے دل تجھپر سخت کردیگا انکے ہاتھ تجھسے سمیٹ لیگا اور تجھے اپنے شغل سے معزول کردیگا اور تیرے پر دروازے بند کروادیگا اور ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر پھرائیگا اور تجھے ایک حبہ اور ذرہ بھی ندیگا اور جب تو اس سے مانگیگا قبول نکریگا۔ یہ سب کچھ تیرے اسکے ساتھ شریک پکڑنے اور اسکے غیر پر بھروسہ کرنے اور اسکی نعمتوں کو اسکے غیر سے طلب کرنے اور ان سے اسکی نافرمانی پر امداد لینے کے باعث سے ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ اس قسم کے لوگوں میں سے بہت کے ساتھ یہ معاملہ ہوا اور یہ امر گنہگاروں میں کثرت سے ہے اور بعض ایسے ہیں کہ توبہ کے ساتھ تدارک کرلیتے ہیں پس خدائے عزوجل اسکی توبہ کو قبول کرتا اور اسکی طرف رحمت سے دیکھتا اور اسکے سات عنایت اور مہربانی سے معاملہ کرتا ہے۔

ای خدا کے بندو! توبہ کرو۔ ای عالمو۔ فقیہو۔ عابدو۔ تم میں ہر ایک توبہ کا محتاج ہے۔ میں حیات اور ممات میں تمہارے احوال جانتا ہوں جب تمہارے اوائل امور مجھپر مشکل ہوجاتے ہیں تو آخر کار تمہاری موت کے وقت ظاہر ہوجاتے ہیں۔ جب تم میں سے ہر ایک کا اصل مال مجھپر مخفی ہوجاتا ہے تو میں اسکے خرچ کو

Marfat.com

دیکھتا ہون اگر اولاد اور اہل کے نفع اور فقراء اور خلقت کے مصالح میں خرچ ہو تو معلوم کرتا ہون کہ اسکا اصل حلال سے ہے اور اگر صدیقون پر جو خدای عزوجل کے خواص ہیں خرچ ہو تو معلوم کرتا ہون کہ اسکا اصل اور حاصل ہونا خدای عزوجل پر توکل رکھنے سے ہے اور حلال مطلق ہے۔ میں تمہارے ساتھ [illegible] نہیں پھرتا ہون لیکن خدای عزوجل اس طریقہ اور اسکے علاوہ اور طریقون سے [illegible] ای بندے پرہیزگار اس سے کہ خدای عزوجل اپنا غیر تجھ میں پائے پھر تو بے عزت ہوگا پرہیزگار [illegible] غیر کا خوف اور غیر کی امید اور غیر کی محبت کو دیکھے۔ اس کے تجربے سے دلوں کو پاک کرو ضرور [illegible] سے تم اس کے گھر اور ضیافت میں ہو۔ ای شخص خوبصورت چہروں کو دیکھنا اور [illegible] محبت ہے تجھے اسپر عذاب ملیگا۔ صحیح محبت جو بدلتی نہیں خدای عزوجل کی محبت ہے۔ [illegible] دل کی آنکھ سے دیکھتا ہے اور وہی روحانی صدیقوں کی محبت ہے۔ انہوں نے ایمان [illegible] بلکہ ایقان اور عین الیقین سے محبت کی ہے۔ انکے دلوں کی آنکھوں سے پردے اٹھ گئے پس انہوں نے جو کچھ غیب میں ہے دیکھ لیا۔ ایسی چیزیں دیکھیں جو بیان نہیں ہوسکتیں۔ ای خدا ہمیں اپنی محبت صافی اور [illegible] کے ساتھ نصیب کر۔ تمہارے نصیبے دنیا کے پاس مقررہ وقتوں تک خدای عزوجل کی طرف سے امانت ہیں کسی کو انکے مالک کے اذن پر تمہارے قبول کر دینے سے اسکے روکنے کی طاقت نہیں ہے۔ وہ طاقت [illegible] اور انکی [illegible] کو خراب کرتی اور انسے استہزا کرتی ہے اور ایہہ ٹھٹھا کرتی ہے جو اس سے اپنا غیر مقسوم طلب کرے اور اپنا جو اپنا مقسوم خدای عزوجل کی اجازت کے بغیر مانگے۔ (ای درویشو!) اگر تم اسکے یعنی دنیا کے دروازے سے پھرو اور خدای عزوجل کے دروازے پر متوجہ ہو تو میں تمہارے پیچھے تمہاری [illegible] خدای عزوجل سے عقل طلب کرو جب دنیا خدای عزوجل کے دوستوں [illegible] متوجہ ہو تو کہتے ہیں۔ جا ہمارے غیر کو دھوکا دے ہم نے تجھے پہچانا اور دیکھ بھال لیا ہے ہمارے درمیان [illegible] ہم نے تیرے باطن کو جان لیا ہے ہمیں زینت نہ دکھا۔ تیرا اوپر خوبصورت ہے اور لکڑی کے کھوکھلے بت جیسی روح نہیں زینت کر رہا ہے تو ظاہر ہے باطن ظاہر اور منجر آخرت کے لیے ہے جب [illegible] دنیا کے عیب ظاہر ہوئے تو وہ اس سے بھاگے اور خلقت کے عیوب انکو معلوم ہوگئے تو انسے [illegible] اور

Marfat.com

بھاگے اور نفرت کی اور جنگلوں اور بیابانوں ویرانہ اور غاروں میں ان جنوں اور فرشتوں کے ساتھ اُنس کیا جو زمین پر پھیلنے والے ہیں فرشتے اور جن اور صورتوں میں اُنپر ظاہر ہوتے ہیں کبھی زاہدوں اور راہبوں کی صورت میں ڈاڑھیوں کے ساتھ اور کبھی وحوش کی صورت میں جس صورت میں چاہتے ہیں ظاہر ہوتے ہیں فرشتوں اور جنوں کے پاس صورتیں اسطرح ہیں جیسے تم میں کسیکے گھر میں کپڑے لٹکے ہوں کہ جسکو چاہتا ہے پہنتا ہے۔ سچا مرید خدائی عزوجل کو حاصل کرنے کے لیے اوائل میں خلقت کو دیکھنے اور انکو کلام سننے اور دنیا میں سے ایک ذرہ کو بھی دیکھنے سے تنگ آجاتا ہے مخلوقات میں سے کسی چیز کے دیکھنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ اس کا دل حیران اور عقل غائب اور آنکھ بلند ہوتی ہے ہمیشہ اسیطرح رہتا ہے حتیٰ کہ رحمت کا ہاتھ اسکے دل کے سر پر واقع ہوتا ہے اسے سکون حاصل ہوتا ہے وہ ہمیشہ مست رہتا ہے حتیٰ کہ خدائی عزوجل کے قرب کی خوشبو سونگھ لیتا ہے پس اُسوقت ہوش میں آتا ہے اور جب اسکی توحید اور اخلاص اور معرفت اور علم اور محبت پر قادر ہوجاتا ہے تو اسکو ثابت قدمی اور خلقت سے میل ملاپ رکھنے کا حکم ہوجاتا ہے خدائی عزوجل کی طرف سے اسے قوت ملتی ہے پس بے تکلف اُنکے بوجھ اٹھا لیتا ہے ان کے نزدیک ہوتا انکو طلب کرتا ہے اور اسکا کل شغل انکی مصلحتیں ہوتی ہیں اور وہ اپنے خدا سے ایک لمحہ بھی نہیں پھرتا بتدی زاہد خلقت سے بھاگتا ہے اور زاہد کامل اُنسے بے نیاز ہے انسے بھاگتا نہیں بلکہ انکو طلب کرتا ہے اسلیئے کہ خدائی عزوجل کو پہچان لیتا ہے اور جسنے خدا کو پہچانا وہ اسکے سوا کسی سے نہ بھاگتا اور نہ ڈرتا ہے۔ بتدی فاسقوں اور گنہگاروں سے بھاگتا ہے اور اختیار کو پہونچا ہوا انکو طلب کرتا ہے کیونکر نہ طلب کرے انکی دوا اسکی پاس ہے۔ اسیواسطے انمیں سے بعض نے فرمایا کہ فاسق کے مونہہ پر نہیں ہنستا مگر عارف جو خدائی عزوجل کی معرفت میں کامل ہوجاتا ہے وہ رہبر ہے۔ وہ جال ہوتا ہے خلقت کو دنیا کے دریا سے شکار کرتا ہے۔ قوت دیا جاتا ہے حتیٰ کہ ابلیس اور اوسکے لشکر کو شکست دیتا ہے۔ خلقت کو انکے ہاتھ سے چھوڑاتا ہے۔ ای شخص تو جاہل نہ زہد سے گوشہ گیر ہے۔ آگے آ۔ اور اسکو سن جو میں کہتا ہوں۔ ای دیہہ کے زاہد واگے بڑھو۔ اپنے عبادت خانوں کو ویران کرو اور میرے پاس آؤ تم اپنی خلوتوں میں اصل کے بغیر بیٹھے ہو۔ تم کو کچھہ حاصل نہیں ہوا۔ آگے بڑھو اور حکم کے پھل چنو۔ تمپر خدا رحم کرے میں تمہاری آنکھوں

Marfat.com

دوست تمام اشیاء سے غنی ہے۔ قانع مومن جب دنیا کی کسی شے کا محتاج ہوتا ہے تو خدائے عزوجل پر سوال اور
عاجزی اور ذلت اور توبہ کے قدموں سے داخل ہوتا ہے پس اگر وہ اسکا مقصود عطا کرتا ہے تو اسکے عطا پر شکر
کرتا ہے اور اگر نہیں دیتا تو نہ دینے پر اسکا موافق ہوتا اور بغیر اعتراض اور مقابلہ کے اسکے ارادے پر صبر کرتا
ہے وہ غنا کو اپنے دین اور ریاء اور نفاق اور فریب سے نہیں کرتا۔ ای منافق جیسا کہ تو کر رہا ہے ریا اور نفاق
اور گناہ اور فقر اور ذلت اور خدائے عزوجل کے دروازے سے نکالے جانے کا باعث ہے ریاکار منافق دنیا کو
دین اور پرہیزگاروں کے لباس میں بے اہلیت آراستہ ہو کر چاہتا ہے ان جیسے کلام کرتا اور انکی طرح
لباس پہنتا ہے ان جیسے عمل نہیں کرتا۔ ان سے اپنے نفس کو چھپاتا ہے حالانکہ ان سے نہیں تیرا لا الہ الا اللہ
کہنا دعویٰ ہے اور اسپر توکل اور بھروسہ اور غیر سے دل ہٹانا شاہد ہیں۔ ای جھوٹ بولنے والے۔ ای مولیٰ سے
بھاگنے والے۔ اسکی طرف پھرو اور اپنے دلوں سے خدائے عزوجل کے دروازے کا ارادہ کرو اور اس سے
صلح کرو اور اسکے آگے عذر بیان کرو۔ ایمان کی حالت میں دنیا سے شرع کے بموجب لے اور ولایت
کی حالت میں خدائے عزوجل کے امر کے ساتھ سے مع شہادت ان دونوں یعنی قرآن اور حدیث کے اور
ابدالیت اور قطبیت کی حالت میں خدائے عزوجل کے فعل سے سب چیزیں اسکے سپرد کر۔ ای غلام تو شرم نہیں
کرتا۔ اپنے نفس پر رو ثواب اور توفیق سے محروم ہے تجھے شرم نہیں آتی کہ آج فرمانبردار اور کل
نافرمان۔ آج مخلص اور کل مشرک بنتا ہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا۔
مَنِ استَویٰ یَومَاہُ فَہُوَ مَغبُونٌ وَمَن کَانَ اَمسُہٗ خَیرًا مِن یَومِہٖ فَہُوَ مَحرُومٌ (جسکے دونوں دن
یعنی آج اور گذشتہ کل برابر ہوگئے وہ نقصان زدہ ہے اور جسکا کل گذشتہ آج سے اچھا تھا وہ
محروم ہے) ای غلام تجھسے کچھ نہ بنے گا اور بنانا ضروری ہے۔ خدائے عزوجل سے [illegible]
اس دریا میں جس میں کہ تو حرکت کر رہا ہے تجھے اٹھا لینگی اور کنارے پر ڈالدینگی۔ تیرا کام [illegible]
اور اسکا کام قبول کرنا۔ تیرا کام کوشش کرنا ہے اور اسکا کام توفیق دینا۔ تیری طرف سے چھوٹنا اور
اسکی طرف سے غیرت۔ اپنی طلب میں سچا ہو تجھے اپنے قرب کا دروازہ دکھائے گا۔ تو اسکی رحمت کا ہاتھ
اپنی طرف لمبا اور لطف وکرم ومحبت کو اپنا شامل پائے گا۔ پھر تو [illegible] اولیاء [illegible]

Marfat.com

ای نفسوں اور طبیعتوں اور ہوا و شیاطین کے بندو میں تم سے کیا کروں میرے پاس نہیں ہو مگر حق
خالصہ [illegible] خدای عزوجل کے [illegible] اور اس سے [illegible]
منافقو۔ ای [illegible] تمہاری [illegible] کا مطیع [illegible] اور [illegible] کرو گے
تم [illegible] کیا کرو [illegible] کرتے اور اس [illegible] پائی [illegible] اور اسکی نظر اور
ان [illegible] اشارت کرتے ہو میرے پاس [illegible] اس سے ہر ایک منافق کافر
[illegible] خدای عزوجل کی طرف [illegible] ہوں
بزرگوں [illegible] ایک [illegible] (اسپر خدا کی رحمت ہو) [illegible] خدای عزوجل کی
[illegible] میری بات [illegible] تمہارا [illegible] تم کو
تمہارے [illegible] اور خدای عزوجل کیسا [illegible] صحبت کبھی
نفع اٹھایا اور [illegible] اور میری صحبت میں [illegible] محروم رہا [illegible] دنیا و آخرت
کے عذاب [illegible] اسکی [illegible] کے اسباب میں اسکا مقابلہ اور اسپر اعتراض کو ترک کیا [illegible]
اسکی تقدیر پر راضی [illegible] واسطے [illegible] اپنے [illegible] کہا اگر تو خدای عزوجل کی [illegible]
[illegible] اسکی تقدیر اور [illegible] راضی [illegible] اور اپنے نفس اور [illegible]
[illegible] ای [illegible] والو۔ ای مخلوق فارغ رہنے والو۔ تمہیں کونسی چیز خدای عزوجل
سے [illegible] اگر تمہارے [illegible] اسپر اطلاع ہو تو تم ضرور حسرت کرو۔ اور نادم ہو جاؤ۔ ای [illegible]
تم تھوڑی دیر [illegible] اپنے نفسوں پر نالہ کرو پیشتر اسکے کہ تم پر رویا جائے۔ تمہارے گناہ بہت
[illegible] تمہارے دل [illegible] محبت اور اسکی حرص بیمار ہیں [illegible] اور ترک [illegible] خدا عزوجل پر
[illegible] دین کی [illegible] اصلی مال ہے۔ اور اعمال نیک نفع [illegible] اس چیز کی
طلب جو [illegible] قناعت کرو جو [illegible] عقلمند کسی چیز پر خوش نہیں
ہوتا [illegible] اور حرام [illegible] تم میں سے بہت نے عذاب اور حساب کو بھلایا ہوا ہے۔
ای غلام: جب [illegible] دنیا کی کوئی چیز آئے تو دیکھ کہ تیرا دل اس سے کراہت کرتا ہو تو چھوڑ دے

Marfat.com

لیکن تیرا دل توکل کا کل نفس اور طبیعت اور ہوا ہے۔ دل والوں سے محبت [illegible] ہو جائے تیرے لئے کوئی شیخ حکیم۔ اللہ کے احکام پر عمل کرانے والا ضروری ہے جو تجھے مہذب بنائے اور تعلیم دے اور نصیحت کرے کہ تو نے تمام چیزیں مفت بیچ ڈالیں اور لا شئے (کچھ نہیں) کو خرید لیا یعنی دنیا کو آخرت کی عوض میں خرید لیا اور آخرت کو دنیا کی عوض میں بیچ ڈالا۔ تو ہوا اور ہوا [illegible] [illegible] جیسے حیوان کھاتے پیتے ہیں بغیر تمیز کے [illegible] اور استغفار کرنے [illegible] مومن حلال شرعی کو کھاتا ہے اور ولی دل میں خدا کی طرف سے کیا گیا حکم کیا جاتا [illegible] منع کیا جاتا ہے اور ابدال کو کوئی اہتمام نہیں [illegible] چیزیں انہیں تاثیر کرتی ہیں اور وہ خدائے عزوجل کے ساتھ اپنے وجود سے غائب اور ساکن فنا ہے پس ولی امر کے ساتھ قائم ہے اور ابدال مسلوب الاختیار۔ لیکن سب کچھ حدود شرع کی حفاظت کیساتھ ہے۔ اپنے وجود اور خلقت سے فانی ہونے والا حدود شرع کی محافظت کرتا ہے پھر قدرت کے دریا میں چلا جاتا ہے پس اوسکی موجیں اسکو کبھی بلند اور کبھی پست کرتی ہیں اور کبھی کنارہ پر پلٹا کر اور کبھی دریا میں ڈالدیتی ہیں۔ وہ اصحاب کہف کی طرح ہو جاتا ہے جنکے حق میں خدائے عزوجل نے فرمایا وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ (ہم انکو داہنے اور بائیں پلٹاتے ہیں) انکو عقل اور تمیز [illegible] نہیں [illegible] گھر میں ظاہری اور باطنی آنکھیں بند کئے ہوئے ہیں اسی طرح اس [illegible] کی ولی آنکھیں خدائے عزوجل کے غیرت بند ہیں وہ نہیں دیکھتا مگر اسکو اور اسی سے اور نہیں سنتا مگر [illegible] خدا [illegible] اپنے غیرت [illegible] اپنے پاس موجود کر دِ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اور دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا

[illegible] مجلس [illegible] سے راضی ہو بارہویں ماہ ذی الحجہ [illegible]

[illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے [illegible] الصمد [illegible] الذنوب [illegible] وَذِكْرُ الْمَوْتِ [illegible] مجالس الذکر [illegible] تحقیق دلونکے [illegible] قرآن [illegible] اور وعظ کی مجلسوں میں حاضر ہونا [illegible] تہ بلغہ

سیاہی کی طرف منتقل ہوگا۔ دل نور سے دور ہونے اور دنیا سے محبت کرنے اور اسکو ناجائز طریقوں سے جمع کرنیکے سبب سیاہ ہوجاتا ہے اسلیے کہ جسکے دلپر محبت دنیا غالب ہوئی اُسکی پرہیزگاری جاتی رہی اسکو حلال اور حرام وجہ سے جمع کرتا ہے جمع کرنے میں تمیز نہیں کرتا۔ خدائے عزوجل سے حیا نہیں کرتا۔ اور اُسکی ذات میں فکر نہیں کرتا۔ اے درویشو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کہا مانو۔ اپنی دلون کا زنگ اس دوا سے جو آپنے بیان کی دور کرو۔ اگر تم میں سے کسیکو بیماری لگجائے اور کوئی طبیب اُسکی دوا بیان کرے تو جب تک اسکو استعمال نکرلو تمہیں چین نہیں آتا اپنی خلوتون اور جلوتون میں خدائے عزوجل کا مراقبہ کرو۔ اسکو (ہروقت) اپنی آنکھون کے سامنے اسطرح رکھو گویا کہ تم اسکو دیکھ رہے ہو۔ اور اگر تم اسکو نہیں دیکھتے تو وہ تمہیں دیکھتا ہے۔ جو شخص خدائے عزوجل کو دل سے یاد کرتا ہو وہی اوسکا ذاکر ہے اور جو دل سے اُسے یاد نکرے وہ اوسکا ذاکر نہیں۔ صرف زبان سے ذکر کرنیوالا اسکا دلی غلام اور تابعدار نہیں۔ وعظون کے سننے میں ہمیشگی کرکیونکہ جب وعظون سے غائب ہوتا ہے اندھا ہو جاتا ہے۔ تو ہر کی حقیقت یہ ہے کہ خدای عزوجل کے امر کی ہر حال میں عزت کی جائے۔ اسیواسطے کسی بزرگ نے کہا اُسپر خدا کی رحمت ہو تمام نیکی دو باتون میں ہے۔ خدای عزوجل کے امر کی تعظیم اور خلقت پر شفقت کرنا۔ جو شخص خدائے عزوجل کے امر کی تعظیم نکرے اور خلقت پر مہربان نہو وہ خدا سے بعید ہے۔ اللہ عزوجل نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی۔ لوگوں پر رحم کرتا کہ میں تجہپر رحم کرون۔ میرا نام رحیم ہے جو شخص رحم کرے اُسپر رحم کرتا ہون اور اپنی جنت میں داخل کرتا ہون پس رحم کرنے والونکو بشارت ہو۔ تمہاری عمرات حیلون مین ضائع ہو گئی بزرگون نے کہا اسلیے ہم نے بہی۔ اُنھون نے پیا اسلیئے ہم نے بھی۔ اُنھون نے پہنا اسلیئے ہم نے بہی اُنھون نے جمع کیا اس لیے ہم نے بھی۔ جو شخص نجات چاہے اُسے چاہیے کہ اپنے نفس کو محرمات اور شبہات اور شہوات سے بچائے اور خدای عزوجل کے امر کو ادا کرنے اور نہی سے باز رہنے اور قدر پر موافقت میں صبر کرے اولیانے خدای عزوجل کیساتھ صبر کیا نہ اس سے اسکے لیئے۔ اور اس میں صبر کیا اسلیئے کہ اُسکے پاس ہوجائیں۔ اسکو تلاش کیا تا کہ اُنہیں اسکا قرب حاصل ہو اپنے نفسوں ہوا اور طبائع کے گہرون سے نکلے اور شرع کو ساتھ لیا اور خدائے عزوجل کیطرف چلے پس آفتوں ہولون۔ اور مصیبتون۔ اور غمون۔ اور رنجوں

Marfat.com

بھوک۔ پیاس۔ برہنگی۔ ذلت۔ بے عزتی نے انکا استقبال کیا مگر انھوں نے انکی کچھ پروا نہ کی اپنے سے
نہ پھرے۔ اپنی حالت سے نہ بدلی اور بڑھتے گئے ان کے چلنے میں ضعف نہ آیا ہمیشہ امیدوار رہے حتی کہ
انہیں دل اور جسم کی حیات حاصل ہوگئی۔ اے لوگو۔ خدائے عزوجل کے دیدار کے لیے عمل کرو اور اس سے ملنے کے
پہلے اس سے حیا کرو۔ مومن اول خدائے عزوجل سے حیا کرتا ہے پھر خلقت سے مگر دین کے معاملہ اور حدود شرع
تجاوز کیا جانیکے وقت اسکے لیے حیا جائز نہیں بلکہ بے حیائی کرتا ہے اور حدود کو قائم کرتا اور خدائے عزوجل
کے امر کی اطاعت کرتا ہے جو یہ ہے وَلَا تَأْخُذْكُم بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ (زانی اور زانیہ پر اللہ کے
دین میں تمکو رحم نہ آجائے) جسکی متابعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر صحیح ہوتی۔ وہ یعنی رسول
صلی اللہ علیہ وسلم اسکو زرہ پہناتے ہیں اور خود اسکے گلے میں تلوار لٹکاتے ہیں اور اپنے ادب اور خصائل
اور اخلاق سے درست کرنے اور خلعت عطا فرماتے ہیں۔ اور اسپر بہت خوش ہوتے ہیں کیوں نہ ہو کہ وہ آپکی
امت میں سے ہیں اور خدائے عزوجل کا شکر ادا کرتے ہیں پھر اسکو امت میں اپنا نائب اور رہبر اور لوگوں کو
خدائے عزوجل کے دروازے کی طرف بلانے والا بناتے ہیں۔ آپ داعی اور دلیل تھے جب خدائے عزوجل نے
آپکو اپنے پاس بلالیا تو آپکی امت سے آپکے خلیفے قائم کر دیئے جو کروڑوں میں سے کوئی ایک ہیں۔ قیام قیامت
تک کوئی تو خلقت کو رہنمائی کرتے ہیں اور انکی تکلیفوں کو سہتے ہیں اور باوجود اسکے انکو نصیحت کرتے
اور منافقوں اور فاسقوں پر ہنستے اور انکے لیے ہر ایک حیلہ کرتے ہیں حتی کہ انکو اسی حالت سے جسمیں کہ
وہ ہیں خلاصی دیتے اور خدائے عزوجل کے دروازے تک پہنچاتے ہیں۔ اسیواسطے ایک بزرگ نے کہا خدا اسپر رحمت
بھیجے۔ منافق کے مونہہ پر نہیں ہنستا مگر عارف اسکے مونہہ پر ہنستا ہے اور ایسا ظاہر کرتا ہے کہ وہ اسے نہیں
پہچانتا۔ حالانکہ وہ اسکے دین کے گھر کی ویرانگی اور دل کے چہرے کی سیاہی اور فریب [illegible]
کثرت کو جانتا ہے۔ اور فاسق اور منافق یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ہمیں نہیں جانتا اور نہیں پہچانتا بلکہ انکی
کوئی عزت نہیں وہ اسپر پوشیدہ نہیں ہیں وہ انکو ہر ایک لحظہ اور نظر اور بات اور حرکت سے پہچانتا ہے
اللہ اسکے ظاہر و باطن سے یقیناً اچھی طرح واقف ہے۔ تمپر افسوس کیا تم خیال کرتے ہو کہ تمہارا حال صدیقوں
عارفوں۔ عالموں سے پوشیدہ ہے کس وقت تک تم اپنی عمریں لاحاصل کروگے اور آخرت کو

Marfat.com

بھولے رہوگے اسکو تلاش کرو جو تمہیں آخرت کی راہ بتلائے۔ اللہ اکبر اے دنون کے مردو اے اسباب کے
ساتھ شرک کرنے والو اے اپنی قوت اور طاقت اور معیشت اور اس اعمال اور اپنے ملک اور جہان کے بادشاہون کے
بتون کو پوجنے والو۔ یاد رکھو کہ تم خدائے عزوجل سے مجوب ہو جو شخص اللہ عزوجل کے غیر سے ضرر اور نفع کو
دیکھتا ہو وہ خدا کا بندہ نہیں بلکہ اسکا ہے جس سے انکو دیکھا ہے وہ آج دوزخ اور حجاب کی آتش میں ہے اور کل
جہنم کی آگ میں ہوگا۔ خدائے عزوجل کی آگ سے بچتے نہیں مگر متقی اور موحد اخلاص کرنے والے۔ توبہ کرنے والے
پہلے دلون سے توبہ کرو۔ پھر زبانون سے توبہ سلطنت کا پلٹنا ہے نفس و ہوا۔ شیطان اور بری ہم صحبتون
کی سلطنت کو پلٹنا جب تونے توبہ کی تیرا دل کان۔ آنکھیں۔ زبان اور تمام اعضاء پلٹ گئے اور
تیرا کھانا پینا حرام اور شبہے کی کدورت سے صفا ہوا۔ اپنی معاش اور خرید و فروخت میں پرہیزگار بن اور
اپنا بڑا مقصد اپنے مولیٰ عزوجل کو بنا۔ پس بری عادت دور ہوئی اور عبادت نے اسکی جگہ لی۔ گناہ جاتی
رہے اور طاعت انکی قایم ہوئی۔ پھر تو شریعت اور اوسکی شہادت کیساتھ حقیقت میں قائم کیا جائیگا
اسلئے کہ جس حقیقت کی شریعت شہادت نہ دے وہ زندقہ ہے۔ جب یہ تجھ مین یہ متحقق ہوجائے تو برے اخلاق
اور تمام خلق کے دیکھنے سے تو فنا ہوجائیگا۔ اسوقت تیرا ظاہر مخلوق اور باطن خدائے عزوجل میں مشغول
ہوگا۔ پس جب تو اس میں کامل ہوجائے تو اگر تیرے پاس دنیا مع اپنے مال و اسباب کے آئے اور اپنے آپکو تیرے
حوالے کرے اور ساری خلقت اول و آخر تیری تابعدار بنجائے تو تجھے اس سے ضرر نہیں ہوگا اور تو خدائے عزوجل
کے دروازے سے نہیں پھرے گا اس لئے کہ تو اسکی ساتھ ہے اسپر متوجہ اسمین مشغول۔ اور اوسکے جلال
وجمال کو دیکھتا ہے جب تو اسکے جلال کی طرف دیکھیگا تو شکستہ ہوگا اور جب جمال پر نظر ڈالیگا تو جمع ہو
جلال کو دیکھ کر ڈرے گا اور جمال کو دیکھنے سے امید کرے گا جلال کے دیکھنے سے ناپید ہوگا اور جمال کو
دیکھنے سے ثابت قدم ہوگا۔ پس بشارت ہو انکو جنہوں نے اسکا کھانا چکھ لیا۔ اے خدا ہمکو اپنے قرب کا کھانا دے
اور اپنے انس کی شراب پلا رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور
ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔

مجلس ۔ آپنے (خدا آپسے راضی ہو) ربیع الاول کو مدرسہ میں جمعہ کی صبح

ماہ ذی حج ۵۴۵ ہجری میں فرمایا۔ خدائے عزوجل کی تدبیر اور علم میں اپنے نفسوں، ہوسوں، طبیعتوں۔
کو شریک نہ گردانو۔ اور اپنے غیر میں اس سے ڈرو۔ کسی بزرگ سے روایت ہے خدا اس سے راضی ہو۔
اُسنے فرمایا خلقت میں خدائے عزوجل کا موافق بن اور راہ خدا میں خلقت کا موافق نہ بن جسنے اس سے
توڑا وہ شکستہ ہوا اور جسنے اس سے ملایا وہ ملایا گیا خدائے عزوجل کی موافقت اسکے نیک موافق بندوں
سے سیکھو علم عمل کے لئے بنایا گیا ہے نہ صرف زبانی یاد کرنے اور خلقت پر پیش کرنیکے لیے علم پڑھ اور عمل کر
پھر غیر کو پڑھا جب تو نے علم پڑھا پھر اسپر عمل کیا تو اگرچہ تو خاموش رہے گا علم تجھسے بولیگا عمل کی
زبان سے کلام کرے گا۔ اکثر (عالم) ایسے ہیں جو علم کی زبان سے کلام کرتے ہیں اسیواسطے کسی بزرگ نے
فرمایا (اسپر خدا کی رحمت ہو) وہ شخص جسکی نظر تجکو مفید نہ ہو۔ اسکا وعظ بھی [illegible] کرے گا اپنے علم پر عمل
کرنے والا اپنے علم سے خود بھی فائدہ اٹھاتا ہے اور دوسروں کو بھی [illegible] خدائے عزوجل ان
لوگوں کے حالات سے کہ جب جو ہمارے پاس موجود ہیں مجھے جیسا چاہتا ہے کلام کراتا ہے [illegible] اور
تمہارے درمیان عداوت ہے میرا اسباب اور مال تمہارے لئے خرچ کیا گیا ہے اور میرے پاس کوئی شے نہیں
[illegible] نہ ہو سکتا میرے اور تمہارے ... درمیان کوئی تعلق سوائے نصیحت کے
نہیں ہیں کہ خدائے عزوجل کے لئے وعظ کرتا ہوں نہ اپنے لئے قدر کی موافقت کر نہیں تو وہ تجھے
توڑ ڈالے گی اسکے ساتھ اغنیاء پر [illegible] نہیں تو حرکت نہ کر۔ اسکے سامنے سر جھکائے ہوئے بیٹھ یہاں تک
کہ تجھپر رحم کرے اور اپنے ساتھ لے لے۔ قوم یعنی اولیاء کے امر کا آغاز کسب ہے دنیا سے حاجت کے موافق
شریعت کے ہاتھ سے لیتے ہیں حتی کہ جب ان کے جسم کسب سے عاجز ہو جاتے ہیں تو توکل آتا اور انکے [illegible]
فنا اور حق تعالیٰ کو قید کرتا ہے انکو دنیا سے انکا نصیبہ خوشگوار کافی طور سے [illegible]
جاتا ہے بغیر ان میں [illegible] بین جنت کی نعمتوں سے بے ارادہ ملبس آتا ہے اور انہیں خدائے
عزوجل کی موافقت کرتا ہے جیسا کہ دنیا میں اپنے نصیبہ کے تناول کرنے میں اسکا موافق ہوا وہ انکے دنیا و آخرت
میں انکا پورا حصہ دیتا ہے کیونکہ وہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔ اے غلام! جب تجھ پر رحمت کریگا عطا [illegible]
خدائے عزوجل کے غیر کو دل سے چھوڑنا کہ تو اسکے قریب ہو اپنے نفس خلقت کو مرجا پھر تو تیرے اور خدا [illegible]

Marfat.com

درمیان سے حجاب اُٹھ جائیگا کسی نے کہا میں کسطرح مروں (آپنے فرمایا) نفس ہوا۔ طبیعت کی اطاعت اور خلقت اور اسباب کی پیروی چھوڑ دے اُنسے ناامید ہو۔ انکو شریک بنانا ترک کر۔ خدائے عزوجل کی طلب کر۔ اپنے سارے عمل صرف ذات الٰہی کے لیئے کر۔ ان کے عوض میں اُسکی نعمتیں نہ مانگ۔ اوسکی تدبیر اور قضا اور افعال پر رضا ظاہر کر پس جب تو یہ کریگا اپنے وجود سے مرجائیگا اور اس سے حیات پائیگا۔ تیرا دل اسکا مسکن ہوگا وہ جس طرح چاہیگا اسکو پلٹا دیگا۔ اسکے قرب کے کعبہ کے پردوں سے معلق۔ اسیکا ذکر کرنیوالا اُسکے غیر کو فراموش کرنیوالا ہو جائیگا۔ جنت کی چابی آج بھی اور کل بھی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے۔ تیرے اپنے نفس اور اپنے غیر اور خدا کے غیر سے مع حفاظت حدود شرع فنا ہونیکے وقت خدای عزوجل کا قرب قوم (یعنے اولیاء اللہ) کا جنت ہے اور اس سے دوری دوزخ۔ وہ اُمید نہیں رکھتے مگر اسی جنت کی۔ اور ڈرتے نہیں مگر اسی دوزخ سے اُنکے سامنے آگ کی سوزش کیا ہے کہ وہ اس سے ڈریں بلکہ وہ تو مومن سے فریاد کرتی اور بھاگتی ہے مخلص محبوب سے کیوں نہ بھاگے گی۔ مومن کا حال دنیا و آخرت میں کیا ہی اچھا ہے وہ پروا نہیں کرتا کہ دنیا میں کس حال پر ہے جبکہ اسنے جان لیا کہ میرا خدای عزوجل مجھ سے راضی ہے جس جگہ اپنے مقدر کو جانا وسپر راضی ہوا جس طرف متوجہ ہوا خدائے عزوجل کے نور کو دیکھا اس کے نزدیک اندھیرا مطلق نہیں اسکے تمام اشارے اسیکی طرف ہیں۔ اسکا کل اعتماد اسی پر۔ اور کل توکل اُسی پر ہے۔ مومن کو ایذا دینے سے بچو کیونکہ وہ ایذا دینے والے کے جسم میں زہر اور اوسکے فقر اور عذاب کا موجب ہے اسکے خدائے عزوجل اور اسکے غیر سے ناواقف۔ اسلیے غائب ہونے کا ذائقہ نہ لے وہ زہر قاتل ہے بچا اپنے آپکو بھی اپنے آپکو۔ پھر بچا کہ تو بدی سے اُنکے ساتھ پیش آئے اسلیئے کہ تحقیق ان کا خدا ہے جو انپر غیرت کرتا ہے ای منافق نفاق کا شک تیرے دل اور تیرے ظاہر و باطن کا مالک بنگیا ہے۔ تمام حالات میں توحید اور اخلاص کو کام میں لا۔ تو شفا پائیگا اور تیرا شک دور ہوگا کیسی کثرت سے تم حدود شرع کو چھیڑتے اور تقوی کے درعوں کو پھاڑتے ہو اور توحید کے لباس کو پلید کرتے اور ایمان کی آگ کو بجھاتے اور تمام افعال واقوال میں خدائے عزوجل سے دشمنی کرتے ہو جب تم میں کوئی ایک فلاح پاتا اور عبادت کرتا ہے تو وہ غرور اور خلقت کو دیکھنے اور اپنے تعریف طلب کرنیکے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے۔ تم میں جو جاہل

Marfat.com

اللہ عزوجل کی عبادت کرے اور اُسے چاہیئے کہ خلقت سے کنارہ کرے اسلیئے کہ عملوں کے وقت انکا دیکھنا اعمال کو باطل کرتا ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپنے فرمایا عَلَیْکُمْ بِالْعُزْلَۃِ فَاِنَّھَا عِبَادَۃٌ وَ اِنَّھَا دَاْبُ الصَّالِحِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ (گوشہ نشینی کو لازم پکڑو وہ عبادت ہے اور تم سے پہلے نیکوکاروں کا طریقہ ہے) ایمان پھر ایقان۔ پھر فناء اور خدائے عزوجل کے ساتھ ہونے کو لازم پکڑو۔ نہ اپنے نفس اور غیر کے ساتھ ہونے کو مع حفاظت حدود شرع مع رضامندی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور مع رضامندی اسکے جو تلاوت کیا جاتا اور سنا جاتا اور پڑہا جاتا ہے یعنے قرآن کے جو شخص اُسکے سوا کچھہ اور رکھے وہ قابل اعتبار نہیں یہ جو مصحفوں اور الواح میں لکہا ہے خدائے عزوجل کی کتاب ہے۔ کچھہ اُسکے ہاتھ میں اور کچھہ ہمارے ہاتھ میں خدائے عزوجل کو لازم پکڑو۔ اور اُسیکا ہورہ۔ اور اسی سے تعلق پکڑ۔ وہ تجھے دنیا و آخرت کی تکلیف سے کفایت کریگا اور حیات و ممات میں تیری حفاظت کریگا اور تجھسے تمام حالات میں ضرر دفع کریگا یہ سپاہی جو مسلط کیے گئے ہیں اُسے لازم پکڑ اُسکی خدمت کر تاکہ وہ تیری خدمت کرے تیرے دل کے ہاتھ کو پکڑے اور خدائے عزوجل کے سامنے کھڑا کردے اور پھر عمل کرنا تیرے دل کے بازوؤں پر لگائے گا پس وہ انکی مدد خدائے عزوجل کی طرف اُڑ جائیگا ای کہ تونے صوف پہنا ہے پہلے باطن پر پہر دل پر پہر نفس پر پہر بدن پر پہن [illegible] کی ابتدا اُسجگہ سے ہوتی ہے ظاہر سے باطن کیطرف سے جب باطن صاف ہوجائے تو صفائی دل اور نفس اور [illegible] اور [illegible] کی طرف تجاوز کرتی ہے۔ پہر تمام حالات کی طرف۔ اول گہر کا اندر تعمیر کیا جاتا ہے۔ جب اُسکی عمارت تمام ہوجاتی ہے تو دروازہ کی عمارت شروع کر۔ ظاہر بلا باطن۔ خلق بے خالق۔ دروازہ بغیر گہر۔ اور ویرانہ بغیر [illegible] ای خلق بے خالق یہ جس میں تو ہے یہ تجھے قیامت کیدن نفع نہ دیگا بلکہ ضرر پہنچائیگا۔ [illegible] خریدا نہیں جائیگا۔ اسجگہ تیرا اسباب ریاء نفاق اور گناہ ہیں اور تیرا [illegible] [illegible] رائج نہیں۔ اسلام کو ٹھیک کر پھر نفع لے۔ اسلام استسلام سے نکلا ہے اور یہ کہ خدائے عزوجل کا امر آئیکے سپرد اپنا نفس اسیکو سونپ اور اسی پہ بھروسہ کر۔ اور اپنی طاقت و قوت کو بہلا دے اور جو کچھہ دنیا سے تیرا [illegible] اسکی عبادت میں صرف کر عبادتیں کر۔ اور اُنکو اونکے سپرد کر اور بہلا دے۔ [illegible] ہے۔ وہ عمل جس میں اخلاص نہیں بیکار ہے بغیر مغز کے ملبی لکڑی جسم بلا روح بصورت بلا معنی اور یہ منافقوں [illegible]

Marfat.com

عمل ہے۔ ای شخص۔ تمام خلقت آلات ہیں اور خدائی عزوجل انکا صانع اور انمیں تصرف کرنیوالا پس جسنے اسکو دیکھا۔ آلات میں پہنسا رہنے سے چہوٹا اور ان میں تصرف کرنیوالے کو دیکھا۔ خلقت کیساتھ رہنا دشمنی رنج اور سختی ہے اور خدائی عزوجل کے ساتھ رہنا آرام۔ اور نعمت ہے۔ ای راہ کو چہوڑے ہوئے ای وہ کہ تیرے ساتھ انس وجن کے شیاطین نے کھیل کیا۔ ای نفس ہوا طبیعت کے بندے تو بزرگوں کی راہ سے دور ہے۔ تیرے اور انکے درمیان کوئی تعلق نہیں۔ تونے اپنی رائے پر قناعت کی اور استاد نکڑا۔ جو تجھے معرفت اور ادب بتلاتے۔ تجھپر افسوس تو گونگا ہے۔ خدائی عزوجل کے آگے فریاد کر ندامت اور عذر کے قدموں سے اسکی طرف رجوع لاتا کہ وہ تجھے تیرے دشمنوں کے ہاتھ سے چہڑائے اور ہلاکت کے دریا کی گہرائی سے نجات بخشے جس میں کہ تو ہے اسکے انجام کو سوچ۔ اسکا چہوڑنا تجھپر سہل ہو جائیگا تو غفلت کے درخت کے سایہ میں ہے اسکے سایہ سے باہر آ۔ سورج کی روشنی دیکھیگا اور راستے کو پہچان لیگا۔ توبہ کا درخت ندامت کے پانی سے پلتا ہے اور محبت کا درخت موافقت کے پانی سے سینچا جاتا ہے۔ ای ہمارے بندے بچپن اور جوانی کی حالت میں تیرا عذر تہا مگر اب تو چالیس تک پہنچا۔ اور اس سے بہی بڑھا پھر بچوں جیسے کھیل کرتا ہے۔ جاہلوں کے ساتھ اور عورتوں اور بچوں کے ساتھ رہنے سے بچا رہ۔ متقی بوڑھوں سے محبت رکھ اور جوان جاہلوں سے بھاگ۔ لوگوں سے کنارہ پر کہڑا ہو اور جب تیرے پاس انمیں سے کوئی آئے تو تو اوس کے حق میں طبیب بن۔ خلقت کے لئے اسی طرح ہو جیسے باپ اپنی اولاد سے شفقت کرتا ہے۔ اللہ عزوجل کی عبادت کثرت کے ساتھ کر۔ تحقیق اوسکی عبادت اسکا ذکر ہے۔ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے فرمایا مَنْ اَطَاعَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَقَدْ ذَكَرَهُ وَاِنْ قَلَّتْ صَلٰوتُهُ وَصِيَامُهُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ وَمَنْ عَصَاهُ فَقَدْ نَسِيَهُ وَاِنْ كَثُرَتْ صَلٰوتُهُ وَصِيَامُهُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ (جس نے خدائی عزوجل کی طاعت کی پس تحقیق اسنے اسکو (یعنی خدا کو) یاد کیا اگرچہ اسکی نماز اور روزہ اور تلاوت قرآن کم ہو اور جسنے اوسکی نافرمانی کی اسکو بہلا دیا اگرچہ اوسکی نماز روزہ اور تلاوت قرآن زیادہ ہو) مومن خدائی عزوجل کا فرمانبردار۔ اسکے موافق اور اسکے ساتھ صبر کرنے والا ہے۔ اپنے آرام اور کلام اور کہانے اور پینے اور تمام حالات میں توقف کرتا ہے۔ اور منافق اپنی ساری حالات میں ان چیزوں کی پروا نہیں کرتا۔ ای غلام! اپنی حال میں فکر کر اور جو تجھہ میں نہیں اپنے نفس کے لئے ثابت کر نہ تو تو صادق ہے

Marfat.com

نہ صدیق نہ محب نہ موافق نہ راضی نہ عارف۔ تو خدائے عزوجل کی معرفت کا دعوی کیا ہے بتلا تو سہی اسکی معرفت
کی علامت کیا ہے۔ تو اپنے نفس میں کونسی حکمتیں اور نور پاتا ہے۔ اللہ عزوجل کے دوستوں اور اسکے نبیوں
کے نائبوں کی کیا علامت ہے۔ تیرا گمان ہے کہ جو جس چیز کا دعوی کرتا ہے وہ اسکو دیجاتی ہے اور گواہ نہیں مانگا
جاتا۔ اور اوسکا کھوٹا دینار پرکھا نہیں جاتا۔ اللہ عزوجل کی عارف کی صفات میں سے ایک نمونہ اور جزو یہ ہے
کہ وہ آفات پر صبر کرتا ہے اور اللہ عزوجل کی تمام قضاؤں اور قدروں پر تمام حالات میں اپنے نفس اور اہل اور باقی
مخلوقات میں صبر کرتا ہے۔ ای منافق! خدائے عزوجل کی محبت اور اوسکے غیر کی محبت ایک دل میں جمع
نہیں ہوتی۔ اللہ عزوجل نے فرمایا مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ (خدائے عزوجل نے کسی
آدمی کے دو دل نہیں بنائے) دنیا اور آخرت اور خالق و خلق ایک جگہ جمع نہیں ہوتی فانی چیز کو چھوڑ
تاکہ تجھے باقی رہنے والی چیز حاصل ہو جائے۔ اپنے نفس اور مال کو خرچ کر تاکہ تجھے جنت ملجائے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا اِنَّ اللّٰهَ
اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (خدا نے مومنوں سے انکی جان اور
مال خرید لئے ہیں اسپر کہ ان کے لئے جنت ہے) پھر اپنے دل سے غیر کو نکال ڈال [illegible]
دنیا و آخرت میں اسکی صحبت میں رہ۔ ای خدائے عزوجل کے [illegible]
پیرے ہمراہی کر اور اپنے دل کو جو خدائے عزوجل کا مقام ہے پاک بنا اور [illegible]
دروازے پر توحید، اخلاص، صدق کی تلوار لیکر بیٹھ۔ اور اسکے سوا کسی چیز کو دروازہ [illegible]
دل کے گوشوں میں سے کوئی حصہ اسکے غیر میں نہ لگا۔ ای بازی کرنے والو تیری بازی [illegible]
پاس سوائے مغز کے اور کچھ نہیں۔ [illegible] اخلاص سے [illegible] اور صدق [illegible]
تمہارے دلوں سے تقوی اور اخلاص مانگتا ہے۔ تمہارے ظاہری اعمال کیطرف نہیں [illegible]
لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ [illegible]
نہیں پہونچتا بلکہ تمہارا تقوی پہونچتا ہے) [illegible] دنیا اور آخرت [illegible] تمہارے لئے بنایا گیا [illegible] تمہارا
شکر اور تقوی اور اسکا ذکر کرنا اور اسکی خدمت کہاں ہے [illegible] تم [illegible]
کی [illegible] کہاں ہیں؟ [illegible]

Marfat.com

چھبیسویں مجلس (اللہ آپ سے راضی ہو) انیسویں ذی الحجہ سنہ ۵۴۵ھ کو فرمایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب وہ کسی قسم کی خوشبو سونگھتے تو اپنی ناک بند کر لیتے اور فرماتے کہ یہ دنیا کی ہے اے اپنے اقوال و افعال سے زہد کا دعویٰ کرنے والو یہ تم پر تعجب ہے کہ تم نے زاہدوں کا لباس پہن لیا مگر تمہارے دل دنیا پر فریفتہ اور حرص سے بھرے ہوئے ہیں اگر تم یہ لباس اتار ڈالو اور اس رغبت کو جو تمہارے دلوں میں ہے ظاہر کرو تو یہ تمہیں زیادہ پسند آئیگی اور تم کو نفاق سے دور کر ڈالیگی۔ وہ شخص جو اپنے زہد میں سچا ہے اسکے پاس اسکا رزق آتا ہے وہ اسے لیتا ہے اور اپنے ظاہر کو اس سے منع نہیں کرتا ہے مگر اسکا دل اس سے اور اسکے غیر سے بیزار ہوا کرتا ہے جیسا کہ ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دوسرے نبیوں سے زیادہ تمام عالم سے زیادہ زاہد تھے۔ مگر آپ نے فرمایا اُحِبَّ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمْ ثَلٰثٌ اَلطِّیْبُ وَالنِّسَآءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ (تمہاری دنیا سے میرے لیئے تین چیزیں پیاری کی گئی ہیں خوشبو اور عورتیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز ہے) یہ چیزیں باوجودیکہ آپ ان سے اور ان چیزوں کے غیر سے زہد کرنے والے تھے۔ آپ کے لیئے اسلیئے محبوب بنائی گئیں کہ خدائے عزوجل کے علم میں آپکے لیئے پہلے ہی سے مقدر تھیں اور آپ صرف امر کی فرمانبرداری کے لیئے انکو اخذ کرتے تھے امر کی فرمانبرداری عبادت ہے پس جو شخص اپنی روزی اس طریقہ سے لیتا ہے وہ کل عبادت ہے اگرچہ ساری دنیا میں پھنسا ہوا ہو۔ اے جہالت کے فرزندو زہد پر چلنے والو سنو اور سچ مانو اور نہ جھٹلاؤ۔ اسکو جان لو تاکہ جہالت کے باعث تقدیر کو برا نہ کہو۔ ہر ایک جاہل اپنی ہی رائے پر نازاں ہیں۔ اپنے نفس اور ہوا اور شیطان کی بات ماننا ہی وہ ابلیس کا چیلا اور تابعدار ہے اور ابلیس اسکا شیخ۔ اے جاہلو! اے منافقو! تمہارے دل کیسے سیاہ اور نفاق سے بھرے ہیں تم زبان سے بہت بکتے ہو۔ ان تمام حالتوں سے جن میں تم ہو توبہ کرو اور اللہ عزوجل اور اسکے ان دوستوں پر جن سے وہ محبت کرتا اور وہ اس سے محبت رکھتے ہیں طعن کرنا چھوڑ دو اور اپنے مقسوم کو لینے میں اعتراض نکرو کیونکہ وہ امر کے بموجب لیتے ہیں نہ ہوا سے۔ وہ اللہ عزوجل کی محبت اور اسکے شوق اور اسکے غیر کے ترک اور تمام چیزوں سے ظاہری اور باطنی اعراض کرنیکے باعث سختی میں ہیں لیکن جو انکا مقسوم ہے وہ پہلے مقدر ہو چکا اسکا لینا انکو ضروری ہے۔ انکے لیئے دنیا میں رہنا

Marfat.com

میں تنگی کرنا اور اپنے مقسوم میں پھنسنا اور انکو دیکھنا جو خدائے عزوجل اور اُنکی تکذیب کرتے ہیں۔ بڑی سخت
مصیبت ہے۔ اے بندے خلقت کی بابت چھوڑ دے جبتک تو نفس اور ہوا کیساتھ ہے کلام نہ کر۔ تحقیق اللہ
عزوجل جب تجھے کسی امر کے لیئے چاہے گا تو اسکے لیئے تیار کر دیگا جب چاہے گا تجھے اور تیرے اہل کو اُٹھا لیگا
ور ثابت رکھیگا وہی مظہر ہوگا نہ تو۔ اپنے نفس اور کلام اور تمام حالات کو اسکی قدرت کے حوالہ کر۔ اور اسکی عبادت
میں مشغول ہو عمل بلا کلام، اخلاص بلا ریا۔ توحید بلا شرک، گمنام بلا ذکر، خلوت بلا جلوت، باطن بلا ظاہر
ن۔ باطن کیساتھ نہ ہیت (ظاہر کے) باطل کرنے میں مشغول نہ ہو تو اپنے قول ایاک نعبد و ایاک نستعین
(ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں) سے اللہ عزوجل کی طرف خطاب اور اشارہ کرتا ہے
حاضر کا خطاب ہے کہ تو ہی میری پاس موجود ہے۔ اے مجھسے واقف میرے قریب مجھ پر شاہد نماز وغیرہ میں اس نیت کے
ساتھ اس طرح اسکو خطاب کرو۔ اسیواسطے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُعْبُدُ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ
تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ (خدا کی عبادت اسطرحسے کر کہ گویا تو اسکو دیکھتا ہے اور اگر تو اوسے نہیں دیکھتا تو وہ
تجھے دیکھتا ہے) اے غلام اپنے دل کو حلال کھانے کیساتھ صاف کر۔ تو خدائے عزوجل کو پہچان لیگا اپنے لقمے
س۔ اور دل کو صاف کر تو صوفی ہو جائیگا تصوف صفا سے مشتق ہے اے کہ تونے صوف کو پہنا۔
صوفی اپنے تصوف میں سچے دل کو اپنے مولی عزوجل کے غیر سے صاف کرتا ہے اور یہ ایسی شے ہے جو صرف لباس
بدلنے اور چہرہ زرد کرنے اور شانے جمع کرنے اور صالحین کی حکایات کو حکایت کرنے اور تسبیح و تہلیل سے
انگلیوں کو ہلانے سے حاصل نہیں ہوتی یہ خدائے عزوجل کی طلب میں صدق اور دنیا سے پرہیز کرنے اور دل سے
خلقت کو نکالنے اور اپنے مولی عزوجل کے غیر سے مجرد ہونیسے حاصل ہوتی ہے کسی بزرگ سے روایت ہے اور یہ خدا کی
رحمت ہوا ہشے فرمایا میں نے بعض راتوں میں کہا۔ اے میرے اللہ وہ بات جو میرے مفید اور نہیں [illegible]
نہ روک۔ اور اسکو بہت دفعہ دہرایا پھر سوگیا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ہاتف کہتا ہے [illegible]
عمل کے کرنے سے نہ رک جو تجھے فائدہ دے اور اسکے کرنیسے باز آ جو تیرے لیے مضر ہو۔ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
سے نسبت ٹھیک کر جس عمدہ طور سے آپ کی پیروی کی اسکی نسبت بھی درست ہے لیکن تیرا قول میں اسکی
امت میں سے ہوں بلا متابعت کچھ مفید نہیں جب تم نے اقوال و افعال میں آپکی پیروی کی تو آخرت میں آپکی

Marfat.com

مصاحبت میں ہو گے کیا تم نے خدائی عز وجل کے کلام کو نہیں سنا وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا
نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (جو کچھ رسول تمہارے پاس لائے اسپر عمل کرو۔ اور جس امر سے منع کرے تو اوس سے باز رہو)
جس بات کا تم کو حکم کرے اسکی تابعداری کرو۔ اور جس سے منع کرے اس سے رکے رہو پھر تم دنیا میں دونوں ساتھ
اور آخرت میں نفسوں اور حصموں کے ساتھ اللہ عز وجل کے مقرب ہو گے۔ ای زاہدو۔ تم زہد کو اچھی طرح نہیں
جانتے نفسوں اور ہواؤں میں زہد کرتے ہو اور اپنی رایوں میں مستقل رہتے ہو۔ ان مشائخ کی تابعداری اور
مصاحبت میں رہو جو اللہ عز وجل کے عارف اور علم پر عمل کرنے والے اور خلقت پر نصیحت کی زبان سے متوجہ
اور تمہارے دلوں کے اسپر پھر جانے پر مشفق اور انکو خدائی عز وجل کے پاس لیجانے میں وہ اوسی پر متوجہ
ہیں اور اسکے غیر سے روگرداں۔ ای ہمدست؟ دل سے اپنے خدا کی طرف رجوع کر پیشتر اسکے کہ تو اس سے
عاجز رہ جائے۔ تو نے صرف صالحین کے حالات پر انکے کلام کرنے اور انکی تمنا کرنے پر قناعت کی ہو تو اس
شخص کی طرح ہے جو پانی کو مٹھی میں لے اور پھر کھولے تو اس میں کچھ نہیں پاتا۔ تجھپر افسوس۔ تمنا بیوقوفوں
کی وادی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِيَّاكُم وَالتَّمَنِّي فَاِنَّهَا وَادِي الْحُمْقِ۔ (اپنے آپ کو تمنا سے بچاؤ
وہ بے وقوفی کی وادی ہے) تو بدوں کے کام کرتا ہے اور نیکوں کے درجوں کا آرزومند ہے جسکی امید خوف
غالب ہوئی زندیق ہوا۔ اور جسکا خوف امید پر غالب ہوا وہ نا امید ہوا اور سلامتی ان دونوں کی
اعتدال میں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لَو وُزِنَ خَوْفُ الْمُؤْمِنِ وَرَجَاءُهُ لَاعْتَدَلَا (اگر
مومن کا خوف اور رجا کو تولا جائے تو برابر ہونگے) کسی بزرگ سے روایت ہے خدا اوس سے راضی ہو کہ اوس نے
فرمایا میں نے سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو انکی وفات کے بعد خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ آپکے ساتھ خدا
عز وجل نے کیا معاملہ کیا۔ آپنے فرمایا میں نے اپنا ایک قدم پلصراط پر رکھا اور دوسرا جنت میں۔ اسپر خدا کا
سلام ہو وہ متقی زاہد پرہیزگار تھے علم پڑھا اور اسپر عمل کیا اسکا حق عمل سے ادا کیا اور عمل کو اسکا حق
اخلاص سے دیا۔ اللہ عز وجل نے انکو اپنی رضا عنایت کی اسلیئے کہ انہوں نے خدا کی طرف قصد کیا۔ اور
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سبب اسکے کہ اسنے آپکی تابعداری کی اسپر راضی ہو گئے۔ اسپر اور تمام صالحین پر
اور انکے ہمراہ ہمپر بھی خدا کی رحمت ہو جو شخص رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا تابعدار نہ ہوا اور آپکی شریعت

Marfat.com

یک ہاتھ سے اور نازل شدہ کتاب یعنی قرآن کو دوسرے ہاتھ سے پکڑا اور اپنی راہ میں اللہ عزوجل تک پہنچا دو
رنہ تم بھی ہلاک ہوا اور دوسروں کو بھی ہلاک کیا خود بھی گمراہ ہوا اور دوسروں کو بھی گمراہ بنایا یہ دونوں خدائے عزوجل کی
رف راہبر ہیں۔ قرآن خدائے عزوجل کی طرف رہنما اور سنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف رہبر۔
ی خدا ہمارے اور ہمارے نفسوں کے درمیان دوری ڈال۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً
قِنَا عَذَابَ النَّارِ اور دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

چھبیسویں مجلس آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) ۲۴ ذی الحجہ ۵۴۵ھ ہجری کو رباط میں فرمایا
سول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا مِنْ کُنُوْزِ الْعَرْشِ کِتْمَانُ الْمَصَائِبِ
مصائب کا چھپانا عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے) ای کم نصیب تو کہاں اپنی مصیبتوں کی
کایت کرتا ہے خلقت کے پاس تیرا شکوہ تجھے کیا فائدہ دیگا۔ وہ تجھے نفع و ضرر نہیں پہنچا سکتے اور جب
نے انپر بھروسہ کیا اور حق عزوجل کا انکو شریک بنایا، وہ تجھے ہٹا دینگے اور خدائے غضب میں تجھے
الیں گے اور تجھ سے پردہ ہو نگے۔ اے جاہل تو علم کا دعوی کرتا ہے، تیری جہالتیں ہیں تو دنیا کا غیر خدا
سے طلب کرتا ہے۔ خلقت کے آگے شکایت کر کے خلاصی چاہتا ہے (تجھ پر افسوس) کیا اچھی گنہگار کی
فاظت کو سیکھتا۔ اور اپنے لالچ اور حرص کو دوڑاتا ہے اور بے فائدہ ہی تعلیم کے باعث اپنی طبیعت
مخالف ہوتا۔ اور اپنی پہلی حالت گنہگار کو کہا بلکہ کی جیسے دینا ہے تو تیرا اپنی تعلیم سے بہت بہتر ہوگا۔
سے تعلیم دے اور سمجھا تاکہ تیرا دین نہ کہا جائے اور تجھ پر ضرر ہو۔ اور حق عزوجل کی ان امانتوں میں جو اسکے
ن امانت میں خیانت نکرے۔ مومن کا دین اسکے نزدیک اسکا گوشت اور خون ہے اسکو تعلیم ...
پہلے اس کا مقصد یہ ہے جب تعلیم حاصل کرلے اور سمجھ جائے اور اطمینان پائے تو ...
س طرف تو متوجہ ہوتا تمام حالات میں اس سے مفارقت کر جب وہ مطمئن ہوتا ہے تو علیم۔ عالم اور اپنے
مفہوم ہے جو قدر اسکو دیتی ہو راضی ہوتا ہے کہ خواہ کم ہو یا زیادہ جو کی روٹی میں فرق نہیں کرتا۔ اپنے حظوظ
و ترک کر دیتا ہے کھانے پینے سے انکے نہ کھانے کو اچھا سمجھتا ہے نیکی عبادت سخاوت میں ...
پنی طبع سے نقل کرتا ہے سخی و کریم۔ دنیا میں زاہد و آخرت کا راغب ہو جاتا ہے پھر جب ...

Marfat.com

ہوتا ہے اور مولیٰ کو طلب کرتا ہے تو تیرے ساتھ اور تیرے دل کیساتھ اُس کے (یعنی خدا کے دروازے
تک سیر کرتا ہے پس اُسوقت سابقہ یعنی سعادت ازلی آتی ہے اور کہتی ہے۔ اے جس نے کہ نہیں کھایا
کھا اور اے جس نے کہ نہیں پیا پی نعمت لے عقلمند مریض نہیں کھاتا مگر طبیب کے ہاتھ یا اُس کے امر
سے اُس کے ادب کے لحوظ رکھنے اور اُس کا کھا ماننے اور اُسکی موجودگی یا عدم موجودگی میں لالچ
چھوڑنے کے ساتھ اے لالچی۔ اے جلد باز وہ طعام جو تیرے لیئے بنایا گیا ہے تیرے سوا کس کی طاقت
ہے کہ اوسکو کھائے۔ لباس۔ جگہ۔ سواری۔ عورت جو تیرے لیئے بنائی گئی تیرے بغیر کس کی
طاقت ہے کہ اوسکو کھائے اور پہنے۔ یہ جہالت کیسی ہے خدای عزوجل کے وعدے پر ثبات عقل
ایمان اور تصدیق نہیں اے احمق جب تونے کریم آدمی کے ساتھ معاملہ کیا تو ادب کو لحوظ رکھ اور
غنا و اجر نہ مانگ وہ دونوں بے طلب تجھے حاصل ہو جائینگے۔ جب وہ دیکھے گا کہ تونے لالچ۔ طلب
بے ادبی کو چھوڑ دیا ہے تو وہ تجھے تیرے ساتھیوں سے جو تیرے ساتھ کلام کرتے ہیں۔ تمیز بخشے گا اور آسودہ
بنائیگا اور اُنسے اعلیٰ ٹھہلائیگا حق عزوجل اعتراض اور مقابلہ سے مصاحب نہیں بنتا۔ وہ صرف اچھے ادب
ظاہری و باطنی سکون اور دائمی موافقت سے مصاحب بتاتا ہے۔ جو شخص قدر کے موافق ہوا وہ ہمیشہ کے لیئے حق
عزوجل کے ساتھ ہو لیا۔ خدا کو پہچاننے والا اور اوسکو جاننے والا اُسکے ساتھ ہے نہ اُسکے غیر کے ساتھ اسکا
ہے نہ اُسکے غیر کا۔ اسی سے زندہ اور اُسکے غیر سے مُردہ ہے۔ اے بندے! جب تو کلام کرے تو نیک نیت
کر۔ اور جب خاموش رہے تو نیک نیت سے خاموش رہ۔ جو شخص عمل سے پہلے نیت نہیں کرتا اسکا کوئی عمل نہیں
تو جو کچھ بولے یا خاموش رہے تو گنہ گار ہے اسلیئے کہ تونے نیت درست نہیں کی تیری خاموشی اور
سنت کے بغیر ہے۔ حالات بدلنے اور رزق کی تنگی کیوقت ایک لقمہ کے لیئے تم اُسپر بدل جاتے ہو اور عزو
میں فرق آنیکے وقت ایک نعمت کے زائل ہونیکے باعث ساری نعمتوں کی ناشکری کرتے ہو۔ گویا کہ تم چاہ
اُسپر حکم چلاتے ہو۔ کر اور نہ کر اور تونے کیوں نہ کیا۔ لائق تھا کہ ایسا ہی ہوتا۔ یہ دوری اور عداوت
اور راندا جاتا ہے۔ اے ابن آدم تو کون ہے تو ذلیل پانی سے پیدا کیا گیا ہے۔ اپنے خدائے عزوجل کی تو
اور اُسکے لیئے ذلیل ہو جب تقویٰ نہ ہو تو خدائے عزوجل اور اُسکے نیک بندوں کے نزدیک کریم نہیں۔

Marfat.com

دنیا حکمت ہے اور آخرت کل قدرت۔ اے صوفیا تم پر نگہبان ہیں تم خدای عز وجل کی سپردگی میں ہو اور
اور تمہیں خبر نہیں۔ عقلمند ہو۔ دل کی آنکھیں کہولو۔ جب تم میں سے کسیکے گھر میں کوئی جماعت آئے تو چاہیئے
کہ کلام میں ابتدا نہ کرے بلکہ صرف جواب میں بولے اور بے فائدہ سوال نہ کرے۔ توحید فرض ہے اور طلب حلال
فرض۔ اور ضروری علم کی طلب فرض عمل میں اخلاص فرض۔ عمل کا عوض مانگنے کو چھوڑ دینا فرض فاسقوں
اور منافقوں سے نفرت کر۔ اور نیکوکاروں صدیقوں سے مل جب تجھپر کام مشکل ہو جائے اور
نیک بخت اور منافق کے درمیان فرق نہ کر سکے پس رات کو اٹھ اور دو رکعت نماز پڑھ پھر کہہ اَللّٰھُمَّ
دُلَّنِی عَلَی الصّٰلِحِینَ من خلقک دُلَّنِی عَلٰی مَنْ یَدُلُّنِی عَلَیْکَ وَیُطْعِمُنِی من طعامک ویسقینی
من شرابک ویکحل عین قربی بنور معرفتک ویخبرنی بما رأی عیانا لا تقلیدا (اے خدا مجھے اپنی
خلقت میں سے نیک بندے تبلا۔ مجھے ایسا آدمی تبلا جو تیری طرف میرا رہنما بنے اور تیرا کہانا مجھے کہلائے اور تیری
شراب مجھے پلائے اور میرے قرب کی آنکھوں میں تیرے قرب کے نور کا سرمہ لگائے اور مجھے ان باتوں کی خبر دے جو اسنے
خود مشاہدہ کی ہوں نہ صرف تقلید سے) صوفیا نے اللہ عز وجل کے فضل کا طعام کہایا اور اسکے انس کی
شراب پی اور اسکے قرب کے دروازے کو مشاہدہ کیا انہوں نے صرف خبر پر قناعت نہ کی بلکہ [illegible] اور
اور اپنے وجود اور خلقت سے نکل گئے حتی کہ پھر انکے نزدیک مشاہدہ ہو گئی [illegible]
ادب دیا اور تہذیب سکہائی اور حکمتوں اور علوم کی تعلیم دی۔ انکو اپنے ملک [illegible]
آسمان اور زمین میں اسکا غیر نہیں ہے اور نہ کوئی اسکے سوا دینے والا نہ روکنے والا نہ [illegible]
نہ ہلانیوالا۔ نہ مقدر۔ نہ قاضی۔ نہ عزت دینے والا۔ نہ ذلت دینے والا۔ نہ غالب کرنے والا۔ نہ مسخر کرنے والا
نہ زبر دست موجود ہے وہ ان کو دکہاتا ہے جو کچھ اسکے پاس ہے پس وہ لوگ [illegible]
اسے دیکھتے ہیں۔ اور دنیا اور اسکے ملک کا انکے نزدیک کوئی قدر اور [illegible]
جیسا تونے انکو معافی اور عافیت کیساتھ دکہایا وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا
عَذَابَ النَّارِ (اور ہمکو دنیا میں اور آخرت میں نیکی عطا کر اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا)
اے لوگو تقوی کو ترک کرنے سے توبہ کرو۔ تقوی دوا ہے اور اسکا چھوڑ دینا بیماری۔ توبہ کرو کیونکہ توبہ دوا

Marfat.com

اور گناہ بیماری ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایکدن اپنے اصحاب کو فرمایا الا اعلمکم ما داءکم وما
داءکم قالوا بلی یا رسول اللہ فقال داءکم الذنوب ودواءکم التوبۃ کیا مین تمہین
نہ بتلاؤن کہ تمہاری دوا کیا چیز ہے اور بیماری کیا چیز ہے سب نے عرض کی یا رسول اللہ علیہ وسلم ضرور بتلایئے پس فرمایا
اپنے گناہ تمہاری بیماری ہے اور توبہ تمہاری دوا ہے (توبہ ایمان کا۔ شادی کا کہانا ہے۔ اور وعظ کی
مجلسون اور حق عزوجل کی عبادت پر مواظبت (ہمیشگی) اسکے لیئے شفا۔ ایمان کی زبان کیساتھ توبہ
کرو۔ پہر تمکو نجات ملیگی۔ توحید اور اخلاص کی زبان کے ساتہ کلام کرو۔ تم کو یقیناً نجات حاصل ہوگی
درست کرو
خدائے عزوجل کی طرفسے مصائب آنے پر ایمان کو اپنا ہتھیار بناؤ اور آپ خداؤن سے راضی ہو ہر ایک
مجلس کے شروع مین فرماتے تھے۔ الحمد للہ رب العالمین (خدا کا شکر ہے جو پروردگار عالم ہی) اس کلمہ کی تین
دفعہ تکرار کرتے۔ اور ہر ایک دفعہ کے بعد ایک لحظہ خاموش رہتے پھر فرماتے۔ اسکی خلقت کے شمار اور اسکے
عرش کے وزن اور اسکی اپنی رضا اور اسکے کلمات کی درازی۔ اور اسکے علم کی انتہا اور تمام چیزونکی
مقدار کے بموجب جنکو اوسنے چاہا اور پیدا کیا اور بنایا اور تراشا ہے وہ پوشیدہ وظاہر کا جاننے والا بڑا
مہربان نہایت رحم والا۔ بادشاہ۔ پاک۔ غالب حکمت والا ہے اور مین گواہی دیتا ہون کہ اسکے سوا پرستش
کے لائق کوئی نہیں۔ وہ ایک ہے اوسکا کوئی شریک نہیں اوسی کا ملک ہی اوسیکے لیئے حمد ہے زندہ کرتا ہی
اور مارتا ہے۔ اور وہ زندہ ہے کبہی نہ مریگا۔ اسکے ہاتہ مین بہتری ہے اور وہ تمام چیزون پر قادر ہے
اور اوسی کی طرف بازگشت ہے اور مین گواہی دیتا ہون کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسکا بندہ اور رسول
ہے جسکو اوسنے ہدایت اور سچے دین پر بہیجا تاکہ سب دینون پر غالب کرے اگرچہ مشرکون کو برا معلوم ہو۔ ای
خدا محمد اور محمدؐ کی آل پر رحمت نازل کر اور امام اور امت اور راعی (گڈریا) اور رعیت کی حفاظت کر۔
دلون کو نیکیون مین الفت عطا کر۔ اور انکے آپس کے شر کو دور کر۔ ای خدا تو ہمارے باطنون کو جانتا ہے
پس انکی اصلاح کر۔ اور تو ہماری حاجتون سے واقف ہے انکو پورا کر۔ اور تجہے ہمارے گناہ معلوم ہین پس
اونکو بخش۔ اور تجکو ہمارے عیبون پر اطلاع ہے پس اونکو چہپا ہمین اپنی منہیات مین مبتلا نکر اور اپنے امرون سے
ہمکو غافل نہ بنا ہمسے اپنا ذکر نہ اٹھا اور اپنے مکر سے بیخوف نہ رکھ۔ غیر کا محتاج نکر اور ہم کو غافلون مین سے

Marfat.com

نہ بنا۔ اے خدا ہمکو راہ ہدایت بتلا۔ اور نفسوں کے شر سے پناہ دے۔ ہمیں اپنے غیر سے اپنے آپ ہی میں مشغول کر
جو چیز ہمکو تجھسے علیحدہ کرے اسکو ہمسے دور کر۔ ہمکو اپنے ذکر اور شکر اور اچھی عبادت کا الہام کر۔ پہر داہنی
طرف پہر کر فرماتے۔ لا الہ الا اللہ ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ لنا الا باللہ العلی العظیم (خدا کے سوا اور کوئی
معبود نہیں جو خدا چاہے ہمکو گناہ چھوڑنے اور نیکی کرنے کی طاقت اور قوت نہیں مگر خدای بزرگ و بلند کی مدد سے)
پہر اپنے مقابل اسیطرح کہتے۔ پہر بائیں طرف متوجہ ہوکر اسیطرح کہتے۔ پہر فرماتے ہمارے بہیدوں کو ظاہر نہ کر۔ ہمارے
پردوں کو نہ اٹھا ہمارے برے عملوں کے بدلے ہمسے گرفت نکر۔ ہمیں غفلت میں زندہ نرکہہ ہمکو غفلت... میں
نہ پکڑ۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ
مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْ
لَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝ (ای ہمارے رب ہم سے مواخذہ نکر۔ اگر ہم بہولے یا خطا کی۔ ای
ہمارے رب ہمپر تکلیف نہ ڈال جیسا تونے انپر ڈالی جو ہم سے پہلے ہوئے۔ ای ہمارے رب نہ ڈال ہمپر وہ چیز
جسکی ہمکو طاقت نہیں اور ہم سے معاف کر۔ اور ہمکو بخش اور ہمپر رحم کر۔ تو ہمارا آقا ہے پس کافروں کی قوم پر
ہماری مدد کر) پہر وہ کلام شروع فرماتے جو خدا آپ کی زبان پر غیبی فتوحات سے کہولتا۔ بغیر تقریر اور تمہید کے
اور نہایت ہی کم مجلسوں میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث یا حکماء کے کلام سے کلمہ حکمت کا ذکر
فرماتے اور اگر فرماتے تو بطور تبرک اسی سے شروع کرتے اور اسپر وعظ فرماتے۔

ستائیسوین مجلس

آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) ساتوین ماہ جمادی الآخر ۵۴۵ ہجری جمعہ کے
روز صبح کے وقت مدرسہ میں کلام کے بعد فرمایا۔ عقل کر جہوٹھ نہ بول۔ تو کہتا ہے کہ میں اللہ ... سے
ڈرتا ہوں اور اسکے غیر سے ڈرتا ہے کسی جن اور انسان اور فرشتے سے نہ ڈر ...
کا خوف نرکہہ۔ نہ دنیا کے عذاب اور نہ آخرت کے عذاب سے ڈر۔ تو معذب (عذاب دینے والے) سے
عذاب کے باعث ڈرتا ہے۔ عقلمند اللہ عزوجل کی راہ میں کسی ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈرتا۔ وہ اس
کلام سے جو اللہ عزوجل کی غیر سے پہرا ہے تمام خلقت اسکے نزدیک عاجز۔ مریض۔ فقیر ہے اور اس
جیسے وہ عالم ہیں جو اپنے علم سے فائدہ اٹہاتے ہیں۔ شرع اور حقائق اسلام کے عالم دین کے طبیب

Marfat.com

اور اسکے شگاف کو بند کرنے والے ہیں۔ ای کہ تیرے دین میں شگاف ہو انکے پاس جا تاکہ تیرے شگاف
کو بند کر دیں جس نے بیماری نازل کی ہے وہی دوا نازل کرتا ہے وہ اوروں سے مصلحت کو اچھا جانتا ہے۔
خدای عز و جل کو اسکے کام میں تہمت نہ دے۔ تیرا نفس غیر سے تہمت اور ملامت کے زیادہ لائق ہے۔
اور سے کہہ کہ عطا اسیکو ملتی ہے جس نے اطاعت کی اور جس نے نافرمانی کی۔ اسکے لیے عصا (لاٹھی) ہو جب
اللہ عز و جل کسی بندے سے بہتری کا ارادہ کرتا ہے اسکو وجود سے سلب کر لیتا ہے۔ اگر اسنے صبر کیا تو اسے
اٹھا لیتا ہے اور پاکیزہ بناتا ہے اور اسپر عطا کرتا اور اسے فنا کر ڈالتا ہے۔ ای اللہ ہم تیرا قرب بغیر
بلا کے مانگتے ہیں۔ اپنی قضا اور قدر میں ہم سے نرمی کر۔ شریروں کی شرارت اور فاجروں کے فریب سے ہمکو
پناہ میں رکھ۔ ہماری حفاظت کر جس طرح تو چاہے اور جب چاہے ہم تجھسے دین اور دنیا اور آخرت میں
معافی اور عافیت مانگتے ہیں۔ نیک عملوں کی توفیق اور عملوں میں اخلاص کا تجھسے سوال کرتے ہیں قبول
فرما۔ ایک آدمی بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آیا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا بایزید نے فرمایا۔
تجھے کیا ہوا ہے۔ اسنے کہا میں پاک جگہ چاہتا ہوں جس میں نماز پڑھوں آپنے اسکو فرمایا۔ اپنے دل کو
پاک کر۔ اور جہاں چاہے نماز پڑھ [illegible] کو نہیں پہچانتے مگر مخلص وہ اس زمرہ میں تھے اور اس سے رہائی
پائی۔ [illegible] اولیا کی راہ میں کھائی ہے۔ اسپر ضرور گذرتے ہیں۔ ریا۔ غرور۔ نفاق۔ شیطان کے تیر ہیں
جنکو لوگوں کی طرف پھینکتا ہے۔ مشائخ کی بات مانو اور ان سے اس راہ پر چلنا جو خدای عز و جل تک
پہونچاتا ہے سیکھو کیونکہ وہ اس طریق پر چلے ہیں۔ انہے نفسوں، ہواؤں، طبیعتوں کی آفات کی بابت سوال
کیونکہ [illegible] رنج برداشت کیے اور انکی ہلاکتوں اور حیلوں کو پہچانا ہے اس میں کچھ مدت رہے
اور [illegible] اسپر غالب ہوئے اور انکو مغلوب کیا اور انپر قبضہ حاصل کیا ہے جو شیطان کے تیر درمیان
ہاہو انکا اسپر مغرور نہ ہو اور نفس کے تیروں سے نہ بھاگ پس وہ تجھپر اپنے تیر چلائیگا۔ وہ تجھپر سوا اسکے یعنی
نفس کی راہ کے قدرت نہیں پاتا جنوں کا شیطان تجھپر قادر نہیں ہوتا مگر انسانوں کے شیطان کی مدد سے
جو نفس اور برے ہم صحبتی ہیں۔ خدای عز و جل کے آگے فریاد کر اور ان دشمنوں پر اسی سے مدد مانگ۔ وہ
تیری فریاد کو پہونچیگا اور جب تو اسے پالے اور جو اسکے پاس ہے اوسے دیکھ لے اور اسے بہرہ حاصل کرے

Marfat.com

تو اسکے پاس سے عیال اور خلقت کی طرف واپس آ۔ اور انکو پکڑ اپنے سارے کنبے کو میرے پاس لاؤ حضرت یوسف علیہ السلام جب بادشاہت اور سلطنت پر قابض ہوئے اپنے بھائیوں کو کہا اِئْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ (اپنے سارے کنبے کو میرے پاس لاؤ) محروم رہے جو خدای عزوجل سے محروم ہوا اور دنیا و آخرت میں اسکا فوت اس سے فوت ہوا اللہ عزوجل نے اپنے بعض کتابوں میں فرمایا۔ ای آدم کے بیٹے اگر تو نے مجھے نہ پایا تو تجھے تمام چیزیں جاتی رہیں گی۔ خدای عزوجل تجھسے کس طرح فوت ہو۔ تو اس سے اور اسکے مومن بندوں سے روگردانی قول و فعل سے انکو ایذا پہونچاتا ہے ظاہر و باطن کے ساتھ انسے پھرا ہوا ہے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا اَذِيَّةُ الْمُؤْمِنِ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ نَقْضِ الْكَعْبَةِ وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ خَمْسَ عَشَرَةَ مَرَّةً (مومن کو ایذا پہونچانا خدا کے نزدیک کعبہ اور بیت المعمور گرانیسے پندرہ گنا بڑا ہے) تجھپر افسوس۔ ای کہ تو ہمیشہ اللہ عزوجل کے فقیروں کو ایذا دیتا رہتا ہے۔ وہ کون ہیں مومن نیکوکار اسکو پہچاننے والے۔ اُسپر توکل کرنے والے۔ تجھپر افسوس قریب ہے کہ تو مر جائیگا۔ اور اپنے گھر سے کھینچ کر نکالا جائیگا۔ تیرا وہ مال جسپر تو فخر کرتا ہے غنیمت ہوگا تجھے کچھ فائدہ نہ دیگا اور تجھسے جان دفع نہ کرے گا۔

اٹھائیسوین مجلس

آپنے اللہ آپسے راضی ہو) نویں جمادی الآخر ۵۴۵ھ جمعہ کو رباط میں فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اِنَّهٗ جَاءَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ لَهٗ اِنِّيْ اُحِبُّكَ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ لَهُ اتَّخِذِ الْبَلَاءَ جِلْبَابًا وَّاتَّخِذِ الْفَقْرَ جِلْبَابًا (آپکے پاس ایک آدمی آیا اور کہا میں آپ سے خدا عزوجل کے لیے محبت رکھتا ہون آپنے اوسکو فرمایا بلا کو چادر فقر کو چادر بنالے) لِاَنَّكَ تُرِيْدُ اَنْ تَتَّصِفَ بِصِفَتِيْ (اسلیے کہ تو میری صفت سے متصف ہونا چاہتا ہے) اَلتَّصَفُ بِالْاَدْنٰی مِنْ شَرَائِطِ الْمَحَبَّةِ ... متصف ہو کیونکہ محبت کی شرط سے موافقت کرنا ہے) حضرت ابوبکر صدیق ... علیہ وسلم کی محبت میں سچے تھے آپ پر اپنا سارا مال خرچ کر دیا اور آپ کی صفت سے متصف اور فقر میں آپکے شریک ہوئے حتی کہ گودڑی کو سا تھوں سے سیا ظاہر باطن۔ پوشیدہ و ظاہر میں آپ سے موافقت کی۔ تو ای دروغگو نیکوکی محبت کا دعوی کرتا ہے اور اپنے دنیا۔ اور درہم انسے چھپاتا ہے اور انکی نزدیکی اور صحبت کا خواستگار ہے عقل کر یہ جھوٹی محبت ہے۔ دوست اپنے محبوب سے کچھ نہیں چھپاتا او

اور اسکو تمام چیزون پر اختیار دیتا ہے۔ فقر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمیشہ ساتھ رہتا تھا کبھی جدا نہوتا اسواسطے آپنے فرمایا الفقر اسرع الی من تحبنی من سیل الملک الی منتہاہ (جو مجھسے محبت کرتا ہی اسکی طرف پانی کے اپنی منتہا کی طرف چلنے سے فقر زیادہ تیز چلتا ہی) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ماذاقت الدنیا علینا کدرۃ عسرۃ مادام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فینا فلما قبض صبت الدنیا علینا صبًا (جب تک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تھے دنیا ہم پر مکدر اور تنگ ہی اور جب نقل فرما گئے تو ہمپر بکثرت برسائی گئی) پس رسول کی محبت کی شرط فقر ہے اور اللہ عزوجل کی محبت کی شرط بلا ہی کسی بزرگ نے کہا بلا محبت کے سپرد کی گئی تاکہ جھوٹھ اور نفاق اور ریاء کے ساتھ خدائے عزوجل کی محبت کا دعوی نکیا جائے اپنے دعوی اور جھوٹھ سے باز آ۔ اپنے آپکو خطرے میں نہ ڈال۔ اگر تو آتا ہے تو سچ بول ورنہ ہمارے پیچھے نہ آ۔ صرف پر آرائش ظاہر کر۔ وہ تجھسے قبول نکرے گا اور تجھے ذلیل کریگا۔ سانپ اور درندے پر فریفتہ ہو وہ تجکو مار ڈالینگے۔ اگر تو جوان ہے تو سانپ کی طرف بڑھ۔ اور اگر تجھہ مین طاقت ہی تو درندے کی طرف آگے بڑھ۔ حق عزوجل کا طریق سچائی اور معرفت کے نور کا محتاج ہے۔ صدیقون کے دل میں معرفت کا سورج روشن کبھی رات اور دن مین غائب نہین ہوتا۔ اے شخص۔ ان منافقون سے جو خدائے عزوجل کی دشمنی کے درپے ہیں اعراض کر عقیل بن۔ اور انکے نزدیک نہ جا۔ زمانے کے لوگ اکثر بھیڑئیے مردون کا لباس پہنے ہوئے ہیں۔ حق کا آئینہ لے اور اس مین دیکھ۔ اور اللہ عزوجل سے سوال کر کہ وہ اپنی ذات اور ان کو تجھے دکھائے مین نے خلق اور خالق کو آزمایا پس مینے پایا کہ شر خلقت کے پاس ہے اور خیر خالق کے پاس۔ اے اللہ ہمین انکے شر سے بچا اور دنیا اور آخرت میں اپنی خیر عطا کر میں تمکو اپنے فائدہ کے لئے نہیں چاہتا مگر تم کو تمہارے ہی لئے چاہتا ہون تمہاری رسیون کو بٹتا ہون تمسے کوئی چیز نہیں لیتا۔ مگر تمہارے لئے نہ اپنے لئے لیتا ہون میرے پاس وہ ہے جو مجکو اوس چیز سے غنا کے ساتھ خاص کرتا ہے وہ شئے لیتا ہون میرے پاس نہین ہی مگر کسب اور خدائے عزوجل پر بہروسہ کرنا۔ میں اوس چیز کا جو تم میرے پاس لاؤ انتظار نہین کرتا جسطرح کہ منافق ریاکار تمپر بہروسہ رکہنے والا۔ اپنے خدائے عزوجل کو بہلانے والا تمہارا منتظر ہے میں مین والون کی کسوٹی ہون پس عقلمند بنو اور مجھپر زینت ظاہر نکرو۔ میں تمہارے کہرے کہوٹے کو ردی سے پہچانتا ہون۔ خدائے عزوجل کی

حضرت آدم علیہ السلام کے قصہ میں لکھا ہے کہ شیطان نے سانپ کے ذریعے سے حضرت حوا سے ملا پہلا وہ دانہ کھانے کے لئے لالچ دلایا ان ان ہی بیانات اور تمثیلی طرف اشارہ ہے ۱۲

توفیق اور اسکے مجکو اہل یعنی قابل بنانے کی مدد سے۔ اگر تو کامیابی چاہتا ہے تو میرے ہتھوڑے کی ہرن بن تاکہ
مین تیرے نفس اور ہوا اور طبیعت اور شیطان اور دشمنوں اور برے ہم نشینوں کے دماغ کو کوٹوں اپنے خدا
عزوجل سے ان دشمنوں پر مدد مانگو۔ اور غالب وہ ہے جو اپنر صبر کرے اور بے مدد وہ جو اون کے پیچھے پڑ گیا۔ آفتین
بہت ہیں اور اون کا نازل کرنے والا ایک مرض بہت ہیں اور ان کا طبیب ایک۔ ای دل کے مریضو! اپنے
نفس کو طبیب کے سپرد کرو۔ جو تمہارے ساتھ کرے اسکو تہمت نہ لگاؤ وہ تم سے تمہارے نفسوں پر زیادہ مہربان ہے۔
اسکے سامنے بے زبان بنجاؤ۔ اور اس سے مقابلہ نکرو۔ پھر تم دنیا و آخرت میں کل خیر پالوگے۔ اولیا پوری خاموشی
اور پوری گمنامی اور کامل دہشت میں ہیں۔ اور جب یہ انکے لیئے کامل ہو جاتا ہے اور وہ اسپر ہمیشگی کرتے
ہیں تو وہ انکو زبان دیتا ہے جیسا کہ قیامت کے روز جمادات کو زبان دیگا وہ نہیں بولتے مگر جب بلائے جاتے
ہیں نہیں لیتے۔ مگر جب دیئے جاتے ہیں۔ خوش نہیں ہوتے مگر جب خوش کیئے جائیں انکے دل فرشتوں کے دلوں سے
ملگئے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَا اَمَرَھُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ۞ (اللہ عزوجل
جس بات کا انکو امر کرے نافرمانی نہیں کرتے اور کرتے ہیں جو کچھ کہ امر کیئے جاتے ہیں) فرشتوں سے ملگئے اور رتبے
میں انسے بڑھ گئے۔ اللہ عزوجل کی معرفت اور اسکے علم میں اپنر فوقیت لے گئے۔ فرشتے انکے غلام اور نوکر ہیں۔
انسے فائدہ حاصل کرتے ہیں کیونکہ حکم انکے دلوں میں بکثرت ڈالا جاتا ہے۔ انکے دل تمام آفات سے محفوظ ہیں
وہ انکے ہاتھ پاؤں اور بدنوں اور نفسوں پر واقع ہوتی ہیں۔ دلوں پر نہیں اگر تو انکی منزلوں تک
پہنچنا چاہتا ہے تو اول اپنا اسلام ثابت کر۔ پھر ظاہری اور باطنی گناہوں کو چھوڑ۔ پھر پوری پرہیزگاری
حاصل کر۔ پھر دنیا کے جائز اور حلال میں زہد کر۔ پھر خدائے عزوجل کے فضل سے غنا حاصل کر۔ پھر اسکے فضل میں
زہد اور اسکے قرب میں غنا طلب کر جب تیری غنا اسکے قرب میں درست ہو جائے گی تو وہ تجھے اپنا فضل دیگا
اور اپنے انعام یعنی لطف اور رحمت ...... اور رحمت کے دروازوں کو کھولدیگا۔ دنیا کو تجھ
کی فراخ کردیگا یہ نادر امر اولیاء اور صدیقوں کے لیئے ہے۔ چونکہ وہ اُنکے تقویٰ کو جانتا ہے کہ وہ اُس سے
کسی اور چیز میں مشغول نہیں ہوتے لیکن انمیں اکثر و نپر دنیا تنگ ہو اسلیئے کہ وہ چاہتا ہے میرے لیئے فارغ
ہو جائیں مجھپر ہی داخل ہو جائیں۔ مجھپر ہی داخل ہوں اور مجھی سے مانگیں اور اگر انکو دنیا عطا کرے

Marfat.com

تو وہ جانتا ہے کہ یہ میرے خدمت سے پھر کر اس میں مشغول ہو جائیں گے اور اسی پر مٹ گئے یہ اکثر ہے اور وہ تا
اور نادر یہ کوئی حکم نہیں لگایا جاتا ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم ایسے ہیں جن پر دنیا پیش کی گئی اور وہ خدا کی خدمت
کو چھوڑ کر اس میں مشغول نہ ہوئے، کمال زہد اور اعراض کے باعث اقسام کی طرف توجہ نہ کی، زمین کے
خزانوں کی چابیاں آپ پر پیش کی گئیں آپ نے انکو رد کر دیا اور کہا رَبِّ اَحْيِنِي مِسْكِينًا وَاَمِتْنِي مِسْكِينًا وَاحْشُرْنِي
فِي زُمْرَةِ الْمَسَاكِينِ (اے رب مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھیو اور مسکینی کی حالت میں ماریو، اور مسکینوں کے
گروہ میں میرا حشر کریو) آپکا زہد کامل ہے نہیں تو کوئی شخص اپنے مقسوم کو نہیں چھوڑتا، مومن حرص کے
بوجھ سے آرام میں ہے نہ حرص کرتا ہے نہ عجلت چیزوں میں ویسے زہد کرتا ہے اور باطن کے ساتھ انسے اعراض
کرتا اور انکے (یعنی خدا کے) حکم میں مشغول ہوتا ہے اسنے جان لیا کہ مقسوم فوت نہ ہوگا، اسلیئے اور
طالب تکیا اقسام کو چھوڑ کر وہ اسکے پیچھے دوڑتے اور ذلیل ہوتے اور اس سے قبولیت کا سوال کرتے ہیں، اے
غلام! تو ایمان کا محتاج ہے جو خدائے عزوجل کے راستہ پر چلائے اور یقین کی طرف جو تجھے ثابت رکھے اس را
چلنے سے پہلے تو تھیلی کا محتاج ہے اور اسکے انجام پر ایمان کا بخلاف مکہ کی راہ کے بعض نے کہا ہے مکہ کا راستہ
ایمان اور ہمیان (تھیلی) کا محتاج ہے اور یہ راستہ جسکی طرف میں نے اشارہ کیا ہے ہمیان اور ایمان کا
ابتداءً و انتہاءً محتاج ہے۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپنے جب علم پڑھنے کا ار
کیا تو آپکی کمر میں پانسو دینار کی ایک تھیلی تھی جس میں سے خرچ کرتے اور علم پڑھتے اور اسپر ہاتھ مار کر فرماتے کہ اگر
نہ ہوتی تو لوگ مجھکو پامال کر دیتے پس جب آپکو علم حاصل ہوگیا اور خدائے عزوجل کو پہچان گئے تو جس قدر باقی
رہا تھا اسکو ایک ہی دن میں فقیروں پر تقسیم کر دیا اور کہا کہ اگر آسمان لوہا بنجائے اور مینہ نہ برسائے اور
زمین پتھر ہو جائے اور کچھ نہ اگا اس حالت میں تھے اگر میں رزق کی تلاش کا ارادہ کروں تو میں کافر ہوں
کسب کرنا اور سبب سے تعلق رکھنا ضروری ہے تا وقتیکہ تیرا ایمان طاقتور ہو جائے پھر سبب سے مسبب کی طرف
نقل کر۔ انبیاء علیہ السلام نے کمایا اور قرض لیا اور شروع حال میں اسباب تعلق کو پکڑا اور انجام کار توکل
ابتداءً و انتہاءً شریعتاً و طریقتاً کسب توکل کو جمع کیا۔ اے بے نصیب جو لوگوں کے ہاتھوں میں ہے اسپر توکل
اور انکے گدا کرنے پر بھروسہ کرکے کسب ہاتھ سے نہ دے نہیں تو تو طاقتوں کی نعمت کا ناشکر ٹھہرے گا اور خدا

Marfat.com

دشمن جانیگا اور بعید کردیگا۔ کسب کا ترک کرنا اور لوگون سے مانگنا بندے پر خدای عزوجل کا عذاب ہے سلیمان علیہ السلام کا جب ملک جاتا رہا تو خدا نے انکو کئی طریقون سے عذاب دیا جنمین سے ایک لوگون سے بہیک مانگنا تہا آپ سلطنت کے دنون مین کسب کیا کرتے تھے جب خدای عزوجل نے آپکو تنگی دی تو سلطنت علیحدہ کیا اور روزی کے طریقے بند کردیے تھے کہ انہون نے لوگون سے گدائی کی [illegible] آپکے گہر مین ایک عورت کی چالیس روز مورت پوجنا تہا پس برابر چالیس روز عذاب مین مبتلا رہے اولیاء اللہ کے غم کو آرام اور انکی آنکھو قرار اور مصیبت کو تسکین اسوقت تک نہین ہوتی جبتک وہ خدای عزوجل سے نہ ملین۔ انکی ملاقات دو قسم کی ہے ایک دنیا مین دلون اور باطنون کیساتھ اور یہ کم اور نادر ہے دوسری آخرت مین جب اپنے خدای عزوجل سے ملتے ہین تو انکو راحت و آرام حاصل ہوتا ہے اور اس سے پہلے ہمیشہ کی مصیبت مین رہتے ہین اور آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) نفس کے متعلق فرمایا۔ ای غلام! اسکو شہوتون اور لذتون سے باز رکہ اور اسکو پاک طعام کہلا جو پلید نہ ہو پاک حلال اور پلید حرام۔ پہر فرمایا اسکو حلال غذا دے تاکہ اترائے نہین اور تکبر اور بے ادبی نکرے۔ ای خدا ہمکو اپنا آپ بتلا تاکہ ہم تجھے پہچانین قبول فرما۔

۲۹ اونتیسوین مجلس

آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) گیارہوین ماہ جمادی الآخر ۵۴۵ھ ہجری کو مدرسہ مین فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپنے فرمایا مَن تَضَعضَعَ لِغَنِیٍّ طَلَبًا لِمَا فِی یَدَیهِ ذَهَبَ ثُلُثَا دِینِهِ (جس شخص نے حرکت کی غنی کی طرف اس چیز کے مانگنے کے لیے جو اسکے پاس ہے اسکے دو ثلث دین جاتے رہے) ای منافقون! سنو یہ اسکا حال ہے جو مالدارون کی طرف رجوع کرتا ہے پس اسکا کیا حال ہوگا جسنے انکے لیے نماز پڑہی روزے رکہے اور حج کیا اور انکی دہلیزین چومین۔ ای خدای عزوجل کا شریک بنانیوالو [illegible] اسکی اور اسکے رسول کی کوئی خبر نہیں۔ اسلام لاؤ۔ توبہ کرو توبہ اخلاص کیساتھ کرو تاکہ تمہارا یقین کامل ہو جائے اور تمہاری توحید اس قدر نشوونما کرے کہ اسکی شاخین عرش تک بلند ہو جائین ای مسکین جب تیرا ایمان تربیت پائے اور اسکا درخت اونچا ہو جائے تو خدای عزوجل تجہ کو تیرے نفس اور خلقت سے مستغنی بے نیاز کردے گا تجھے کسب اور اکتسابات سے غنا کردے گا حتی خدای عزوجل تیرے نفس دل اور باطن کو [illegible] تجھے اپنے دروازے پر بٹھادیگا اور تیرے [illegible]

Marfat.com

جسنے دنیا سے کھایا اور اس مین مشغول ہوا اور نہ اس کی یعنی دنیا جسکے ہاتھ مین ہو پس تیرا اسکو دیکھنا زحمت اور رنج اور ظلمت ہوگا۔ ای کہ تو علم کا دعوی کرتا ہے اور ابنائے دنیا سے دنیا کو مانگتا ہے اور انکے لیے ذلیل ہوتا ہو تجکو خدائے عزوجل نے حسب مقدر گمراہ کردیا ہے تیرے علم کی برکت جاتی رہی اسکا مغز جاتا رہا اور چھلکا باقی ہے۔ اور ای کہ توجو عبادت کا دعوی کرتا ہے اور خلق کی پوجا کرتا ہے اور اُن سے ڈرتا اور امید رکھتا ہو تیری عبادت کا ظاہر خدا کے لیے ہے اور باطن خلقت کے لیے تیری تمام تلاش اور ارادہ اسکا ہے جو انکے ہاتھون مین درہم اور دینار اور دنیا کا مال ہو تو انکی تعریف اور ثنا کی امید رکھتا اور انکی مذمت اور انکی روگردانی سے ڈرتا ہے تو انکے نہ دینے سے ڈرتا ہو اور انکے دروازون پر دیرتک کھڑا رہتے اور قرب اور انکی غلامی کے ذریعے سے انکی عطا کی امید کرتا تو تجھپر افسوس تو مشرک منافق ریاکار ہے دین مرتد ہے تجھپر افسوس کہ اسکو زینت دکھلاتا ہے اسکو جو آنکھون کی خیانت اور سینہ کے پوشیدہ بھیدون کو جانتا ہے۔ تجھپر افسوس نماز مین کھڑا ہوتا اور اللہ اکبر کہتا ہے اور اپنے قول مین جھوٹا ہوتا ہے تیرے دلمین خلقت کی عزت اللہ عزوجل سے بڑی ہے [illegible] اور دنیا و آخرت کے لیے نکر اُن لوگون سے ہو جو اسکی ذات کو چاہتے ہین [illegible] کا حق ادا کر [illegible] کیلیے عمل نکر نہ عطا اور منع کے لیے۔ تجھپر افسوس تیرا رزق کم نہ ہوگا [illegible] تجھپر خیر اور شر مقدر ہو چکا وہ ضرور آئیگا پس ایسی چیز مین مشغول نہ ہو جس سے فراغت ہے اور اسکی عبادت مین مشغول ہو۔ اپنے حرص کو کم اور امید کو تاہ کر۔ اور موت کو آنکھون کے سامنے رکھ نجات پائیگا اور تمام حالات مین شرع کی موافقت کر۔ ای قوم کیا شرع کی موافقت تم مین پائی جاتی ہے؟ تم نے اسکو اپنے ظاہر و باطن کے ہاتھون سے چھوڑ دیا ہے اور نفسون اور خواہشون [illegible] خدائے عزوجل کے علم پر مغرور ہو گئے ہو جو تم سے [illegible] خدا اپنی [illegible] اور آخرت مین اسکو تمام [illegible] تم پر واقع کرے گا۔ تجھے پکڑے گا اور مواخذہ کرے گا پھر مرنیکے بعد قبر مین اتارے گا [illegible] اور قیامت تک اسی مین رہیگا پھر تجھے اوٹھائیگا اور [illegible] کی طرف حشر [illegible] تونے ہر ایک ساعت [illegible] کا حساب لیگا تو کم و زیادہ سے پوچھا جائیگا [illegible] بے حقیقت اور کمزور تو کسی کام کا نہیں مگر آگ کیلیے تیری عبادت مین اخلاص نہین [illegible] روح نہین تو اور تیری عبادت سوا آگ کے اور کسی کام کی نہین

Marfat.com

کیا تجھے تکلیف اٹھانے کی حاجت نہین۔ اگر تو نے عملون مین اخلاص نکیا تو وہ اعمال بے فائدہ مین تو عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (عمل کرنیوالے۔ رنج اُٹھانیوالون سے ہے) عاملہ دنیا مین ناصبہ قیامت کیدن آگین مگر یہ کہ موت سے پہلے توبہ کرے اور عذر کرے خدای عز و جل کی طرف اسلام کو نیا اور اچھی توبہ اور اوس مین اخلاص کرنیکے ساتھ موت آنے سے پہلے رجوع لاکر پہر دروازہ بند ہوجائیگا اور تو توبہ کے دروازے مین داخل ہونیکی طاقت نہ پائیگا اسکی طرف دل کے قدمون سے رجوع لا تاکہ تجہپر اپنے فضل کا دروازہ بند نکرے اور تجھے تیرے نفس اور طاقت اور قوت اور مال کے سپرد نکرے اور جن چیزون مین تو ہے ان سب مین برکت عطا کرے تجہپر افسوس۔ تو خدا ئے عز و جل سے نہین شرماتا تو نے اپنے دینار کو رب اور درہم کو مقصود مقرر کیا ہے اور خدا کو بالکل بہلا یا تو تہوڑی دیر بعد تجھے معلوم ہو جائیگا تجہپر افسوس اپنا [illegible] اور [illegible] عیال کے بیٹے بنا کہ انکے لیے شرع کے موجب کسب کر اور تیرا دل خدای عز و جل پر بہروسہ رکھتا ہو اپنا اور انکا رزق اسی [illegible] وہ آدمی پس وہ تیرا اور انکا رزق تیرے ہاتھ پر جاری کرے گا اور اپنا فضل اور قرب اور انس تیرے دل کو دیگا تیرے عیال کو تجھے غنی کریگا اور تجھے ان کے ساتھ غنی بنائیگا۔ انکو غنی کریگا جس [illegible] چاہیگا اور جس طرح چاہیگا اور تیرے دل کو [illegible] تیرے [illegible] اور تیرے عیال کے بیٹے تو اس مقام پر [illegible] حالانکہ تو [illegible] پردہ کیا گیا اور راندہ کیا گیا ہے تو دنیا اور انکے جمع کرنے سے [illegible] اسکے [illegible] کر اور اسکے اندر آنیسے سکو مایوس کر اور اس مین [illegible] اپنے [illegible] تیرا [illegible] اور بی پر درپے ندامت کر اور جو گناہ تجھسے [illegible] اور اپنے مال سے فقیرون پر خیرات کر اپنے بخل کو دور کر [illegible] تجھے [illegible] مومن جسکو دنیا و آخرت کی [illegible] بخیل نہین ہوتا حضرت عیسے علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپنے ابلیس سے پوچھا خلقت مین تیرے نزدیک زیادہ پیارا کون ہے اسنے کہا بخیل [illegible] سب سے زیادہ مغبوض کون اسنے کہا کریم فاسق [illegible] اسکی وجہ کیا [illegible] بخیل مومن سے امید رکھتا ہون کہ اسکا [illegible] مین [illegible] کریم فاسق سے ڈرتا ہون [illegible] اسکی بدیون کو مٹا دیگی۔ وہ دنیا مین دنیا کے واسطے مشغول [illegible] نے کسب کو اسلیے مشروع کیا ہے تاکہ اس سے خدائے عز و جل کی عبادت پر مدد لیجائے لیکن جب تو نے کسب کیا اور اس سے [illegible] اور [illegible]

اور نیکی کرنیکو چھوڑ دیا اور زکوۃ نہ دی تو تو گناہ میں ہے عبادت میں نہیں ہو نیز اکسیر است کاٹنے کی طرح ہوگا قریب ہی موت آئیگی مومن اس سے خوش ہوگا اور کافر اور منافق غمگین ہونگے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہو کہ آپنے فرمایا اِذَا مَاتَ الْمُؤْمِنُ يَتَمَنّٰى اَنَّهٗ مَا كَانَ فِي الدُّنْيَا وَلَا سَاعَةً لِمَا يَرٰى مِنْ كَرَامَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَهٗ (جب مومن مرتا ہے تو تمنا کرتا ہے کہ دنیا میں نہ ہوتا ایک ساعت بھی اس سبب سے کہ وہ اللہ عزوجل کی کرامت اپنے لیے دیکھتا ہے) توبہ کرنے والا اپنی توبہ پر ثابت رہنے والا کہاں ہے۔ اپنے رب عزوجل سے حیا کرنے والا اور تمام حالات میں اسکا انتظار کرنے والا کہاں ہو۔ اپنی خلوت اور جلوت میں حراموں سے بچنے والا کہاں۔ جو اپنے جسم اور دل کی آنکھوں کو بند کرنے والا کہاں ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہو کہ آپ نے فرمایا اِنَّ الْعَيْنَيْنِ لَيَزْنِيَانِ وَزِنَاهُمَا النَّظَرُ اِلَى الْمُحَرَّمَاتِ (تحقیق دونوں آنکھیں البتہ زنا کرتی ہیں اور انکا زنا کیا ہو نامحرمات کی طرف دیکھنا) تیری آنکھ نامحرم عورتوں اور بچوں کی طرف دیکھنے سے کب تک زنا کریگی۔ کیا تونے خدای عزوجل کے قول قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ (مومنوں کو کہہ کہ اپنی آنکھیں بند کریں) کو سنا نہیں ای فقیر اپنے فقر پر صبر کر کیونکہ دنیا کا فقر کٹ جائیگا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہو کہ آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا یا عَائِشَةُ تَجَرَّعِيْ مَرَارَةَ الدُّنْيَا لِنَعِيْمِ الْاٰخِرَةِ (ای عائشہ دنیا کی کڑواہٹ تلخی کو آخرت کی نعمتوں کے لیے گھونٹ گھونٹ کرکے پی) تجھے معلوم نہیں کہ قوم (یعنی اولیا اللہ) کے پاس تیرا کیا نام ہے بدبخت یا نیک بخت مانا کہ یہ خدا کے علم اور مقدر میں ہے لیکن خوف نہ چھوڑ اگر تو علم اور سابقہ پر ہو رہے گا تو دین کی حد سے نکل جائیگا جس کا تجھے حکم ہوا سکے کرنے میں کوشش کر تجھے اس علم سابق سے کچھ نہیں۔ یہ ایسی شے ہو جسے نہ تو جانتا ہو نہ تیرا غیر یہ امور غیبیہ ہیں اولیا اللہ نے دنیا کے فرش کو لپیٹا اور اس سے کنارہ کش ہوئے اپنے مولی کے سامنے کھڑے ہوئے اور اسکے خادموں کے ساتھ اسکی خدمت میں مشغول ہوئے اس سے لیتے ہیں زاد بنانے کے لیے نہ جمع اور ذخیرہ کرنے کیلئے بلکہ اسکو ضرورتاً کرتے ہیں اپنی نیتوں کے ساتھ عبادت پر کھڑے ہوتے ہیں اور اپنی قدم کو شیطان کے مکر اور فریب سے نگاہ رکھتے ہیں اپنے خدای عزوجل کو مانتے ہیں اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہیں۔ انکا کل شغل احکام الٰہی کی اطاعت اور سنت کی تابعداری ہو وہ بڑے عالی ہمت

Marfat.com

اور کل چیزون میں قوی زاہد ہین اے اللہ ہمین بھی اُنہین سے بنا اور انکی برکتون میں سے ہمین بھی عطا کر اور قبول
فرما۔ ای غلام جبتک تیرے دلمین دنیا کی محبت ہے صالحین کے احوال سے کچھ بھی نہ دیکھیگا جبتک خلقت سے گدا کرنے
والا اور اُنکے ساتھ مشترک ہوگا۔ تیرے دل کی آنکھین نہ کھلین گی۔ کوئی عزت نہین جبتک کہ تو دنیا اور خلقت مین
زاہد ہو کوشش کر۔ تو اسکو دیکھے گا جسنے تیرا غیر نہیں دیکھتا تیرے لیے عادت کا خلاف ہوگا جب تو اسے جو تیرے
حساب میں ہے چھوڑ دیگا تو تیرے پاس وہ جو تیرے حساب مین نہین ہے آئیگا جب تونے خدا عزوجل سے پرہیز
کیا۔ اور خلوت اور جلوت میں اس سے ڈرا تو تجھے اسجگہ سے جو تیرے گمان مین نہ تھی رزق پہونچائیگا تو چھوڑ
وہ تجھے دیگا تو زہد کر وہ تجھے رغبت دیگا ابتدا مین چھوڑنا ہے اور آخر میں لینا ابتدائی امر مین دل کو شہوتون
اور دنیا کے چھوڑنے کی تکلیف دینا ہے اور انجام میں اس کا اخذ کرنا اول متقیون کے لیے اور ثانی ان ابدال کے
لیے جو خدائے عزوجل کی طاعت سے ملے ہوئے ہیں ای ریاکار۔ ای منافق ای مشرک ان امروں مین
جنکو تو چھوڑ دیتا ہے۔ انکی مزاحمت نکر وہ معدود ہیں ان کامون مین جو تیرے ہاتھ سے واقع ہوتے ہین
انکے احوال نہ طلب کر انہون نے عادات کا خلاف کیا اور تو نے اسکی موافقت کی پس درحقیقت تونے
انکے نزدیک عادات کا خلاف کیا ہے انہون نے نہین کیا وہ تیرے خواب کیوقت اُٹھے تیرے افطار کے
وقت انہون نے روزہ رکھا۔ تیرے امن کیوقت انہون نے خوف کیا۔ تیرے خوف کیوقت وہ امن مین تیرے بخل
کیوقت انہون نے سخاوت کی انہون نے خدائے عزوجل کے لیے عمل کیا اور تونے اسکے غیر کے لیے۔ انہون نے اسکو
چاہا اور تو نے اسکے غیر کو۔ انہون نے امر اسکے سپرد کیا اور تو نے اس سے مجادلہ اور محاربہ کیا وہ اسکی قضا پر
راضی ہوئے اور خلقت کے پاس شکوہ کرنے سے اپنی زبانین بند کین مگر تو نے ایسا نہین کیا۔ انہون نے تلخی پر صبر کیا
پس وہ انکے حق مین شیرینی ہوگئی قدر کی چھریان اُنکے گوشت کو کاٹتی ہین اور وہ کچھ پرواہ نہین
کرتے ہین یہ اس لیے کہ انہون نے رنج دہندہ کو دیکھا اور اس مین حیران رہگئے [illegible]
کسیکو تکلیف نہیں پہونچتی بعض نے کہا ہے کہ نیک وہ لوگ ہین جو ذرہ کو بھی تکلیف نہیں دیتے ذرہ چھوٹی
چیونٹی کو کہتے ہین جو نظر مین نہ آسکے وہ خدائے عزوجل سے طاعت کیساتھ اور خلقت سے نیک معاشرت کیساتھ
اور کلمے سے صلہ رحمی کے ساتھ ملتے ہین وہ دنیا اور آخرت کے درمیان نعمتون مین ہین دنیا مین قرب کی

Marfat.com

نعمت مین۔ اور آخرت کو جنت اور اللہ عزوجل کے دیدار اوسکے قریب ہونے اور اسکے کلام سننے اور اسکی خلعت
پہننے کی نعمتون میں ہین تیری ان سے کوئی نسبت نہیں۔ اپنے گناہون اور اللہ عزوجل پر وقاحت (بیحیائی)
اور جرات سے توبہ کر تجہپر افسوس حیا اللہ عزوجل سے چاہیے نہ خلقت سے۔ وہ سب چیزون سے پہلے ہے
تو محدث سے حیا کرتا ہے اور قدیم سے وقاحت (بیحیائی)، وہ کریم ہے اور اس کا غیر لئیم۔ وہ غنی اور اوسکے سوا
سب فقیر۔ اس کو طریقہ عطا کرتا ہے اور اسکے غیر کا۔ نہ دنیا۔ اپنی حاجتین اس کے آگے پیش کر۔ وہ غیر سے اولیٰ تر ہے
[illegible] اسکی شرع کی حدود کی محافظت کر۔ اور تقوی کو لازم پکڑ جب تو تقوی پر مداومت
[illegible] مبتلا ہوجائے گا اور تو تصرفات سے اسمین مشغول ہوگا۔ اسپر دلیل طلب کر۔ اور
[illegible] جو ادہر ہونے تیرے حصے مقدر کیا ہے تجہے ملجائیگا تجہسے فوت نہ ہوگا۔ تیرا اسکے غیر کو ترک کرنا
[illegible] زیادہ کرے گا جب تیرا دل تجہے اسکو نہ بتلائے تو تو بہائم کی طرح بے سمجھ ہے۔
[illegible] کی طرف اسکی عقل نے انکو خدائے عزوجل کی راہ بتلائی اور ان سے
[illegible] اور اس سے اپنے نفس اور خدا کو پہچان۔ تجہپر افسوس تیری عمر ضائع ہو رہی ہے اور تجھے
[illegible] آخرت سے روگردانی اور دنیا پر متوجہ ہونا کب تک کیے جائیگا تجہپر افسوس تیرا رزق کوئی
[illegible] تیری جگہ کوئی اور سکونت نہین کرے گا۔ تحقیق غفلات تجہپر غالب
[illegible] ہے تیرا اہم مقصود کہانا اور پینا اور نکاح اور سونا اور غرضین حاصل
[illegible] مقصود ہے۔ حلال یا حرام سے پیٹ بہر لینے سے [illegible]
[illegible] سکین۔ اپنے آپ پر رو جب تیرا ایمان مرجاتا ہے تو تجہپر قیامت
قائم ہوتی ہے [illegible] ہے تو تجھے کچھ پرواہ نہین ہوتی اور نہ اسپر روتا ہے۔ وہ فرشتے جو تجہپر
موکل ہین جب تیرے دین کے سرمایہ مین خسارہ دیکھتے ہین تو تجہپر روتے مین تجھے عقل نہین اگر تجھے عقل
ہوتی تو تو دین کے چلے جانے پر روتا تیرے پاس راس المال ہے اور تو اس سے تجارت نہین کرتا عقل اور حیا
دونون راس المال ہین تو ان مین تجارت کرنا اچھا نہین سمجھتا۔ وہ علم جسپر عمل نہو۔ وہ عقل جس سے نفع
نہو وہ حیا جو فائدہ نہ دے۔ اس گہر اور خزانے اور طعام کی مانند ہے جس مین کوئی نہ رہتا ہو جس کو

Marfat.com

کوئی نہ جانتا ہو اور جسکو کوئی نہ کھاتا ہو جب تو آسمان کو جسکے نیچے تو ہے نہ جانتے ہیں بتلاتا ہوں میرے پاس اس شرع کا آئینہ ہے جو ظاہری حکم ہے اور اللہ عزوجل کے علم کا آئینہ ہے جو باطنی علم ہے غفلت کی نیند سے بیدار ہو اور بیداری کے پانی سے اپنا منہ دھو اور دیکھ کہ تو مسلمان ہے یا کافر مومن ہے یا منافق موحد ہے یا مشرک ریاکار ہے یا مخلص موافق ہے یا مخالف راضی ہے یا ناراض ۔ حق عزوجل کو کچھ پرواہ نہیں تو راضی ہووے یا ناراض اسکا ضرر اور فائدہ تیری ہی طرف ہے وہ پاک ہے کرم کرنے والا حکم کرنے والا نفسیات دینے والا سب اسکے لطف اور فضل کے ماتحت ہیں ۔ اگر ہمپر لطف نکرے تو ہم ہلاک ہو جائیں ۔ اگر ہم میں سے ہر ایک کا ہمارے افعال پر پورا پورا مقابلہ کرے تو ہم سب ہلاک ہو جائیں ۔ ای بندے اللہ عزوجل پر اپنی عبادت سے اور صفائی [illegible] نفاق کے احسان کرتا ہے اور اسکی کرامت اپنے لیے طلب کرتا ہے اور اپنے فساد کے ساتھ صالحین سے مزاحم ہوتا ہے ۔ اور بہا [illegible] ای منافق [illegible] اس امت کے مخلصوں اور موحدوں سے خارج ہو اور انکا ذکر [illegible] انکی معرفت [illegible] یا نسبت [illegible] اگر وہ ہی تیرے ساتھ رووے [illegible] تاکہ وہ تیرے پاس بیٹھے تو [illegible] بعض صالحین [illegible] (رحمۃ اللہ علیہ) [illegible] جا [illegible] نیکو نہیں جانتے تجھپر افسوس تیرا دل کیا چیز ہے تو کیا [illegible] اسکے ذیاکر تا ہے کس کے سوتا ہے جب سختی میں پڑتا ہے تو کس پر [illegible] جھوٹ اور نفاق کو پہچانتا ہوں ۔ میرے [illegible] تو اور خلقت مچھر کی مانند ہے تم میں [illegible] اسکا خادم ہوں اگر وہ چاہے کہ مجھے بازار میں لیجائے اور [illegible] میری ملکیت کو لے سے یا مجھے حکم کرے کہ میں گدا کروں تو میں حاضر ہوں [illegible] تجھکو کیا کروں تو بوسیدہ چوب ہے جو جلانے کے سوا کسی کام کی نہیں ۔

تو تو دنیا چلی جاتی ہے اور عمرین فنا ہوتی ہیں اور آخرت [illegible] تم [illegible] دنیا اور اسکے جمع کرنے کا غم ہے تم خدائے عزوجل کی نعمتوں کے دشمن ہو [illegible] کرتے ہو اور اگر اسکی طرف سے آرام ملے تو چھپاتے ہو ۔ اگر تم اللہ عزوجل کے انعام چھپاؤگے اور [illegible]

Marfat.com

شکریہ نہ ادا کروگے تو وہ انکو تم سے چھین لیگا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپنے فرمایا اذا انعم اللہ عز وجل علی عبدہ نعمۃ احب ان نری علیہ (جب خدائی عز وجل اپنے بندے پر انعام کرتا ہو دوست رکھتا ہے کہ اسپر نعمت کو دیکھا جاوے) اولیاء اللہ نے اپنے لیے صرف ایک غم رکھا۔ انہون نے سب چیزون کو انکے دلون سے نکال ڈالا اور ایک چیز کو جگہ دی۔ نہ اور چیزون کی طرح اپنی عبادتون کو ریا اور نفاق اور شہرت سے خالص کیا اپنے خدائی عز وجل کے آگے عبودیت کو ثابت کیا اور تم خلقت کے غلام ریا اور نفاق کے غلام خلق اور کھوائے ان اور نفسانی حظوظ اور تمنا کے غلام ہو تم مین کوئی ایسا نہیں جو اسکے لیے عبودیت ثابت کرے۔ مگر وہ جسکو خدائی عز وجل چاہے ایسے بہت نادر ہین۔ کوئی تو دنیا کو پوجتا ہے اسکے ہمیشہ رہنے سے محبت رکھتا اور اسکے زوال سے ڈرتا ہے اور کوئی خلقت کی پوجا کرتا ہے ان سے ڈرتا اور ان سے امید رکھتا ہو کوئی جنت کی عبادت کرتا اسکی نعمتون کا امیدوار اور انکے خالق سے امید نہین رکھتا اور کوئی دوزخ کی پرستش کرتا اس سے ڈرتا اور اسکے خالق سے نہین ڈرتا ہے خلق کیا ہے جنت کیا۔ نار کیا اور اسکا غیر کیا اللہ عز وجل نے فرمایا وما امروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین لہ الدین حنفاء (اور نہین امر کیے گئے مگر یہ کہ عبادت کریں اللہ کی خالص کرتے ہوئے واسطے اسکے عبادت کو پاک ہو کر) ان عارفون نے جو اسکو جانتے ہین اوسکی عبادت اسکے لیے کی نہ اسکے غیر کے لیے ربوبیت کو اس کا حق اور عبودیت کو اس کا حق دیا صرف اسکے امر کی تابعداری اسکی محبت کیلیے نہ کسی اور مطلب کے لیے اور اسیکا ارادہ کیا نہ اسکے غیر کا۔ اور اسکے غیر کو چھوڑ دیا تم عوض بلا اروح تم ظاہر مین تابعدار ہو اور قوم باطن مین تم الفاظ ہو اور قوم معنی تم چھلکا ہو اور قوم مغز قوم اولیاء اللہ انبیاء کا لشکر [illegible] کے داہنے اور بائین اور آگے اور پیچھے۔ انکے طعام اور شراب کا پس ماندہ انکے لیے ہے وہ اپنے علموں پر عمل کرتے ہین پس انکی وراثت انکے لیے درست ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا العلماء ورثۃ الانبیاء (عالم نبیون کے وارث ہین) جب انہون نے اپنے علمون پر عمل کیا تو وہ نبیون کے خلیفہ اور وارث اور نائب ہوئے۔ تجپر افسوس ہے صرف علم سے حاصل نہین ہوتا جس طرح دعوی بلا شہادت فائدہ مند نہین اسیطرح علم عمل کے بغیر مفید نہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی کہ آپنے فرمایا ھتف العلم بالعمل فان اجابہ والا ارتحل (علم عمل کو آواز دیتا ہے پس اگر وہ جواب دے تو ٹھیرتا ہے نہین تو

Marfat.com

کوچ کر جاتا ہے) اسکی برکت کوچ کر جاتی ہے اور تدریس باقی رہتی ہے اس کا چھلکا باقی رہتا ہے اور مغز چلا جاتا ہے۔ اے علم پر عمل کرنے کو ترک کرنے والو تم میں سے ہر ایک شعر کو پوری فصاحت اور بلاغت سے ادا کرنے پر ماہر ہے اور اسکا عمل اور اخلاص کچھ نہیں اگر تو اپنے دل کو مہذب بنائے تو البتہ تیرے ہاتھ پاؤں وغیرہ مہذب بنجائیں کیونکہ دل اعضا کا بادشاہ ہے پس جب بادشاہ مہذب ہو تو رعیت بھی مہذب ہو جاتی ہے علم چھلکا ہے اور عمل مغز چھلکا مغز کی حفاظت تک حفاظت میں رہتا ہے اور مغز اسلئے روغن نکلنے تک نگہ رکھا جاتا ہے پس جب چھلکے میں مغز نہو تو کس کام کا ہے اور جب مغز میں روغن نہو تو بیکار ہے علم چلا گیا اس لیئے جب عمل مر گیا تو وہ بھی نر ہا تجھے علم بلا عمل زبانی یاد کرنا اور پڑھنا کیا فائدہ دیتا ہے۔ اے عالم اگر تو دنیا و آخرت کی بہتری [illegible] کی بہتری درکار ہے تو اپنے مال سے فقیروں کی مدد کر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے [illegible] الخلق عیال اللہ وَاَحَبُّ النَّاسِ اِلَی اللهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْفَعُهُمْ لِعِيَالِهٖ (لوگ خدائے عزوجل کی عیال ہیں اور خدائے عزوجل کے نزدیک زیادہ پیارا اسکے عیال کو زیادہ فائدہ پہنچانے والا ہے) پاک ہے وہ جس نے بعض کو بعض کا محتاج بنایا ہمیں اسکی مرضی [illegible] تو مجھ سے مانگتا ہے میں تجھے تیری سینے لیتا ہوں عنقریب خدائے عزوجل کی طرف سے مجھے مال ملجائیگا اور [illegible] تجھے بے نیاز کریگا اور تمکو میرا محتاج بنائیگا حضرت ابراہیم [illegible] بے صبری کو دیکھتے تو فرماتے اے خدا ہم پر دنیا میں وسعت کر [illegible] ہمیں رغبت نہ دے پس ہم اسکی طلب میں ہلاک ہو جائینگے اے اللہ [illegible] اور تدبیر [illegible]

وہ مجلس جو تیس مجلسوں کو پورا کرتی ہے

تیسوین مجلس

آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) [illegible] جمادی الآخر [illegible]

فرمایا اے بشارت ہو اسکے لیئے جس نے اللہ عزوجل کا اسکی نعمتوں پر اقرار کیا [illegible] اور اپنے نفس اور اسباب اور طاقت اور قوت کو چھوڑ دیا تھا۔ وہ آدمی ہے جو تمام حالات میں اللہ عزوجل [illegible] کوئی احسان نہیں جتاتا اور نہ اس سے جزا طلب کرتا ہے (تجھ پر افسوس) تو اللہ عزوجل کی بے علم عبادت کرتا اور [illegible] علم [illegible] کرتا اور دنیا کو بے علم لیتا [illegible]

جو تیرے پیٹے ہے اور جو تجھ ہی فرق نہیں کرتا۔ اپنے دوست کو اپنے دشمن سے نہیں پہچانتا یہ سب اللہ عزوجل کے حکم عدم واقفیت اور شیخون کی خدمت کو ترک کرنیکا باعث ہو عمل کے نتیج اور علم کے نتیج تجھے اللہ عزوجل کو بتائینگے اول قول سے پھر عمل سے پھر اون کے ذریعہ سے تو خدائے عزوجل سے ملجائیگا کسکو نہیں ملا مگر علم کے ساتھ اور دل اور جسم سے دنیا میں زہد کرنے اور اس سے اعراض کرنے کے ساتھ متزہد وہ زاہد جو زہد کو (تکلیف) سے ظاہر کرتا ہے دنیا کو اپنے ہاتھ سے نکالتا ہے اور حقیقی زاہد اسکو دل سے خارج کرتا ہے اولیاء اللہ نے دنیا میں دلون سے زہد کیا پس نہ انکی طبعیت ہنگیا۔ ان کے ظاہر اور باطن سے بل گیا اُن کی طبیعتوں کی انانیت بجھ گئی۔ انکی خواہشیں ٹوٹ گئیں انکے نفس مطمئن ہوئے اور ان کا شر زائل ہوگیا۔ ای غلام یہ زہد وہ صنعت نہیں جسکو تو کر رہا ہے یہ وہ شئے نہیں جسکو تو ہاتھ میں لیتا ہی اور پھینکدیتا ہے بلکہ وہ خطوات (اقدام) ہیں۔ انہیں کا پہلا دنیا کے چہرے پر نظر ڈالنا ہی تو اسکو اس صورت میں دیکھے جو گذشتہ نبیون اور رسولون کے پاس اور ان اولیاء ابدال کے پاس تھی جنسے کوئی زمانہ نہیں رہا اور یہ روایت تجھکو گذشتہ بزرگونکی انکے اقوال اور افعال میں تابعداری کرنیکے باعث صحیح طور سے حاصل ہوگی جب تو انکی تابعداری کریگا تو دیکھے گا جو انھون نے دیکھا اور جب تو قول اور فعل اور خلوت اور جلوت اور علم اور عمل ظاہر اور باطن میں اس قوم کا تابع ہوگا ان جیسے روزے رکھیگا انکی طرح نماز پڑھیگا انکے لینے کی طرح لیگا انکے چھوڑنے کی طرح چھوڑے گا اور اُن سے محبت رکھیگا تو اسوقت خدائے عزوجل تجھے ایسا نور عطا کرے گا کہ تو اس سے اپنے نفس اور اپنے غیر کو دیکھ لیگا اور تجکو تیرے اپنے اور خلقت کے عیب معلوم ہوجائینگے پس تو اپنے نفس اور تمام خلقت مین زاہد بنجائیگا جب یہ تیری حق میں درست ہوجائیگا تو تیرے دل کی طرف قرب کے نور آئینگے اور تو مومن موقن (یقین والا) خدا شناس ہوجائیگا اور سب چیزون کو انکی اصلی صورت اور معنی پر دیکھیگا تو دنیا اسیطرح دیکھیگا جسطرح گذشتہ زاہدون نے جو اس سے اعراض کرنے والے تھے دیکھا تو اسکو بڑہیا بدحال شوم بدشکل کی صورت مین دیکھے گا یہ اس قوم (اولیاء اللہ) کے نزدیک اسی صفت پر ہے اور بادشاہون کے نزدیک خوبصورت آراستہ دُلہن کیطرح۔ یہ قوم (اولیاء اللہ) کے نزدیک حقیر و ذلیل ہے وہ اسکے بال جلاتے ہیں اسکے کپڑے پھاڑتے ہیں اسکے چہرے کو چھیلتے ہیں وہ اس سے اپنی قسمت قہراً اور جبراً اسکو ذلیل کرکے لیتے ہیں اور خود آخرت کے مصاحب ہوتے ہیں۔ ای غلام جب دنیا میں تیرا زہد درست ہوجائے تو اپنے اختیار اور خلقت میں زہد کر ان سے خوف کر نہ امید رکھ اور ان سب چیزون کو

جبکہ تیرا نفس امر کرتا ہے قبول نکر مگر اللہ عزوجل کا حکم آنیکے بعد اور اکثر تیرے دل پر بطریق الہام یا رویا جبکہ وہ تکلفت سے
نفرت کرنیوالا اعراض کرنیوالا ہو یہ حکم نازل ہوگا اور اگر تیرے ہاتھ پاؤں سکون پذیر ہوں تو اسکا اعتبار نہیں تجھے مفر
نہیں اعتبار دل کے سکون کا ہے وہ بڑی بھاری مصیبت ہے تجھے سکون نہیں تا وقتیکہ تیری طبیعت اور ہوا اور غیر موئے
مرجائیں پس اسوقت تو اسکے قرب سے زندہ ہوگا مرنا ہے پھر اٹھنا پھر حجاب ہے گا تجھے اپنی طرف اٹھائیگا خلقت کی طرف
واپس کریگا تاکہ تو اون کی مصلحتوں میں غور کرے تجھے دنیا اور آخرت کی طرف رغبت ہوگی تاکہ تو اپنا مقسوم انسے
لیوے تجھکو خلقت کا رنج برداشت کرنے پر قوت ملیگی پس انکی گمراہی سے ردکیگا اور انمین اسکے حکم کی اطاعت کا امر کریگا اور اگر
تو یہ نہ چاہیگا تو تیرے لئے اسکے غیر سے اسکے قرب میں کفایت اور فراخی ہوگی تو اس خالق کے حاصل ہونیکے بعد جو چیز تمکو
رنج وجود سے پھلے بنانیوالا ہے خلقت پر قانع نہ ہوسکیگا وہ سب سے پہلے تہا اور سبکو پیدا کرنیوالا ہے اور سبکے بعد باقی رہیگا
تمہارے گناہ بارش کی طرح کثرت سے ہیں تو چاہیئے کہ تمہاری توبہ بھی ہر ایک لحظہ میں انکے مقابلہ پر ہو تجھپر افسوس
تو بڑا متکبر بڑا مغرور اور بڑا حریص ہے تو مجسم ہوس تو عبارت ہو مٹی ہوئی قبروں کی طرف دیکھ اور ان میں
رہنے والوں کی ساتھ زمان کی زبان سے مخاطب ہو وہ تجھے اپنے حالات سے خبر دینگے اے غلام تو حق عزوجل
کی ارادت اور اوسکے اولیاء کی ارادت کا دعوی کرتا ہے اور میں تجھے چھوڑتا ہوں تیری حکایت نہیں کرتا مجھپر
لعنہ کرتا ہوں میں خدای عزوجل کے حکم سے تمپر محتسب ہوں ان منافقوں کی جو اپنے اقوال اور افعال میں جھوٹے
ہوتے ہیں گردنیں کاٹتا ہوں میں بہت دفعہ مشائخ پر محتسب رہا ہوں حتی کہ میرے لئے محتسبی درست ہوگئی اے
اہل زمین اپنے اعمال کو نمک کے بغیر نہ گوندہو آؤ اسکے لئے نمک لو اے نمک کے بکھیرنے والو آگے آؤ اے
منافقین تمہارا گوندہا ہوا آٹا نمک کے بغیر ناخواستہ ہے وہ علم کے خمیر اور اخلاص کے نمک کا محتاج ہے اے منافق
تو نفاق سے گوندہا ہوا ہے قریب ہے کہ تجھپر تیرا النفاق آگ بجائیگا اپنے دل کو نفاق سے خالص کر تجھے
خلاصی پا گیا جب دل خالص ہوجائے تو ہاتھ پاؤں خالص ہوجاتے ہیں اور خلاصی پاتے ہیں [illegible]
رہا ہے جب وہ درست ہوجائے تو ہاتھ پاؤں درست ہوگئے جب دل اور ہاتھ پاؤں مستقیم ہوئے تو ہمہ تن کا کام
پورا ہوگیا اور اپنے اہل ہمسایوں اور اہل شہر پر نگہبان ہوا اسکا حال بقدر قوت ایمان اور قرب مولی ترقی پاتا ہے
اے قوم! (صوفیا) خدای عزوجل کی ساتھ معاشرت میں عمدہ بنو اور اس سے ڈرو اسکے حکم کے بموجب عمل کرو کیونکہ

Marfat.com

اوسنے تمکو اپنے علم پر عمل کرنے کی تکلیف دی ہے وہ عمل کیا ہے؟ اس علم مین مشغول ہونا جو تمہارے حقین مقدر ہوچکا ہے اس علم پر عمل کر اور اس کا حق ادا کر تحقیق تو جب اسپر عمل کریگا تو عمل تیرا ہاتھ پکڑ دیگا اور جسکے پیچھے تو نے عمل کیا اسپر داخل کریگا پس تو اس سے وہ علم حاصل کریگا جسکو تو جانتا نہ تھا اور تو اسکے علم کے موجب اسکے ساتھ ہوگا اور اسکے حکم کے موجب اوسکی خلقت کیساتھ۔ تو نے اول پر عمل نہین کیا دوسرے کو طلب کرتا ہے جب تیرے قدم اول مین ثابت ہوجاوین اسوقت دوسرے کو طلب کر تو غلام سے نہیں ملا استاد سے کسطرح ملیگا اپنے پیچھے کی طرف لوٹ اور عقلمند بن علم حاصل کر پھر عمل اور اخلاص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تَفَقَّهْ ثُمَّ اعْتَزِلْ (فقیہ ہو پھر کنارہ کر) مومن وہ ہے جو سیکھتا ہے اس علم کو جو اسپر واجب ہے پھر خلقت سے کنارہ کرتا ہے اور پھر خدای عزوجل کی عبادت مین لگا رہتا ہے اُسنے خلقت کو پہچانا پس انکو برا جانا اور حق عزوجل کو پہچانا پس اس سے محبت کی اور اسکو طلب کیا اور اسکی خدمت کی خلقت اوسکے پیچھے ہوئی پس وہ بھاگا اور انکے غیر کو طلب کیا انکو چھوڑا اور انکے غیر مین رغبت کی اسنے جان لیا کہ انکے ہاتون مین نہ ضرر ہے نہ نفع نہ خیر نہ شر اور اگر انکے ہاتھون پر انہین سے کوئی شے جاری ہوئی تو وہ اللہ عزوجل کیطرف سے ہے پس اسنے سوچ لیا کہ انسے دور رہنا انکے قرب سے اچھا ہے اصل کیطرف آیا اور فرع کو چھوڑ دیا اسنے جانا کہ شاخین بہت ہین اور اصل ایک پس اسی سے تمسک کیا اسنے فکر کے آئینہ مین غور کی پس دیکھا کہ ایک دروازے پر کھڑا ہونا بہت سے دروازون پر کھڑا ہونے سے اچھا ہے پس اسی پر کھڑا ہوا اور اسی سے تمسک کی وہ مومن موقن مخلص عقلمند ہے اسکو عقلون کی عقل دی گئی اسلیے وہ لوگون سے بھاگا اور انکے

اٹھائیسوین مجلس. آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) اٹھارہوین جمادی الآخر ۵۴۵ھ کو مدرسہ مین کچھ کلام کے بعد عشا کے وقت فرمایا جب غضب خدا کے لیئے ہو تو نیک ہے اور جب اسکے غیر کے لیئے ہو تو برا ہے۔ مومن خدا عزوجل کے لیئے غضب مین آتا ہے نہ اپنے نفس کے لیئے اسکے دین کی مدد کے لیئے خشمگین ہوتا ہے نہ اپنے نفس کی مدد کے لیئے جب حدود شرع سے کسی حد کی مخالفت کیجائے تو اس چیتے کیطرح غضب مین آتا ہے جسکا شکار لے لے پس یقیناً خدای عزوجل اسکے غضب کے باعث غضب مین آتا ہے اور اسکی رضا پر راضی ہوتا ہے وہ غضب جو تو اپنے نفس کے لیئے کرتا ہے خدای عزوجل کے لیئے ظاہر مت کر نہین تو تو منافق ہوگا اور ایسا ہی اور اعمال کہ جو اللہ عزوجل کے لیئے ہو کامل اور باقی رہتا اور بڑہتا ہے اور جو اسکے غیر کے لیئے ہو تغیر پاتا اور زائل

Marfat.com

ہوجاتا ہے جب تو کوئی کام کرے تو نفس اور ہوا اور شیطان کو اس سے دور رکھ اور مت کر مگر اللہ عزوجل کیلئے
اور اسکے امر کی متابعت کیلئے۔ کوئی فعل نکر مگر وہ اللہ عزوجل کے یقینی امر سے شرع کی وساطت سے ہو یا دل میں
خدای عزوجل کیطرف سے الہام ہونیسے ہو اور ساتھ ہی شرع کی موافقت کا خیال رکھ۔ اپنی نفس اور خلقت اور
دنیا مین زہد کر، وہ تجھے خلقت سے آرام دیگا اور اللہ عزوجل کیساتھ اُنس پکڑنے اور اسکے قرب کی راحت مین
رغبت کر نفس اور ہوا اور وجود کی کدورات سے صفائی حاصل کرنیکے بعد اسکے اُنس کے سوا اور کوئی اُنس نہین
اور اس کے قرب کے سوا کوئی راحت نہین تو م (صوفیا) کیساتھ رہ انکی تابعداری مدد لے، اور انکی آنکھ سے دیکھ
وہ تجھ سے اسیطرح فخر کریگا جیسا کہ اُنسے کرتا ہی بادشاہ باقی غلامون کے درمیان تجھسے فخر کریگا اُسکے غیر سے
اپنے دلکو پاک کر، تو اس سے اُسکے غیر کو دیکھیگا خلاصہ یہ کہ تو اسکو مشاہدہ کریگا پھر اسکی مدد سے خلقت مین اُسکے
افعال کو جسطرح کہ تو ظاہری نجاست کیساتھ بادشاہون پر داخل نہیں ہوسکتا اسیطرح تو بادشاہون کے
بادشاہ یعنے اللہ عزوجل پر باطنی نجاست کیساتھ داخل نہین ہوسکتا تو ملجٹ کا بھرا ہوا کتیا ہے وہ تجھے کیا کر
جو تجھ میں ہے اسکو اوندھا اور صاف ہو، اُسکے بعد تجھے بادشاہون تک ساقی ہوگی تیرے دل مین گناہ اور خلقت کا
خوف اور رجا، اور دنیا و ما فیہا موجود ہے اور یہ کل دلونکی نجاست سے ہے خاموش رہ حتی کہ تیرا نفس مرجاے اور تو
صدق کی نعش پر اُٹھایا جاے اسوقت پر خلقت متوجہ ہونے مین کوئی ڈر نہین خاموش رہ حتی کہ تجھپر اسکے قرب کی
دہشت طاری ہو پس تجھے ان سے اور انکے ہاتھ چومنے اور انکی عطا اور منع اور انکے حمد اور ذمت روگردانی
ہوگی جب تو بہ درست ہوجائے تو ایمان درست ہوتا اور بڑہتا ہے اہل سنت کا مذہب ہے کہ ایمان کم و زیادہ ہوتا ہے
طاعت سے بڑہتا ہے اور معصیت سے کم ہوتا ہے یہ عوام اناس کے حق مین ہے مگر خواص کا ایمان خلقت انکے دلون سے
نکلنے کے باعث بڑہتا اور اسکے انمین داخل ہونیسے کم ہوتا ہے انکے خدائی عزوجل کیطرف سکون ...
اور اسکے غیر کی طرف سکون کرنیسے کم ہوتا ہوا ای پر توکل کرتے ہین اور اسی پر ...
ہین اُسی سے ڈرتے ہین اوسیکی طرف لوٹتے ہین اسکو واحد جانتے ہین اسپر تمنا کرتے ہین ... نہین کرتے ہیں
اُسپر آزمائے جاتے ہین انکی توحید و مومنین اور خلقت سے مدارات ظاہر ہین جب انپر جہالت کیجائے وہ جہالت نہین
کرتے اللہ عزوجل نے انکے حق مین فرمایا وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا اور جب جاہل انسے

Marfat.com

خطاب کرتے ہیں تو وہ سلام کہتے ہیں) تجھے خاموشی اور جاہل کی جہالت اور انکی یعنی لوگوں کی طبیعت اور نفس وہوا کے جوش میں آنیکے وقت حلم کرنا ضروری ہے مگر جب حق عزوجل کی نافرمانی اختیار کرین تو خاموشی نہیں چاہئے کیونکہ وہ حرام ہے اسوقت کلام عبادت اور اسکا ترک کرنا گناہ ہے جب تو نیکی پر امر کرنے اور برائی سے باز رکھنے پر قادر ہو تو اس مین کوتاہی نکر وہ نیکی کا دروازہ ہے تیرے آگے کہولا گیا ہے اسمین جلدی داخل ہو حضرت عیسیٰ علیہ السلام خشکی کی گہاس کہایا کرتے اور تالابون کا پانی پیا کرتے اور غارون اور ویرانون مین پناہ لیا کرتے تھے جب خواب فرماتے تو پتھر اپنی کلائی کا سرہانا بناتے مومن سیطرح کرتا ہے اور اس قدم پر خدائے عزوجل سے ملنے کا ارادہ رکہتا ہے اور اگر دنیا سے کچھہ اسکی قسمت مین ہوتا ہے تو اسکے پاس آپہنچتا ہے پس وہ اس مین ظاہر کیساتھ متلبس ہوتا ہے اور نفس کے ساتھ اسکو حاصل کرتا ہے اور اسکا دل خدائے عزوجل کے ساتھ ہوتا ہے بدلتا نہیں اسلیئے کہ جب ہر دل مین جگہ پا لیتا ہے تو اسکو دنیا کا آنا اور قسمت کا تناول کرنا بدلتا نہیں اگر مومن پہلے دنیا اور اسکے اہل اور اسکی شہوات اور لذات سے محبت کرتا تہا اس سے ایک لحظہ بہی صبر نکر سکتا تہا رات اور دن اسی مین مشغول رہتا تہا اور عبادت اور اطاعت نہ کرتا تہا اور خدائے عزوجل کو یاد نکرتا تہا اور نہ اسکی اطاعت کرتا تہا تو خدا اسکو اسکے نفس کے عیوب بتلا دیتا ہے پس وہ اس سے توبہ کرتا اور جو گذشتہ ایام میں اس سے سرزد ہوا اسپر ندامت ظاہر کرتا ہے اور خدا اسکو دنیا کے عیب قرآن اور حدیث اور شیخون کے طریقہ پر دکہا دیتا ہے پس وہ اسمین زاہد بنجاتا ہے جب ایک عیب کو دیکہتا ہے دوسرے عیبون پر واقفیت پا لیتا ہے اور جان لیتا ہے کہ مدت تہوڑی ہے اسکی نعمتین زائل ہونے والی اور اسکا حسن بدل جانے والا ہے اسکے اخلاق بلاور اسکا ہاتہ ذبح کرنے والا ہے اور اس کا کلام زہر ہے وہ مزا لینے والی پھر چھوڑ دینے والی ہے اسکا کوئی مرجع اور اصل اور عہد نہیں اسمین رہنا ایسا ہے جیسے کہ پانی پر عمارت پس وہ اسکو اپنے دل کا مقر اور گھر نہیں بناتا پھر جب مین ترقی پاتا اور اسکی طاقت زبردست ہوتی ہے اور خدائے عزوجل کی معرفت حاصل کرتا ہے اور آخرت کو بہی اپنے دل کا مقر نہین بناتا بلکہ وہ دنیا اور آخرت میں اپنے مولیٰ کے قرب کو اسکی قرارگاہ بناتا ہے اپنے باطن اور دل کیلئے وہاں عمارت بناتا ہے پس اسوقت اسکو دنیا کی عمارت نقصان نہین دیتی اگرچہ ہزارہا گہر بنائے اسلیئے کہ وہ دل کے غیر کیلئے بناتا ہے نہ اسکے لیئے اسمین خدائے عزوجل کے امر کی تعمیل کرتا ہے. اسکی قضا و قدر کا موافق ہوتا ہے اسکو خلقت کی خدمت اور انکو راحت پہنچانے مین قائم کرتا ہے وہ طعام اور روٹیان پکانے مین دن کو رات سے ملاتا ہے

Marfat.com

اور اس سے ایک ذرہ بھی نہیں کہاتا کیونکہ اسکا طعام ہے جو اسکی خاص ہے اسکا غیر اس میں شریک نہیں میں وہ طعام
کیوقت افطار کرنیوالا اور غیر کے وقت روزہ دار اور بھوکا رہتا ہے زاہد کھانے اور پینے سے روزہ دار ہے اور
عارف غیر معروف سے وہ بھوکا رہتا ہے نہیں کھاتا مگر اپنے طبیب کے ہاتھ سے اسکی بیماری بُعد اور دوا قرب ہے زاہد کا روزہ دن کو
ہوتا ہے اور عارف کا روزہ رات کو بھی اور دن کو بھی۔ اسکے روزے کو افطار نہیں تاوقتیکہ اپنے رب عزوجل سے ملتا ہے۔
عارف تمام زمانہ روزہ دار اور تمام زمانہ بیمار ہے دل ہی تمام زمانہ روزہ دار اور باطن ہی بیمار اسنے تحقیقاً جان لیا کہ میری
شفاء خدا کا دیدار اور اُسکا قرب ہے۔ اے غلام! اگر تو نجات چاہتا ہے تو خلقت کو دل سے نکال دے ان سے مت ڈر
انسے امید نرکھ خلقت کے ساتھ مانوس اور اسکی طرف مائل نہ ہو۔ ان سب سے بھاگ اور نفرت کر ایسا جان کہ گویا
وہ مردار مردے ہیں جب تیرے لیئے یہ درست ہو جائے تو اللہ عزوجل کے ذکر کیوقت تجکو طمانیت حاصل ہو گی اور
اسکے غیر کے ذکر کے وقت بے قراری۔

بتیسوین مجلس

(آپ سے خدا آپ سے راضی ہو) گیارہوین جمادی الآخر ۵۴۵ھ ہجری کو مدرسہ مین جمعہ کے روز
صبح کیوقت کسیقدر کلام کے بعد فرمایا۔ امر کو بجالا اور نہی سے باز رہ اور آفات پر صبر کر اور نفلوں کے ساتھ
قرب حاصل کر اپنے اجتہاد اور عمل کے دروازہ پر تکلف سے حاضر ہونے کو چھوڑ دینے کیساتھ اپنے رب عزوجل سے
توفیق طلب کرنے پر تیرا نام بیدار اور عالم رکھا گیا وہ تجھے استعمال مین لانیوالا ہے اور اسی سے مانگ اور اوسکے سامنے
ذلت ظاہر کرتا کہ وہ تیرے لیئے طاعت کے اسباب مہیا کرے وہ جب تجھے کسی امر کے لیئے چاہیگا تو اوسکے لیئے
تیار بنا دے گا اسنے تجھے جیسا کہ تو ہے جلدی آنے کا حکم دیا اور وہ تیری طرف اپنی پاس سے توفیق ارسال کریگا
امر ظاہر ہے اور توفیق باطن۔ گناہوں سے بھی فرمانا ظاہر ہے اور ان سے پرہیز کرنا باطن اسکی توفیق کیساتھ
تو اس سے تمسک کرتا ہے اور اوسکی حمیت اور عصمت کیساتھ تو اسکے غیر کو چھوڑتا ہے اور اسکے
تو آفاتپر صبر کرتا ہے میرے پاس عقل ور ثبات اور نیت اور پختہ ارادہ اور [illegible] تہمت سے دور رہنے
اور مجھہ میں نیک گمان رکھنے کیساتھ حاضر ہولیں تمہین جو میں کہتا ہون مفید ہوگا اور تم اسکے معنے سمجھوگے
اے مجکو تہمت لگانے والے کل وہ سب کچھہ ظاہر ہو جائیگا۔ تمین کہ مین ہون میری مزاحمت نکر۔ اُس حال میں
کہ مین ہون تیرا دل مغلوب ہو جائیگا اور وہ غالب۔ دنیا کے بوجھہ میرے سر پر اور آخرت کے بوجھ

Marfat.com

میرے دل پر اور حق عزوجل کے بوجھ میرے باطن پر ہیں پس کیا کوئی تم مین سے میرا معاون ہے کون ہے
جو میری طرف بڑھے اور اپنے سر کو خطرے مین ڈالے اور خدای عزوجل کا شکر بجالائے مین سوائے حق عزوجل کے
کسیکی مدد کا محتاج نہین ہون عقلمند بنو اور اولیاء اللہ کا اچھا ادب کرو تحقیق وہ عشائے یعنی جنگل کی گھاس
کو نکالنے والے ملکون اور بندون پر محتسب ہین انہین کیساتھ زمین نگاہ رکھی جاتی ہے نہین تو تمہاری
ریا اور نفاق اور شرک کیساتھ کس چیز کی حفاظت کیجاتی ہے ای منافقو ای اللہ عزوجل اور اسکے رسول کے دشمنو
ای دوزخ کے ایندہنو ای اللہ مجھپر اور انپر رجوع لا ای اللہ مجھے بیدار کر اور انکو بھی مجھے بخش اور انکو بھی
ہمارے دلون اور ہاتھ پاؤن کو اپنے لیئے فارغ کر اور اگر ضروری ہو تو ہاتھ پاؤن دنیا کے کامون مین عیال
کیلیئے اور نفس آخرت کے لیئے اور دل اور باطن اپنے لیے بنا۔ آمین۔

ای غلام ا تجھسے کچھ نہیں ہوتا حالانکہ تیرا اکیلا ہونا ضروری ہے تجھسے کچھ بن نہین آتا حالانکہ تیرا حاضر ہونا
لابدی ہے عمل کے دروازے پر قائم ہو تاکہ وہ تجھے ہوا مین لگا دے۔ تو اور توفیق اسیطرح ہے تو مزدور
اور توفیق مستعمل اور عمل کا مالک اللہ عزوجل اسنے تجھے اپنی عبادت کی طرف جلدی کرنیکا حکم دیا اور توفیق
اسکی طرف سے ہے۔ تجھپر افسوس تونے اپنے نفس کو خلقت سے خوف کرنے اور ان سے امید رکھنے میں قید کر ڈالا
اسکے پاؤن سے یہ قید اتار دے کہ وہ خدای عزوجل کی خدمت مین قائم ہو اور اسکے سامنے مطیع ہو۔ اسکو
دنیا اور اسکی شہوتوں اور تمام ان چیزون سے جو اس میں ہیں زاہد بنا اور اگر مقدر مین تیرے لیئے کچھ ہوگا
تو وہ تیری طرف بلا مراد اور بے طلب آجائیگا اور تو حق عزوجل کے نزدیک زاہد نام پائیگا وہ تیری طرف کرامت
کی آنکھ سے [illegible] اور مقسوم کھوٹا نہ جائیگا جب تک تو اپنی طاقت اور قوت اور سال پر توکل کرنے والا ہے
تو [illegible] سے کچھ نہیں ملیگا کسی بزرگ نے کہا جبتک جیب میں کچھ ہو غیب سے کچھ نہین آتا۔ ای اللہ
ہم تیرے ساتھ اسباب پر بھروسہ کرنے اور ہوس اور عادتون کیساتھ کھڑا رہنے سے پناہ مانگتے ہیں ہم تمام
حالات میں تیرے ساتھ پناہ لیتے ہیں رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ
النَّارِ (ای خدا ہمکو دنیا مین نیکی اور آخرت مین نیکی عطا کر اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

چھتیسوین مجلس اپنے (خدا آپ سے راضی ہو) اتوار کے روز صبح کے وقت تیرہوین ماہ جمادی الآخر

Marfat.com

سنہ ۵۴۵ ہجری کو رباط میں فرمایا جس نے اللہ عزوجل سے نسبت [illegible] اسکو دیکھ لیا جس نے اپنے دل کیساتھ خدای عزوجل کو دیکھا وہ اسکے باطن میں داخل ہوا [illegible] عزوجل نے [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ستروں ربکم کما ترون الشمس والقمر لا تضامون فی رؤیتہ [illegible] دیکھ لوگے جیسا کہ سورج اور چاند کو دیکھتے ہو اسکے دیکھنے [illegible] دیکھا [illegible] قیامت کو سر کی آنکھوں سے دیکھا جائیگا [illegible] والا ہے [illegible] والا ہے [illegible] اسکے غیر کو چھوڑا فقر کی [illegible] دنیا [illegible] اور [illegible] سمجھتے ہیں انکی دولتمندی فقر [illegible]

ای صابرو ای رضا اختیار کرنیوالو [illegible] اسکے موافق بنو اور [illegible]

عزوجل نے فرمایا واللہ یعلم وانتم لا تعلمون [illegible]

مفلس ہونیکے قدموں پر اسکے سامنے [illegible] علم کو [illegible] کہ نہیں اسکا علم حاصل ہو پہلے چیرتے ہے پھر دوسرا اور چہ معاملات کو پایا [illegible] ارادہ ہے پھر مراد کو حاصل کرنا۔ سنو اور عمل کرو نہیں تمہاری رسیاں [illegible] بٹتا اور ٹوٹی ہوئی کو پیوند لگاتا ہوں مجھے کوئی رنج نہیں مگر تمہارا [illegible] جہاں واقع ہوتا ہوں پہنچتا ہوں [illegible] ای ایلچیوں کا [illegible] مین عکرمے ہوئے [illegible]

چونتیسویں مجلس [illegible]

پہونچاتا ہے بڑے [illegible] اور مسکینوں کو [illegible] کے بادشاہ کیونکہ وہ [illegible] دنیا موجودہ [illegible] اور مفقود [illegible]

Marfat.com

کرتے ہین حق عز وجل کے ہاتھ سے لیتے ہین نہ خلقت کے ہاتھ سے۔ انکے ہاتھ پاؤن کی کمائی خلقت کے لیے ہی اور دلوں کی کمائی انکے اپنے لیے وہ اللہ عز وجل کے لیے خروج کرتے ہین نہ ہوا اور نفسانی غرضون اور تعریف وحمد کے لیے حق عز وجل اور اسکی مخلوق پر تکبر کرنا چھوڑ دے وہ ان جبارون کی صفتون مین سے ہے جنکو اللہ عز وجل دوزخ کی آگ مین منہ کے بل اوندھا گرائیگا جب تونے اللہ عز وجل کو غضب مین ڈالا تو اسپر تکبر کیا جب موذن نے اذان دی اور تونے نماز کی طرف کھڑا ہونے سے اوسکی اجابت نہ کی تو اسپر تکبر کیا جب اسکی مخلوق مین سے کسی پر تونے ظلم کیا تو اسپر تکبر کیا خالص توبہ کر پیشتر اسکے کہ وہ تجھے نہایت کمزور مخلوق کے ذریعہ ہلاک کرے جیسا کہ نمرود وغیرہ بادشاہون کو جب انہون نے تکبر کیا ہلاک کر دیا عزت کے بعد انہین ذلیل بنایا دولتمندی کے بعد فقیر کیا نعمتون کے بعد عذاب دیا حیات کے بعد ہلاک ڈالا متقی بنو شرک ظاہر اور باطن دونون میں سے ظاہر مین تو نیکی پوجا باطن مین خلقت پر بھروسہ کرنا اور ضرر و نفع مین انکو دیکھنا لوگون مین بعض ایسے بھی ہین کہ دنیا انکے ہاتھ مین ہوتی ہے اور وہ اس سے محبت نہین کرتے وہ دنیا کے مالک ہوتے ہین دنیا انکی مالک نہین دنیا انسے محبت رکھتی ہے وہ اس سے محبت نہین رکھتے دنیا انکے پیچھے دوڑتی وہ اسکے پیچھے نہین دوڑتے۔ وہ دنیا سے خدمت لیتے ہین اور دنیا انسے نہین وہ دنیا کو متفرق کرتے ہین دنیا انکو متفرق نہین کرتی انکے دل اللہ عز وجل کے لایق بن گئے دنیا انکو بگاڑ نہین سکتی وہ دنیا مین تصرف کرتے ہین دنیا انمین کچھہ تصرف کرنے نہین پاتی اسیواسطے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نعم المال الصالح للرجل الصالح نیک مال نیک آدمی کیلیے کیا خوب ہی اور فرمایا لا خیر فی الدنیا الا لمن قال ہکذا وہکذا (نہین ہی بہتری دنیا مین مگر اسکے لیے جسنے اسطرح اور اس طرح کہا) اسبات کی طرف اشارہ کرکے کہ اسکو نیکی اور بھلائی کے راستون مین صرف کرے دنیا کو ہاتھہ مین رکھو حق عز وجل کے عیال کی مصلحت کیلیے اور دل سے اسکو نکال ڈالو بس وہ یقیناً تمکو ضرر نہ دیگی اور اسکی نعمتین [illegible] مین ڈالین گی قریب ہے کہ تم چلے جاؤ گے اور وہ بھی تمہارے بعد ویران ہوگی۔ ای غلام [illegible] اپنی راے کے ساتھ [illegible] تو گمراہ ہو جائیگا جس نے اپنی راے پر قناعت کی گمراہ ہوا اور ذلیل ہوا اور پھسلا جب تو اپنی راے پر قانع ہوا تو ہدایت اور ضمانت سے محروم چھوڑ دیا جائیگا اسلیے کہ تونے انکو طلب کیا اور نہ انکی [illegible] افضل ہوا تو کہتا ہے کہ مین علما کے علم سے بے پروا ہون اور علم کا دعوی کرتا ہے پس عمل کہان ہے اس دعوی کی تاثیر کہان ہے اور اسکا مصداق (جسپر یہ صادق آئے) کیا تیرے اس علم کے دعوی کی صحت

Marfat.com

عمل اور اخلاص اور مصیبت کیوقت صبر کرنے غصے مین نہ آنے بیقراری نکرنے اور خلقت کے پاس شکایت نہیجانیسے
ظاہر ہوگی تو اندہا ہے بصیرت کا دعوی کسطرح کرتا ہے تو فہم کا بیمار ہے فہم کا دعوی کس طرح کرتا ہے اپنی جہوٹے دعوی
سے اللہ عز و جل کے آگے توبہ کر اسی کو لازم پکڑ اسکے غیر کو ترک کر کل سے پہر اور کل کے خالق کو طلب کر تجہسے ان لوگون
کچہہ نہین جو ٹوٹے اور پیوند لگائے گئے اور ہلاک ہوے یا ہالک بنے خاص اپنے نفس کو پکڑ حتی کہ وہ مطمئن ہوا اور
اپنے رب عز و جل کو پہچانے اسوقت غیر کی طرف توجہ کر خدا کی مراد کا راستہ پکڑ دنیا و آخرت مین اسکی صحبت طلب کر تقوی
اور تجرید اور اسکے غیر سے تنہائی لازم پکڑ ہمیشہ کے لیے محو ہوجا اپنے نفسکو سوا اسے اوہر اوہر نہی کے اور کسی شی مین ثابت
نہ رکہہ ہی ہے جسنے تجھے انمیں ثابت رکہا اے مردو اے غور تو تم مین سے وہ جس کے پاس اخلاص کا ذرہ تقوی کا ذرہ صبر اور
شکر کا ذرہ ہو وہی کامیاب ہوا مین تمکو مفلس دیکہتا ہوں۔

پینتیسوین مجلس [۳۵] آپ نے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا اے متکبرو تمپر افسوس تمہاری عبادتین زمین مین داخل
ہوتین بلکہ آسمان پر چڑہتی ہین اللہ عز و جل نے فرمایا الیہ یصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یرفعہ
(پاک کلمے اوسی کی طرف صعود کرتے ہین اور اعمال صالح کو وہ بلند کرتا ہے) ہمارا رب عز و جل عرش پر غالب اور
ملک پر حاوی ہے اس کا علم سب چیزون کو گہیرے والا ہے وہی پیدا کرنے والا ہے قرآن مین سات آیتین
اسی مضمون کی ہین تیری جہالت اور غرور کے باعث مین تو نہین کرسکتا تو مجہے اپنی تلوار سے ڈراتا ہے مگر مین نہین ڈرتا تو
مجہے اپنے مال مین رغبت دلاتا ہے مگر مین راغب نہین ہوتا مین اللہ عز و جل ہی سے ڈرتا ہون اسکے غیر سے خوف نہین
رکہتا اسی سے امید رکہتا ہون اسکے غیر سے نہیں اسکی عبادت کرتا ہون نہ اسکے غیر کی اسکے لیے عمل کرتا ہون نہ اسکے غیر کے لیے میرا
رزق اسکے پاس اور اسکے ہاتہہ مین ہے سب کچہہ اسیکا ہے غلام اور اوسکی جائداد کا آقا مالک ہو آپنے بیان کیا کہ ایک ا...
بقدر پانچسو آدمیون کے اسلام لائے اور تیس ہزار سے زیادہ نے توبہ کی اور کہلکہ ہمارے نبی...
عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول (...)
کسیکو اطلاع نہین دیتا مگر اپنے پسندیدہ رسول کو غیب اسکے پاس ہے اسکے قریب ہو تاکہ تو اسے اور جو اسکے پاس ہے
دیکہے اپنے اہل اور مال اور شہر اور بیوی اور اولاد کو چہوڑ اور اسے اپنا دل نکال لے سبکو چہوڑ دے اور اسکے
دروازے کی طرف چل جب تو اسکے دروازے پر پہونچے تو اسکے غلامون اور سلطنت اور ملک نے مشغول ہو

Marfat.com

اگر وہ تیرے آگے طبق پیش کرین تو نہ کہا اگر تجھے کسی گھر مین ٹھہرا دین تو نہ ٹھہر اگر وہ تجھے بیوی کرا دین تو نکرا دین سے کوئی چیز نلکرتی کہ تو جیسا ہی اپنے لباس اور درماندگی اور سفر کے غبار اور بکھرے ہوئے بالون مین خدا سے ملے پس وہ تیرا لباس بدلا دیگا کہلائیگا پلائیگا تیری وحشت کو انس سے بدل کر دیگا تجھے کشائش بخشیگا تجھے ماندگی سے آرام دیگا تیرے خوف کو امن بنا دیگا اوس کا قرب تیری غنا اس کا دیدار تیرا کہانا پینا اور لباس ہوگا تو اب اخلق دخلقت کو والی بنانا) کے کیا معنی ہین ۔ انسے ڈرنا ۔ ان سے امید رکہنی انکی طرف راغب ہونا اپنا اختیار کرنا تو لی الخلق کے یہ معنی ہین ۔

چھتیسوین مجلس

چھتیسوین مجلس آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) دوسری ماہ رجب ۵۴۵ ہجری منگل کے روز عشا کے وقت کچھہ کلام کے بعد فرمایا ۔ یہ دنیا بازار ہے ایک ساعت کے بعد اسمین کوئی نہ رہیگا رات آنیکے وقت اسکے باشندے اس سے چلے جاتے ہین کوشش کرو کہ اس بازار مین کوئی خرید و فروخت نکرو مگر وہی جو کل آخرت کے بازار مین تمکو نفع دے کیونکہ پرکہنے والا بصیر ہے حق عزوجل کی توحید اور اسکے عمل مین اخلاص کا سکہ وہان رائج ہے اور یہ تمہارے پاس کم ہے ۔ ای غلام عقل کر عجلت نکر عجلت تیرے ہاتھہ مین کچھہ نہین آئیگا تیری عجلت کے ساتھہ وقت غروب اور وقت صبح نہین آئیگا پس تو نے کیون صبر نکیا اور ذکر الٰہی مین مشغول نہ رہا حتی کہ وقت مغرب آئے اور تجھے حاصل ہو جو چاہتا ہے عقلمند بن اور حق عزوجل اور اسکی مخلوق کے ساتھہ ادب برت خلق پر ظلم نہ کر اور ان سے مانگ جو تیرے لیے انکے پاس نہین کوئی شک نہین حتی کہ وکیل کے پاس فرمان آئے پس اسوقت تو عطار کو دیکھیگا فرمان سے پہلے تجھے ایک ذرہ نہ ملیگا وہ تجھے نہ ایک ذرہ نہ بدرہ نہ دریا اور نہ قطرہ دینگے مگر بغیر خدا ے عزوجل کے اذن اور فرمان اور انکے دلون پر الہام ہونے سے عقل کر عقل یہی ہے خدائے عزوجل کے سامنے اپنے مکان پر ثابت رہ رزق اسیکے پاس سے تقسیم کیا جاتا ہے اور اسیکے ہاتھہ مین ہے تجھپر افسوس توکل کس مونہ سے اس سے ملیگا دنیا مین اوس سے لڑتا ہی اس سے کہراتا ہے اور اسکی مخلوق [illegible] توحید سے ہے اونکو اس کا شریک بناتا ہے اپنی حاجتین انپر عرض کرتا اور حاجات مین انپر [illegible] لی طرف محتاج ہوتا اگر [illegible] ان کے لیے عذاب ہے کہ وہ سوال کو نہین نکلے مگر اپنے گناہون کی [illegible] اور انکین سے ایسے ہوتے [illegible] سوال کرے وہ نہین جب تو سوال کرے اسوال [illegible] دیا گیا ہو تو مجہ دم ہوگا وہ تجھسے عطا کو روک لیگا ای غلام میرے نزدیک بہتر یہی ہے کہ تو اپنی ضعف کی حالتون کسی سے کچھہ نہ مانگے اور یہ کہ تیرے پاس کچھہ نہو نہ تو کسیکو پہچانے اور نہ تجھے کوئی پہچانے نہ تو کسیکو دیکھے اور نہ

Marfat.com

تجھے کوئی دیکھے اور اگر تجھ مین طاقت ہی کہ تجھے دیا جائے اور تو نہ لیوے ایسا تو کر اور تیری خدمت کی جاوے اور تو خدمت
طلب نہ کرے تو کر ازبیارا اللہ نے اسکے لیے اور اسکے ساتھ عمل کیا پس اسنے دنیا و آخرت مین انکو اپنے بچا کیا تہ و کہلایا
انکو وکہا دیا کہ وہ انپر مہربان اور ان سے محبت رکہتا ہے ۔ ای غلام ۔ جب تیرا اسلام ٹھیک نہ ہو تو ایمان نہوگا اور جب
ایمان نہو ایقان نہوگا اور جب ایقان نہو تو تجھکو اسکی معرفت اور علم حاصل نہوگا یہ درجے اور مرتبے ہیں جب تیرا
اسلام درست ہو تو استسلام (یعنی تابعدار ہونا) درست ہوگا اپنے تمام حالات مین حدود شریع کی حفاظت اور اسکو
لازم پکڑنے کے ساتھ اللہ عزوجل کی طرف توجہ کر ۔ اپنے نفس اور غیر کے حقمین اسکا حکم مان اسکے امر کی
اچھا ادب کر ۔ اپنے نفس اور غیر پر ظلم نکر ظلم دنیا و آخرت میں اندھیرے ہے ظلم دل کو تاریک بناتا اور منہ کو سیاہ
نہ خو ظلم کر اور ظالم کا مددگار رہو کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ینادی مناد یوم القیامۃ این الظلمۃ
اعوان الظلمۃ این من بری لھم قلما این من لاق لھم دواۃ اجمعواھم واجعلواھم فی تابوت
من نار (قیامت کے روز پکاریگا کہاں ہو ظلم کہاں ہین ظالمون کے مددگار کہاں ہے وہ جسنے انکے لیے قلم تراشی کہاں وہ جو
انکے لیے دوات مین صوف ڈالا انکو اکٹھا کرو اور آگ کے تابوت میں ڈالدو) خلقت سے بھاگ اور کوشش کر کر تو نہ ظالم ہو
اور نہ ظالم اور اگر تجھسے ہوسکے تو مظلوم بن ظالم مقہور بن قاہر نہو مظلوم کیلیے حق عزوجل کی مدد ہوتی ہے
خلقت میں سے کسیکو مددگار نہ پائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا اذا ظلم من لم یجد ناصرا غیر اللہ
عزوجل فانہ یقول لا نصرنک ولو بعد حین (جب آدمی ظلم کیا جاوے جو حق عزوجل کے سوا کسیکو مددگار
نہین پاتا تو اللہ تعالی فرماتا ہے مین ضرور تیری مدد کرونگا اگرچہ وہ کچھ عرصہ کے بعد ہو
باعث ہے ای اللہ ہم تیرے ساتھ رہنے کا سوال کرتے ہین اور باقی سب
تجھین مشغول رہنے اور اپنے اور تیرے درمیان سے پردون کے اٹھ جانیکا سوال
درمیان سے واسطے دور کرو تمہارا انکے ساتھ رہنا ہوس ہو ملک اور بادشاہی
مگر اللہ عزوجل کے لیے ای منافق تو کب تک ریا اور نفاق
کہاں ہاتھ آتا ہے تجھپر افسوس کیا تو اللہ عزوجل سے شرم نہین کرتا اور اسکی دید
لیے عمل کرتا ہی اور باطن مین اسکے غیر کے لیے تو اسکو ۔۔۔ احسان

Marfat.com

جاننا ہے باز آ اور اپنے حال کی تلافی کر اور اسکی نیت درست کر سستی کر کہ تو کوئی لقمہ نہ کھائے اور کوئی قدم نہ چلے خلاصہ یہ کہ کوئی چیز نہ کرے مگر ایسی نیک نیت سے جو حق عزوجل کے لیے مناسب ہو جب تیرے لیے یہ درست ہو جائے تو جو عمل تو کریگا اسیکے لیے ہوگا نہ اسکے غیر کے لیے تجھے تکلیف دور ہو جائیگی اور انسان کی طبیعت بنجاتی ہے جیسے اپنے رب عزوجل کا سچا بندہ بن جاتا ہے اسے کسی چیز میں تکلف کی ضرورت نہیں پڑتی کیونکہ وہ اس کا والی ہوتا ہے اسکو توفیق کرتا اور خلقت سے محجوب کر دیتا ہے اسکو انکی حاجت نہیں رہتی جبتک تو مرید [illegible] اور سائر چلنے والا با مشقت میں ہے جب پہنچ جائے اور سفر کی مسافت طے کر لے تو اپنے رب عزوجل کے قرب کے گھر میں ہو جائیگا [illegible] ہو جائیگا اور اس کا انس تیرے دل میں متمکن ہوگا اور بڑھ جائیگا حتی کہ اپنے کناروں کو گھیر لیگا پہلے تو چھوٹا ہوتا ہے پھر بڑھتا ہے جب بڑھتا ہے تو دل اللہ عزوجل کے ساتھ پیوستہ ہو جاتا ہے اور اسکے غیر کی راہ اور گوشہ میں نہیں رہتا اگر تو یہاں تک پہنچ جاتا ہے تو دنیا اور آخرت کے کاموں میں غرضوں کے پانے اور انکی تہیات کے وقت [illegible] اطاعت اور نہی سے باز رہنے اور نیکی دیدی اور دولتمندی وفقیری اور عزت وذلت میں تسلیم کرنے کے ساتھ [illegible] عمل کر اور آخرت کا ایک ذرہ [illegible] عمل کر [illegible] کہ تیرا مقصود عمل میں لگنے واسطے اس کی رضا اور قرب ہو نہ اجرت اسکی تجھ سے راضی ہونا اور دنیا آخرت میں اس کا قرب ہوگی دنیا میں دل کیسا [illegible] جیسا تو عمل کر اور رغبت نہ کر [illegible] اپنے عمل کو نہ دیکھ بلکہ ایسا ہو کہ تیرے ہاتھ [illegible] ہو جائے تو تیرا دل آنکھیں بنجائیگا [illegible] خدائے عزوجل کے لائق بنجائے تو وہ [illegible] اسکو تغیر دیتا اور بدلاتا اور ایک حال سے دوسرے حال کی طرف نقل کرتا ہے [illegible] اور یقین اور معرفت اور قرب اور مشاہدہ ہو جاتا ہے - دن بغیر رات - روشنی بے ظلمت [illegible] نفس [illegible] وجود غیب بلا حضور ہوتا ہے اپنے نفس اور مخلوق [illegible] کوئی کلام نہیں تاوقتیکہ تیرے اور اسکے درمیان ایک کامل [illegible] خلقت [illegible] تو نے آزمالیا کہ انکا ضرر اور نفع کچھ نہیں نفس سے علیحدہ ہو تو نے اسکو آزمایا ہے اسکی موافقت نکر اور اپنے رب عزوجل کی رضا میں اس سے دشمنی کر خلقت اور نفس دو مہلک دریا

Marfat.com

آگین اور بوادیان ہیں مختصر ارادہ کر اور اس ہلاکت سے غور کر تو بادشاہ ہوجائیگا اول بیماری ہے یا پردہ وا الدرغز و
جل سے ڈر بیماری اور دوا کو چھوڑ تمام ہر ضمین اسکے نزدیک دو ائین ہیں اسکے ہاتھہ میں ہین اسکے سوا ان کا
کوئی مالک نہین۔ جبکہ تو نے وحدت پر صبر کیا تو [illegible] اسکے ساتھہ انس حاصل ہوگا تو نے فقر پر صبر کیا تو
غنا حاصل ہوگی دنیا کو چھوڑ پھر آخرت کو پھر مولی کے قریب کر طلب کر خلق کو ترک کر پھر خالق کی طرف رجوع لا تجہپر
افسوس خلق اور خالق اکھٹے نہین ہوتے دل مین دنیا و آخرت جمع نہین ہو [illegible] جو تصور نہین کرتا صحیح نہین ہوتا
اس سے کچھ بن نہین آتا یا خلق ہے یا خالق یا دنیا ہے یا آخرت یہ ہو سکتا ہے کہ خلقت تیرے ظاہر مین ہو اور
خالق باطن مین اور دنیا ہاتھہ میں اور آخرت دل [illegible] دلمیں دونون جمع نہین ہو [illegible] نفس مین غور کر اور اسکے
لیے اختیار کر لیں اگر تو دنیا کو چاہے تو آخرت کو دل سے نکال اور اگر آخرت کو چاہے تو دنیا کو دل سے خارج کر
اور اگر مولی کو چاہے تو دنیا و آخرت اور اسکے غیر کو دل سے نکال اسلیے کہ جبتک تیرے دلمین غیر خدا عزوجل کے
سوا ایک ذرہ باقی ہوگا تو اسکے قرب [illegible] تو [illegible] اور [illegible] تیرے [illegible] ثابت ہوگا
جبتک تیرے دلمین دنیا کا کوئی [illegible] ہوگا آخرت [illegible] جبتک تیرے دل مین آخرت کا کوئی
ذرہ ہو حق عزوجل سے [illegible] دو [illegible] والابصر
سے تجہپر افسوس تو نے خلقت [illegible] کر [illegible] تجھے [illegible] اگر
اور تیری جیب اور [illegible] سے [illegible] دیگا [illegible] شراب
گدا کے مین [illegible] تیرے [illegible] مین
محسوس [illegible]
حق عزوجل نفر اور خلقت [illegible]
اپنے عمل پر عمل نکرنے واسطے [illegible] علم [illegible] کی [illegible]
اوسے پہچانو تو تم مین اسکے [illegible] بفائدہ کلام
چھوڑ دو کسی صالح آدمی سے روایت [illegible] لوگو اسنے [illegible] دیکھا اور اس سے کہا اگر
عمل کرتا تو تیرے لیے اچھا ہوتا اسے مجھے سزا دی گئی [illegible] سے محروم کیا گیا [illegible] غلام

Marfat.com

[illegible] فائدہ مند چیزون مین تجھے شغل ہو اپنا نفس اپنے دل سے نکال پھر تو نیک ہو گیا وہ بڑی سخت کدورت
[illegible] حاصل ہوگی۔ بدل تو بدلا جائیگا اللہ عزوجل نے فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى
يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ (خدا کسی قوم کی حالت کو نہین بدلتا جبتک کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلین) ای انسان [illegible]
[illegible] ای مکلفون ای عاقلو! خدای عزوجل کے کلام اور اسکے اخبار کو سنو وہ سچا کہنے والا ہے تمہارے
نفسون کے جسکو وہ چاہتا ہے اسے بدلاؤ تاکہ تمہین وہ ملے جس سے تم محبت رکھتے ہو [illegible] جو تمہین
[illegible] جبتک کہ رسی کے دونون کنارے تمہارے ہاتھون مین [illegible] غافل نہ ہو اس سے اس
چیز [illegible] جو تمہاری اصلاح کرے تم اپنے نفسون پر [illegible] پھر سوار ہو جاؤ گے وہ دنیا مین
[illegible] اور آخرت مین ملامت کرنیوالا ہے اس [illegible] خدای عزوجل [illegible] اس طرح بھاگو جیسے
[illegible] بھاگتے ہو اس سے معاملہ کرو کیونکہ جس نے اس سے معاملہ کیا فائدہ اٹھایا جو اس سے محبت کرے وہ اس سے
[illegible] اسکو چاہتا ہے وہ اسکو چاہتا ہے جو اس کا قرب چاہتا ہے وہ اس سے قریب ہوتا ہے جو اسکی معرفت کا
[illegible] معرفت بخشتا ہے تجھے [illegible] اور میری بات مانو روئے زمین پر کوئی ایسا نہین ہے جو میری
[illegible] چاہتا ہون نہ اپنے لیے اور اگر آخرت کو طلب کرتا ہون تو انکے
[illegible] ہون اس حق عزوجل کے سوا کسیکو نہین چاہتا دنیا اور آخرت انکے درمیان
کی چیزون سے مجھے کچھ سروکار نہین وہ میرے صدق کو جانتا ہے کیونکہ علام الغیوب ہے میری طرف آؤ مین
[illegible] ہون مین بھٹی اور ٹکسال کا مالک ہون۔ ای منافق تو کیا بکتا ہے تیرا بکنا تیرا بڑا بول ہے تو کبتک اتنا
[illegible] ہے تجھپر افسوس تو اسکے غیر کو دیکھتا ہے اور کہتا ہے کہ مین اس سے انس پکڑتا ہون تو اپنے نفس کا
[illegible] نام رکہتا ہے [illegible] اسکو صابر کہتا ہے حالانکہ ایک مصیبت تجھے ازراتی اور کافر بناتی ہے کوئی کلام
[illegible] رنجون اور آفتون کے باعث میت ہو جائے اور اسکو آفات کے کینچے ریخ دین پس
[illegible] کے ساتھ [illegible] تیرا دل دنیا اور آخرت سے فارغ ہوگا تو انکی نسبت اور ان چیزون کی نسبت
[illegible] معدوم ہوگا اور امر کی اطاعت اور نہی سے باز رہنے کے ساتھ موجود وہ تجھے وجود مین لائے گا
[illegible] تجھے متحرک [illegible] اور ساکن کرے گا اور تو اس سے غائب ہوگا تیرا کوئی مقام نہین تاوقتیکہ یہ مقام

Marfat.com

حاصل ہو حق عز وجل بندہ سے صورت نہیں طلب کرتا بلکہ معنی طلب کرتا ہی یعنی توحید اور اخلاص اور دنیا و آخرت کی محبت کو دل سے خارج کرنا اور تمام چیزون کو اس سے ایک طرف کرنا جب اسکے لیے یہ کامل ہو جاتا تو وہ اس سے محبت کرتا اور اسکو مقرب بناتا اور دوسرون پر بلندی بخشتا ہے۔ ای واحد ہم نے تجھے واحد جانا خلقت کو چھوڑا اور تیرے لیے خلوص کیا ہمارے دعوی اپنے فضل اور رحمت سے گواہون سے پختہ کر ہمارے دلون کو پاکیزہ بنا اور ہمارے کامون کو آسان کر اپنے ساتھ انس بخش اور اپنے غیر سے وحشت دی ہمارے غمون کو ایک غم بنا یعنی تیرا غم اور دنیا و آخرت میں تجھ سے قرب حاصل کرنیکا شرف دے رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ای ہمارے خدا دنیا میں نیکی اور آخرت مین نیکی بخش اور ہمکو دوزخکے عذاب سے بچا۔

سینتیسوین مجلس

آپنے خدا آپ سے راضی ہو) پانچوین رجب ۵۴۵ہجری جمعہ کی صبحکو مدرسہ میں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپنے فرمایا عُوْدُوا الْمَرْضٰی وَشَیِّعُوا الْجَنَائِزَ فَاِنَّهٗ یُذَکِّرُکُمُ الْاٰخِرَةَ مریضون کی عیادت کرو اور جنازون کیساتھ جاؤ کہ وہ تمہیں آخرت یاد دلائینگے اس سے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد ہے کہ تم آخرت کو یاد کرو اور تم اسکے ذکر سے بھاگتے ہو اور دنیا سے محبت رکھتے ہو۔ قریب ہی تمہارے اور اسکے درمیان بغیر تمہارے اختیار کے پردہ ہو جائے گا جسپر تم اقرار ہے ہو تمہارے ہاتھون سے لیجائیگی خوشی کے عوض تم کو بغض اور رنج آن لیگا۔ ای غافل ای کمینہ ہوش کر تو دنیا کے لیے پیدا نہیں ہوا بلکہ آخرت کے لیے۔ ای اپنی ضروریات سے غافل تونے اپنا مقصد شہوتین اور لذتیں اور دنیا پر دینار جمع کرنا بنایا ہے اور اپنے ہاتھ پاؤن کو کھیل میں مشغول کیا ہے اگر آخرت اور موت کا واعظ تجھے ا[illegible] کرے تو کہتا ہے کہ تونے میرے عیش کو [illegible] کر دیا اور اپنے سر کو [illegible] اور [illegible] یا[illegible] پاس موت کا ڈرانیوالا یعنی بڑھاپا آگیا اور تو اسکو کترنا یا سیاہی سے بدل ڈالتا ہے تو کیا کرے گا جب ملک الموت اور اس کا لشکر تیرے پاس آئیگا تو کس [illegible] سے انکو روکیگا جب تیرا رزق ختم ہو جائیگا اور تیری رات پوری ہو جائے گی تو کونسا حیلہ کرے گا اس ہوس کو چھوڑ دنیا ی بنا[illegible] عمل ہے جب تو اسمین عمل کرے گا تو اجرت پائیگا اور اگر تونے عمل نکیا تو کچھ بھی نہ ملے گا۔ یہ [illegible] ان اور [illegible] صبر کرنے کا گھر ہے یہ تکلیف کا گھر ہے اور آخرت آرام کا گھر ہے مومن اس میں اپنے نفس کو تکلیف

Marfat.com

دیتا ہے پس یقیناً آرام پاتا ہے لیکن تو نے راحت میں جلدی کی توبہ میں دیر لگائی اور روز بعد روز و ماہ بعد ماہ سال بعد سال تاخیر کرے حتی کہ تیری عمر ختم ہوگئی تو نادم ہوگا کہ میں نے نصیحت کو کیوں نہ مانا کیوں ہوش نہ کی مجھے بیچ بتایا گیا مگر اسکی تصدیق نہ کی۔ تجھپر افسوس تیری حیات کی چہت کا شہتیر ٹوٹ گیا۔ ای مغرور تیری زندگی کی دیوارین گرتی ہیں یہ گھر جس میں تو ہے ویران ہوجائیگا تو اس سے اور مکان کیطرف نقل کرے گا آخرت کا گھر طلب کر اور اپنے اسباب کو اوسکی طرف نقل کر۔ اسباب کیا ہے۔ نیک عمل۔ اپنا مال آخرت کی طرف ارسال کر تاکہ تو اپنے پہونچنے کے وقت اُسے پائے ای دنیا پر مغرور ای فنا میں مشغول ہی کہ تو نے سید کو چھوڑا اور خادمہ میں مشغول ہوا ہے تجھپر افسوس آخرت دنیا کے ساتھ جمع نہیں ہوتی اسلیے کہ وہ اسکو اپنی خادمہ ہونا پسند نہیں کرتی اسکو اپنے دل سے نکال پھر تو دیکھے گا کہ آخرت کس طرح آتی اور تیرے دل پر غالب ہوتی ہے جبکہ تیری لیے پورا ہوجائیگا تو اللہ عزوجل کا قرب تجھے پکارے گا پھر آخرت کو چھوڑ اور اسکو طلب کر اسوقت دل کی صحت اور باطن کی صفائی کامل ہوگی۔ ای غلام۔ جب تیرا دل صحیح ہو تو اللہ عزوجل اور فرشتے شہادت دینگے تیرا دیدہ ایک ایسا مدعی جو دعوی کرے قائم کریگا اور خود شہادت دے گا تجھے خود اسکی صحت کی شہادت دینے کی حاجت نہ ہوگی جب تجھ میں کامل ہوجائے تو ایسا پہاڑ بنجائیگا جسے ہوائیں جگہ سے نہیں ہٹاتین اور نہ تیر توڑتے ہیں۔ تجھ میں خلقت کو دیکھنا اور اُن سے میل جول رکھنا اثر نہین کرے گا اور تیرے دلمیں کوئی خدشہ نہ آئگا اور تیرے باطن کی صفائی ملکہ رہو گی۔ ای قوم۔ اسکو چھوڑ دو جو عمل سے خلقت کی رضامندی اور انکی قبولیت چاہتا ہی وہ بھاگا ہو غلام اللہ عزوجل کا دشمن ہی۔ اس کا اور اوسکی نعمتون کا ناشکر گذار ہے۔ حجاب کیا گیا دشمن جانا گیا لعنتی ہی مخلوق دل ... اور دین کو سلب کرلیتی ہے تجھے اپنے ساتھ مشرک اور خدا فراموش بنادیتی ہی وہ تجھے اپنے لیے چاہتی ہے نہ تیرے لیے اور حق عزوجل تجھے تیرے لیے چاہتا ہے نہ اپنے لیے پس اسکو طلب کر جو تجھے تیرے لیے چاہتا ہے اور اسمین مشغول ہو کیونکہ اسمیں مشغول ہونا انمین مشغول ہونے سے جو تجھے اپنے لیے چاہتے ہیں بہتر ہے اور اگر تجھے مانگنے کی ضرورت ہی تو اسی سے مانگ نہ اسکی مخلوق سے اسلیے کہ اللہ عزوجل کے نزدیک خلقت میں بہت بڑا آدمی وہ ہے جو دنیا کو خلقت سے مانگتا ہی۔ اوسکی اوسی کے علم زیادہ بیچارہ مفلس ہی اور تمام خلقت فقیر تو اپنے لیے اور اپنے غیر کے لیے ضرر اور نفع پر قادر نہین ہے

Marfat.com

اوسکی دوستی طلب کر جو تجھے چاہتا ہے ابتدا مین تو مرید ہوگا اور وہ مراد اور انتہا میں تو مراد ہوگا اور وہ مرید بچہ بچپن کی حالت میں اپنی ماں کو طلب کرتا ہے جب بڑا ہو جاتا ہے تو اوسکی ما اسکو طلب کرتی ہے جب وہ جانیگا کہ تو اُسکا سچا مرید ہے پس تجھے چاہیگا جب جانیگا کہ تو اسکی محبت میں سچا ہے تو تجھ سے محبت رکھیگا اور تیرے دل کو راہ بتائیگا اور تجھے اپنا مقرب بنائیگا تو کس طرح نجات پائیگا حالانکہ تو نے نفس اور ہوا اور طبیعت اور شیطان کے ہاتھ کو دونی آنکھوں پر رکھ چھوڑا ہے ان ہاتھوں کو اُٹھا تو چیزوں کو اُنکی اصلی حقیقت پر دیکھے گا۔ اپنے نفس کو مجاہدہ اور مخالفت سے دور کر ہوا اور طبیعت اور شیطان کے ہاتھ کو علیٰحدہ کر ان ہاتھوں کو دور کر تیرے اور تیرے رب عز وجل کے درمیان سے حجاب اُٹھ جائیگا پس تو اس سے اوسکے غیر کو دیکھیگا اپنے نفس اور اپنے غیر کو دیکھیگا اپنے عیبوں کو دیکھیگا اُنسے کنارہ کرے گا اور غیر کے عیبوں کو دیکھیگا اُنسے بھاگیگا جب یہ تیرے لیے کامل ہو جائے وہ تجھے اپنا مقرب بنائیگا اور تجھے وہ عطا کرے گا جو نہ آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا نہ کسی انسان کے دل پر گذرا دل اور باطن کے کانوں کو تیز کر اور انکو بصیر بنا اور صحیح۔ انکو لباس پہنا اور انپر اسکی عزت کی خلعتیں ڈال وہ تجھے اپنی ولایت سے والی بنائیگا تیری مدد کرے گا تجھے بادشاہ بنائیگا اور مالک گردانیگا اور تمام خلقت پر تجھے چھوڑے گا تجھے دل کا پہرہ دار بنائیگا اُسکے فرشتے تیری خدمت کرینگے اور تجھے اپنے انبیا اور رسل کے ارواح دکھائے گا پس خلقت مین سے تجھپر کوئی بات پوشیدہ نہ رہے گی۔ ای غلام اس مقام کی طلب اور تمنا کر اور اوسکو اپنا مقصود ٹھہرا۔ دنیا مین مشغول رہنے کو چھوڑ دے وہ تجھے کفایت کریگی حق عز وجل کا غیر تجھے فائدہ نہ دیگا بچائیگا اور خدا سے مشغول ہو وہ تیرے لیے کافی ہو گا جب وہ تجھے حاصل ہو جائے تو دنیا و آخرت کی غنا حاصل ہوئی۔ ای غافل اُسکو چاہ جو تجھے چاہتا ہے اسکو طلب کر جو تجھے طلب کرتا ہے اُس سے محبت کر جو تجھ سے محبت کرتا ہے اسی کا شغل رکھ جو تیرا مشتاق ہے۔ کیا تو نے خدائے عز وجل کا [illegible] ویحبونہ وہ ان سے محبت کرتا ہے اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں [illegible] لقائکم لا شوق [illegible] تمہاری ملاقات کا بہت مشتاق ہوں [illegible] تجھے اپنی [illegible] لیے پیدا کیا کھیل کیواسطے نہیں اُسنے تجھے اپنی صحبت کے لیے پیدا کیا اُسکے غیر میں مشغول نہو اُسکی محبت میں کیسا [illegible] اگر تو نے از روے شفقت اور [illegible] محبت اور لطف دوسرے سے نفس محبت کی تو جانتا ہے [illegible]

Marfat.com

مطلق جائز نہیں جب حضرت آدم علیہ السلام جنت کی محبت میں مشغول ہوئے اور اسمیں رہنا پسند کیا تو خدا نے
اُنکے اور جنت کے درمیان پہل کہانے کے ذریعے جدائی کی اور اس سے نکالدیا حضرت حوا علیہا السلام کی
طرف بہی اُنکے دل کا میلان پایا۔ دونوں کے درمیان تین سو سال کی مسافت کا فاصلہ ڈالدیا حضرت آدم کو
سراندیب میں اور حضرت حوا کو جدہ میں اُتارا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام جب اپنے بیٹے یوسف علیہ السلام کی طرف
جہکے اور انکو لگایا تو دونوں کے درمیان مفارقت کردی۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت عائشہ
صدیقہ رضی اللہ عنہا کی طرف تہارے میلان کیا تو حضرت عائشہؓ کو جہوٹی تہمت اور بہتان میں مبتلا کیا جسکے باعث
اپنے چند روز انکو نہ دیکہا پس اللہ عزوجل کا شغل رکہ نہ اُسکے غیر کا اور اسکے غیر سے اُنس نکر خلقت کو اپنے دل سے
باہر نکال اور یکسو کر اور اسکو خدا کے لیے فارغ کر۔ ای بیہودہ گو۔ ای سست ای نامقبول اگر تو میری بات کو
مانے اور میرے کہے پر چلے تو اپنے لیے عمل کر اگر تو نے عمل نکیا تو تجہپر عذاب اور محرومی ہے اللہ عزوجل
نے فرمایا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ (اسکے لیے ہے جو اسنے کمایا اور اسپر ہے جو اُسنے کمایا) اور
فرمایا إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا (اگر تم نے نیکی کی تو اپنے نفسوں کے لیے نیکی کی
اور بدی کی تو انکے لیے) کل تو عملوں کا ثواب بہشت میں اور عملوں کا عذاب دوزخ میں پائیگا۔ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا أَطْعِمُوا طَعَامَكُمُ الْأَتْقِيَاءَ وَاعْطُوا خَيْرَكُمُ الْمُؤْمِنِينَ (اپنا طعام پرہیزگاروں کو کہلاؤ
اور اپنا احسان مومنوں کو دو) جب تو نے اپنا طعام پرہیزگارون کو کہلایا اور اُسکے کام میں اسکی مدد کی تو اُسکے ثواب
میں تو شریک ہو کیونکہ تو نے اُسکے قصد میں اسکی مدد کی اور اس کا بوجہ اُٹہا لیا اور اُسکے قدموں کو اللہ عزوجل کی
طرف جلدی چلایا اُسکے ثواب میں کچہہ کمی نہوگی اور جب تو نے اپنا طعام منافق ریاکار نافرمان کو کہلایا اور دنیا کے
کام مین اسکی مدد کی تو عذاب میں اس کا شریک بنا اور اُسکے عذاب سے کچہہ کم نہوگا کیونکہ تو نے حق عزوجل کی
نافرمانی میں اسکی مدد کی پس اس کا اثر تیری طرف عائد ہوگا۔ ای جاہل علم پڑہ علم کے بغیر عبادت اچہی نہیں اور علم کے
بغیر ایقان نیک نہیں علم پڑہ اور عمل کر تو دنیا و آخرت مین خلاصی پائے گا جب تو علم کو حاصل کرنے اور اسپر عمل
کرنے میں صبر نکرے تو کس طرح خلاصی پائیگا جب تو اپنا کل علم کے حوالہ کرے تو وہ تجہے اپنا بعض عطا کرے گا۔
کسی عالم سے پوچہا گیا اسپر خدا کی رحمت ہو۔ یہ علم جو تیرے پاس ہو تو نے کس طرح حاصل کیا اُسنے جواب دیا کوے کے

Marfat.com

صبح سویرے اوٹھنے اور اونٹ کے صبر اور خنزیر کی حرص اور کتے کی چاپلوسی کے ساتھ میں علما کے دروازے پر
صبح سویرے جاتا جیساکہ کوا اور اڑنے کی طرف سویرے کرتا ہے مین اُنکے بوجھوں پر اسطرح صبر کرتا جیسے اونٹ بوجھوں پر
صبر کرتا ہے اور علم کی طلب میں ایسی حرص کرتا جیسے کہ خنزیر ہر ایک چیز کی طرف کھانیکے لیے کرتا ہے۔ اور اُنسے چاپلوسی ایسی
کرتا جیسے کہ کتا اپنے مالک کے دروازے پر کرتا ہے تاکہ وہ اوسے کچھ کھلائے ای علم کے طالب تو عالم کا کلام سن
اور اُسپر عمل کر۔ اگر تجھے علم نجات درکار ہے علم حیات ہے اور جہالت موت وہ عالم جو اپنے علم پر عمل کرتا ہے اور علموں مین
سے بوجھ برتتا ہے اوسکے سیکھنے پر اپنے رب عزوجل کے حق کے لیے صبر کرتا ہے اسکو موت نہیں کیونکہ جب وہ مرتا ہے تو
خدائے عزوجل سے ملتا ہے پس وہ ہمیشہ کی حیات پاتا ہے۔ ای اللہ ہمین علم اور اخلاص نصیب کر۔

ستیسوین مجلس (اپنے خدا آپ سے راضی ہو) ساتویں ماہ رجب ۵۴۵ ہجری اتوار کی صبح کو رباط میں فرمایا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپ نے فرمایا اَنْضُوْا شَیَاطِیْنَکُمْ بِقَوْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یُنْضِیْ بِھَا کَمَا یُنْضِیْ اَحَدُکُمْ بَعِیْرَہٗ بِکَثْرَۃِ رُکُوْبِہٖ وَ حَمْلِ اَحْمَالِہٖ اپنے شیطانوں کو
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے سے لاغر کرو پس تحقیق شیطان اس سے اس طرح لاغر ہوتا ہے جیسا کہ
تم مین سے ہر ایک اپنے اونٹ کو اسپر زیادہ سواری کرنے اور بوجھ لادنے سے لاغر کرتا ہے۔ ای قوم!
اپنے شیطانوں کو کلمہ لا الہ الا اللہ اخلاص کے ساتھ کہنے نہ صرف زبانی کہنے سے لاغر کرو۔ توحید اس اور جن کے
شیطانوں کو جلاوتی ہے کیونکہ یہ شیطان کے واسطے آگ ہے اور موحدون کے لیے نور۔ تو لا الہ اللہ کسطرح
کہتا حالانکہ تیرے دل میں بہت سے خدا ہیں جو چیز کہ تو اسپر اعتماد کرتا اور اللہ کے سوا بھروسہ کرتا ہے وہ تیرا بت ہے
شرک کے ساتھ زبانی توحید تجھے مفید نہیں ہوگی بدنی طہارت دلی نجاست کے ساتھ تجھے نفع نہ
دیگی موحد اپنے شیطان کو لاغر کرتا ہے اور مشرک کو اسکا شیطان لاغر بناتا ہے اخلاص کلام کا
مغز ہے اور جب وہ اس سے خالی ہوں تو بے مغز چھلکا ہے چھلکا آگ کے سوا کسی کام کا نہیں میرے کلام
کو سن اور اسپر عمل کر۔ وہ تیری طمع کی آگ کو بجھادیگی اور تیرے نفس کی شوکت توڑ دیگی ایسی جگہ میں
حاضر نہ ہو جس میں تیری طبیعت کی آتش جوش میں آوے پس تیرے دین اور ایمان کا گھر خراب ہو جائیگا
[illegible] ہوس۔ شیطان جوش میں آکر تیرے دین اور ایمان اور یقین کو لیجائیں گے۔ ان منافقوں

Marfat.com

فریبون کی کلام کو نہ سنو پس تحقیق طبیعت طمع بناوٹ لالچ کی کلام کی طرف ایسی مائل ہوتی ہے جیسے کہ ناخواست
بے نمک آٹے کی طرف جو کھانے والے کے پیٹ کو ایذا پہونچائی اور اسکے گھر کو گرا دے مردون کے مونہون سے
لیا جاتا ہے نہ صحیفون سے وہ مرد کون ہیں ؟ حق عزوجل کے مرد متقی تارک الدنیا وارث الانبیا خدا شناس عمل
کرنے والے ای اخلاص لانیوالے تقوی کے علاوہ سب کچھ ہوس اور باطل ہے دنیا اور آخرت میں ولایت متقین
کے لیے ہے دنیا اور آخرت مین بنیاد اور بنا انھین کے لیے ہے اللہ عزوجل اپنے بندوں میں سے متقیوں نیکوکارو
صبر کرنیوالون کو دوست رکھتا ہے اگر تیرا دل صحیح ہو تو تو انکو پہچانے اور ان سے محبت کرے اور انکی صحبت
میں رہے دل اوسوقت صحیح ہوتا ہے جب اللہ عزوجل کی معرفت سے منور ہو دل پر اعتماد نکر جبتک کہ معرفت
صحیح نہو اور تجھے اس سے خبر و صحت معلوم نہو اپنی آنکھ کو محارم سے بند کر اور اپنے نفس کو شہوتون سے روک اور اوسکو
حلال کھانیکی عادت ڈال اور اپنے باطن کو اللہ عزوجل کے مراقبے اور ظاہر کو سنت کی تابعداری میں لگا
تیرا دل تندرست اور مصیب ہو جائے گا اور تجھے اللہ عزوجل کی معرفت حاصل ہو جائیگی عقلین اور دل
مفید تر ہیں نفس اور طبیعتین اور عادتین نہیں اور نہ انمین کوئی کرامت ہے۔ ای غلام علم پڑھ اور اخلاص
لفاق کے پھندے اور قید سے خلاصی پائے۔ علم اللہ عزوجل کے لیے طلب کر نہ مخلوق اور دنیا کے لیے
الہی طلب کرنے کی علامت امر و نہی کے وقت خوف کرنا اور ڈرنا ہے دلمین اسکا مراقبہ کر اور عاجز بن خلق
تواضع کر ندا سیلیے کہ ان سے ان کے حاجت رکھے اور انکے مال میں طمع کرے اور اللہ عزوجل کے لیے دوستی اور
رکھ کیونکہ اللہ عزوجل کے غیر سے دوستی دشمنی ہے اسکے غیر میں ثبات زوال ہے اسکے غیر میں عطا محرومی
[illegible] وسلم نے فرمایا الایمان نصفان نصف صبر و نصف شکر ایمان دو نصف میں
[illegible] ہے جب تو نے مصیبت پر صبر اور نعمت پر شکر نہ کیا پس تو مومن نہیں۔ اسلام کی حقیقت
[illegible] اسلام ہے۔ ای اللہ ہمارے دلون کو اپنے توکل اور اپنی عبادت اور اپنے ذکر اور اپنی موافقت
[illegible] زندہ کر اگر ایسے لوگ نہوتے جنکے دل اس حیات سے زندہ اور وہ زمین پر پھیلے ہوئے ہیں تو البتہ
[illegible] جاتے کیونکہ حق عزوجل انکی دعا کی برکت سے اہل زمین پر سے عذاب دور کرتا ہے۔ نبوت اٹھالی گئی
[illegible] معنی تمامت باقی ہیں نہیں تو زمین پر ابدال کسطرح رہتے جن میں سے بعض کے معنی نبوت کے معنی

Marfat.com

نکے دل پیغمبروں کی طرح ایک ہیں۔ انمیں سے بعض زمین پر اللہ اور اوسکے رسول کے نائب ہیں۔ استادونکی
بجائے غلام نیابت مین قائم ہیں اسواسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا العلماء ورثۃ الانبیاء (علماء انبیا کے وارث
ہیں) وہ حفاظت اور عمل اور فعل و قول میں وارث ہیں کیونکہ قول بے فعل کوڑی کے کام کا نہیں اور دعوی بے
دلیل ہیچ ہے۔ ای مومن تیرے گواہ کتاب اور سنت کی ملازمت اور انپر عمل کرنا اور عمل میں اخلاص لانا ہیں
میں تمہارے علماء کو جاہل۔ تمہارے زاہدون کو دنیا کے طالب اور اس مین راغب خلقت پر توکل کرنیوالے
حق عزوجل کو فراموش کیے ہوئے پاتا ہون حق عزوجل کے غیر پر اعتماد کرنا لعنت کا باعث ہے پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا مَلْعُوْنٌ مَنْ كَانَتْ ثِقَتُهٗ بِمَخْلُوْقٍ مِّثْلِهٖ (ملعون ہے ملعون ہے وہ جسکا اعتماد اپنے جیسی مخلوق
پر ہو) پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من تعزز بمخلوق فقد ذل (جس نے مخلوق سے عزت چاہی ذلیل
ہوا) تجھپر افسوس جب تو خلقت سے نکلیگا تو خالق کیساتھ ہو جائیگا وہ تجھے تیرا نفع و ضرر بتلا دیگا جو تیرے
لیے ہے اور جو تیرے غیر کے لیے دونوں کے درمیان تمیز کر حق عزوجل کے دروازے پر ثابت رہنا اور مشکل
قدم پکڑ اور اپنے دل سے اسباب کو قطع کر دنیا اور آخرت میں نیکی دیکھیگا تو کامل نہیں ہوگا جبتک کہ تیرے
دل میں مخلوق اور ریا اور آخرت اور غیر خدا کا ایک ذرہ باقی ہو۔ جب تو صبر نکرے تو تیرا دین نہیں جسے ایمان کا
سر نہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الصَّبْرُ مِنَ الْاِيْمَانِ كَالرَّاسِ مِنَ الْجَسَدِ (صبر ایمان سے
ایسا ملا ہوا ہے جیسا کہ سر جسم سے) صبر کے معنی یہ ہیں کہ تو کسی کے پاس شکایت نکرے اسباب سے تعلق نہ رکھے
بلا کے وجود کو برا نہ مانے اسکے دور ہونیسے محبت نکرے۔ بندہ جب فقر اور فاقہ کی حالت میں اللہ عزوجل کے
لیے فروتنی کرے اور اسکی مشیت پر صبر کرے اور اس حالت سے عار نکرے اور عبادت اور کسب
لائے وہ اسکی طرف رحمت کی آنکھ سے دیکھتا ہے اسکو اور اسکی عیال کو ایسی جگہ سے
خیال میں نہ تھی اللہ عزوجل نے فرمایا وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ
(اور جو اللہ سے ڈرتا ہے خدا اسکے لیے خلاصی کی وجہ نکال دیتا ہے اور اسکو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جو
اسکے خیال مین نہ تھی) تو حجام کی طرح ہے۔ دوسرون کا علاج کرتا ہے اور اپنی خالص بیماری کا علاج
نہیں کرتا مین تجھے دیکھتا ہون کہ از روے ظاہر علم مین ترقی اور از روے باطن جہالت مین ترقی کرتا ہے

Marfat.com

توریت میں لکہا ہوا ہے من اُزدُادَ علماً فلایزدد وجعاً جس سے علم میں ترقی کی چاہیئے کہ درد میں بڑھ جاوے ہو اللہ عزوجل سے ڈرنا اور اوسکے اوسکے بندون کے لیئے فروتنی کرنا جب تجہہ میں علم نہو تو سیکھ جب تجہہ میں علم عمل اور اخلاص اور ادب اور بڑون پر اچھا گمان نہو تو تجہہ سے کیا ہو سکتا ہی تونے اپنا مقصد دنیا اور اس کا مال ٹھرایا ہے قریب ہی تیرے اور اسکے درمیان پردہ ہو جائیگا تو اس قوم سے کہاں ہے جنکا مقصد ایک ہی ہے وہ اپنے باطنون مین اللہ عزوجل کا ایسا ہی مراقبہ کرتے ہیں جیساکہ ظاہر مین دلکو ایسا ہی مہذب بناتے ہین جیسا کہ ہاتھ پاؤ وغیرہ اعضا کو حتی کہ جب یہ اُنکے لیے کامل ہو جاتا ہے تو وہ تمام خواہشون کے غم سے کفایت کرتا ہی اُن کے دلمین ایک خواہش رہجاتی ہی یعنے فقط اللہ عزوجل کی طلب اور اس کا قرب اور اُسکی محبت ۔ روایت ہی کہ بنی اسرائیل قحط میں مبتلا ہوئے پس اپنے نبیون مین سے ایک کے پاس جمع ہوئے اور عرض کی ہمین وہ عمل بتلایئے جس سے خدای عزوجل راضی ہو تاکہ ہم اسکی تابعداری کرین اور ہم سے اس قحط کے دور ہونیکا باعث ہو پس اوس نے حق عزوجل کے آگے اس امر کی بابت سوال کیا پس خدا نے اوسکی طرف وحی کی کہ انکو کہدے اگر تم میری رضا چاہتے ہو تو مسکینون کو راضی کرو تو میں راضی ہون گا اور اگر تمنے انکو غصے کیا تو میں غصے ہوں گا ۔ ای غافلو تم ہمیشہ مسکینونکو ناراض کرتے ہو اور اللہ عزوجل کی رضا طلب کرتے ہو تمہین اُسکی رضا نہین ملتی بلکہ تم اوسکے غضب مین پڑتے ہو ۔ میرے کلام کی سختی پر ثابت رہو تم نجات پاؤ گے ۔ ثبات مصری ہی مین شیخون کی کلام اور اسکی تندی اور سختی سے نہ بہاگتا تو بلکہ گونگا اندہا ہو جاتا تھا ان سے مجہپر آفتین پڑتی تہیں اور میں خاموش رہتا تہا اور تو اُن کے کلام پر صبر نہین کرتا اور چاہتا ہے کہ نجات حاصل کرے نہین کوئی عزت نہیں ۔ تو خلاصی نہ پائیگا جبتک کہ تقدیر کی موافقت نہ کرے جو شر سے فائدے میں ہو یا ضرر میں ۔ اور شیوخ کی مصاحبت نکرے اور اپنے بہر اور نصیبے میں تہمت نہ لگاوے اور تمام احوال میں انکی موافقت اور متابعت نکرے پہر تجہے دنیا وآخرت کی فلاح حاصل ہی ۔ جو میں کہتا ہون اسکو سمجہو اور اسپر عمل کرو فہم بے عمل کسیکا کام نہیں عمل بے اخلاص صرف طمع ہی طمع کے تمام حروف خالی ہین کچہ بھی نہین کچہ نہین ۔ عام لوگ تیرے طمع کو نہیں جانتے صراف تیرے طمع کو پہچانتا ہے پہر عوام الناس کو بتلاتا تاکہ وہ تجہسے پرہیز کرین اگر تو اللہ عزوجل کا ہو رہے تو اُسکے عجائب لطف دیکہیگا حضرت یوسف علیہ السلام جب تکلیف اور غلامی اور قید خانہ اور ذلت پر صبر کیا اور اپنے رب عزوجل کے فعل مین موافقت کی تو آپ کی

Marfat.com

ظاہر ہوئے اور بادشاہ بنگئے ذلت سے عزت کی طرف موت سے حیات کی طرف نقل کیے گئے بس اسی طرح تو بھی اگر شرع کی متابعت کرے اور اللہ عزوجل کا ہو رہے اور اس سے ڈرے اور اسی سے امید رکھے اور اپنے نفس اور ہوا اور شیطان کی مخالفت کرے تو اس حالت میں جس میں کہ تو ہے اور کی طرف نقل کیا جائیگا مادہ سے مجذوب ہو نیگا سعی کر اور تکلیف اٹھا اور اپنے آپ کو فنا کر یہ ضروری امر ہے مشقت اٹھا تجھے مال ملیگا جس نے تلاش کی اور کوشش کی پا لیا حلال کھانے میں کوشش کر وہ تیرے دل کو نورانی بنائیگا اور اس سے اندھیروں کو نکالیگا زیادہ نفع مند عقل وہی ہے جس نے تجھے اللہ عزوجل کی نعمتیں شناخت کرائیں اور انکے شکر پر قائم کیا اور انکا اقرار کرنے اور قدر کرنے پر مدد کی اے غلام! جسنے یقین کی آنکھ سے پہچان لیا کہ اللہ عزوجل نے تمام چیزوں کو قسمت کر دیا اور اس سے فارغ ہو اہے تو وہ حیا کے مارے اس سے کوئی چیز نہیں مانگتا وہ مانگنے کے بجائے اسکے ذکر میں مشغول رہتا ہے نہ تو اپنے مقسوم کو جلدی حاصل کرنیکا سوال کرتا ہے اور نہ دوسرے کا مقسوم طلب کرتا ہے اس کا طریقہ گمنامی اور خاموشی اور نیک ادب ور اعتراض نکرنا ہے۔ کم و زیادہ میں مخلوق کے پاس شکایت نہیں لیجاتا میرے نزدیک حقیقتاً خلقت سے دل کیساتھ مانگنا ویسا ہی ہے جیسا زبان کے ساتھ دونوں میں کوئی فرق نہیں۔ افسوس تجھ میں حیا نہیں اللہ عزوجل کے غیر سے مانگتا ہے حالانکہ وہ غیر سے تیرے زیادہ قریب ہے خلقت سے وہ چیز مانگتا ہے جس کی تجھے حاجت ہیں تیرے پاس بہر اخزانہ ہے اور حبہ اور ذرہ پر فقرا سے مزاحمت کرتا ہے۔ جب تو مرے گا خوار ہو گا تیرے دانے اور پیسے ظاہر ہون گے اور ہر ایک طرف سے تجھے لعنت گھیر لیگی اگر تو عقلمند ہوتا تو درستی ایمان حاصل کرتا جسکے ساتھ اللہ عزوجل سے ملتا اور صدیقین کی صحبت میں بیٹھتا اور انکے اقوال و افعال سے ادب حاصل کرتا حتی کہ جب تیرا ایمان کامل اور یقین پورا ہوتا تو اللہ عزوجل اپنے لیئے تجھے خالص بنانا اور اپنے اہل ادب اور امر و نہی کا والی بنتا۔ اے ریا کے بت کو پوجنے والے تو اللہ عزوجل کے قرب کی خوشبو نہ دنیا میں اور نہ آخرت میں سونگھے گا اے مخلوق کو شریک بنانے والے دل سے انپر تو بھروسہ کرنے والے سے اعراض کر کیونکہ انکے ہاتھ میں ضرر اور نفع اور دینا اور نہ دینا کچھ نہیں اس شرک کے ساتھ تیرے دل سے وابستہ ہے اللہ عزوجل کی توحید کا دعوی نکر اس سے تجھے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا۔

تالیسوین مجلس - آپ نے رضی اللہ عنہ بارھویں ماہ رجب ۵۴۵ ہجری جمعہ کے روز صبح

صبح کیوقت رُباط میں فرمایا۔ اگر تو دنیا و آخرت کے ملک کو چاہتا ہے تو بدل جان اللہ عزوجل کا ہو جا بس تو اپنے نفس اور غیر پر امیر اور رئیس بنجائیگا۔ میں نے تجھے نصیحت کی ہے۔ میری نصیحت کو مان میں نے سچ کہدیا ہے میری تصدیق کر جب تو جھوٹ بولے اور جھٹلائے تو جھٹلایا جائیگا اور کاذب ٹھہریگا اور جب سچ بولے اور تصدیق کرے تو سچا مانا جائیگا اور تجھسے سچ کہا جائیگا جیسا کرے گا ویسا پائیگا۔ اپنے دین کے مرض کے لیے مجھسے دوا لے اور اسکا استعمال کر۔ وہ تندرست ہو جائیگا۔ گذشتہ بزرگ اون اولیاء اور صالحین کی تلاش میں جو دلوں اور دین کے طبیب ہیں مشرق و مغرب میں پھرتے تھے جب ان میں سے کوئی انکو ملجاتا تو اس سے اپنے دینوں کی دوا مانگتے اور کج تم فقیہوں اور عالموں اور ولیوں کو جو مؤدب اور معلم ہیں برا جانتے ہو۔ پس یقیناً تمہیں دوا نہیں ملتی میرا علم اور میرا طب تجھے کیا نفع دیگا میں تیرے لیے ہر روز عمارت بناتا ہوں اور تو اُسے گرا دیتا ہے۔ میں تیرے لیے دوائیاں کرتا ہوں اور تو اُسے استعمال نہیں کرتا میں تجھے کہتا ہوں کہ تو اس لقمے کو نہ کھا اسمیں زہر ہے اور اسکو کھا اسمیں دوا ہی مگر تو مخالفت کرتا ہے اور اسکو کہتا ہے جسمیں زہر ہے۔ جلدی ہی یہ تیرے دین و ایمان وجود میں اثر جائیگا میں تجھے نصیحت کرتا ہوں اور تیری تلوار سے نہیں ڈرتا اور نہ تیرے مال کا طالب ہوں جو اللہ عزوجل کیلیے ہو وہ بالکل کسی سے نہیں ڈرتا۔ نہ جن سے نہ انسان سے نہ حشرات الارض۔ اور اوسکے درندوں اور کیڑوں مکوڑوں اور نہ باقی مخلوقات سے ان بزرگوں کو جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں حقیر نہ جانو۔ تم اللہ عزوجل اور اوسکے رسول اور ان نیک بندوں سے جو اوسکے ساتھ ہیں اور اوسکے افعال میں راضی رہتے ہیں۔ ناواقف ہو تمام سلامتی تو رضا ظاہر کرنے اور دنیا میں اُمید کو کوتاہ کرنے اور زہد اختیار کرنے میں ہے جب تمہیں اپنے نفسوں میں ضعف معلوم ہو تو موت کے ذکر اور اُمید کی کوتاہی کو لازم پکڑو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حدیث قدسی ما تقرب المتقربون الی بافضل من اداء ما افترضت علیھم ولا یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احبہ واذا احببتہ کنت لہ سمعا و بصرا و یدا فبی یسمع و بی یبصر و بی یبطش (میرا قرب حاصل کرنے نے ان احکام کے ادا کرنے سے جو میں نے انپر فرض کیے زیادہ کسی اور شے سے قرب حاصل نہیں کیا اور میرا بندہ نفلوں کے ذریعے میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے حتی کہ میں اسسے محبت کرتا ہوں پس جب محبت کرتا ہوں تو میں ہی اسکے کان اور آنکھیں اور ہاتھ اور مددگار رہتا ہوں مجھی سے سنتا ہے مجھی سے دیکھتا ہے مجھی سے پکڑتا ہے۔

پنے تمام افعال اللہ تعالیٰ کی جانب سے دیکھتا اور اسکے ذریعے اپنی طاقت اور قوت اور نفس سستی وغیرہ کو چھوڑتا ہے
مئی حرکات۔ اور قوت اور طاقت اللہ عزوجل کیلئے ہیں نہ اپنے وجود اور باقی مخلوق کیلئے۔ اپنے نفس اور دنیا و آخرت
ے کنارہ کرتا ہے اسکا تمام وجود عبادت ہے پس یقیناً اسکی عبادت اسکو مقرب بناتی ہے اور اللہ عزوجل کی
تت کا باعث ہوتی ہے۔ عبادت سے محبت اور قرب حاصل ہوتا ہے اور نافرمانی سے بغض اور دوری عبادت سے
ن حاصل ہوتا ہے اور گناہ سے وحشت۔ کیونکہ جس نے بدی کی وحشت طلب کی شرع کی متابعت سے نیکی حاصل ہوتی ہے
راسکی مخالفت سے بدی جسکی تمام حالات میں شرع رفیق نہ ہو وہ مہلکین سے ہے عمل کر اور کوشش کر اور عمل پر بھروسہ نہ رکھ
کو چھوڑنے والا طامع ہے اور عمل پر بھروسہ کرنیوالا مغرور متکبر۔ کچھ لوگ تو دنیا و آخرت میں قائم ہیں کچھ جنت اور
زخ میں کچھ خلق و خالق میں اگر تو زاہد ہے تو دنیا و آخرت میں قائم ہے اور اگر ڈرنیوالا ہے تو بہشت دوزخ
، درمیان اور اگر عا ت ہے تو خلق اور خالق کے درمیان۔ کبھی خالق کو دیکھتا ہے کبھی خلق کو۔ تو لوگوں کو آخرت
،حالات اور اسکا حساب ہے اور تمام جو کچھ کہ اسمیں ہے بتلاتا اور پہنچاتا ہے نہیں بلکہ وہ جو تو نے دیکھا اور مشاہدہ
یسنا دیکھنے کی طرح نہیں ہے اولیاء اللہ عزوجل کے دیدار کے منتظر ہیں۔ تمام وقتوں میں اسکی آرزو کرتے
یں۔ موت سے نہیں ڈرتے کیونکہ وہ انکے محبوب کی ملاقات کا سبب ہے مفارقت سے پہلے مفارقت کر
اع ہونے سے پہلے وداع کر۔ چھوڑ دے اس سے پہلے کہ تیرا اہل اور باقی خلقت تجھے چھوڑے۔ جب تو قبر میں
اخل ہوگا تو تجھے کچھ فائدہ نہ دیں گے۔ مباح کو شہوت کے ساتھ حاصل کرنے سے توبہ کر۔

ی قوم ہوشیار! اپنے تمام حالات میں پرہیزگاری کرو۔ پرہیزگاری دین کا لباس ہے مجھ ت اپنے دین کا لباس
لکو میری تابعداری کر۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستہ پر ہوں۔ میں آپکے تابع ہوں کہ
تاع اور آپکے حالات میں اور ان چیزوں میں جنکی طرف آپ اشارہ فرماتے تھے میں
زوجل کے مطلب کا ہو جاؤں اور اسی حال میں اللہ عزوجل کی حمد میں توقف نہیں کرتا تیری تعریف اور
مت کا خیال نہیں کرتا تیری عطا اور منع اور خیر و شر اور اقبال و ادبار کی کچھ پروا نہیں کرتا تو جاہل ہے اور جاہل
ں کوئی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ تو اللہ عزوجل کی اطاعت اور عبادت کرے تو تیری عبادت تجھ پہ لوٹائی جاتی
ہے کیونکہ عبادت جہالت سے ملی ہوئی ہے اور جہالت بالکل مفسد ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

مَنْ عَبَدَ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰی جَہْلٍ کَانَ مَا یُفْسِدُ اَکْثَرَ مِمَّا یُصْلِحُ (جس نے جہالت سے اللہ عزوجل کی عبادت کی اسکا فساد اسکی اصلاح سے زیادہ ہوتا ہے) تو نجات نہین پائیگا جبتک قرآن وحدیث کی پیروی نکرے کسی بزرگ نے (اسپر خدا کی رحمت ہو) فرمایا جس کا کوئی مرشد نہو تو شیطان اسکا شیخ ہی۔ ان بزرگون کی جو قرآن وحدیث کے عالم اور عامل ہین تابعداری کرو اور انکے حق مین نیک ظن کر۔ اون سے علم سیکھ اور انکے حضور اور صحبت مین اچھا ادب بجا لا یقینا تو نجات پائیگا جب تو نہ قرآن وحدیث کا اور نہ ان بزرگون کا جو ان دونو کو پہچانتے ہین تابعدار ہووسے تو کبھی نجات نہ پائیگا کیا تو نے نہیں سنا مَنِ اسْتَغْنٰی بِرَأْیِہٖ ضَلَّ (جس نے اپنی ہی رائے کی پیروی کیا گمراہ ہوا) اپنے نفس کو اپنے سے زیادہ عالم کی صحبت سے مہذب بنا پہلے اوسکو سنوار پھر غیر کی طرف توجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِبْدَأْ بِنَفْسِکَ ثُمَّ بِمَنْ تَعُوْلُ (پہلے اپنے نفس سے شروع کر پھر ان سے جو تیرے عیال ہین) اور فرمایا لَا صَدَقَۃَ وَذُوْ رَحِمٍ مُحْتَاجٌ (غیر کو کوئی صدقہ نہین جب قریبی رشتہ دار محتاج ہون

چالیسوین مجلس آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) اتوار کے روز صبح کیوقت چودھوین ماہ رجب ۵۴۵ ہجری کو رباط مین فرمایا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی کہ آپنے فرمایا اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ بِعَبْدٍ خَیْرًا فَقَّہَہٗ فِی الدِّیْنِ وَبَصَّرَہٗ بِعُیُوْبِ نَفْسِہٖ (جب خدا اپنے بندے سے بہتری چاہتا ہی تو اسکو دین مین فقیہ بناتا اور اسکو نفس کے عیوب مین بصیر کرتا ہے) دین مین فقہ معرفت نفس کا باعث ہی جسنے اپنے رب عزوجل کو پہچانا سب چیزون کو پہچان لیا اسی سے اسکی عبودیت اور ربکی عبودیت ادا کی صحیح طور سے حاصل ہوتی ہی تجھے فلاح نہین تجھے نجات نہین جب تک تو اسکو غیر سے برگزیدہ نکرے دین کو شہوت پر آخرت کو دنیا پر خالق کو خلق پر ترجیح نہ دے شہوت کو دین پر دنیا آخرت پر خلق کو [illegible] پر مقدم کرنے مین تیری ہلاکت ہی اسپر عمل تیرے لیے کافی ہے تو حق عزوجل سے حجاب مین تجھے [illegible] ہین قبولیت مان لینے کے بعد ہوتی ہے جیسا تو نے عمل مین اس سے محبت کی تو سوال کیوقت تجھے تہنیت پہنچیگا کھیتی بونے کے بعد ہوتی ہے بوتا کہ تو کاٹے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ (دنیا آخرت کی کھیتی ہی) دل دو رہیت مین اس زراعت کا بیج ڈال جو ایمان ہی اور اسمین ہل چلانا۔ اسکی نہر پانی لانا اور اسکو پانی دینا اعمال صالحہ ہین۔ جب اس دلمین نرمی اور شفقت اور مرحمت ہو تو وہ بیج اسمین اُگے گا۔ اور جب یہ سخت تندرست ہو تو یہ کلر ہے بنجر مین کھیتی نہین اُگتی جب تو نے

Marfat.com

پہاڑ کی چوٹی پر بویا تو اس مین کچھ نہین اُگے گا وہ ہلاکت کے زیادہ قریب ہے معلوم کر کہ اس زراعت کا کرنیوالا کون ہے. خود رائے نہ بن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِسْتَعِيْنُوْا عَلٰى كُلِّ صَنْعَةٍ بِصَالِحِ اَهْلِهَا ہر ایک صنعت مین اسکے ماہر اور مشاق سے مدد لو تو دنیا کی زراعت [illegible] مشغول [illegible] آخرت کی زراعت مین کیا تو نہین جانتا کہ دنیا کا طالب آخرت مین [illegible] حق عزوجل [illegible] اگر تو آخرت کو چاہتا ہے تو دنیا کو ترک کر اور اگر حق عزوجل کو چاہتا ہے تو [illegible] اور [illegible] ترک کر تو اسکو پائیگا [illegible] جب تو اسکا ہو جائے تو دنیا و آخرت اور حظوظ اور خلقت بالکل [illegible] تیری ہو جائیگی [illegible] تیرے پاس ہے اور ایک فرع اصل کی تابع ہے عقل مند [illegible] تجھہ مین ایمان [illegible] نہین تو [illegible] اور مشرک ہو تو ہلاک ہوا اگر تو [illegible] بغیر وجود کے بند ہوا ہے انکی مزاحمت مگر نفاق اور جھوٹے دعوون [illegible] ساتھ انکا [illegible] باطن کیسا اور توکل اور آفات پر صبر کرنے اور مقسوم پر رضا کے کا ندہون کے ساتھ انکا مزاحم ہو سکتا ہے [illegible] غلام تو حق عزوجل کے حضور مین ایسا ہو کہ آفتین تجھہ پر نازل ہون اور تو [illegible] نہین ہوا مین اور نہ تجھے نہ ستائین اور نہ تیرے تجھے [illegible] ایسے مقام مین کھڑا ہووے جس مین خلقت دنیا و آخرت حقوق اور حظوظ [illegible] کا دیکھنا عیال کا پالنا مکدر نکرے اور کمی و زیادتی [illegible] اقبال اور ادبار [illegible] تو انس و جن بادشاہ اور خلق کے [illegible] ساتھ ہو کیا [illegible] ایا اگر [illegible] بولتا ہے تو فہہا ورنہ ہمارے پیچھے نہ آ اسکی [illegible] اسکی [illegible] تو چاہتا ہے کہ مین بھی تجھسے نفاق کرون اور کلام مین نرمی کرون تو اپنے نفس کی [illegible] ہوتا اور خیال کرتا ہے کہ تو کچھہ ہے تو نہین اسکی کوئی زندگی نہین مین آگ ہون اور آگ مین ثابت نہین رہتا مگر سمندر جو اس مین انڈے دیتا اور بچے نکالتا ہے اور اسی مین کھڑا ہوتا اور بیٹھتا ہے کوشش کر کہ تو آفتون اور مجاہدون اور مشقتون کی آگ مین [illegible] ہووے اور قضا و قدر کے ہتوڑون پر صابر تا کہ تو میری مصاحبت اور میرے کلام کو سنے اور اسکی درشتی پر ظاہر و باطن [illegible] خلوت مین [illegible] جلوت مین [illegible]

Marfat.com

جو دین تا ثانٔا صبر کرے اگر پھر سے پیچھے صحیح ہو جائے تو اللہ عزوجل کی مشیت اور تقدیر سے تجھے نجات ملے گی خبردار میں کسی چیز میں جو اللہ عزوجل کی اور اوسکا حق ہے خلقت سے نہیں ڈرتا ہوں اُسکے حکم کے سوا کسی چیز میں کسی کیطرف توجہ نہیں کرتا بلکہ خلقت سے اسکا حق پورا لینے میں طاقتور رہتا ہوں کمزور نہیں بنتا اپنے نفس پر غالب ہوں اور اسکو ان میں موافق بناتا ہوں کسی بزرگ سے روایت ہے مخلوق میں اللہ عزوجل کی موافقت کر اور اللہ میں مخلوق کی موافقت نکر جس نے اٰپکی دوستی کو توڑا وہ ہلاک ہوا اور جس نے بلایا ملگیا میں کسطرح پرواہ کروں تو اللہ عزوجل کا نافرمان ہے اسکے احکام اور منہیات کو حقیر سمجھنے والا اقضاء وقدر میں اس سے جھگڑنے والا رات اور دن میں اسکا شریک پکڑنے والا ہے پس تو مردود اور ملعون ہے۔ اللہ عزوجل نے اپنی کسی کتاب میں فرمایا اِذَا اُطِعْتُ رَضِیْتُ وَاِذَا رَضِیْتُ بَارَکْتُ وَلَیْسَ لِبَرَکَتِیْ نِھَایَۃٌ وَاِذَا عُصِیْتُ غَضِبْتُ وَاِذَا غَضِبْتُ وَیَبْلُغُ لَعْنَتِیْ اِلَی الْوَلَدِ السَّابِعِ (جب میری اطاعت کیجائے راضی ہوتا ہوں اور جب راضی ہوتا ہوں برکت دیتا ہوں اور میری برکت کی نہایت نہیں ہے اور جب نافرمانی کیجاؤں غضب میں آتا ہوں اور جب غضب میں آتا ہوں لعنت کرتا ہوں اور میری لعنت ساتویں نسل تک پہونچتی ہے) یہ دین کو تنکے کے بدلے میں بیچنے کا زمانہ ہے۔ امید کی درازی اور حرص کے غلبہ کا زمانہ ہے کوشش کرتا کہ تو انمیں سے ہو جنکے حق میں اللہ عزوجل نے فرمایا (وقدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلناہ ہباءً منثورا) ہم اُنکے اعمال پر واقف ہوئے اور انکو غبار پراگندہ بنا دیا) جس عمل سے اللہ عزوجل کا غیر مقصود ہو وہ پراگندہ غبار ہے۔ افسوس اگر عوام سے تیرا حال پوشیدہ رہیگا تو رہے لیکن خواص سے پوشیدہ نہیں ہو سکتا۔ تیرا ملمع کیا ہوا ... پر مخفی ہے صراف پر ظاہر جاہل پر مخفی ہے عالم پر نہیں۔ عمل کر اور اخلاص لا اللہ عزوجل میں مشغول ہو۔ غیر مفید میں مشغول ہونے کو چھوڑ دے۔ غیر سے تجھ کو کچھ فائدہ نہیں اسمیں مشغول ہونے کو ترک کر خاص اپنے نفس کی طرف متوجہ ہو تاکہ تو اسکو مغلوب اور ذلیل اور قید کرے اور اپنی سواری بنائے جس سے تو دنیا کے جنگلوں کو طے کرے اور آخرت کو پالے ... کو قطع کرے تاکہ اللہ عزوجل کا ہو جائے تاکہ جب تیں تو کامل ہو جائے تو اور ونکو اپنا ردیف بنائے دنیا ... اور مولیٰ کے ... نشیں کرے اور حکمت کے لقمے او نہیں کہلائے سچی حدیثوں کو لازم پکڑ تاویل نکر ... تاویل کرنیوالا

دغاباز ہے۔ خلقت سے نہ ڈر اور نہ اُس سے اُمید رکھ کیونکہ یہ ایمان کی کمزوری کا باعث ہے۔ عالی ہمت بن تجھے بلندی ملیگی۔ اللہ عزوجل تیری ہمت اور صدق اور اخلاص کے اندازے پر عطا کرے گا۔ کوشش کر دیئے ہوئے اور طلب کر۔ تو کسی کام کا نہیں نیک عملوں کے حاصل کرنے میں اسیطرح محنت کر جیسا کہ تو رزق حاصل کرنے میں کرتا ہے۔ شیطان عوام الناس سے اس طرح بازی کرتا ہے جیسے کہ سوار اپنے بچھیرے کے ساتھ۔ انکو جسطرح چاہتا ہے ایسا گھوماتا ہے جیسا تم میں سے ہر ایک اپنے گھوڑے کو۔ اُنکے دلون کی گدیون پر مارتا اور اُنسے خدمت لیتا ہے جسطرح کہ چاہتا ہے انکو محرابون (مساجد) سے نکالتا اور اپنی خدمت میں کھڑا کرتا ہے اور نفس اس میں مدد کرتا اور اُسکے لیے اسباب تیار کرتا ہے۔ ای غلام! اپنے نفس کو بھوکھ اور شہوتوں اور لذتوں اور آرامون سے روکنے کے کوڑے سے اور اپنے دل کو خوف اور مراقبے کے کوڑے سے مار۔ استغفار کو اپنے نفس اور دل اور باطن کا وظیرہ بنا کیونکہ ان میں سے ہر ایک کے لیے گناہ مخصوص ہیں تمام حالات میں خدا کی موافقت اور متابعت اپنپر لازم کر۔ اے بیٹے سمجھ جب تجھے قدر کا رد کرنا اور بدلانا اور مٹانا اور اُسکی مخالفت ممکن نہیں۔ تو اُسکے ارادے کے سوا ارادہ نکر جب تیرے پاس نہیں آتا مگر وہی جو وہ چاہے تو اور کوئی ارادہ نکر۔ اس چیز کو جو پوری نہیں ہوتی جب وہ نہیں چاہتا تو اُس سے اپنے نفس اور دل کو رنج نہ دے۔ سب کچھ اپنے رب عزوجل کے سپرد کر۔ تو اپنے ہاتھ سے اسکے دامن رحمت کو پکڑ۔ جب تو اس حال پر ملازمت کرے گا تو دنیا تیرے دل اور سر کی آنکھ سے دور ہو گی۔ اور اسکی مصیبتیں اور شہوتون اور لذتون کا چھوڑنا تجھپر آسان ہو گا۔ اور تو اُسکے عذابوں کی شکایت نکریگا تیرا نفس اور بلا کا رنج حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا فرعون کی بیوی کی طرح ہو جائیگا۔ جب فرعون کو معلوم ہوا کہ یہ اللہ عزوجل کو مانتی ہے تو اُسکے ہاتھ اور پاؤں میں [illegible] اور کوڑون کا عذاب دینے لگا۔ پس آسیہؓ نے اپنا سر آسمان کی طرف [illegible] دروازون کو کھلا اور فرشتوں کو ایک گھر بناتے ہوئے دیکھا اور [illegible] کو روح قبض کر لیا آیا اور اس سے کہا کہ یہ تیرا گھر ہے پس وہ ہنسی اور عذاب کا رنج اس سے دور ہوا اور کہا رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ (اے رب میرے لیے جنت میں گھر بنا) پس تو بھی اسیطرح ہو جائیگا کیونکہ تو دل اور یقین کی

آنکھ کے ساتھ وہان کی نعمتون کو دیکھیگا پس یہان کی بلا اور آفات پر صبر کریگا۔ اور اپنی طاقت اور قوت سے نکلیگا اور بغیر اپنی طاقت اور قوت کے نہ کچھ لیگا اور نہ دیگا اور نہ حرکت کریگا اور نہ سکون اسکے حضور مین فنا ہو جائیگا اور اپنا امر اسکے سپرد کریگا پس اپنے وجود اور خلقت مین اوسکی موافقت کر اسکی تدبیر کے ساتھ تدبیر نکر۔ اسکے حکم کے ساتھ حکم نہ کر۔ اور اسکے اختیار کے ساتھ اختیار نکر جس نے اس حال کو پہچان لیا وہ اس کا غیر نہین طلب کرتا اسکے سوا اسکی کوئی آرزو نہین ہوتی عقلمند اس حال کو کیون نہ چاہے حالانکہ حق عزوجل کی محبت اس کے سوا کامل نہین ہوتی۔

اکتالیسوین مجلس آپ نے (خدا آپ سے راضی ہو) کچھ کلام کے بعد فرمایا تجھے معلوم ہو کہ تمام چیزین اسکی تحریک سے متحرک اور اسکی تسکین سے ساکن ہین جب یہ امر بندے مین ثابت ہو جائے تو مخلوق کیساتھ شرک کرنیکے بوجھ سے آرام پاتا ہے اور مخلوق اس سے آرام مین رہتی ہے کیونکہ وہ انہین عیب نہین لگاتا اور اپنی طرف سے انکو مطالبہ کرتا ہے بلکہ صرف شرع کے مطالبہ سے مطالبہ کرتا ہے انکو ازروئے شرع مطالبہ کرتا ہے اور ازروئے علم معذور کہتا ہے اور حکم اور علم جمع کرتے مخلوق مین اللہ عزوجل کے فعل کو دیکھتا ایسا عقیدہ ہو جس سے حکم نہین ٹوٹتا وہی مطالب (مطالبہ کرنے والا) اور وہی مطالب (مطالبہ کرنے والا) ہے لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَهُمْ یُسْئَلُوْنَ ایسے وہ کہ آپ اسکی بابت پوچھا نہین جاتا اور مخلوق پوچھے جائینگے یہی عقیدہ ہے ہر ایک مسلمان یقین کرنیوالے مومن کا جو اللہ عزوجل سے راضی ہے اور قضا و قدر رضیے مین خواہ اسکے حق مین ہو یا اسکے غیر کے حق مین اسکے موافق ہو۔ اللہ تعالیٰ تیرے نفس اور تیرے سے غنی ہے لیکن دیکھتا ہے کہ تو اپنے دعوے مین کیسا ہے آیا سچا ہے یا جھوٹا ہوتا ہے محب کسی چیز کا مالک نہین ہوتا اسکو محبوب کے سپرد کردیتا ہے محبت اور ملک دونون جمع نہین ہوسکتے [illegible] عزوجل کا سچا محب اپنے نفس اور مال و عاقبت کو اسکے سپرد کرتا ہے۔ اپنے وجود اور تدبیر سے بے اختیار ہو جاتا ہے اسکے تصرفات مین اسے متہم نہین کرتا اس سے جلدی نہین مانگتا۔ اسکو بخل نہین کہتا جو کچھ اسکو اسکی طرف سے آتا ہے وہ اسکے نزدیک شیرین معلوم ہوتا ہے اوسکی تمام جہتین بند ہوجاتی ہین [illegible] ایک جہت کے سوا کوئی باقی نہین رہتی۔ اے حق عزوجل کی محبت کے مدعی تیری محبت کامل نہ ہوگی جب تک کہ تو ان جہات کو بند نکرے ایک جہت کے علاوہ اور کوئی جہت باقی نہ چھوڑ۔ تیرا محبوب

Marfat.com

تیرے واسطے عرش سے زمین تک خلقت کو نکال ڈالے پس تو نہ دنیا سے محبت رکھے اور نہ آخرت سے اپنی وجود سے وحشت پائے اور اس سے اُنس حاصل کرے۔ تو مجنون ولیلی کی طرح ہو جا جب اُسپر محبت غالب ہوئی تو خلقت سے نکلا اور تنہائی مین راضی ہوا اور وحشیون سے اختلاط کیا آبادی سے نکلا اور ویرانہ پر راضی ہوا خلقت کی مدح اور مذمت کا خیال نکیا۔ انکی کلام اور خاموشی اُسکے نزدیک یکسان ہوگئی انکا خوشنودی اور غضب اُسکے نزدیک مساوی ہوا کسی روز اس سے پوچھا گیا۔ تو کون ہے۔ اسنے جوابدیا کہ لیلی اور پھر اس سے پوچھا گیا تو کہان سے آیا اُسنے جوابدیا کہ لیلی۔ اس سے پوچھا گیا۔ کہ کہان جائیگا اُسنے جواب دیا لیلے۔ اسکے غیرت سے اندھا ہوا اُسکے کلام کے سوا اور کچھ سننے سے بہرا ہو گیا۔ کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے باز نہ آیا۔ یہ کیا ہی اچھا ہے جو کسی نے کہا ہے ؎ پند دیتا ہی اہل عشق کو جو پیٹتا ہے وہ ٹھنڈے لوہے کو ۔ جب نفوس میں محبت متمکن ہو جائے پس خلقت سرد لوہا کوٹتی ہے۔ یعنی خلقت کی نصیحت اثر نہین کرتی جب یہ دل حق عز وجل کو پہچان لے اور اس سے محبت رکھے اور اُسکے قریب ہو جائے تو خلقت اور اُن کی طرف مائل ہونے سے وحشت کرتا ہے اپنے کھانے پینے لباس اور نکاح سے وحشت کرتا ہے آبادی سے بھاگتا اور ویرانے مین سراسیمہ پھرتا ہے اسے کوئی شے ماسوائے امر شرع مقید نہین کرتی۔ یہ اُسے امر و نہی اور فضل مین قدر کے آنے تک مقید کرتی ہے۔

ای خدا ہم سے رحمت کا ہاتھ نہ اُٹھا نہین تو ہم دنیا اور وجود کے دریا مین غرق ہو جائینگے۔ ای کرم اور ای سابقہ کے عطا کرنے والے ہمکو بچالے۔ ای غلام! تو جو میرے کہنے پر عمل نہین کرتا۔ میری بات کو نہین سمجھتا پس جب عمل کرتا ہے سمجھ لیتا ہے جب وہ مجھپر نیک ظن نہ رکھے اور میرے کہے پر ایمان نہ لائے اور اُسپر عمل نکرے تو کس طرح سمجھیگا۔ تو بھوکا میرے سامنے کھڑا ہے اور نہین کھاتا کس طرح سیر ہوگا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے آپنے فرمایا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے مَنْ مَرِضَ لَيْلَةً وَّاحِدَةً وَّهُوَ رَاضٍ مِنَ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ صَابِرٌ عَلٰى مَا نَزَلَ بِهٖ خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ (جو شخص ایک رات بیمار ہوا اور وہ اللہ عز وجل سے راضی ہے اور جو نازل ہو اُسپر صبر کیا ہے وہ اپنے گناہون سے اسطرح

Marfat.com

پاک ہوا کہ گویا ابھی اپنی ماں کے پیٹ سے نکلا ہے۔ تجھ سے نہیں ہو سکتا حالانکہ ضروری امر ہے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو شفقت کے طور سے فرماتے تھے قُومُوا نُؤْمِنْ سَاعَةً اَیْ قُومُوا سَاعَةً قُومُوا اُدْخُلُوا الْبَابَ سَاعَةً یعنی اُٹھو ہم ایک ساعت ایمان لائیں یعنے اٹھو ایک ساعت ذائقہ حاصل کریں۔ اُٹھو ایک ساعت دروازے میں داخل ہوں۔ وہ پوشیدہ باتوں پر اطلاع پانیکی طرف اشارہ کرتے تھے یقین کی آنکھ کے ساتھ دیکھنے کی طرف اشارہ فرماتے۔ ہر ایک مسلمان مومن نہیں اور ہر ایک مومن موقن نہیں۔ اسیواسطے صحابہ رضی اللہ عنہم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ معاذ ہمین کہتا ہے اُٹھو ہم ایک ساعت ایمان لائین۔ کیا ہم مومن نہیں۔ آپنے فرمایا۔ معاذ کو اپنے حال میں رہنے دو۔ اے اپنے نفس اور ہوا اور طبیعت اور شیطان اور دنیا کے بندے خدا اور اوسکے نیک بندوں کے نزدیک تیری کوئی عزت نہیں۔ جو شخص آخرت کو پوجتا ہے اللہ تعالیٰ اوسکی طرف متوجہ نہیں ہوتا۔ تو دنیا کے پوجنے والے کی طرف کس طرح متوجہ ہوگا۔ تجھپر افسوس عمل کے بغیر زبانی بکنے سے کیا بنا یگا۔ جھوٹھ بولتا ہے اور کہتا ہے کہ میں سچ بولتا ہوں۔ شرک کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں موحد ہوں۔ کھوٹ کے ساتھ کھرا پن کا یقین رکھتا ہے اور میرا اعتقاد ہے کہ میں جوہر ہوں میرا تیز سے ساتھ یہ ہے کہ تجھے جھوٹھ سے روکوں اور سچ کا حکم کروں۔ میرے ہاتھ میں تین کسوٹیاں ہیں جنسے پہچانتا ہوں۔ کتاب اور سنت اور دل۔ پہلی کسوٹی مین اجسام معلوم ہوتے ہین دل اس مرتبہ کو حاصل نہیں کرتا جبتک کہ کتاب اور سنت پر عمل نکرے علم پر عمل کرنا علم کا تاج ہے علم پر عمل کرنا علم کا نور ہے۔ صفائی صفائی جوہر کا جوہر۔ مغز کا مغز ہے۔ علم پر عمل کرنا دل کو تندرست اور پاک بناتا ہے۔ دل جب تندرست ہو جائے تو اعضا آپ ہی درست ہو جاتے ہیں۔ جب دل پاک ہو جائے تو اعضا آپ ہی پاک ہو جاتے ہیں۔ جب اسکو خلعت پہنائی جائے تو جسم پر بھی خلعت پہنائی جاتی ہے۔ جب مضغہ (گوشت کا ٹکڑا) یعنے دل اصلاح پذیر ہو جائے تو وجود بھی اصلاح پاتا ہے۔ دل کی صحت اس بھید کی صحت سے حاصل ہوتی ہے جو آدمی اور حق عزوجل کے درمیان ہے بھید پرندہ ہے اور دل اسکا پنجرہ۔ دل پرندہ ہے اور ڈھانچہ اسکا پنجرہ۔ ڈھانچہ پرندہ ہے اور

Marfat.com

قیر اسکا پنجرہ اور وہ دل کا پنجرہ ہے جس میں ضرور داخل ہوتا ہے۔

بیالیسوین مجلس

آپنے (خدا آپسے راضی ہو) انیسوین ماہ رجب ۵۴۵ھ ہجری کو صبح کیوقت مدرسہ میں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّکُوْنَ اَکْرَمَ النَّاسِ فَلْیَتَّقِ اللّٰہَ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّکُوْنَ اَقْوَی النَّاسِ فَلْیَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّکُوْنَ اَغْنَی النَّاسِ فَلْیَکُنْ وَاثِقًا بِمَا فِیْ یَدِ اللّٰہِ اَوْثَقَ عَلٰی مَا فِیْ یَدِہٖ یعنے جو شخص لوگوں سے زیادہ کریم ہونا پسند کرے پس اُسے چاہیئے کہ خدا سے ڈرے اور جو لوگوں سے زیادہ قوی ہونا پسند کرے تو اُسے چاہیئے کہ اللہ پر توکل کرے اور جو لوگوں سے زیادہ غنی ہونا پسند کرے پس اُسے چاہیئے کہ اپنے ہاتھ کی ملکیت پر بھروسہ رکھنے سے جو اللہ عزوجل کے ہاتھ میں ہے اُسپر زیادہ بھروسہ کرے جو شخص دنیا و آخرت میں عزت پسند کرتا ہے چاہیئے کہ اللہ عزوجل سے ڈرے کیونکہ اللہ عزوجل نے فرمایا ہے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ (اللہ کے نزدیک تمہارا زیادہ عزیز زیادہ متقی ہے) اس سے ڈرنے میں عزت ہے اور اُسکی نافرمانی میں ذلت جو اللہ عزوجل کے دین میں قوت پسند کرے چاہیئے کہ اللہ عزوجل پر توکل کرے کیونکہ توکل دلکو صحیح اور طاقتور اور مہذب اور ہدایت یافتہ بناتا ہے اور اسکو عجائبات دکھاتا ہے اپنے درہم اور دینار اور اسباب پر توکل کر یہ تجھے ضعیف و عاجز بنا دیگا۔ اور اللہ عزوجل پر توکل کر۔ وہ تجھے طاقت بخشیگا اور تیری مدد کریگا اور تجھپر مہربانی فرمائیگا اور تجھے کشائش دیگا۔ ایسے طریقہ سے جو تیرے گمان میں نہیں ہے تیرے دلکو قوی بنائیگا تجھے دنیا کے آنے اور جانے اور خلقت کے اقبال اور ادبار کی کچھ پرواہ نہ رہے گی پس اسوقت تو لوگوں سے زیادہ قوی ہوگا اور جب تونے اپنے مال اور مرتبہ اور اہل اور اسباب پر توکل کیا تو اللہ عزوجل تجھے اور ان چیزوں کے زوال کے لیے متعرض ہوا کیونکہ وہ غیور (غیرتناک) ہے ... دیکھا جانا پسند نہیں کرتا۔ اور جو شخص دنیا اور آخرت میں دولتمندی کو ... اللہ عزوجل سے ڈرے نہ اوسکے غیر سے اور اُسکے دروازے پر کھڑا ہو اور اُسکے غیر کے دروازہ سے شرم اور اُسکے غیر کی طرف دیکھنے سے اپنی آنکھوں کو (دل کی آنکھوں کو نہ جسم کی آنکھوں کو) بند کرے تو اس چیز پر جو تیرے ہاتھوں میں ہے کس طرح بھروسہ کرتا ہے حالانکہ وہ زوال کا نشانہ ...

Marfat.com

اعتماد کرنیکو ترک کرتا ہے حالانکہ وہ پائندہ دائمی ہے۔ تیرا ضداسے جاہل ہونا تجھے غیر کے اعتماد پر برانگیختہ
کرتا ہے اسپر اعتماد کرنا غنا ہے اور اُس کے غیر پر اعتماد کرنا فقر۔ اے تقوی کو چھوڑنیوالے تو دنیا و آخرت
مین عزت سے محروم ہے۔ اے خلقت اور اسباب پر توکل کرنیوالے تحقیق تو دنیا و آخرت مین اللہ عزوجل کیساتھ
قوت اور عزت پانیسے محروم ہے۔ اے اپنی ملکیت پر اعتماد کرنے والے تو دنیا و آخرت مین اللہ عزوجل کیساتھ
غنا حاصل کرنیسے محروم ہے۔ اے غلام۔ اگر تو متقی، متوکل، واثق ہونا چاہتا ہے تو صبر کو لازم پکڑ۔
وہ ہر ایک نیکی کی بنیاد ہے جب صبر کرنے میں تیری نیت درست ہوا اور تو اللہ عزوجل کی ذات سے تجھے
صبر کرے تو اُسکی جزا تیرے لیئے یہ ہوگی کہ وہ اپنی محبت تیرے دل میں داخل کریگا اور دنیا و آخرت میں تجھے
مقرب بنائیگا۔ صبر حق عزوجل کی موافقت ہے۔ اوسکی قضا اور قدر میں جو اُسکے علم مین سابق ہے اور
خلقت مین سے کوئی مٹا نہیں سکتا۔ یہ بات مومن یقین کرنیوالے کے نزدیک ثابت ہے پس وہ مقدرات پر
اپنے اختیار سے صبر کرتا ہے نہ مضطر ہو کر۔ تحقیق صبر اول قدم میں اضطرار ہے۔ اور دوسرے قدم مین
اختیار۔ تو ایمان کا کس طرح دعوی کرتا ہے حالانکہ تجھ مین صبر نہیں تو معرفت کا کس طرح دعوی کرتا ہے
حالانکہ تجھ میں رضا نہیں یہ ایسی شے ہے جو تیرے دعوے سے حاصل نہیں ہوتی۔ خاموش رہ حتی کہ تو دروازہ
کو دیکھے اور دہلیز سے سہارا لیوے اور قدر کی پاؤن اور نفع و ضرر کے پاؤن سے روندا جائے جو تیرے دل کے
جسم کو روندین نہ ڈھانچے کے جسم کو۔ اور تو اپنے مکان سے نہ ہٹے۔ گویا کہ تو مدہوش اور جسم بے روح ہے
یہ امر ایسے سکون کا محتاج ہے جسمین حرکت نہو۔ ایسی گمنامی کا محتاج ہے جسمین کرنہ ہو خلقت سے غائب
ہونے کا جسکے ہو دل اور سر اور باطن اور معنی کی جہت سے انکا حضور نہو۔ میں بہت بیان کرتا ہوں
لیکن تم [illegible] مال نہین کرتے میں بہت ہی لمبا اور چوڑا مشرح بیان کرتا ہون لیکن تم نہین سمجھتے مین
تمہیں بہت ہی دیتا ہون لیکن تم نہین لیتے۔ مین تمکو بہت نصیحت کرتا ہون لیکن تم نصیحت نہین
پکڑتے تمہارے دل بہت ہی سخت اور رب عزوجل سے بالکل ناواقف ہیں اگر تم اسکو پہچانتے اور اُسکے
دیدار پر ایمان لاتے اور موت اور اُسکے بعد کے حالات کو یاد کرتے تو تم ایسے نہو تے کیا تم نے اپنے باپ اور ماں
اور بیویوں اور اولاد وغیرہ کی موت کو مشاہدہ نہیں کیا۔ کیا تمنے اپنے بادشاہوں کے مرنیکو نہین دیکھا

Marfat.com

پس تم اُن سے کیون نصیحت نہیں پکڑتے اور دنیا کی طلب اور اسمیں ہمیشہ رہنے کی محبت کرنیسے اپنے دلون کو کیون نہیں روکتے، تم نے اپنے دلون کو تغیر کیون نہیں دیا اور کیون نہ بدلا اور نہ انمین سے خلقت کو نکالا، اللہ عزوجل نے فرمایا اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ (تحقیق خدا کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلاتا۔ جبتک کہ وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلائین) تم کہتے ہو اور عمل نہیں کرتے۔ اور عمل کرتے ہو لیکن اخلاص نہیں لاتے عقلمند بنو اور اللہ عزوجل کے حضور میں بے ادبی نکرو دلکو تربیت کرو۔ اور تحقیق کرو سد رجوع لاؤ اور فکر کرو۔ یہ حالت جسمین تم ہو آخرت مین نہیں مفید ہو گی۔ تم اپنے نفسون پر بخیل ہو اگر انپر عنایت کرو تو انکیلئے وہ باتیں حاصل کرو جو آخرت مین انکو فائدہ دین، تم اس مین مشغول ہوتے جو زائل ہو گی اور تم دور ہو باقی ہے زائل ہوا، مال اور بیبیان اور اولاد کے جمع کرنے مین مشغول ہو۔ قریب ہے کہ تمہارا اور ان سبکا پردہ کیا جائیگا۔ دنیا کی تلاش اور خلقت پر غلبہ حاصل کرنے میں مشغول نہ رہو۔ وہ تمکو خدا سے دور ابھی ہے دنیا نہیں کرینگے تیرا دل شرک سے پلید۔ اللہ عزوجل کا شاکی، اسکو تہمت لگانے والا، اور تمام حالات مین اعتراض کرنے والا ہے پس وہ تجھے اس بات پر واقف ہو گا تجھے برا جانیگا اور اپنے نیک بندون کو انمین تیری دشمنی ڈالیگا۔ ایک بزرگ (اسپر خدا کی رحمت ہو) اپنے گھر سے نہ نکلتا تھا مگر آنکھون پر پٹی باندھے ہوئے اسکا بیٹا اسکو لیجاتا تھا۔ اس امر کی بابت اس سے پوچھا گیا اُسنے جوابدیا کہ اللہ عزوجل کے منکر کو نہ دیکھون ایک روز وہ اپنے گھر سے آنکھین کھولکر نکلا پس اسنے دیکھا اور غش کھا کر گر پڑا اللہ عزوجل کے معاملہ میں کیسی سخت غیرت تھی تو کس طرح غیر کی عبادت کرتا اور اسکا شریک بناتا ہے تو اسکی نعمتون کو کس طرح کھاتا اور اُسکی نافرمانی کرتا ہے تمہین اس امر کی کوئی خبر نہین بلکہ تم کافرون سے ملکر کھاتے ہو اور انکے ساتھ بیٹھتے ہو کیونکہ دلون مین ایمان نہیں نہ اللہ عزوجل کی عزت تو بہ اور استغفار اور اس سے حیا کرنا۔

حماقت کرنے اور اسکے حضور میں دلیری کرنے کے کپڑے اُتار ڈالو، دنیا کے حرام اور شبہ والون سے بچو، حرص و شہوت کے ساتھ اسکے مباح کو حاصل کرنیسے کنارہ کرو کیونکہ حرص اور شہوت سے انکا لینا تمہین حق عزوجل سے پھیر دیگا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ (دنیا مومن کا قید خانہ ہے) قیدی قیدخانہ میں کسطرح خوش ہوتا ہے وہ خوش نہین ہوتا لیکن اسکے چہرہ مین بشارت اور اسکے دل مین

Marfat.com

رنج ہوتا ہے۔ اسکے ظاہر مین بشاشت ہے اور باطن اور خلوت اور معنی کے لحاظ سے آفتین اسکو کاٹتی ہیں اسکے زخم اسکے کپڑون کے نیچے بند ہے ہوئے ہیں۔ اپنے زخموں کو تبسم کے قمیص سے ڈھانپتا ہے۔ اسیواسطے اللہ عزوجل فرشتوں کیساتھ اس سے فخر کرتا ہے۔ انمین سے ہر ایک اوسکی طرف اونگلیون کا اشارہ کرتا ہو۔ اللہ عزوجل کے دین اور سفر میں بہادر ہے وہ ہمیشہ اُسکے ساتھ صبر کرتا اور اُسکے مقدر کی کڑواہٹ کو گھونٹ گھونٹ کرکے پیتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے اللہ عزوجل نے فرمایا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ (اور اللہ صبر کرنیوالون سے محبت رکھتا ہے) وہ تجھے اپنی محبت مین آزماتا ہے جسقدر تو اس کے امروں کی اطاعت کرے گا اور اُسکی منہیات سے باز رہے گا تیری محبت زیادہ ہوگی اور جس قدر تو اُسکی بلا پر صبر کریگا۔ اسکے قرب میں بڑھیگا کسی بزرگ نے (اُسپر خدا کی رحمت ہو) کہا۔ خدا اپنے حبیب کو عذاب نہیں دیتا لیکن مبتلا کرتا اور صبر دیتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے كَانَ الدُّنْيَا لَمْ تَكُنْ وَكَانَ الْاٰخِرَةَ لَمْ تَزَلْ (گویا کہ دنیا نہیں تھی اور گویا کہ آخرت ہمیشہ ہے) اے دنیا کے طالبون! اے دنیا کے محبو! میرے پاس آؤ تاکہ تمہین اُسکے عیب بتلاؤن اور حق عزوجل کے راستہ پر رہنمائی کرون۔ اور تمہین ان لوگون سے ملاؤن جو اللہ عزوجل کی ذات چاہتے ہیں۔ تم حریص ہو جو میں تمکو کہتا ہون سنو اور عمل کرو۔ اور عمل خالص کرو جب میرے کہے پر عملکرو اور عمل میں مرجاؤ تو اعلی علیئین کیطرف اُٹھائے جاؤگے۔ پس تم وہان نظر کروگے اور میرے کلام کے اصل کو وہاں دیکھوگے اور مجھے پکاروگے اور مجھپر سلام کہوگے اور جس کی طرف میں اشارہ کرتا ہون اُسکی حقیقت کو ثابت کروگے۔ اے قوم (درویشو) میری تہمت کو اپنے دلوں سے دور کرو۔ میں بازی کنندہ اور دنیا کا طالب نہیں ہون میں حق کہتا ہوں اور حق کی طرف اشارہ کرتا ہون میں اپنی تمام عمر صالحین اور نیک [illegible] اور انکی خدمت کرتا رہا ہون۔ یہ وہی ہے جو مجھے نفع پہونچاتا ہے میں تم سے اپنی نصیحت کی جو تمکو کرتا ہون اور اپنے کلام کی اُجرت نہین چاہتا۔ میرے کلام کی قیمت اُسپر عمل کرنا ہے۔ یہ ایسا کلام ہے جو خلوت اور اخلاص کی صلاحیت رکھتا ہے حیلون اور اسباب کے ختم ہونیکے وقت نفاذ ختم ہوتا ہے میری بات ایمان اور ایقان کو دیکھتی ہے نہ نفسون اور ہواؤن کو مومن پر رواج باقی نہ منافق پر۔ اے قوم (درویشو) ہوسین اور باطل آرزوئین چھوڑدو۔ اور اللہ عزوجل کے ذکر مین

Marfat.com

مشغول ہو جو تم کو مفید ہے اسکو بو بو اور جو تم کو ضرر دے اس سے خاموش رہو جب تو کلام کرنے کا ارادہ کرے تو جس بات کو تو کہنا چاہتا ہے اوس میں فکر کر اور اس میں نیک نیت پیدا کر پھر کلام کر اسیواسطے کہا گیا ہے جاہل کی زبان اسکے دل کی پیشوا ہے۔ اور عقلمند عالم کی زبان اسکے دل کی پس رو۔ تو گونگا بن اللہ عزوجل تجھسے کلام چاہے گا تو گویا کرے گا جب تجھے کسی امر کے لئے چاہے گا تو اسکے لئے بنا دیگا اسکی صحبت کامل گونگا پن ہے پس جب گونگا پن کامل ہو جائے تو اس کے ارادہ سے تکلم آتا ہے یا آخرت کے ملنے تک یہی حال رہتا ہے یہی مطلب ہے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ کا مَنْ عَرَفَ اللّٰہُ کَلَّ لِسَانُہٗ (جسنے خدا کو پہچانا اوس کی زبان کند ہوئی) اسکے ظاہر اور باطن کی زبان چیزوں میں سے کسی چیز پر اعتراض کرنے سے کند ہو جاتی ہے وہ موافقت بغیر منازعت (جھگڑنا) کے ہو جاتا ہے اسکے دل کی آنکھیں غیر کو دیکھنے سے اندھی ہو جاتی ہیں اسکا سر پھٹ جاتا۔ اسکا امر پراگندہ ہوتا اور اسکا حال متفرق ہوتا ہے وہ اپنے وجود اور دنیا و آخرت سے باہر ہو جاتا ہے اسکا نام اور رسم دور ہو جاتی ہے پھر جب وہ چاہتا ہے اسے اٹھاتا ہے گم ہونے کے بعد اسکو پیدا کرتا ہے۔ اسکو اور صورت میں واپس کرتا ہے۔ فنا کے ہاتھ سے اسکو فنا کرتا ہے پھر بقا کے ہاتھ سے اسے لوٹاتا ہے تاکہ وہ دیدار کو طلب کرے پھر اسکو لوٹاتا ہے تاکہ خلقت کو فقر سے غنا کی طرف بلائے وہ اللہ عزوجل اور اس سے ملنے کیساتھ غنی ہے۔ اللہ عزوجل سے دوری اور اسکے غیر سے غنا طلب کرنا فقر ہے غنی وہ ہے جسکا دل اللہ عزوجل کے قرب سے نعمتمند ہوا اور فقیر وہ جسنے اسکو نہ پایا۔ جو غنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ دنیا اور آخرت اور انکے درمیان کی چیزوں اور اسکے ماسوا کو کامل طور سے چھوڑ دے۔ آہستہ آہستہ اپنے دل سے چیزوں کو نکال ڈالے۔ اس [illegible] پاس موجود ہے قیدی نہ ہو یہ تھوڑا جو تمہارے پاس ہے تمہارے لئے زاد بنایا گیا ہے [illegible] میں اسکو زاد بناؤ تمکو نعمتیں اسلئے دیگئی ہیں تاکہ انکو اسکی طرف نسبت کرو اور [illegible] اسپر دلیل پکڑو اور تمکو علم اسلئے دیا گیا ہے تاکہ تم اسپر عملکرو اور اسکے نور سے ہدایت پاؤ۔ اے اللہ ہمارے دلوں کو اپنی طرف ہدایت کر۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (اور ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر۔ اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

Marfat.com

تینتالیسوین مجلس آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) اتوار کے روز صبح کے وقت گیارہوین ماہ رجب ۵۴۵ھ ہجری کو رباط مین فرمایا۔ ای غلام اگر تو نجات چاہتا ہے تو اپنے نفس سے اللہ عزوجل کی موافقت مین سو گند دے۔ اور عبادت مین اسکو موافق بنا اور گناہ مین مخالف۔ تیرا نفس خلق کی شناخت مین حجاب ہے اور خلق خالق عزوجل کی شناخت مین پردہ ہے۔ پس جبتک تو نفس کے ساتھ ہوگا خلق کو نہ پہچانیگا اور جبتک خلق کیساتھ ہوگا حق عزوجل کو نہ پہچانیگا جبتک تو دنیا کیساتھ ہوگا آخرت کو نہ پہچانیگا اور جبتک کہ آخرت کیساتھ ہوگا آخرت کے مالک کو نہ پہچانیگا۔ مالک اور مملوک جمع نہین ہوتے جیسا کہ دنیا و آخرت نہین جمع ہوتی اور اسیطرح خالق اور مخلوق جمع نہین ہوتے۔ نفس بری کا امر کرنیوالا ہے اسکی سرشت ہی ایسی ہے پس اسکو درجہ بدرجہ سنوار تاکہ وہ قلب کے تابع ہو جائے تمام حالات مین اس سے جہاد کر اور اللہ عزوجل کے فرمودہ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰهَا (پس اسکو بدیوں اور نیکیوں کا الہام کیا) سے اسکے لیے حجتین نہ بنا۔ اسکو مجاہدے مین رکھ کیونکہ جب وہ گھل جائے اور فنا ہو جائے تو دل پر اعتماد کرتا ہی پھر دل سر پر اعتماد کرتا ہے۔ اور سر حق عزوجل پر متمد ہوتا ہے پس یہ سب وہان سے پہنچے ہین جب تو اسکو کامل طور سے پگھلا ڈالے تو دل کے ذریعہ پکارا جاتا ہے وہ یہ لَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا (اپنی جانون کو قتل نکرو تحقیق خدا تم پر مہربان ہے) حق عزوجل کی طرف سے یہ خطاب نفس کو کدورتون سے پاک کرنے اور اسکے شر کو مٹانے اور دل کو حق عزوجل کے ذکر اور عبادت مین فربہ کرنیکے بعد آتا ہے جب یہ اسکے لیے حاصل نہو تو کدورت اور شر کیساتھ اسکے مقرب بنانے مین طمع نکر ... مون سے پاک ہونیکے بغیر اسکو بادشاہ کا قرب کس طرح حاصل ہوگا اسکی امید کو کوتاہ کر پھر وہ جو اس سے چاہیگا وہ تیری اطاعت کریگا۔ اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وعظ سے نصیحت کر جو یہ ہے۔ اِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ وَاِذَا اَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالصَّبَاحِ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اِسْمُكَ غَدًا (جب تو صبح کرے تو اپنے نفس سے شام کا ذکر نکر۔ اور جب تو شام کرے تو اپنے نفس سے صبح کا ذکر نکر کیونکہ تو نہین جانتا کہ کل تیرا نام کیا ہوگا) تو غیر سے اسپر زیادہ شفیق ہے مگر تو نے اسکو ضائع کر دیا پس تیرا غیر اسے

Marfat.com

کس طرح شفقت اور اسکی حفاظت کریگا۔ امید اور حرص کی قوت نے تجکو اسکے ضائع کرنے پر برانگیختہ کیا ہی امید کے کوتاہ کرنے اور حرص کے کم کرنے اور موت کو یاد کرنے اور حق عزوجل میں مراقبہ کرنے اور صدیقوں کے دموں اور کلمات سے علاج کرنے اور رات دن بے کدورت ذکر کرنے میں کوشش کر۔ اسکو کہہ تیرے لیے ہے جو تو کمائی اور تجھپر ہے جو تو کمائے۔ تیرے ساتھ کوئی عمل نہیں کریگا۔ وا اپنے عمل سے کچھ دیگا۔ عمل اور مجاہدہ ضروری ہی تیرا دوست وہ ہی جو تجکو بدی سے روکے اور تیرا دشمن ہے وہ جو تجھے گمراہ کرے۔ میں تجھے خلق کا مرید دیکھتا ہوں نہ خالق عزوجل کا نفس اور خلق کے حق کو ادا کرتا ہے اور حق عزوجل کے حق کو گراتا ہی۔ اسکی نعمتوں پر اسکے غیر کا شکریہ ادا کرتا ہی۔ یہ نعمتیں جنمیں کہ تو ہے کس نے دی ہیں۔ اسکے غیر نے تاکہ تو اسکا شکر کہے اور اسکی عبادت کرے۔ اگر تو جانتا ہی کہ جو نعمتیں تیرے پاس ہیں حق عزوجل کی طرف سے ہیں تو انکا شکر کہاں ہے اور اگر تو جانتا ہی کہ اسنے تجھے پیدا کیا ہی۔ تو اسکے امرونکی اطاعت کرنے اور اسکی منہیات سے باز رہنے اور اسکی بلا پر صبر کرنے سے اسکی عبادت کہاں ہی۔ اپنے نفس سے جہاد کر تاکہ وہ ہدایت پائے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری جہاد کیا البتہ ہم انکو اپنی راہ بتائینگے) اور فرمایا ان ینصر اللہ ینصرکم ویثبت اقدامکم (اگر خدا کی مدد کروگے وہ تمہاری مدد کرینگے تو وہ تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدموں کو ثابت رکھیگا) نفس کو رخصت مدے اور اسکی اطاعت نکر البتہ تو نجات کو پائیگا۔ اسکے رد پر دمت بنس اور اسکی ہزار ہا توں کو رد کر حتی کہ مہذب اور مطمئن ہو اور قناعت کرے جب وہ تجھسے شہوات و لذات طلب کرے تو ٹال مٹول میں گذار دے اور اسے کہہ کہ تیرا وعدہ جنت ہی۔ اسکے روکنے کی تلخی پر صابر بنا تاکہ اسپر عطا نازل ہو۔ جب تونے اوسکو صبر میں لگایا اور اسنے صبر کیا تو اللہ عزوجل ... کیونکہ وہ فرماتا ہی۔ ان اللہ مع الصابرین (تحقیق خدا صبر کرنے والوں کے ...) اسکی بات کو نمان کیونکہ وہ خیر کے سوا اور کوئی امر نہیں کرتا۔ اگر تو اس سے محبت رکھتا ہے تو اسکی مخالفت میں اسکی بھتری ہی۔ اے کہ تو اپنے نفس کا بندہ بنکر حق عزوجل کو چاہنے کا دعوی کرتا ہے تو اپنے دعوے میں جھوٹا ہے نفس اور حق جمع نہیں ہوتے۔ دنیا اور آخرت اکھٹی نہیں ہوتی جو اپنے نفس کا تابعدار ہوا۔

Marfat.com

نہیں دیکھتا تو وہ تجھے دیکھتا ہے صاحبانِ بیداری نے اللہ عزّ وجل کو اپنے دلوں سے دیکھا پس انکی پراگندگی جمع ہوئی پگل کر ایک چیز بنگئی۔ اسکے اور انکے درمیان سے پردے اُٹھ گئے بنیادیں مٹ گئیں اور معنی باقی رہ گئے پیوند ٹوٹ گئے اور ما لک معزول ہوئے۔ اللہ عزّ وجل کے سوا انکا کوئی نہیں جبتک کہ یہ انکو حاصل نہ ہو وہ بیکلام اور بے حرکت اور بے سرور ہیں۔ جب حاصل ہوجائے تو انکے حق میں امر کامل ہوچکا۔ پہلے وہ دنیا کی قید اور اسکی غلامی سے نکلے پھر بالکل اللہ عزّ وجل کے غیر سے نکلے۔ وہ اپنے کاروبار اور گھر میں ابتلا کیے جاتے ہیں تاکہ وہ دیکھے کہ تم کس طرح کرتے ہو۔ پس سر بادشاہ اور دل اسکا وزیر اور نفس اور زبان اور اعضا اُسکے حضور میں خادم ہیں۔ سر حق عزّ وجل کے دریا سے پیتا اور دل سر سے اور نفس مطمئنہ دل سے اور زبان نفس سے اور اعضا زبان سے پیتے ہیں۔ جب زبان تندرست ہو تو دل تندرست ہے اور جب فاسد ہو تو فاسد ہے تیری زبان تقویٰ اور بیہودہ گوئی اور نفاق سے توبہ کرنے کی لگام کی محتاج ہے۔ پس جب تو ہمیشہ اسحال پر رہی تو زبان کی خوش بیانی دل کی خوش بیانی کی طرف نقل کرتی ہے جب یہ کامل ہوجائے تو (دل) منور ہوجاتا ہے اور اسکا نور زبان اور اعضا پر ظاہر ہوتا ہے اسوقت مقرب کی زبان کی نطق قرب کی حالت میں بے زبان ہوتی ہے اسکو دعا نہیں ذکر نہیں۔ دعا اور ذکر اور کلام بعد میں ہے لیکن قرب میں خاموشی اور گمنامی اور نظر بر قناعت کرنا اور اسی سے نفع اُٹھانا۔ اے خدا ہمکو انہیں سے بنا جو دنیا میں دل کی آنکھوں سے تجھے دیکھتے ہیں۔ اور آخرت میں سر کی آنکھوں سے دیکھینگے۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور ہمکو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور دوزخکے عذاب سے بچا۔

ترسٹھویں مجلس (آپنے خدا آپسے راضی ہو) منگل کے روز عشا کے وقت سترہویں ماہ رمضان ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں فرمایا آزمائش اور ابتلا کا ہونا ضروری ہے۔ خاصکر دعویٰ کرنیوالونکے لیے۔ اگر ابتلا اور آزمائش نہوتی تو بہت لوگ ولایت کا دعویٰ کرلیتے۔ اسیواسطے کسی بزرگ نے فرمایا۔ بلا ولایت کی وکیل ہے تاکہ اسکا دعویٰ نکیا جائے۔ اور ولی کی علامتوں میں سے ایک خلق کی اذیت پر صبر کرنا اور ان سے درگذر کرنا ہے۔ اولیا جو خلق کو دیکھتے ہیں اس سے اندھے ہیں اور انکے کلام سے بہرے۔ انہوں نے انکا اعراض انکو بخشدیا۔ جس چیز کی محبت تجھے اندھا اور بہرہ بنا دیتی ہے انہوں نے اللہ عزّ وجل سے

Marfat.com

محبت کی پس اسکے غیر سے اندھے اور بہرے ہوئے۔ وہ خلقت سے نرم کلام اور عنایت اور مدارات سے ملتے ہیں اور کبھی اللہ عزوجل کی غیرت اور اسکے غضب میں اوسکی موافقت کرنے پر غضب میں آتے ہیں وہ طبیب ہیں انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہر ایک مرض کی دوا ہے اور طبیب ہر ایک مریض کا ایک ہی دوا سے علاج نہیں کرتا۔

وے دلوں اور باطنوں سے حق عزوجل کے حضور میں ہیں۔ وے اصحاب کہف کی طرح ہیں انکو جبرئیل علیہ السلام پلٹاتا ہے اور انکو قدرت اور رحمت اور لطف کا ہاتھ محبت کا ہاتھ انکے دلوں کو پلٹاتا اور ایک حال سے دوسرے حال کی طرف نقل کرتا ہے۔ انکی دنیا دنیا کی طلب کرنیوالونکے لیے اور آخرت آخرت کو طلب کرنیوالونکے لیے اور انکا رب عزوجل انکے لیے۔ وے کسی شے پر بخل نہیں کرتے جب تو اُنسے دنیا مانگے اور وہ انکے پاس ہو تو وے اسے خرچ کرتے ہیں اور جب تو اُن سے آخرت کا ثواب مانگے تو اسکو عطا کرتے ہیں۔ دنیا اپنے میں سے فقیروں کو دیتے ہیں اور آخرت کا ثواب انکو جو اسکی طلب میں کوتاہی کرتے ہیں۔ حادث کو حادث کیلیے ترک کرنے اور حادث کنندہ کیلیے چھوڑتے ہیں چھلکے کو بخشدیتے ہیں کیونکہ اللہ عزوجل کا غیر چھلکا ہے اور اسکی طلب اور اسکا قرب مغز۔ کسی بزرگؒ سے روایت ہے۔ فاسق کا چہرہ دیکھکر نہیں ہنستا مگر عارف البتہ اسکو امر کرتا ہے اور منع کرتا ہے اور اسکی اذیت کو برداشت کرتا ہے اور اسپر کوئی قدرت نہیں رکھتا مگر اللہ عزوجل کو پہچاننے والے زاہدوں عابدوں اور مریدوں میں یہ طاقت نہیں۔ وے کیونکر گنہ گاروں پر رحم نکریں حالانکہ وے رحمت کی جگہ اور توبہ اور عذر قبول کرنے کے لیے مقام پر ہیں۔ عارف کا خلق حق عزوجل کے خلق کا سا ہے وہ گنہ گار کو شیطان اور نفس اور ہوا کے ہاتھ سے چھوڑانے کی سعی کرتا ہے۔ جب تم سے کوئی اپنے بیٹے کو کافر کے ہاتھ میں قید پائے تو کیا اسکے چھوڑانیکے لیے کوشش نہیں کرتا۔ ایسا ہی عارف کا حال ہے تمام خلق اُسکے نزدیک اولاد کی طرح ہے وہ حلم کی زبان کے ساتھ خلق سے کلام کرتا ہے علم پر واقف ہے پر رحم کرتا ہے۔ اللہ عزوجل کے افعال کو انہیں دیکھتا ہے وہ قضاؤں اور قدروں کی طرف حلم اور علم کے دروازے سے نکلتے ہوئے انکو دیکھتا ہے لیکن وہ اسکو چھپاتا ہے اور خلق سے اس حلم کے ساتھ خطاب کرتا ہے جو امر اور نہی ہے اور علم سے جو کہ سر ہے قدہ بات نہیں کرتا۔ حق عزوجل نے رسولوں کو بھیجا اور کتابیں نازل فرمائیں اور خوف دلایا اور ڈرایا تاکہ لوگوں پر حجت پوری ہو جائے اور اسکے علم کا اسمیں دخل نہیں اور نہ اس بھید

Marfat.com

حکم اس کا معترض ہوتا ہے اسمین حملہ کرتا اور بھاگتا ہے اور علم مین ثبات ہو جو اس حکم کی طرف تو تیرا اور تیرے
غیر کے درمیان مشترک ہے اور خاص تیرے علم کی طرف محتاج نہیں کیونکہ تم اہل ہو کوئی ظاہری علم پر عمل کرتا ہو
تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسکو باطنی علم سے جو نگہ دیتے ہیں واسطے حکم کا جو نگہ دیتے ہیں جس طرح کہ پرندے اپنے بچون کو
چونگہ دیتے ہیں۔ اسکی ساتھ بسبب آپکی تصدیق کرنے اور آپکے قول ظاہر یعنی شریعت پر عمل کرنیکے نیکی کرتے ہیں
جب آدم کا بیٹا صحیح ہو تو اس جیسا کوئی صحیح نہیں جب صاف ہو تو اوس جیسا کوئی صاف نہیں جب قریب
ہو تو اوس جیسا کوئی مقرب نہیں جاہل سر کی آنکھ سے دیکھتا ہے عقلمند عقل کی آنکھ سے اور عارف دل کی آنکھ سے تمام
وا قفیت سے دیکھتا ہے تمام خلقت اس کا لقمہ اور اسمین غائب ہو جاتی ہے۔ اسکے نزدیک حق عزوجل کے علاوہ کچھ
نہیں رہتا پس اسوقت وہ کہتا ہے ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ (وہی اول ہے وہی آخر
وہی ظاہر وہی باطن) اسکے ظاہر اور باطن اور اول و آخر صورت اور معنی مین حق عزوجل ہوتا ہے اسکے سوا اسکے
پاس کچھ نہیں ہوتا اسوقت اوسکی محبت اسکے ساتھ دنیا و آخرت مین رہتی ہے تمام احوال مین اس کا موافق رہتا
ہے اسکی رضامندی اور اسکے غیر کے غضب کو پسند کرتا ہے اسکی راہ مین ملامت کرنیوالے کی ملامت اسکو اثر نہین کرتی
جیسا کہ کسی بزرگ نے فرمایا (اسپر خدا کی رحمت ہو) خلق مین حق عزوجل کی موافقت کر اور اللہ عزوجل مین خلق
کی موافقت نہ کر جسنے خدا کے پیوند کو توڑا وہ ٹوٹا اور جس نے درستی کی وہ درست ہوا شیطان اور برا
اور طبیعت اور برے ہمنشین تیرے دشمن ہین ان سے بچ تاکہ وہ تجھے ہلاکت مین نہ ڈالیں علم پڑھ تاکہ تجھے معلوم ہو جائے
کہ ان کے ساتھ دشمنی کیونکر کرنی اور پرہیز کرنا ہے پھر معلوم کر کہ رب عزوجل کی عبادت کرنی کس طرح ہے جاہل کی
عبادت کچھ نہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپنے فرمایا مَنْ عَبَدَ اللّٰهَ بِجَهْلٍ كَانَ مَا يُفْسِدُ
اَكْثَرَ مِمَّا يُصْلِحُ (جسنے جہالت سے اللہ عزوجل کی عبادت کی اس کا فساد اصلاح سے زیادہ ہوتا ہے) جاہل کی
عبادت تو کچھ بھی سرمایہ نہین بلکہ وہ پورے فساد اور پورے اندھیرے مین ہے اور علم بھی عمل کے بغیر فائدہ
بخش نہین عمل بغیر علم کے کچھ کام کا نہین جسکے عمل مین اخلاص نہو وہ نفع نہین دیتا اور نہ کرنیوالے
سے قبول کیا جاتا ہے جب تو علم پڑھے اور عمل نہ کرے تو وہ علم تجھپر حجت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
روایت ہے کہ فرمایا الْجَاهِلُ يُعَذَّبُ مَرَّةً وَالْعَالِمُ سَبْعَ مَرَّاتٍ (جاہل ایک دفعہ عذاب

Marfat.com

دیا جائیگا اور عالم سات دفعہ جاہل اسلیے کہ اوس نے علم کیون نہین پڑہا اور عالم اسلیے کہ اس نے اپنے علم پر عمل کیون نہین کیا۔ علم پڑہ اور عمل کر اور دوسرے کو پڑہا اسمین تیرے لیے تمام نیکی ہی۔ جب تو نے علم کی ایک بات سنی اور اوسپر عمل کیا اور غیر کو بتائی تو تیرے لیے دو ثواب ہین۔ جاننے کا ثواب اور سکھانے کا ثواب دنیا تاریکی ہی اور علم اسمین نور ہے پس جسکو علم نہین وہ اس اندہیرے مین اندہے کی طرح اوندہا مارتا ہی اور اصلاح سے فساد زیادہ کرتا ہی۔ اے علم کے مدعی اسکو نفس اور طبع اور شیطان کے ہاتھ سے نہ لے [illegible] کے ہاتھ سے نہ لے ریا اور نفاق کے ہاتھ سے نہ لے تو ظاہر مین زاہد اور باطن مین حریص ہی۔ زہد باطل ہے تجھے اسپر عذاب کیا جائیگا حق عز وجل سے فریب کرتا ہے حالانکہ وہ اسکو جو تو خلوت مین کرتا ہے اور اسکو جو تو جلوت مین کرتا ہی اور اسکو جو تیرے دل مین ہے خوب جانتا ہے اسکے نزدیک خلوت اور جلوت اور پردہ نہین۔ اے افسوس اے ذلیل اے فضیحت یہ کس طرح ہو کہ اللہ عز وجل رات اور دن مین تیرے تمام کامون پر واقف اور دیکہتا ہی اور تو اسکے دیکہنے سے شرم نہین کرتا۔ اسپر جو جاری کرچکا ہے توبہ کر اور فرائض کے ادا کرنے اور منہیات سے باز رہنے کیساتھ اسکا قرب حاصل کر۔ ظاہری اور باطنی گناہونکو چہوڑ اور ظاہری نیکیان بجالا۔ اسکے سبب تو اسکے دروازہ تک پہونچ جائیگا۔ اور اس کا مقرب ہوجائیگا۔ وہ تجہسے محبت کریگا اور تجہے خلق کا محبوب [illegible] محبت کریگا پہر اسکو اپنی مخلوقات کی طرف نقل کریگا۔ جب اللہ عز وجل اور اسکے فرشتے تجہسے محبت کرین تو تمام مخلوقات ماسوا کافرون اور منافقون کے تجہسے محبت کریگی۔ منافق اور کافر تیری محبت مین اللہ عز وجل سے موافق نہین ہونگے۔ جس شخص کے دل مین ایمان ہو وہ مومن سے محبت کرتا ہی اور جسکے دل مین [illegible] دشمنی رکہتا ہی۔ [illegible] کافرون اور منافقون اور شیطانون اور [illegible] عین الانس [illegible] دل اور [illegible] خلق سے کنارہ کش ہی وہ ایسی حالت [illegible] قادر نہین رہتا وہ اللہ عز وجل [illegible] ہیتی جب اسکے لیے یہ درست ہو جاتا ہی [illegible] اور تمنا کرنیکے ساتھ اولیا کا مرتبہ نہ ہو اسکو کچہ حاصل نہین ہوتا کوئی [illegible] جب تک [illegible] اسباب

Marfat.com

اندھا نہ ہووے کوئی اعتبار نہیں جبتک تو لوگونکے دروازونکی طرف دوڑنیسے اپاہج نہو اور تیرے پاؤں نہ تھک جائیں کوئی اعتبار نہیں جبتک کہ تیرا دل اور تیری عقل اور تیرا موںھ خلق سے خالق کی طرف نہ پہرے اور تیری پیٹھہ خلق کی طرف اور موںھ حق عزوجل کی طرف نہ ہو۔ تیرا ظاہر اور تیری صورت خلق کی طرف اور باطن اور عقل و معنی خالق کی طرف نہو پس اسوقت تیرا دل فرشتوں اور نبیوں کے دلکی طرح ہوجائیگا۔ تیرے دلکو انکا طعام اور شراب کہلایا اور پلایا جائیگا۔ یہ امر دلوں اور اسرار اور معانی کے ساتھ تعلق رکھتا ہے نہ صورتوں کے ساتھ۔ اے خدا ہمارے دلونکو پاک کر اور ہمارے اسرار کو خلعت پہنا اور ہماری عقلون کو ان حالات میں جو ہمارے اور تیرے درمیان ہیں خلق کی عقلوں اور ہماری ان عقلوں سے صاف کر۔ ای حاضرو۔ ای غائبو عنقریب بہت روز تم مجھسے عجب حال مشاہدہ کروگے۔ میں منافقین کے حقمیں بحث کرونگا۔ ای خدا مجھے سب سے غنی کر۔ مجھے اپنے ساتھ اپنے غیر سے بے نیاز بنا۔ معلمو لڑکوں اور ان چیزوں سے جو انکے گہروںمیں ہیں بے نیاز کر اور اسکے گہر کو تعلیم کیساتھ ضیافت کا گہر بنا۔ ای خدا تو جانتا ہے کہ تحقیق یہ بات مجھسے بے بسی میں نکل گئی ہے۔ مجھے اسمیں معذور رکھہ میرا پیالہ پر ہوگیا۔ حالانکہ مجکو تجھسے بچوں اور نوکروں اور مسافروں کے پیالے کا بقیہ ملا اور میں تجھسے خوشدلی اور سر کی صفائی کیساتھ اسکے سہل کرنیکا سوال کرتا ہون۔ اے قوم۔ تمہارا خیال ہے کہ میں تم سے لیتا اور تمکو دیکھتا ہوں نہیں ہمیں کوئی بزرگی نہیں میں صرف اللہ عزوجل سے لیتا ہوں۔ نہ تم سے بلکہ وہ تمہارے ہاتھوں پر جاری کرتا ہے جبتک میں تمہارے ساتھ تہا تمکو نہ پہچانا اور جب تم سے نکلا تمکو پہچان لیا۔ میں منافقوں کا کہوجی اور عارفوں کا واقف ہون منافقوں کو مارتا نہیں مگر گلا گہوٹنے سے نہ چہریوں کے ساتھ۔ میرا دسترخوان تمہارے لئے ہے اور تمہارے فراغت ہونیکے [illegible] کہاؤں گا میرے [illegible] میرے تو الا ہے تمہارے چلےجانیکے بعد میرے لیے میرے اس دوست کی طرف سے جسکے آگے ہم خدمتگار [illegible] ہیں۔ اے اہل بصیرت کیا تم مجھے مستعد اور کمر باندھے ہوئے نہیں دیکھتے۔ کسی سائل نے سوال کیا انبیا کی طرف حق عزوجل کا رسول جبرئیل ہے اولیا کی طرف اسکا رسول کون ہے؟ پس جواب میں فرمایا انکا بھی بلاواسطہ وہی رسول ہے۔ اسکی رحمت اور عنایت اور اسکے احسان اور الہام سے۔ اور اسکے انکے دلوں اور اسرار کی طرف توجہ کرنے اور انپر شفقت کرنے سے اسکو بیداری اور خواب میں اپنے دلونکی آنکھوں اور سر کی صفائی اور دائمی پیدا کیساتھ دیکھتے ہیں۔ اے قوم۔ تمکو حق عزوجل کی معرفت سے اور اسکے اولیا کی معرفت سے دنیا کی محبت او

Marfat.com

اسپر حرص کرنی اور امین اور اس سے زیادتی چاہنا روکتا ہے آخرت کو یاد کرو اور دنیا کو عمدہ طور سے چھوڑ دو۔ ای خدا نیکی اور سخاوت تیری صفتون سے ہے اور ہم تیرے غلام ہین پس ہمکو بھی ان سے ایک ذرہ عطا فرما آمین ۔

چونوین مجلس آپ نے (اللہ تعالی آپ راضی ہو) جمعہ کی صبح کو دسوین ماہ رمضان ۵۴۵ھ ہجری کو کچھ کلام کے بعد مدرسہ مین فرمایا۔ ای غلام دو قدم کر اور تو پہونچگیا۔ ایک قدم دنیا سے اور ایک قدم آخرت سے ایک قدم تیرے نفس سے ایک قدم خلق سے اس ظاہر کو ترک کر اور تحقیق تو باطن کی ابتدا پھر انتہا تک پہونچگیا۔ تو مستقل ہوا اور تمام کرنا اللہ عز وجل کے ہاتھ ہے تیری طرف سے شروع اور اللہ عز وجل کی طرف سے نہایت کو پہونچانا ہے رسی اور زنبیل کو لے اور عمل کے دروازے پر بیٹھ حتی کہ جب تجھے بلایا جائے تو تو خدا کے قریب ہو وے اور اپنے فرش پر اور لحاف کے نیچے اور تالون کے اندر نہ بیٹھ پھر عمل اور استعمال کی درخواست کر۔ اپنے دل کو ذکر کر کے قریب کر اور اسے قیامت کا دن یاد دلا مٹی ہوئی ہڈیون مین فکر کر۔ غور کر اللہ عز وجل کس طرح تمام خلقت کو اٹھاویگا اور اپنے حضور مین کھڑا کرے گا جب تو اس فکر مین ہمیشگی کرے تو تیرے دل کی تاریکی (سختی) دور ہو جائیگی۔ اور وہ کدورت سے صاف ہو جائیگا۔ جب بنیاد پر عمارت ہے تو وہ ثابت اور قائم رہتی ہے اور اگر بنیاد نہو تو جلدی گرجاتی ہے۔ جب تو اپنے حال کی بنیاد ظاہری حکم کے احکام پر ڈالے تو خلق مین سے کوئی اسکے توڑنے کی طاقت نہین رکھتا اور اگر اسپر نہ بنائے تو تیرے لیے کوئی حال ثابت نہین رہتا اور نہ تو کسی مقام تک پہنچتا ہے اور صدیقون کے دل ہمیشہ تجھسے دشمنی رکھتے اور تجھے ندیکھنے کی تمنا کرتے رہتے ہین ای جاہل تجھے ... کیا دغابازی سے یاد ہو کر بازی ہے۔ اور اے فریبی تیرے سر کی کوئی عزت نہین تحقیق تو نے اپنے آپ کو وعظ کرنیکے لائق بنایا ہے حالانکہ تجھ مین قابلیت نہیں یہ صرف لوگون ... یہ اذن کامل صالحین کا حق ہے اور نہین تو انکا طریقہ گونگا پن اور اشارہ ... کو نطق کا امر کیا جاتا ہے پس خلق کو مجبوراً وعظ کرتے ہین کلام کے بعد ... ہو جاتی ہے تیرے دل اور سر کی صفائی کی نسبت سے امر بدلتا ہے اسیواسطے حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالی وجہہ و رضی اللہ عنہ نے فرمایا لو کشف الغطاء ما ازددت یقینا اگر پردہ اٹھایا جائے تو مین یقین مین نہ بڑھون گا اور فرمایا لا اعبد ربا لم ارہ مین اس رب کی عبادت نہین کرتا جسکو ... نہ دیکھا ہو ...

ادانی قلبی ربی (میرے دل نے مجھے میرا رب دکھا دیا ہے) ای جاہلون۔ عالمون سے ملو اور انکی خدمت کرو اور ان سے علم
پڑھو علم مردون کی زبانون سے لیا جاتا ہے علما کے ساتھ نیک ادب اور اپنے اعتراض کو ترک کرنے اور ان سے
فائدہ حاصل کرنے کی غرض سے مجلس رکھو تاکہ تم کو انکے علوم سے فائدہ ملے اور تمپر انکی برکتین عود کرین او
تمپر انکے فائدے شامل ہون اور عارفون کی خاموشی کے ساتھ مجلس کرو۔ اور زاہدون کی انمین رغبت کر
عارف ہر ایک ساعت مین گذشتہ ساعت سے اللہ عزوجل کے زیادہ قریب ہوتا ہے ہر ایک ساعت مین
رب عزوجل کے آگے اس کا خشوع اور ذلت نئی ہوتی ہے وہ حاضر سے ڈرتا ہے نہ غائب سے خوف کی زیادتی ر
عزوجل کے قرب کی زیادتی کے اندازے پر ہے اسکے گونگاپن کی زیادتی اسکے مشاہدے کی زیادتی کے بموجب
ہے جسنے اللہ عزوجل کو پہچانا اسکے نفس اور طبع اور ہوا اور عادت اور وجود کی زبان گونگی ہو گئی لیکن اسکے د
اور سر اور حال اور مقام اور عطا کی زبان ان نعمتونکو ظاہر کرنے سے جو اسپر ہین ناطق ہوتی ہے اسیواسطے
خاموشی کیساتھ مجالس کیے جاتے ہین تاکہ انسے نفع حاصل ہو اور اس سے ثمرات پایا جائے جو انکے دلون پر
جاری ہوئی ہے جسنے اللہ عزوجل کے عارفون کے ساتھ زیادہ ملاپ رکھا اس لیے اپنے نفس کو پہچانا اور
عزوجل کے آگے ذلیل ہوا۔ اسیواسطے کہا گیا ہے من عرف نفسہٗ فقد عرف ربہٗ (جسنے اپنے نفس
وس نے اپنے رب کو پہچان لیا) بندے اور اوسکے رب کے بیچ مین وہی حجاب ہے جسنے اپنے نفس کو پہچانا اللہ عزو
اور اسکی خلق کی تواضع کرتا ہے جب اسکو پہچان لیتا ہے اس سے پرہیز کرتا اور اسکے پہچاننے پر اللہ
کے شکر مین مشغول ہوتا ہے اور جان لیتا ہے کہ خدا نے اس کا نفس پہچنوایا نہین مگر کہ وہ اسکے لیے دنیا اور
کی بہتری چاہتا ہے پس اس کا ظاہر اسکے شکر مین اور اس کا باطن اسکے حمد مین مشغول ہے۔ اس کا
متفرق ہے اور باطن جمع اسکی خوشی باطن مین ہے اور رنج ظاہر مین حال کو چھپانے کے لیے ہے اور عارف
مومن سے برعکس ہے کیونکہ اسکا غم دل مین اور بشارت چہرہ پر ہے وہ ناچیز غلام دروازے پر کھڑا ہے نہین جانتا
اسکو کس چیز مین لگایا جاوے گا کیا مقبول ہوگا یا مردود کیا اسکے منہ پر دروازہ کھولا جاویگا یا وہ ہمیشہ
رہیگا پس جسنے اپنے نفسکو پہچانا وہ اپنے تمام حالات مین مومن کے برخلاف ہے مومن صاحب حال
اور حال تغیر پاتا ہے اور عارف صاحب مقام ہے اور مقام ثابت رہتا ہے مومن اپنے حال کے انتقال

Marfat.com

اور ایمان کے دور ہونے سے ڈرتا ہے پس ہیبت اس کا رنج اسکے دل مین اور بشارت اسکے چہرہ پر ہی اپنے غم سے چھپاتا ہی اگر تو اس سے کلام کرے تو تیرے روبرو ہنستا ہے اور اس کا دل غم کے باعث گھٹا جاتا ہے اور عارف کا غم چہرہ مین ہے چونکہ وہ خلقت سے خوفناک چہرہ کے ساتھہ ملتا ہے انکو ڈرانا اور امر کرنا اور منع کرتا ہی رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے نیابت کے طور پر۔ اس قوم نے جو سنا اسپر عمل کیا پس عمل نے انکو حق عزوجل کے قریب کیا جسکے لیے اونہون نے عمل کیا اور اونہون نے دلونکے کانون سے اسکے وعظ اور انکو بلا واسطے سنایا اسوقت ہوتا ہی جب وہ خلق سے غائب اور خواب مین ہوئے اور خالق آگے حاضر اور بیدار ہوگئے جب تیرا دل درست ہو تو وہ ہمیشہ خلق سے غائب اور خواب مین ہوتا ہے اور خالق کے نزدیک بیدار وہ جلوت مین بھی خلوت مین ہوتا ہے اور تو جلوت مین اور حق عزوجل کے اسرار اور حکم سر پر وارد ہوتے ہین اور سر قلب کا ملا کرتا ہے اور قلب نفس مطمئنہ پر اور نفس زبان پر اور زبان خلق پر املا کرتی ہے جو وعظ سنائے تو چاہیئے کہ اس صفت کے ساتھہ ہو نہیں تو خاموش رہے اس قوم کا جنون طبعی عادتون اور نفسانی ہوائی فعلون کا ترک کرنا اور شہوتون ولذتون سے اندھا ہونا ہے نہ یہ کہ وہ ان دیوانون کی طرح جنون مین ہین جنکی عقلین جاتی رہین۔ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ اگر تم انکو دیکھو تو کہو کہ دیوانے ہین اور اگر وہ تمکو دیکھین تو کہین کہ یہ لوگ اللہ عزوجل پر ایک ذرہ بھر بھی ایمان نہیں لائے تیری خلوت درست نہیں اس لیے کہ خلوت سے مراد دل کا تمام چیزون سے برہنہ ہوتا ہے تیرا باطن معری ہو جائے اور تو مجرد ہو بے دنیا اور بے آخرت۔ خلاصہ یہ کہ اللہ عزوجل کے غیر سے برہنہ ہووے یہی راستہ ہی انکا جو نبی اور ولی اور صالح گذر چکے ہین امر بالمعروف اور نہی عن المنکر (نیکی کا امر کرنا اور بدی سے باز رکھنا) میرے نزدیک ہزار عابد کی عبادت خانہ مین عبادت کرنے سے زیادہ پیارا ہی نفس کی نظر بند اور کوتاہ اور رد کرلے تاکہ اوسکی نظر اسکے ہلاک ہونے کا باعث نہ بنے مگر جبکہ نفس شرع کے تابع اور انکے خادمون سے ہو۔ انکے کہنے سے باہر جائے اور انکے ساتھہ متفق ہوئے پہر انکے اور اسکے [illegible] رہتا اسیکا امر کرتا ہے جسکے لیے وہ دونون امر کرتے ہین اور اسی سے منع کرتا ہے جس سے وہ دونون منع کرتے ہین اور وہی اختیار کرتا ہے جسکو وہ دونون اختیار کرتے ہین اسوقت وہ نفس مطمئنہ ہوجاتا ہے اور وے ایک ہی مطلوب اور ایک ہی مقصود مین موافق ہوتے ہین جب نفس اس حال پر پہونچ جائے تو وہ اپنے مجاہدون مین تخفیف کا مستحق ہوتا ہے حق عزوجل سے ان امور مین وہ جو تیرے اور خلق کے درمیان کرتا ہے۔ بحث نکر کیا تو نے

اللہ عزوجل کے قول لا یسئل عما یفعل وھم یسئلون د جوہ کرتا ہے اس سے سوال نہین کیا جاتا۔ اور وہ
سوال کیے جاتے ہین)کونہین سنا تجھین حق عزوجل کی تابعداری کہان ہے اگر اچھا ادب نہین کریگا تو گہر سے ذلیل
کرکے نکالا جاویگا اور اگر اچھا ادب کریگا اور موافق ہوگا تو تجھے بٹھلایا جائیگا اور تیری عزت کیجائیگی اللہ عزوجل
سے محبت رکھنے والا اسکے پاس نہان ہے اور جہان گہر والون پر کہانے اور پینے اور لباس وغیرہ حالات
مین خود مختار نہین ہوتا بلکہ انکے موافق صبر کرنیوالا اور راضی رہتا ہے پس یقیناً اسکو کہا جاتا ہے آمین خوش رہ
جو تو دیکھتا اور پاتا ہے جبنے اللہ عزوجل کو پہچانا دنیا اور آخرت اور حق عزوجل کا غیر اسکے دل سے غائب ہوا تجہپر
واجب ہے کہ تیرا کام اللہ عزوجل کے لیے ہو نہین تو موت بہت اچھی ہے چاہیے کہ تیری زندگی اللہ عزوجل کی
عبادت مین ہو نہین تو تیرے لیے موت اچھی ہے اے خدا ہمکو اپنی عبادت مین زندہ کر اور عبادت کرنیوالون مین
ہمارا حشر کر آمین۔ اور آپنے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا مومن اپنے نفس کا تارک ہو مرشد کیساتھ رہتا ہے تاکہ وہ آ
ادب سکھلاوے اور تعلیم دیوے شروع حال مین بچپن سے فنا ہونے تک تعلیم مین رہتا ہے قاری اسے اللہ عزوجل
کی کتاب حفظ کراتا ہے اور اسکے دوسرے حال مین عالم اسے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پڑھاتا ہے اور سنا
ہی توفیق اسکی ملازم ہے اپنے علم پر عمل کرتا ہے اور عمل حق عزوجل کا مقرب بنا دیتا ہے جب وہ اپنے علم پر
عمل کرتا ہے اللہ عزوجل اسکو اس علم کا وارث بناتا ہے جو اسنے پڑھا نہین۔ دل اپنے قدمون پر کہڑا ہوتا ہے
اور اخلاص اسکے قدمون کو حق عزوجل کی طرف قریب کرتا ہے جب تو عمل کرے اور دیکھے کہ تیرا دل حق عزوجل
قریب نہین ہوتا اور نہ عبادت اور انس کی لذت پاتا ہے تو جان لے کہ تو عامل نہین اور تو اس خلل کے باعث جو تیرے عمل
مین ہے محجوب ہے خدا ... ہے۔ ریا اور نفاق اور غرور اپنی عمل کرنیوالے اخلاص کو لازم پکڑ نہین تو رنج نہ اٹھا خلق
اور جلوت ... جل کے لیے مراقبہ کر۔ جلوت مین مراقبہ کرنا منافقین کا کلام ہے اور خلوت مین مخلصین کا۔ تجھپر
افسوس جب تو کسی خوبصورت مرد یا عورت کو دیکھے تو اپنی دونون آنکھین بند کر نفس و ہوا اور طبیعت کی آنکھین بند
اور یاد کر کہ خدائے عزوجل تجھے دیکھ رہا ہے اور پڑھ وما تکون فی شان الخ اور نہین ہوتا تو کسی حال مین آخر تک
حق عزوجل سے ڈر۔ اپنی آنکھونکو محرم کی طرف دیکھنے سے بند کر۔ اور اسکے دیکھنے کو یاد کر جسکی نظر اور علم سے تو خارج
نہین ہو سکتا جب تو حق عزوجل سے بحث اور جھگڑا نکرے تو تیری عبودیت کامل ہوئی اور تو سچا بندہ بن گیا

Marfat.com

اور تو اس گروہ مین داخل ہو جسکے حق مین اُسنے فرمایا اِنَّ عِبَادِی لَیسَ لَکَ عَلَیہِم سُلطَان (میرے بندون پر
تجھے غلبہ نہین ہی) جب تیرا شکر اللہ عزوجل کے لیے متحقق ہو جائے تو خلقت کے دل اور زبانین تیرا شکریہ ادا کرینگے
اور تجھسے محبت کرنیکا الہام کیجائیگی اسوقت شیطان اور اسکے لشکر کی تجپر کوئی راہ نہین دعا کا ترک کرنا عزیمت ہی
اور اسمین مشغول ہونا رخصت ہی دعا ذریعہ ہوگے لیے سائس ہی اور قیدی کے لیے دریچہ ہی یہانتک کہ قید سے کنارہ کش
اور بادشاہ پر داخل ہو یا نصیب خوشمند ہو تم اچھا نہین کرتے دعا کو ترک کردیتے ہو اور نہی دعا کرنیکو نہین جاتے تو کوئی چیز
نہین مگر دکایت اور عقل و علم اور جسکو پہنچانا ہی اسکی امیدواری کر کی محتاج ہو تم نہین سمجھتے کہ اللہ عزوجل کے
پاس کیا ہی اور اسکے نیک بندون کے پاس کیا اسلیے انکی تم رخصتین ہو اسپر [illegible] اور حالات کے ساتھ انکی برابری نکرو وہ
ظاہر اور باطن سے حق عزوجل کے حضور مین ہین انکا دل خوشنودی سے تسلی نہین پاتا جبتک کہ وہ تسلی نہ دیا جائے اور
اسکے لیے سلامتی کی ضمانت نہ ہوجائے ای اللہ عزوجل کے بندو جو نہین [illegible] چیز کو نہ
سیکھو جسکی تمہارے پاس کوئی خبر نہین میری کتاب مین داخل ہونا کہ مین تمہین علم پڑھاؤن جیسے تم اپنے پاس نہین
پاتے دلونکے لیے ایک کتاب ہی اور اسرار کے لیے کتاب ہے اور نفوس کے لیے ایک کتاب ہے اور اعضا کے لیے کتاب روز درجے
اور مقام اور شمار کردہ قدم مین پہلا قدم تیرے لیے صحیح نہین دوسرا کسطرح ہو پہنچیگا تیرا اسلام صحیح نہین
ایمان کو کسطرح پہونچیگا. تیرا ایمان صحیح نہین ایقان کو کسطرح پہونچیگا تیرا ایقان صحیح نہین معرفت اور ولایت
کو کسطرح پہونچیگا عقل کر تجھہ مین کچھہ نہین تم مین سے ہر ایک خلق پر ریاست کو بے استعداد چاہتا ہی خلق پر ریاست
تب درست ہوتی ہی جب انمین اور دنیا مین اور نفس اور ہوا اور طبع اور ارادے مین زہد ہو۔ ریاست آسمان سے نازل
ہوتی ہے نہ زمین سے ولایت حق عزوجل کیطرف سے ہے نہ خلق سے ہمیشہ تابع رہ [illegible] جب [illegible]
ذلت اور گمنامی پر راضی ہو۔ اگر تیرے لیے حق عزوجل کے نزدیک اس کے خلاف ہوگا تو [illegible]
اور تفویض کو لازم پکڑ اور اپنی طاقت اور قوت اور اعتراض اور [illegible]
رہنا لازم پکڑ وہ کیا ہی امر کی اطاعت اور نہی سے باز رہنا اور آفات پر صبر [illegible]
نیک عمل تو نے بنیاد کو مضبوط نہین کیا عمارت کس چیز پر بنائیگا تیری نیت درست نہین کسطرح [illegible]
خواہش [illegible] کسطرح ہوتا ہے [illegible] رسول [illegible] نائب [illegible]

Marfat.com

خطیب (واعظ) تھے جب چلے گئے تو اللہ عزوجل نے ان عالموں کو جو اپنے علم پر عمل کرتے ہین انکا قائم مقام اور وارث بنایا جو شخص رسولون کے مقام پر ہونا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ اپنے زمانہ مین خلقت مین پاک تر اور اللہ عزوجل کے حکم سے زیادہ واقف اور عامل ہو۔ ای اللہ عزوجل اور اسکے رسولون اور اسکے اولیاء سے جاہلو۔ ای اپنے نفسون اور طبیعتون اور دنیا اور آخرت سے ناواقفو تم خیال کرتے ہو کہ یہ امر آسان ہے تجھپر افسوس گونگے بنو اور خاموش ہو حتی کہ تم گویا بکیے جاؤ اور اٹھائے جاؤ اور کھڑے کیے جاؤ اور لائے جاؤ جسکا علم اسکی حرص پر غالب آیا پس وہ علم نفع بخش ہے کیونکہ نفع بخش نہو اسنے خلقت کے دروازونکو بند کیا اور حق عزوجل کے دروازے کو جو بڑا دروازہ ہے کھولا جب بند کرنا اور کھولنا کسی بندے کے لیے صحیح ہو جائے تو اس سے زحمت چلی جاتی ہے اور خلوت آتی ہے اسکی دل کی طرف فائدے اور انبار آتے ہین اس سے چھلکے علیحدہ کیے جاتے ہین اور مغز رکھا جاتا ہے ہوا کی راہ بند اور مغلوب و مقہور ہوتی اور حق عزوجل کیطرف راہ کھلی اسپر راستہ ظاہر ہوا۔ اسکی مراد کا راستہ وہ ہے جو پہلے نبیوں اور رسولون اور اولیا کا راستہ ہے وہ راستہ کیا ہے صفا بے کدورت کا راستہ توحید بے شرک کا راستہ استسلام بے نزاع کا راستہ صدق بے کذب کا راستہ خلق کے بغیر حق عزوجل کا راستہ بے سبب کا راستہ یہ وہ راستہ ہے جسپر دین کے امیر اور معرفت کے بادشاہ اور ملوک جو حق عزوجل کے مرد اور منتخب اور برگزیدہ اسکے دین کی مدد کرنے والے ہین دشمنی اور محبت رکھنے والے گذر چکے ہین تجھپر افسوس تو ان لوگون کے طریق کا کسطرح دعوی کرتا ہے حالانکہ تو اپنے وجود اور خلق کے ساتھہ شرک کر رہا ہے جب روئے زمین پر خدا کے علاوہ کوئی ایسا ہو جس سے تو ڈرتا اور امید رکھتا ہے تو تیرا ایمان کامل نہین جب دنیا مین خدا کے علاوہ ایسی شی ہو جسکا تو ارادہ کرتا ہے تو تیرا زہد نہین جب اسکی راہ مین تو اور کو دیکھتا ہے تو موحد نہین عارف دنیا اور آخرت مین غریب اور ان دونون اور حق عزوجل کے غیر مین زاہد ہے اسکے غیر مین اسے رغبت نہین ای قوم مجھسے سنو اور اپنے دلون سے میری تہمت کو دور کرو۔ تم مجھے کسطرح تہمت دیتے ہو اور میری غیبت کرتے ہو حالانکہ مین تمپر مہربان ہون تمہارے بوجھون کو اٹھاتا اور تمہارے اعمال کے شگاف سیتا ہون اور حق عزوجل کے پاس تمہاری نیکیون کو قبول کرنے اور تمہاری بدیونکو معاف کرینکی سفارش کرتا ہون جسنے مجھے پہچان لیا موت تک میرا پیچھا نہین چھوڑتا مجھے اپنی خواہش اور لذت اور طعام اور شراب اور لباس بناتا ہے میرے ساتھہ میرے غیر سے بے نیاز ہوتا ہے۔ ای غلام تو مجھے کیون محبت نہین رکھتا حالانکہ مین تجھے تیرے لیئے چاہتا ہون نہ اپنے لیے تیرے فائدے اور تجھے دنیا مار ڈالنے والی۔

Marfat.com

دغاباز کے ہاتھ سے چھوڑانے کا ارادہ رکھتا ہون۔ تم کبتک اسکے پیچھے دوڑوگے۔ جلدی وہ تمہاری طرف پھریگی اور تمکو قتل کرڈالیگی۔ حق عزوجل اولیا رکو دنیا کے ساتھ ایک لحظہ بہی نہین چھوڑتا اسکو انکی آرام گاہ نہین بناتا اور نہ انکو اسکے اور فی الجملہ اپنے غیر کیساتھ چھوڑتا ہے بلکہ وہ انکے ساتھ ہے اور دے اسکے ساتھ وہ انکا نگہبان اور غمخوار ہے ای خدا ہمین بہی انہین سے بنا اور ہمکو بہی اسیطرح نگاہ رکھہ جیسے کہ تو نے انکو نگاہ رکھا ربنا اتنا فی الدنیا حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار (یعنی اور ہمین دنیا مین نیکی اور آخرت مین نیکی عطا کر اور دوزخ کے عذاب سے بچا) اور آپ نے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا۔ ای منافق الله عزوجل اپنے بندون مین سے جسے چاہتا ہے ظاہر کرتا ہے وہی انہین مشہور کرتا ہے وہی خلقت کے دلونکو اپنے بندون مین سے جسپر چاہتا ہے جمع کردیتا ہے وہی مسخر کرنے والا ہے تو اپنے نفاق سے چاہتا ہے کہ خلقت کے دل تجہپر جمع ہو جائین اس سے کچہ حاصل نہوگا ای غلام اپنی شہوتون کو اپنے قدمون کے نیچے کر اور بالکل انکے ساتھ ان سے اعراض کر۔ اگر الله عزوجل کے علم سابق مین تیرے لیے انسے کوئی چیز ہوگی تو وہ اپنے وقت پر تیرے پاس آجائیگی کیونکہ سابقہ مقدر مین زہد صحیح نہین ہے اور الله عزوجل کا علم تغیر اور تبدل کو قبول نہین کرتا تیرے پاس مقسوم اپنے وقت پر آجائیگا درانحالیکہ خوشگوار پاکیزہ ہے پس تو اسے عزت کے ہاتھ سے لے نہ ذلت کے ہاتھ سے اور باوجود اسکے اسمین زہد کرنیکے بدلے الله عزوجل کے نزدیک تیری عزت ہوگی اور وہ تیری طرف کرامت کی نظر سے دیکھیگا کیونکہ تو نے اوسکی طلب مین اسکی طرف اشارہ نہین کیا اور نہ اصرار کیا ہے جسقدر تو مقسوم سے بہاگیگا اسیقدر وہ تجہسے متعلق ہوگا اور تیرے پیچھے دوڑیگا پھر اسمین زہد کرنا صحیح نہین لیکن اسکے آنے سے پہلے اس سے اعراض رد گردانی ضروری ہے تجہسے زہد اور تناول کرنا سیکھہ۔ اپنی جہالت کیساتھ زاویہ مین نہ بیٹھہ۔ فقیہ ہو پھر گوشہ اختیار کر الله عزوجل کے حکم مین فقیہ بن اور اسپر عمل کر پھر سب سے کنارہ اختیار کر مگر علماء ربانی سے مل کیونکہ انکی [illegible] کو سننا گوشہ نشینی سے اچہا ہے جب تو انمین سے کسی ایک کو دیکھے تو اسکے ساتھ ہو اور الله عزوجل کے علم مین فقہ اور اسکی معرفت کی تعلیم حاصل کر انکے کلمات کو سننے کے ساتھ اسمین فقیہ بن علم مردون کی زبانون سے لیا جاتا ہے وہ مردکون ہین۔ الله عزوجل کے حکم اور اوسکے علم کے عالم جب یہ تیرے واسطے واسطے صحیح ہو جائے تو تنہا نفس اور شیطان اور [illegible] طبع اور عادت اور خلق کو دیکھنے کے بغیر گوشہ نشینی کی جبتک گوشہ نشینی

صحیح ہو جائے تو فرشتے اور نیک لوگونکی روحین اور انکی ہمتین تیرے ارد گرد ہونگی۔ اگر تو خلقت سے اس طریقہ کے ساتھہ کنارہ کشی کرے تو بہتر ہے تیری گوشہ نشینی نفاق اور وقت کو بے فائدہ ضائع کرنا ہے اور تو دنیا و آخرت مین آگ مین رہیگا۔ دنیا کے درمیان آفات کی آگ مین اور آخرت کے درمیان اس آگ مین جو منافقون اور کافرون کیلیے تیار کی گئی ہے۔ ای خدا معاف کر اور بخش اور پردہ ڈال اور درگذر کر اور توبہ قبول فرما۔ ہماری رازون کو فاش نہ کر ہمین گناہون کے بدلے گرفت نکر۔ ای اللہ ای کریم تو نے فرمایا ہے وھو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ ویعفوا عن السیئات (اور اللہ وہ ہے جو اپنے بندون سے توبہ قبول کرتا ہے اور بدیونکو معاف کرتا ہے) ہماری توبہ قبول کر اور ہم سے گناہ معاف کر آمین۔ تجھپر افسوس علم کا دعوی کرتا ہے اور جاہلون کی سی خوشی کرتا ہے اور انکی طرح غضب مین آتا ہے دنیا اور خلق کے اپنی طرف متوجہ ہونے پر خوش ہوتا وہ تجھہ سے حکمت کو فراموش کردیتا ہے اور تیرے دل کو سخت کرتا ہے مومن خوش نہین ہوتا مگر اللہ عز وجل کیساتھ نہ اسکے غیر کے ساتھہ اگر خوشی کرنا ہی ہے تو اسوقت خوش ہو جبکہ تیا ہوا اور تو اپنے آپ کو اللہ عز وجل کی عبادت مین صرف کرے اور اس سے حق عز وجل کے خاص بندونکو نفع دیوے اور عبادت پر انکی مدد کرے۔ رات اور دن مین ڈرتا رہ تاکہ تیرے دل اور سر کو کہا جائے انما انا معکما اسمع واری (مت ڈرو مین تمہارے ساتھہ ہون سنتا ہون اور دیکھتا ہون) جسطرح کہ حضرت موسی اور ہارون کو کہا تہا ان میرے نزدیک تیری کیا قدر ہے تو علم کو بے عمل حفظ کرتا ہے پس تو بالکل وارث نہین بن سکتا وراثت علم اور عمل اور اخلاص کے ساتھ درست ہوتی ہے اپنی قدر کو پہچان اور جو چیز تیرے مقسوم مین نہین اسکی طرف نہ بڑھ حق عز وجل کے مقدر مین موافقت کر پس یقیناً وہ تجھے توفیق دیگا اور تجھپر مہربانی فرمائیگا اور تجھہ سے بوجہونکو اٹہالیگا اور دنیا و آخرت مین تجھسے راضی رہیگا جب مومن کا ایمان قوی ہو تو اسکا نام موقن (یقین والا) رکھا جاتا ہے پہر جب اسکا یقین کامل ہو جاتا ہے تو عارف نام رکھا جاتا ہے پہر جب اسکی معرفت پوری ہو تو عالم نام رکھا جاتا ہے اور جب اسکا علم قوی ہو تو محب نام رکھا جاتا ہے اور جب اسکی محبت قوی ہو تو محبوب نام رکھا جاتا ہے اور جب یہ اسکے لیے صحیح ہو جائے تو غنی مقرب مستانس (انس پانیوالا) نام رکھا جاتا ہے جو اللہ عز وجل کے قرب سے انس پکڑتا ہے وہ اسے اپنے حکم اور علم اور سابقہ لاحقہ اور امر اور قدر کے اسرار پر واقف بناتا ہے اور یہ اسکے حوصلے اور اسکی دلی قوت اور فراخی کے اندازے پر ہوتا ہے جبکہ وہ غنی کیا جاتا ہے وہ اپنے رب عز وجل کے ساتھ کہڑا ہے اور دل کے ساتھ خلق سے علیحدہ جب اسکے رب عز وجل

Marfat.com

کم سابق آتا ہی اور اسکے ہمراہ کہانے اور پینے اور لباس اور نکاح کا حصہ ہوتا ہی تو مرسل الیہ کسمر سل سے نا محجوب
ہونیکے باعث وہ اسکو نہیں پاتا جو انکو اس سے لیوے پس حق عز و جل اسکو تناول کرنیکے لیے پیدا کرتا ہی [illegible]
اطل اور ناپدید نہو جائے اور اسکو دوسری دفعہ پیدا کرتا اور اٹھاتا ہی تاکہ وہ جدا ہونے اپنے سابق علم [illegible]
لرنہ جائے پس مقسوم کا اس طرح لقمہ دیا جاتا ہے جیسے کہ چھوٹے بچے کو لقمہ دیا جاتا ہی اور جسطرح [illegible]
پنے شیر خوار بچے کے منہہ میں رکہتی ہی مقسوم اُسکے منہہ میں نازل ہوتے ہیں اور وہ انکو اسطرح کھانا شروع کرتا
ہے جسطرح کہ مریض شربتوں کا پینا لازم پکڑتا ہی اور اس سے اپنی قوت کو حفاظت میں رکہتا ہی [illegible]
فقیر نہیں ہو سکتا سابقا ایسے مومن موقن عارف کی جو اپنی طرف نفع کو کہینچے اور ضرر دفع کرنے [illegible]
رتی ہی رحمت کا ہاتھ اسکو داہنی اور بائیں پلٹتا ہی بلکہ لطف سے اسکو اٹھاتا ہی [illegible]
ر جس نے اللہ عز و جل کو نہ پہچانا اور اُسکی رحمت کے دامن سے تمسک نکیا وہ بڑا بے نصیب ہے [illegible]
کیا اور ولیسے اسکا نہ بنا اور سر کے ساتھ اس سے تمسک نکیا اور اُسکے لطف اور احسانات کو [illegible]
ق عز و جل صدیقوں کے دلوں کی پرورش کرتا ہی بچپن سے لیکر اُنکے بڑا ہونے تک اون کو بلیات [illegible]
ہبر کو دیکہتا ہی اُنکے قرب کو بڑہاتا ہی مصائب انکو مغلوب نہیں کرتے اور نہ ان تک پہنچ سکتے ہیں [illegible]
ہو نچیں وہ پا پیادہ ہیں اور اُنکے دل اُڑنے والے پرندوں کے بازوؤں پر ہیں وہ بڑا بے نصیب ہے [illegible]
نکے دلوں کو ایذا دی اللہ عز و جل کا اسپر بڑا عذاب ہی وہ اللہ عز و جل سے نہایت درجہ [illegible]
و جل اسپر سخت غضب کرتا ہے ای شخص اولیاء کا غلام بن اور انکی پلٹ خاک ہو جا [illegible]
نادم رہ جب تو اتکال پر ہمیشہ رہیگا سردار بنجائیگا جسنے اللہ عز و جل اور [illegible]
خدا اسکو دنیا اور آخرت میں بلند کرتا ہی جب تو نے قوم کی تکلیفیں برداشت کیں [illegible]
تعد کر اور انکا [illegible] بنتا ہی پس جب اسکی مخلوق [illegible]
[illegible] اور زبانوں پر جاری کرے اور [illegible]
بیسویں مجلس۔ آپنے خدا آپ سے راضی ہو جمعہ کی صبح کو ستر ہویں ماہ رمضان ۵۴۵ھ کو [illegible] کلام کے
بعد فرمایا جو شخص چاہتا ہی کہ اللہ عز و جل کی [illegible] رضا حاصل ہو تو چاہیے کہ [illegible]

Marfat.com

اسکا ذکر مصیبتوں اور آفتوں کو آسان کر دیتا ہی اسکو یعنی خدا کو اپنے نفس اور مال اور اولاد پر تہمت نہ لگا بلکہ کہہ کہ میرا خدا مجھسے زیادہ جانتا ہی جب تو اسپر ہمیشگی کرے تو تجھے رضا اور موافقت کی لذت آئیگی اور آفات کی تلخی ہو جائیگی اور اُنکے بدلے تجھے نعمتیں اور خوشیاں عطا ہونگی جب تونے بلا کے وقت موافقت کی اور رضا کی لذت پائی تو ہر طرف اور ہر مکان سے تیرے پاس نعمتیں آئینگی - ای اس سے غافل تجھپر افسوس ہے کہ تو اسکے غیر کی تلاش میں مشغول ہو - تو اس سے رزق کی فراخی کب تک طلب کریگا شاید کہ وہ تیرے لیے آزمائش ہو اور تو اسکو نہ جانتا ہو تجھے معلوم نہیں کہ بہتری کس چیز میں ہے پس خاموش رہ اور موافقت کر اور اسکے فعل پر رضامندی اور تمام حالات میں شکر کر اسکا سوال کر وہ تیری نعمتیں زیادہ کریگا اور تجھے بے عوض قریب کریگا اور صبر تیرے دل کے قدموں کو ثابت رکھے گا اور اسکی نصرت اور مدد کرے گا اور کامیاب کریگا دنیا و آخرت میں اسکا انجام اچھا ہے خدا پر اعتراض کرنا حرام ہے اس سے دل اور چہرے سیاہ ہو جاتے ہیں - ای جاہل تجھپر افسوس ہے کہ تو اعتراض میں مشغول رہے کی عوض اللہ عزوجل سے سوال کرنے میں مشغول کر اسمیں مشغول رہ تاکہ مصائب کیوقت بچا لیں اور آفات کی آگیں بجھ جائیں اور تو ای حق عزوجل کی ارادت کے دروازہ اسکی رحمت اور محبت کے خزانوں سے تاوقتیکہ قربت میں پہونچے اول اس سے سوال کر جب تو حیران ہو جائے تو کہہ ای حیرانوں کے رہنما میری رہنمائی کر جب تو مبتلا ہووے اور صبر سے عاجز رہ جائے تو کہہ ای خدا میری مدد کر اور مجھے صبر عطا کر اور مجھسے مصیبت کو دفع کر لیکن جب تو قرب میں پہنچ جائے اور تیرا دل داخل ہو جائے اور اس سے قریب ہو جائے تو سوال ہے نہ زبان بلکہ خاموشی اور مشاہدہ ہے - تو مہمان ہو گا اور مہمان کچھ خواہش نہیں کرتا بلکہ مودب ہو کر جو اسکے روبرو پیش کیا جاتا اُسے کھاتا ہے اور جو دیا جائے وہ لیتا ہے مگر جب اسکو کہا جائے کہ خواہش کر پس وہ اسلیے اختیار امر کی تابعداری کر کے خواہش لیتا ہے - سوال دوری کے وقت ہی اور قرب کیوقت خاموشی - اولیاء حق عزوجل کے بغیر کسیکو نہیں پہچانتے ارباب سے جدا ہوئے اور اسباب انکے دلوں سے خارج ہوئے اگر چند روز یا چند ماہ انکو کھانا اور پانی نہ ملے تو وہ کچھ پرواہ نہیں کرتے اور نہ بدلتے ہیں کیونکہ حق عزوجل انکو غذا کھلاتا ہے جو چاہتا ہے انکو کھلاتا ہے جس نے اللہ عزوجل کی محبت کا دعویٰ کیا اور اس سے اسکے غیر کو طلب کیا تو وہ محبت میں جھوٹا ہی اور اگر محبوب اصل مہمان مقرب ہو جائے تو اسکو کہا جاتا ہی کہ طلب کر اور خواہش کر اور کہہ جو تو چاہتا ہی

Marfat.com

تجھے توفیق دی گئی ہے محب تنگدل اور محبوب فراخ دل ہے۔ محب کے لیے حرمان ہے اور محبوب کے لیے عطا۔ بندہ جبتک محب
وہ قوت حاصل کرنیکے لیے سراسیمگی اور کٹنے اور پھٹنے اور کسب میں ہے۔ جب یہ حالت بدل جاتی ہے وہ محبوب بنجاتا ہے
اسکے حق میں بدل جاتا ہے پس رہنمائی اور آرام اور سکون اور رزق کی فراخی اور خلق کی تسخیر حاصل ہوتی ہے یہ سب
کچھ اسکے صبر کی برکت اور محبت کیوقت ثابت قدمی سے ہے۔ بندہ کی اللہ عزوجل سے صحبت اور اللہ عزوجل
کے بندہ سے محبت مخلوق کی باہمی محبت کیطرح نہیں ہمارا رب عزوجل لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
(اسکی مانند کوئی چیز نہیں اور وہ سننے والا۔ جاننے والا ہے) اُسنے لوگوں کے لیے مثالیں بیان فرمائیں ہیں
ی ہے اُسکے سمجھنے کا سوال کرو اس سے اوسکے ساتھ دلوں کا خوش ہونا طلب کرو کیونکہ وہ جسپر چاہتا ہے
سکے دل کی خوشیکو فراخ کر دیتا ہے جسکے لیے چاہتا ہے دلونکے رزق کو زیادہ کر دیتا ہے اس قوم میں سے ہر ایک کا
ل ساکنان زمین اور آسمان کی وسعت کے برابر وسعت رکھتا ہے اسکا دل حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کی
رح ہوتا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا ابتداء حال میں حکمت تہا پہر قدرت بنگیا جب آپ اپنے زاد کو نہ اٹھا سکتے
دوہ اُٹھا لیتا اور جب چلنے سے عاجز رہجاتے تو اسپر سوار ہو جاتے اور جب بیٹھے ہوئے یا سوئے ہوتے تو
پ سے اذیت کو دفع کرتا اور آپ کے لیے ہر ایک قسم کا پہل دیتا اور جب بیٹھتے تو آپ پر سایہ کرتا۔ اللہ عزوجل
نے اپنی قدرت اسمیں کہلا دی پس وہ عصا کے ذریعہ قدرت سے مانوس ہوئے اور جب اسکو نبی اور مقرب
بنایا [illegible] کلام ہوا اور اسکو مکشف کیا تو اس سے فرمایا وَمَا تِلْکَ بِیَمِیْنِکَ یٰمُوْسٰی (اور اے موسیٰ تیرے
دائیں ہاتھ میں کیا ہے) قَالَ ھِیَ عَصَایَ اَتَوَکَّؤُا عَلَیْہَا وَاَھُشُّ بِہَا عَلٰی غَنَمِیْ وَلِیَ فِیْہَا مَاٰرِبُ اُخْرٰی
(کہا یہ میرا عصا ہے اسپر سہارا لیتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں کیواسطے پتے جہاڑتا ہوں اور میرے اسمیں اور بہت
مقصد ہیں) فَقَالَ اَلْقِہَا یٰمُوْسٰی (پس اُسنے فرمایا اے موسیٰ اسکو ڈالدے) [illegible]
ور وہ بڑا اژدہا بنگیا اور موسیٰ علیہ السلام اوس سے بہاگے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا [illegible]
سَنُعِیْدُھَا [illegible] اسکو پکڑے اور نہ ڈر ہم اسکو پہیر دینگے اس سے مقصود یہ تہا کہ آپکو قدرت پر واقف کر
الٰہی [illegible] میں فرعون کی سلطنت [illegible] ہو اور آپکو فرعون اور اوسکی قوم سے لڑائی کی تعلیم دے
انکو انکی لڑائی کے لیے تیار کرے اور آپکو [illegible] عادات پر اطلاع دے۔ آپ ابتداء حال میں۔

Marfat.com

تنگدل اور تنگ سینہ تھے پھر آپ کا دل وسیع کیا اور حکم نبوت اور علم عطا کیا اے جاہل کہ جسکی یہ قدرت ہو فراموش
اور نافرمانی کیا جاتا ہی جو تجھے فراموش نہیں کرتا اسے نہ بھلا جو تجھسے غافل نہیں اس سے غفلت نکر موت کی فکر کر
ملک الموت روحوں پر موکل ہی تیری جوانی اور مال و اسباب تجھے مغرور نکریں جلدی ہی یہ سب چیزیں تجھسے چھٹ جائینگی
اور تو اپنا حد سے بڑھنا اور عمر کو بے فائدہ ضائع کرنا یاد کریگا اور شرمندہ ہوگا جبکہ شرمندگی تجھے مفید نہوگی
قریب ہے کہ تو مرجائیگا اور میرے کلام اور نصیحت کو یاد کریگا اور قبر میں تمنا کریگا کہ تو میرے پاس ہوتے اور
میرے کلام کو سننے کی کوشش کر کہ تو میری بات کو تسلیم کرے اور اسپر عمل کرے تاکہ تو دنیا اور آخرت میں میرے ساتھ
ہو تیرے مجھپر نیک ظن رکھنا کہ تجھے میرے کلام سے فائدہ ہو۔ اپنے غیر پر نیک ظن رکھ اور اپنے واسطے بدظنی اگر تو ایسا
کریگا تو فائدہ اٹھائیگا اور دوسروں کو بھی تجھسے فائدہ ہوگا۔ جبتک تو اللہ عزوجل کے غیر کیساتھ ہی تو رنج اور غم اور
تکلیف اور سرگردانی میں ہے اپنے دل کے ساتھ خلق سے نکل اور حق عزوجل کیساتھ مل تحقیق تو دیکھیگا جو آنکھوں
نے نہیں دیکھا اور سنیگا جو کانوں نے نہیں سنا اور کسی بشر کے دل پر نہیں گذرا یہ حال جبہی تو صحیح اور کامل نہیں ہے
کہ اسکی بنیاد کمزور ہے مضبوط نہیں وہ کوڑا ہی اور تو نے اپنے زعم میں بلند مکان کی بنیاد ڈالی
حق عزوجل کی طرف رجوع کر اور اس سے سوال کر کہ تجھے اس حال سے جس میں کہ تو ہے یعنی دنیا کی طلب اور آخرت کی
طرف سے تجھے پھیر لائے (تجھپر افسوس) اللہ عزوجل نے تیرے لیے فقر کو اختیار کیا اور تو دولتمندی چاہتا ہی کیا تجھے
معلوم نہیں کہ وہ تیرے لیے اختیار کرتا ہی اور تو برا جانتا ہے۔ اللہ عزوجل کے اختیار کو تیرا نفس اور ہوا
طبع اور شیطان اور برے ہم نشین مکروہ جانتے ہیں۔ یہ سب اللہ عزوجل کے اختیار کرنے کو برا جانتے ہیں انکے
برا نتیجہ کو اور ان کے اعتراض اور رب عزوجل پر انکے غضب کرنیکی طرف متوجہ نہو قلب اور سر جس بات
کا حکم کریں تو اس [illegible] جبکہ وہ نیکی کا امر کرتے ہیں اور بدی سے منع کرتے ہیں اپنے فقر پر راضی رہ اسپر [illegible]
[illegible] دولتمندی ہی طاقت کا نہونا عصمت اور پاکدامنی ہی کیونکہ جب وہ تجھے طاقت دے تو اغلب اور اکثر یہ ہی
تو اسکی نافرمانیوں میں ہلاک ہوجائیگا اور جب تجھے فقیر اور عاجز رکھے تو اغلب اور اکثر یہ ہی کہ وہ تجھے گناہ
[illegible] جب تو اسکے اختیار پر صبر کرے تو تجھے اسکے پاس سے اتنا ثواب ملیگا جسے تو اور تمام زمین کے رہنے
والے شمار نہ کر سکینگے تو جلدی کرتا ہی اور جلدی کرنیوالیکو جو وہ چاہتا ہی اس سے کچھ ہاتھ

Marfat.com

نہیں آتا جلدی شیطان کا کام ہے اور آہستگی خدا کی طرف سے ہے جب تو جلدی کرے تو شیطان کے لشکر میں اور اسکے ساتھ ہوگا اور جب تو توقف کرے اور ثابت رہے اور آہستگی کرے اور صبر کرے تو خدا کے لشکر سے اور اسکے ساتھ ہوگا ور حقیقت ما تقوی یہ ہے کہ تو کرے وہ جسکے کرنیکا تجھے اللہ عز وجل نے امر کیا اور باز رہے اس سے جسکے ترک کرنیکا اللہ عز وجل نے امر کیا اور اسکے افعال اور مقدرات اور اسکی تمام بلیات اور آفات پر صبر کرے تم تمام خلق تمام نفس تمام غیبت۔ تمام طرح سے تمہیں اللہ عز وجل اور اوسکے عارفوں کی کوئی خبر نہیں تم انکی نسبت دیوانہ ہو۔ اور وہ عقلمند جب حق عز وجل کے مجنون کا مجنوں کامل ہوجاتا ہے تو وہ جنون سے باہر آنیکے قریب ہوجاتا ہے ابتدا میں حرکت ہے اور انتہا میں سکون مرض دور ہوجاتا ہے اور حکمت اسکی تابع ہے۔ اے غلام! تو آخرت سے فارغ اور دنیا سے پُر ہے تیرا حال مجھے غم میں ڈالتا ہے نیکو کاروں اور اولیا سے تیرا جدا رہنا اور انکی مجلس کو ترک کرنا اور اپنی رائے پر بے نیاز ہونا مجھے رنج میں ڈالتا ہے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ جو اپنی رائے کا تابع ہوا گمراہ ہے کوئی عالم نہیں مگر وہ زیادہ علم کا محتاج ہے کوئی عالم نہیں مگر اس سے بڑھکر دوسرا علم رکھتا ہے اللہ [illegible]

[illegible] وما اوتیتم من العلم الا قلیلا اور تمہیں علم نہیں دیا گیا مگر تھوڑا جھوٹ کو لازم پکڑ [illegible]

بڑی راہ کو [illegible] راہ پر پہنچنے کے لیے مناجات کو لازم پکڑ۔ اور مخالفت چھوڑ دے تابعداری کر [illegible]

کیے جاؤگے اور نیا والیقہ نزدیک ہو۔ اس راہ پر نفس اور ہوا کے ساتھ نہ چل بلکہ حکم اور [illegible]

اور قوت اور تیزی کو ترک کرنے اور تابعداری کرنے اور عاجز بنتے اور جلدی کو چھوڑ [illegible]

کے ساتھ چل یہ چیز جلدی کرنے سے حاصل نہیں ہوتی۔ ذریعوں اور مریدوں اور صبر اور [illegible]

برداشت کرنیکی محتاج ہے اور یہ کہ تو معرفت کے کسی بادشاہ کی صحبت میں رہے تاکہ وہ تجھے [illegible]

سکھلائے اور تجھے تیرے بوجھ کو اٹھا لے۔ تو اوسکی رکاب میں چلے [illegible]

حکم دے یا اپنے پیچھے سوار کرے اگر ذہنیت کا تو تجھ اپنے پیچھے بٹھلائیگا [illegible]

اور خود تیرے پیچھے [illegible] تحقیق اس [illegible]

اور اقیار چھوڑے منافقوں [illegible] اللہ عز وجل [illegible]

جو اللہ عز وجل اور خلق کے [illegible] واجب ہیں مطالبہ [illegible]

Marfat.com

اللہ عزوجل کے علم میں جو تجھسے متعلق ہے مراقبہ کر۔ اور اپنے نفس سے عمل طلب کر اس سے اللہ عزوجل کے امر کا مطالبہ کر
اور اُسے گناہوں کے کرنیسے باز رکھہ آفات آنیکے وقت اُسپر صبر کو لازم کر اور قضا و قدر آنیکے وقت رضا کو اور نعمتوں کے
وقت شکر کو پس جب تو یہ کریگا تجھسے مانعات دور ہو جائیں گے اور تیری صحبت اللہ عزوجل کے ساتھ درست
ہو جائیگی اور راستہ میں رفیق سے کامیاب ہوگا اور تجھے مددگار ملجائیگا اور تو اس خزانے کو پائیگا جو تیرے
تابع ہوگا جہاں تو جائے تجھے کچھ پروا نہوگی کہ کہاں تہا اور کس جگہ ڈیرہ کیا کیونکہ جہاں تو گریگا اُٹھایا جائیگا اور علم
اور قدر اور انس و جن و ملک تیرے خادم ہونگے۔ اللہ عزوجل سے تیرے ڈرنے کے باعث تمام چیزیں تجھسے خوف
کہائینگی اور اللہ عزوجل کی اطاعت کے باعث تمام چیزیں تیری اطاعت کرینگی جو شخص اللہ عزوجل سے ڈرے
اُس سے سب چیزیں ڈرتی ہیں اور جو اس سے نہ ڈرے سب چیزیں اُسکو ڈراتی ہیں۔ جو اللہ عزوجل کا خادم ہوتا ہے
سب چیزیں اسکی خدمت کرتی ہیں کیونکہ وہ اپنے بندوں کے عمل کا ایک ذرہ بھی ضائع نہیں کرتا کما تدین
تدان (تو جیسا کریگا ویسا پائیگا) جیسے تم ہوگے ویسی ہی وہ تمپر ولایت کریگا۔ ای خدا دنیا اور آخرت میں ہمسے
اپنے کرم اور احسان اور درگذر نے اور لطف کیساتھ معاملہ کر واٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار (ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر۔ اور ہمکو دوزخکے عذاب سے بچا)

چھپنویں مجلس آپنے (خدا آپسے راضی ہو) اتوار کی صبح کو اُنیسویں ماہ رمضان ۵۴۵ھ ہجری کو رباط میں
فرمایا ای غلام! میں تیرے کاروبار کو اللہ عزوجل کا مراقبہ کرنیوالوں اسسے ڈرنیوالوں سے مخالف دیکھتا ہوں تو شریروں
اور بدکاروں سے ملتا ہے اور اولیا اور برگزیدہ لوگوں سے جدا رہتا ہے تو نے اپنے دل کو حق عزوجل سے
فارغ کیا ہی اور دنیا والون اور اُسکے مال کی خوشی سے پُر کیا ہے کیا تو نہیں جانتا کہ خوف دل کا کوتوال اور اُسکو
نورانی کرنیوالا اور تنبیہ کرنیوالا ہی۔ اگر تو اس حال پر ہمیشہ رہے تو دنیا اور آخرت کی سلامتی دیا جائیگا۔ اگر تو موت کو
یاد رکھے تو دنیا میں تیری خوشی کم اور زہد زیادہ ہوگا جس کا انجام موت ہو۔ وہ کسطرح کسی چیز سے خوش ہو سکتا ہے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لکل ساع غایۃ وغایۃ کل حی الموت (ہر ایک سعی کرنیوالے کی غایت ہے اور
ہر ایک زندہ کی غایت موت ہی) غموں اور خوشیوں اور دولتمندی اور فقیری اور سختی اور نرمی اور مرضوں اور دردوں کا
انجام موت ہے جو مر گیا اسکی قیامت قایم ہوگئی اور اسکی نسبت بعید قریب ہو گیا۔ یہ سب چیزیں جن میں تو ہے

Marfat.com

ہوس ہیں جس حال میں تو ہے اس سے اپنے دل اور سر اور باطن سے جدا ہو دنیا مقررہ مدت تک ہی اور آخرت کا
غیر معین ابد تک دنیا میں تیری زندگی مقررہ مدت تک ہی اور آخرت میں تیری زندگی غیر معین ابد تک ہے سعی کر کہ تو سارا
سارا عبادت ہو جائے۔ جب تو یہ کریگا بالکل رب عزّوجل کے لیے ہو جائیگا گناہ نفس کا وجود ہے اور عبادت اسکا نہ ہونا
ہے تو نیکا حاصل کرنا نفس کی ہستی ہے اور ان سے باز رہنا اسکی نیستی ہے تو ان سے باز رہ اور انکو نہ لے مگر اللہ عزّوجل کی
تدبیر سے موافقت کرنے سے اپنے اختیار اور خواہشوں سے شہوات کو انہیں زہد کرنیکے ہاتھ سے قہراً اور جبراً ہے زہد کا ہاتھ
تجھے کھینچے پس تو شہوت کو لیکر نفس تک پہنچائے۔ زہد کی نہایت ضرورت ہے۔ اپنی حالت کو جاننے سے پہلے تو اس کا
محتاج ہے اگر تو اندھیرے میں ہو اور لینا اور رغبت اور روشنی میں تو یہ تاریکی ہے جب یہ تجھ سے دور ہو جائے
تو روشنی کو دیکھیگا قدرت اندھیرا ہے اور مقدر کی پابندی روشنی ہے تیرے حال کا اول تاریکی ہے پس جب اللہ
عزّوجل اسکو دور کرے اور تو اسکے حضور میں ثابت رہے تو تیرا امر روشن ہو جائیگا۔ جب معرفت کے چاند کا نور آتا
ہے لیلۃ القدر کی تاریکی کو اجالا کر دیتا ہے جب اللہ عزّوجل کے علم کا سورج چڑھتا ہے بالکل تمام کدورتیں اور
اندھیرے دور ہو جاتے ہیں تیرے لیے ظاہر ہو جاتا ہے جو تیرے ارد گرد ہے اور جو تجھ سے دور ہے تیرے لیے تمام
اور واضح ہو جاتا ہے جو اس سے پہلے تجھ سے مشتبہ تھا۔ تیرے لیے پلید اور پاک اور تیرے غیر اور تیرے اپنے کے درمیان
تمیز ہو جاتی ہے تو خلق کی مراد اور حق عزّوجل کی مراد میں فرق جان جاتا ہے تو خلق کے دروازے [illegible] اور حق عزّوجل
کے دروازے [illegible] ہے پس وہاں وہ چیزیں دیکھتا ہے جو آنکھوں نے نہیں دیکھیں اور کانوں نے نہیں سنیں اور کسی بشر
کے دل پر نہیں گذریں اور تیرا دل مشاہدے کے طعام سے کھاتا اور انس کی شراب پیتا ہے اور [illegible] قبولیت کی
خلعت پہنائی جاتی ہے پھر خلق کیطرف انکی مصلحتوں اور انکو گمراہی اور [illegible]
نافرمانی سے باز کرنیکے لیے واپس کیا جاتا ہے وہ بڑی مضبوطی اور دائمی [illegible]
واپس ہوتا ہے آہ [illegible] کہ اسکو نہیں سمجھتا کیا اُس پر ایمان نہیں لاتا تو بے [illegible]
کی مگر کہ تو توبہ کرے اور یقین کرے اور تصدیق کرے تجھ پر افسوس اگر تو نے [illegible] یقین اور تصدیق کریگا [illegible]
میں شراب پائیگا اور سلامتی اور [illegible] اور اگر نہ کریگا تو اسمیں کچھ پائیگا جو تیری زبان اور [illegible] آنکھوں اور جگر کو
کاٹ ڈالیگی میری بات کو مان میں تیرے ہی فائدے کے لیے کہہ رہا ہوں تاں [illegible]

Marfat.com

تیرا اور تیرے درمیان کیا عداوت ہے میں تیری نماز کے لیے اور تیری نجاست اور میل کو دور کرنے کے لیے مسجد ہوں تیرے
لیے راستے کو صاف کرتا ہوں اور اس میں تیرے لیے کھانا اور پینا تیار کرتا ہوں میں یہ تیرے ساتھ کرتا ہوں اور اسپر
تجھسے بدلہ نہیں مانگتا میرا وظیفہ اوپر ہے۔ میرا کام حق عزوجل کے طالبوں کی خدمت کرنا ہے جب تو حق عزوجل کا
سچا طالب ہو تو میں تیرے لیے خدمت میں لگایا جاؤنگا جب بندگی نیست اور حق عزوجل کا طالب ہو جاتا ہے
تو تمام چیزیں اسکی مسخر اور تابعدار ہو جاتی ہیں۔ اے غلام خود اپنے نفس کا واعظ بن میرا اور میرے غیر کی طرف محتاج
نہ ہو۔ میری نصیحت تیرے ظاہر پر ہے اور تیرا وعظ باطن پر اپنے نفسکو ہمیشہ موت کو یاد رکھنے اور علاقے اور اسباب کے
قطع کرنیکا وعظ کر مالکوں کے مالک۔ پیدا کرنیوالے بڑے بزرگ بڑے علم والیکا ہو جا۔ اسکی رحمت کے دامن
اور اسکی عنایت سے تمسک کر اس سے اسکی غیر میں مشغول نہ ہو وہ تیرا اس سے حاجب روکنے والا ہے جب تم میں کوئی
ایک میرے ہاتھ پر فلاح اور مخلصی پاتے ہیں اسپر خوش ہوتا ہوں اور جب میں نصیحت کروں اور وہ نہ مانے
تو میں اسپر غمگین ہوتا ہوں مومن میرے قریب ہوتا ہے اور منافق مجھسے بھاگتا ہے اے منافقو میں تمپر غصے
ہوتے ہیں حق عزوجل کے موافق ہوں اس نے مجھے تم پر جلتی ہوئی آگ بنایا ہے پس اگر تم توبہ کرو اور میری
نصیحت کو مانو اور میرے کلام کی سختی پر صبر کرو تو میں تمپر سلامتی اور خنکی ہونگا۔ تم پر افسوس تم حیا نہیں کرتے ظاہر میں
تم عابد ہو اور باطن میں گنہگار تم جلدی موت اور بیماری کے ہاتھ میں پکڑے جاؤگے۔ پھر اللہ عزوجل کی آگ کے قیدخانہ
میں قید کیے جاؤگے اور تم اے عملوں میں سستی کرنیوالو۔ شرم نہیں کرتے تم اپنے دنوں اور راتوں میں بیکاری پر راضی ہو
تم اللہ عزوجل کے انعامات کو سستی کیساتھ لینا چاہتے ہو عملوں میں مصروف رہو بیشک تمہارے نفس انکے عادی
ہو جائینگے ہر ایک آنے والے کے لیے دہشت اور حیرانی ہے اور آخر کار صاف ہو جاؤگے اور کدورتیں جاتی رہینگی
جب تم توبہ کرو گے [illegible] اور اتنا ضروری ہے اے اپنے آقا کی خدمت سے بھاگنے والو۔ اے اپنی راہوں پر برگزیدہ
نبیوں اور رسولوں اور نیکوکاروں کی راہ کو ترک کرکے مغرور ہونیوالو۔ اے حق عزوجل کے سوا خلق پر بھروسا
رکھنے والو۔ کیا تم نے نہیں سنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ملعون ملعون من کانت ثقتہ بمخلوق مثلہ
رحمت سے الگ ہے وہ جس کا اعتماد اپنی جیسی مخلوق پر ہو، دنیا کو طلب نکر اور اسمیں کسی چیز پر غضب نکر کیونکہ وہ تیرے
دل کو اس طرح بگاڑ دے گا جیسے کہ سرکہ شہد کو بگاڑ دیتا ہے تجھپر افسوس تو نے دنیا کی محبت اور

Marfat.com

اور تکبر کو جمع کیا ہی اور یہ دونوں خصلتیں ایسی ہیں کہ انکا صاحب نجات نہیں پاتا جبتک کہ دونوں سے توبہ نکرے۔ حفظمن جنوتو کون ہی اور کیا چیز ہے اور کس چیز سے بنایا گیا ہی اور کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ غرور نکر۔ غرور نہیں کرتا مگر وہ شخص جو اللہ عزوجل اور اسکے رسول اور اُسکے نیک بندوں سے نا واقف ہو۔ ای کم عقل تو عزت تکبر کے ساتھ طلب کرتا ہی اُسکے خلاف پائیگا۔ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من تواضع للّٰہ رفعہ اللہ عزوجل ومن تکبر وضعہ اللہ من رضی بالآخرۃ صار فی الاولی من رضی بالقلیل جاء الکثیر من رضی بالذل جاء العز جسنے اللہ کے لیئے تواضع کی اُسکو اللہ عزوجل بلند کرتا ہے اور جسنے تکبر کیا اللہ اُسکو پست کرتا ہی جو شخص آخرت پر راضی ہو وہ پہلے صف میں ہوا جو تہوڑے پر راضی ہوا اوسکو زیادہ ملتا ہے جو ذلت پر راضی ہوا اُسکو عزت ملتی ہی ذلت پر راضی ہو تاکہ تیرے حقمیں امر بدل جائے جو قدر کے لیے ذلیل ہوا اور اُسپر راضی ہوا اللہ عزوجل جو تمام چیزوں پر قادر ہے اسکو بلند کرتا ہی۔ تواضع اور نیک ادب تجھے مقرب بناتا ہی اور تکبر اور بے ادبی تجھے بعید کرتی ہی۔ عبادت تیری اصلاح کرتی اور مقرب بناتی ہی اور گناہ تجھے خراب کرتا اور بعید کرتا ہی۔ ای غلام۔ دین کو انجیروں کے بدلے نہ بیچ اپنے دین کو سلاطین اور بادشاہوں اور دولتمندوں کی انجیر اور حرام کہانیکے بدلے مت فروخت کر۔ جب تو دین کے عوض کہائیگا تیرا دل سیاہ ہو جائیگا۔ اور سیاہ کس طرح نہو حالانکہ تو مخلوق کی عبادت کرتا ہی۔ ای بے نصیب اگر تیرے دلمین نور ہوتا تو البتہ تو حرام اور شبہے اور مباح کے درمیان اور اسچیز کے درمیان جو تیرے دلکو سیاہ کرتی ہی اور اسکے جو اُسکو منور کرتی ہے اور اُسکے درمیان جو تیرے دلکو مقرب بناتی ہی اور اوسکے درمیان جو اوسے بعید کرتی ہے فرق کرتا۔ ای بیوقوف میں نہیں پہچانتا مگر کسب یا حق عزوجل پر توکل کرنیکو۔ ایمان کے شروع میں کسب حاصل کرنا ہی۔ یہ قوت ایمان کیوقت اللہ عزوجل سے درمیانی ذریعوں کو دور کرنیکے بعد لینا جب دل قوی ہوتا ہی تو حق عزوجل سے ... لینا ہی اور میرے کلام ارتفاع الوسائط یعنی ذریعوں کے دور کرنیکے معنی ... کرنے اور اپنے جیسے تابع امر آلہی کے ساتھ شرک کرنیسے دور رکہنا پس وہ ... اور انکی تعریف اور مذمت اور قبولیت اور رد سے بہرا ہوا ہو۔ اگر وہ دیں تو انمیں اللہ عزوجل کے فعل کو دیکہے اور اگر نہ دیں تو بہی اسی طرح۔ اولیاء اللہ عزوجل کے غیرت بہت کو نگے ... انکے پاس کو ... نہیں مگر ...

Marfat.com

انکا مددگار اور اُنہیں بے مدد چھوڑنے والا اور دینے والا اور روکنے والا۔ اور انکو ضرر اور نفع پہنچانیوالا ہے انکے
پاس مغز ہے چھلکا نہیں انکے باطن صفا اور صفا پاکیزہ پر پاکیزہ ہے۔ پس یہ وہ ہیں کہ تمام خلقت اُنکے دلوں سے نکلجاتی ہے
اُنکیں سوائے اللہ عزوجل کے کچھ نہیں رہتا انہیں اسکا ذکر مخفی ہوتا ہے نہ اسکے غیر کا۔ ای خدا ہمکو اپنی معرفت
عطا کر۔ تجھپر افسوس تو گمان کرتا ہے کہ تجھے قدرت ہے کہ اپنے نفس کو آراستہ کرے اگر حلم نہوتا تو ای منافق
میں تجھے بتاتا اور رسوا کرتا میرے پاس فخر نکر کیونکہ میں شرم نہیں کرتا۔ مگر اللہ عزوجل اور اُسکے نیک بندوں سے
بندہ جب اللہ عزوجل کو پہچان لیتا ہے اُس کے دل سے مخلوق گرجاتی ہے اور ایسی پراگندہ ہوتی ہے جسطرح
کہ درخت سے خشک پتے دور ہوجاتے ہیں پس وہ بے خلق رہجاتا ہے حاصل یہ کہ اُنکے دیکھنے سے اور اُنکے کلام سننے سے
دل اور چشم کے ساتھ اندھا اور بہرا ہوتا ہے جب دل مطمئن ہوجاتا ہے تو اُسے ہاتھ پاؤں کی حفاظت سپرد کیجاتی ہے
پھر دل حق عزوجل کی طرف اور نفس کو طلب کرنیکے لیے جو اُسکے پاس ہے سفر کرتا ہے پھر دُنیا میں آتا ہے پس نفس کی
درستی کرتے اور اسکی مصلحتوں میں قائم ہوجاتا ہے۔ حق عزوجل کے طالبوں کے حق میں اسکا طریقہ یہی ہے مقسوما
کو پورا حاصل کرنیکے وقت دُنیا انکے پاس بڑھیا منحوس بدشکل کی صورت میں آتی ہے اور اُنکو اُنکے مقسومات پورے طور
دیتی ہے اُنکی لونڈی ہوتی ہے وہ اُس سے لیتے ہیں جو کچھ انکا اُسکے پاس حق ہے اور اُسکی طرف توجہ نہیں کرتے
ای غلام۔ اپنے دل کو رب عزوجل کے لیے فارغ کر اور اپنے ہاتھ پاؤں اور نفس کو عیال کے لیے مشقت کی
میں مشغول رکھ پس اُسکے امر پر عمل کرنا اور اُسکے حکم کے بموجب اُنکے لیے کسب کرنا ہے حق عزوجل کے حضور میں خاموشی
اور سوال کو صبر اور رضا کے ساتھ ترک کرنا۔ دعا اور سوال سے اچھا ہے اُسکے علم سے اپنے علم کو محو کر اور اُسکی تدبیر سے
اپنی تدبیر کو دور کر۔ اور اُسکے ارادے سے اپنے ارادہ کو قطع کر۔ اور اُسکی قضاؤں اور قدر کے وقوع کیوقت
اپنی موت کو [illegible] کے ساتھ یہی معاملہ کر اگر تو اُسے اپنا مالک اور مددگار اور سلامت رکھنے والا جانتا ہے اگر
اسکو اپنا [illegible] جانتا ہے تو اُسکے حضور میں سکون کو لازم پکڑ۔ مومن کے خواطر اور ہمتیں متحد ہیں سوائے ایک شے
جو اُسکے دل کی طرف ہے حق عزوجل کا گذرتا ہے اور کوئی باقی نہیں اور وہ اپنے رب عزوجل کے قرب کے دروازہ
کھڑا ہے جب اسکی معرفت کامل ہوجاتی ہے تو اُسکے سامنے دروازہ کھولا جاتا ہے پس وہ آتے
اندر داخل ہوجاتا ہے اور وہ چیزیں دیکھتا ہے جنکی تعریف بیان نہیں کرسکتا۔ خاطر دل کے اور اشارہ

Marfat.com

رشیدہ کلام سر کے لیے ہے وہ شخص جو اپنے نفس اور ہوا اور برے اخلاق اور تمام مخلوقات سے فانی ہے آرام اور خوشی
ور نعمت میں ہے۔ وہ اس میں خبرداری اور حفاظت کیا گیا ہے اللہ عزوجل نے اُنکے حق میں فرمایا ونقلبھم
ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ یعنی ہم اُنکو داہنے اور بائیں پلٹاتے ہیں۔ اے غلام اسکو سُن اور اُسپر ایمان لا
ور اسکی تکذیب نکر۔ اپنے نفس کو کسی وجہ کے ساتھ نیکی سے محروم نرکھہ۔

ستاونویں مجلس آپنے خدا آپ سے راضی ہو جمعہ کی صبحکو چودہویں ماہ رمضان ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں فرمایا۔
ی غلامو۔ مجھپر ایک ذرہ صدق کا ظاہر کرو پھر تمہارے مال اور گھر تمپر حلال ہیں تم سے سوائے
صدق اور اخلاص کے کچھ نہیں چاہتا اور اس کا نفع تمہارے لیے ہے۔ تمہیں تمہارے لئے چاہتا ہوں
اپنے لیے اپنے ظاہری و باطنی زبانوں کے لفظوں کو مقید کرو تحقیق تمپر فرشتے نگہبان ہیں جو تمہارے
ظاہر کی نگہبانی کرتے ہیں اور حق عزوجل تمہارے باطن کی نگہبانی کرتا ہے اے کہ تو محلوں اور گھروں کو
بناتا ہے اور تیری ساری عمر دنیا کی عمارات بنانے میں باطل ہو جاتی ہے کوئی شے نیت کے بغیر نہ بنا کیونکہ
عمارت دُنیا کی بنیاد نیک نیتی ہے نفس اور ہوا کیساتھ عمارت نہ بنا۔ جاہل دُنیا میں اپنے نفس اور ہوا اور طبع اور
عادت کیساتھ عمارت بناتا ہے بغیر علم کے امر اللہ عزوجل کی قضا اور فعل سے موافقت کرنے کے بناتا ہے
پس لاچار اسکا قرینہ نیک نہیں ہوتا اور عمارت اسکو مبارک نہیں ہوتی اور اسمیں اسکا غیر سکونت کرتا ہے
اور اُسے قیامت کیدن کہا جائیگا تو نے کیوں بنائی اور کہاں سے خرچ کیا اور کیوں خرچ کیا [illegible] حساب
لیا جائیگا رضا اور موافقت کو طلب کر اور اپنے مقسوم پر قناعت کر اور جو تیرا مقسوم نہیں [illegible]
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپنے فرمایا اشد عقوبات اللہ [illegible]
یقسمه بندے کے لیے دُنیا میں اللہ عزوجل کے عذابوں میں سے زیادہ [illegible]
کرتا ہے۔ اور آپنے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا اگر تو میرے پاس [illegible] تو کلام
فلاح نہ پائیگا۔ تجھپر افسوس مسلمان [illegible] کرتا ہے اور اللہ عزوجل اور اسکے نیک بندوں پر اعتراض کرتا ہے
دعوے میں جھوٹا ہے۔ [illegible] اللہ عزوجل کی قضا اور قدر کو تسلیم کرنے اور اسکے افعال پر قرآن
اور حدیث کے [illegible] کے ساتھ راضی رہنے سے مشتق ہے اسوقت تیرا اسلام درست ہوگا

Marfat.com

دراز ی اُمید کی شامت ہے جو تجھے اللہ عزوجل کی نافرمانیوں اور مخالفت میں ڈالتی ہے جب تو اپنی اُمید کو
کوتاہ کریگا خیر تیرے پاس آئیگی پس اگر تو نجات چاہتا ہے تو اُسے پکڑ و جسے قدر کے ہاتھ سے ایسے کوے
جسے وہ لائے اور شرع کے بموجب اُسپر راضی ہوا اور اُسکو اپنے پر راضی کیا۔ اُسکا نفس اور ہوا اور طبع اور شیطان
نہیں ہے یعنی اُنپر مدد دیے گئے ہیں۔ یہ نہیں کہ وہ بالکل نیست ہو گئے ہیں انبیا کے چلے جانیکے بعد ہم میں سے کوئی
نہیں ہو اسکا نفس مطمئن اور حرص مغلوب اور طبع کا شعلہ بجھا ہوا اور شیطان مقید ہو اسے شیطان کے ہاتھ کچھ نہ
آتا اسکے گرد پھرتا ہو مگر اُسے نہیں پاتا۔ توکل میں سب کا مقید بننا نہیں ہو اور توحید میں کسی سے ضرر اور نفع کو دیکھ
نہیں ہو تو تمام نفس۔ تمام حرص بالکل عادت ہو۔ توکل اور توحید کی تجھے کوئی خبر نہیں۔ تلخی ہے پھر شیرینی
پھر ٹوٹنا پھر پیوند پانا۔ پھر موت پھر ابدی حیاتی۔ ذلت ہے پھر عزت فقیری ہے پھر دولتمندی
ہونا پھر اُسکے ساتھ ہست ہونا نہ اپنے ساتھ۔ اگر تو اسپر صبر کرے تو تیرے لیے صحیح ہو جایگا۔ جو تو حق
عزوجل سے چاہتا ہو نہیں تو تیرے لیے کوئی چیز صحیح نہ ہوگی۔ جو چیز تجھے اللہ عزوجل سے پہنچے وہ تجھپر تمام
ہو وہ تجھپر نامبارک ہو خواہی فرائض اور سنت کو ادا کرنیکے بعد روزہ اور نماز نفلی کیوں نہو جب فرضی روزہ
ادا کر لیگے ~~بعد تجھے~~ بھوکھا ~~پیاس~~ حق عزوجل کے حضور میں دلی حضوری اور اسکے لیے مراقبہ کرنے اور ا
ساتھ اچھی زندگی بسر کرنے اور اُسکی صحبت اور اسکے قرب سے نفلی روزوں میں مشغول نکرے تو تو حجاب ا
خلق اور نفس و ہوا کا بندہ ہے عارف اللہ عزوجل کیساتھ اُسکے قرب کے جھنڈے کے نیچے مع اپنے علم اور سر کے کھڑا
اُسکی قضا اور قدر کیساتھ گردش کرتا ہے اور جب عاجز رہجاتا ہے تو بے گردش اُسکی طرف سے گردش دیا جا
اور بے تحریک ‌ ‌ ‌ رکن اور بے تسکین سکون دیا جاتا ہے وہ انہیں سے ہو جاتا ہے جنکے حق میں اللہ عزو
فرمایا وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ رہم انکو دا ہئیں بائیں طرف پلٹاتے ہیں) جب انہوں نے عا
کی حرکت دیئے گئے حرکت قدر کیساتھ ہے اور سکون اور تسلیم عجز کے وقت ہستی کے وقت حرکت
اور نیستی کیوقت سکون حرکت حکم میں اور سکون علم میں ہے یہ تو صحیح ہوگا جب نفس اور ہوا اور طبع
خلق کو ترک کرے۔ خلاصہ یہ کہ خلق کا مقید نہ رہے۔ تیرے ضرر اور نفع اور رزق کا سوا رب عزوجل
کوئی مالک نہو۔ ہمیشہ اوسکی عبادت اور امر و نہی میں لگا رہ۔ اللہ عزوجل کے سوا تیرے ہاتھ میں کوئی

Marfat.com

پس تو خلقت میں سب سے زیادہ دولتمند اور زیادہ معزز ہو جائیگا۔ آدم علیہ السلام کی طرح ہو جائیگا کہ تمام چیزوں کو اُنکے
لیے سجدہ کرنیکا حکم ہوا۔ یہ عوام الناس اور بہت سے مقربین کی عقل سے باہر ہے۔ یہ کلام ایک تہ اور اُسکی عقل
سی ہے۔ ای بے علم فقیہ بن۔ پھر گوشہ پکڑ۔ اولیا رفقیہ بنے پھر خلق سے اپنے دلوں کے ساتھ گوشہ گیر ہوئے اُنکے
ظاہر مخلوق کیساتھ ہیں اُنکی اصلاح کے لیے اور اُنکے باطن حق عزوجل کیساتھ اُسکی خدمت اور صحبت میں
ہیں وہ قریب ہونیوالے اور بعید ہونیوالے ہیں حکم میں خلق کے ساتھ ہیں اور اُنکے دلوں کے ساتھ اُنسے بعید
اُنکے دل تمام چیزوں سے علیحدہ اور دور ہیں۔ ظاہر میں احکام حکم کو مضبوط کرتا ہی جسوقت اُنکا کپڑا میلا ہوتا ہی
اُسکو دہوتے اور پاک کرتے اور خوشبو لگاتے ہیں جب کبھی کچھہ پھٹ جاتا ہے اسکو مرمت کرتے اور سیتے
ہیں وہ خلق کے سردار ہیں۔ اُنہیں کا ایک ذرہ مضبوط پہاڑوں کی طرح ہی۔ اُنکے دل رب عزوجل کیساتھ
اُسکے حضور میں گرے ہوئے اُسکے مراقبہ میں اُسکے علم میں غوطہ زن ہیں۔ اے خدا ہماری غذا اپنا ذکر اور
ہماری دولتمندی اپنا قرب بنا۔ آمین۔ تو مردہ دل ہی اور تیری مجلس بہی مردہ دلوں کے ساتھ ہے زندوں
برگزیدوں ابدالوں کو لازم پکڑ۔ تو قبر ہے اپنے جیسے قبر کے پاس جاتا ہی مردہ ہے اپنے جیسے مردے کے
پاس جاتا ہی۔ تو اپاہج کیا تیرے جیسا اپاہج تیری رہنمائی کرے گا۔ اندھا ہے کیا تیرے جیسا اندھا تیرا رہبر ہو
سکے گا۔ ایمان والوں ایقان والوں نیکو کاروں کیساتھ بیٹھ اور اُنکی بات پر صبر کر۔ اور تسلیم کر اور اُسپر عمل کر
تحقیق تو نجات پا گیا۔ مشائخ کے قول کو سن اور اُسپر عمل کر۔ اور اُنکی عزت کر اگر تجھے نجات درکار ہے۔ میرا
ایک شیخ تھا جب کبھی مجھپر اشکال واقع ہوتا اور میرے دل میں کوئی خطرہ گذرتا تو وہ بیان کر دیتا اور مجھے
کہنے کا محتاج نہ چھوڑتا۔ یہ میرے نیک ادب اور عزت کے باعث ہوتا جسکی عزت میں اُسکے ساتھ [illegible]
میں نے کسی شیخ کی صحبت نہیں کی مگر عزت کرنے اور نیک ادب کے ساتھ [illegible]
اُس کے پاس کوئی چیز نہیں جس جسپر وہ بخل کرے اُسنے سب چیزوں کو چھوڑ دینے کا دعوی کیا ہی اگر وہ کچھہ دیتا ہے
تو اوروں کے لیے لیتا ہی نہ اپنے لیے [illegible] اور مصنوعات سے [illegible] بخل وہی کرتا ہی جسکے پاس
مال ہو اور صوفی کے نزدیک سب چیزیں [illegible] پس وہ دوسرے کے مال پر کسطرح بخل کر سکتا ہی [illegible]
کوئی دشمن نہیں اور نہ [illegible] دوست اور نہ اُسکی توجہ تعریف اور مذمت کے سننے کی طرف ہی وہ [illegible]

Marfat.com

اور ضرر اور نفع اللہ عزوجل کے غیر سے نہیں دیکھتا وہ حیات پر خوش نہیں ہوتا اور موت پر غمگین نہیں ہوتا اُسکی موت اللہ عزوجل کا غضب ہے اور حیات اُسکی رضامندی مجلس میں اُسکی وحشت ہے اور خلوت میں اُنس اسکا کھانا اللہ عزوجل کا ذکر ہے اور پینا اُسکی اُنس کی شراب وہ یقیناً دُنیا کے مال و اسباب پر بخیل نہیں ہوتا کیونکہ وہ سب سے بے نیاز ہے ربنا اتنا فی الدنیا حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار (اے ہمارے خدا ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا کر اور ہمکو دوزخ کے عذاب سے بچا)۔

اٹھاونویں مجلس آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) جمعہ کے روز صبح کے وقت ماہ شوال ۵۴۵ھ کی پہلی تاریخ کو کچھ کلام کے بعد مدرسہ میں فرمایا۔ تو کس قدر پڑھیگا اور عمل نہیں کریگا علم کے دفتر کو بند کر۔ اور عمل کے دفتر کو اخلاص کیساتھ کھول نہیں تو تجھے نجات نہیں۔ تو صرف علم پڑھتا ہے اپنے افعال سے حق عزوجل پر جرات کرتا ہے تو نے حیا کا پردہ اپنی آنکھوں سے اُتار دیا اور تو نے خدا کو تمام دیکھنے والوں سے عاجز تر بنایا ہے اپنی حرص کے بموجب لیتا ہے اور حرص کے بموجب منع کرتا۔ اور حرص کیساتھ حرکت کرتا ہے پس یقیناً تیری حرص تجھے مار ڈالیگی اللہ عزوجل سے اپنے تمام حالات میں حیا کر اور اُسکے حکم کے بموجب عمل کر جب تو ظاہری حکم پر عمل کریگا تو علم تجھے اللہ عزوجل کے علم کا مقرب بنائیگا اے خدا ہمکو غفلت کی نیند سے بیدار کر آمین۔ جب تو گناہ کریگا تو نقمتیں آئینگی اور تجھپر واقع ہونگی پس اگر تو نے توبہ کی اور اپنے رب عزوجل سے معافی مانگی اور اس سے مدد چاہی تو وہ تیرے اردگرد پڑینگی تیرے پے کسی بلا کا ہونا ضروری ہے پس اللہ عزوجل سے سوال کر کہ وہ تجھے اسکے ساتھ صبر اور موافقت عطا کرے تاکہ تو اسمیں جو تیرے اور اُسکے درمیان ہے سلامت رہے اور خدشہ جسم کا [illegible] ظاہر میں ہو نہ باطن میں مال میں ہو نہ دین میں۔ پس اسوقت بلا نعمت ہوگی۔ اے منافق تو نے [illegible] عزوجل اور اوسکے رسول کی تابعداری سے صرف نام پر قناعت کی ہے نہ معنی پر تیرا ظاہر اور باطن کا جھوٹھ ہے۔ پس یقیناً تو دنیا اور آخرت میں ذلیل ہوگا۔ گنہگار اپنے نفس میں ذلیل ہے اور جو بھی ذلیل۔ اے عالم اپنے علم کو دنیاداروں کے نزدیک جاکر گدلا نہ کر عزت والے کو ذلیل کی عوض فروخت نکر عزت والا علم ہے اور ذلیل وہ ہیں جنکے ہاتھوں میں دنیا کا مال ہے جو کچھ تیرے مقسوم میں نہیں مخلوقات تجھے دے نہیں سکتی۔ صرف تیرا مقسوم اُنکے ہاتھوں پر جاری ہوتا ہے۔ پس اگر صبر کرے گا تو تیرے مقسوم اُنکے ذریعے سے تجھے

Marfat.com

عزت کیساتھ ملجائیگا۔ تجھپر افسوس رازق وہ ہے جو دوسرے کا رزق نہیں کھاتا۔ سخی وہ ہے جو دوسرے سے
عطا نہیں لیتا۔ اللہ عز وجل کی عبادت میں مشغول ہو اور اس سے طلب کرنا چھوڑ دے وہ تیری مصلحت کو
جاننے اور پہچاننے کا محتاج نہیں ہے اللہ عز وجل نے اپنے کسی کلام میں فرمایا من شغله ذکری عن مسئلتی
اعطیه افضل ما اعطی السائلین (جس شخص کو میرا ذکر سوال کرنے سے روک لیوے میں اُس کو
سوال کرنے والوں سے بہت زیادہ دیتا ہوں) زبانی ذکر بغیر دل کے کوئی عزت نہیں کہتا اور نہ اس سے
تیری کوئی حرمت ہے ذکر دل اور سر کا ذکر پھر زبان کا جب حق عز وجل کا ذکر صحیح ہو تو اذکرونی اذکرکم
واشکروا لی ولا تکفرون (مجھے یاد کرو میں تمہیں کروں گا اور میرا شکر کرو اور ناشکری نہ کرو) اسکا ذکر کرتا کہ وہ بھی
تیرا ذکر کرے اسکا ذکر کرتا کہ ذکر تجھسے تیرے بوجھ اتار ڈالے اور تو گناہ سے صاف ہو جائے عبادت بلا
معصیت ہو جائے پس اسوقت تجھے یاد کرے گا جنہیں وہ یاد کرتا ہے اور تو اُسکی مخلوق سے اُسمیں مشغول
ہوگا اور اسکا ذکر تجھکو سوال کرنیسے روک لیگا۔ تیرا تمام مقصود وہی ہوگا اور تو اپنے تمام مقصود دل سے
رد کا جائیگا جب وہ تیرا تمام مقصود ہو جائیگا تو ملک کے خزانوں کی چابیاں تیرے دل کے ہاتھ میں رکھدیگا
جو شخص اللہ عز وجل سے محبت رکھتا ہے اُسکے غیر کو نہیں چاہتا۔ اسکے غیر کی محبت اُسکے دل سے
دور ہو جاتی ہے جب حق عز وجل کی محبت بندےکے دلمیں جگہ لیتی ہے تو اُسکے دل سے اوس کے
غیر کی محبت نکلجاتی ہے اُسکے اعضا میں ملجاتی ہے اسکا ظاہر و باطن صورت اور معنی اسمیں مشغول ہو جاتا ہے دنیا
اسے تیار رہتا اور عادت اور آبادی سے نکلتا ہے جب یہ اُسکے لیے کامل ہو جائے تو اللہ عز وجل اس سے
محبت رکھتا ہے کیا تجھے عقل نہیں جس سے تو غور کرے اور سمجھے کیا تو نے کبھی کسی ...
عنقریب تیری نوبت آجائیگی اور ملک الموت تجھسے فارغ ہوگا۔ ...
سے اُکھیڑ دیگا اور تیرے بال بچے اور بیوی اور دوستوں کے درمیان ... تیری
جان ایسے حال میں قبض نہ کیجائے جبکہ تو اللہ عز وجل کے دیدار کو مکروہ جانے۔ اپنے مال کو آخرت
کی طرف آگے بھیج اور موت کا منتظر رہ پس تحقیق تو اللہ عز وجل کے پاس اس سے اچھا دیکھیگا جو تو
دنیا میں دیکھتا ہے ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنة وفی الاٰخرة حسنة وقنا عذاب النار

Marfat.com

اے ہمارے خدا ہمیں دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی عطا فرما اور دوزخ کے عذاب سے بچا۔

اٹھاون مجلس آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) جمعہ کے روز نہم ماہ رجب ۵۴۵ھ ہجری کو کچھ کلام کے بعد فرمایا طمع کرنے والے کی بات خود غرضی اور چاپلوسی سے خالی نہیں ہوتی وہ حق نہیں بیان کرسکتا۔ اس کا کلام خالی چھلکا بے مغز ہوتا ہی ظاہر ہوتا ہے بے معنی طمع کرنے والا خالی ہے جیسے کہ طمع۔ طمع کے سب حرف خالی ہیں طا میم ع۔ اے اللہ عزوجل کے بندو صدق حاصل کرو تم خلاصی پاؤگے سچے کی ہمت آسمان تک بلند ہو کسی کہنے والے کا کلام اسکو ضرر نہیں پہنچا سکتا۔ تحقیق اللہ عزوجل اپنے بندہ پر غالب ہے جب تجھے کسی امر کے لیے چاہے گا اسکے لیے طیار کردے گا۔ ایک بے ادب نے کچھ کلام کیا جس کا جواب یہ ہے تمہارے حالات کی سچائی مجھ کو یکارتی ہے اور تمہارا جھوٹھ مجھے خاموش کرتا ہے جیساکہ تم خریدو ویسا ہی فروخت کرتا ہوں۔ اے غلام اگر تیرے پاس علم کا پھل اور برکت ہوتی تو بادشاہوں کے دروازوں تک نفس کے پیروں اور شہوتوں کے لیے نہ جاتا عالم کے دونوں پانوں نہیں ہیں جنسے وہ خلقت کے دروازوں تک چلے اور زاہد کے دونوں ہاتھ نہیں جنسے وہ لوگوں کا مال لیوے اور اللہ عزوجل کے محبت والے کی دونوں آنکھیں نہیں جنسے وہ اسکے غیر کو دیکھے محب اپنی محبت میں سچا ہے اگر اسے ساری مخلوق ملے تو اسکی طرف نظر نہ اٹھائے وہ اپنے محبوب کے سوا اور کی طرف نہیں دیکھتا۔ اسکے سر کی آنکھوں میں دنیا کچھ حقیقت نہیں رکھتی اور اسکے دل کی آنکھوں میں آخرت [illegible] قدر ہے اور اسکے سر کی آنکھوں میں غیر مولی ہیچ ہے عقلمند ہو۔ تم میں کچھ نہیں۔ تم میں سے اکثر ہر ایک چلانیوالے اور پھینکنے والے کی تابعدار ہے متکلمین میں سے اکثروں کا کلام زبان سے ہے نہ دل سے منافق کا چلانا [illegible] اور سر سے اور صادق کا چلانا دل اور سر سے۔ اسکا دل رب عزوجل کے دروازے پر پہنچتا [illegible] اندر خدا کے پاس [illegible] وہ دروازے پر چلاتا رہتا ہے یہانتک کہ گھر میں داخل ہو جاتا خدا کی قسم تو اپنے تمام حالات [illegible] ہے تو اللہ عزوجل کے دروازے تک کی راہ کو نہیں پہچانتا تو اسے کس طرح رہنمائی کریگا جبکہ خود اندھا ہے اپنے غیر کا کس طرح رہبر ہوگا جبکہ حرص اور طمع اور نفس کی پیروی اور دنیا اور سرداری اور شہوتوں کی محبت نے تجھے اندھا کر رکھا ہے جبتک گناہ تیرے ظاہر پر ہیں اور دل تک پہنچنے سے پہلے میرے پاس آتا کہ تو اصرار کرنیوالا نہو جائے اور اصرار کے باعث کافر نہ بنجا۔

Marfat.com

جو شخص اللہ عزوجل کی عبادت اور عبودیت میں پختہ ہو وہ اسکے کلام کو سن سکتا ہے آپ نے ان ستر کا جو موسیٰ علیہ السلام کی قوم سے کلام الٰہی سننے کے لیے منتخب کئے گئے تھے ذکر کیا۔ اور فرمایا پس اللہ عزوجل نے ان سے خطاب کیا وہ سب بے ہوش ہو گئے صرف حضرت موسیٰ اکیلے رہ گئے۔ اور جب اللہ عزوجل نے انکو زندہ کیا تو انہوں نے کہا ہم بیا اللہ عزوجل کے کلام کو سننے کی طاقت نہیں تو ہمارے اور اسکے درمیان ذریعہ بن جا پس اللہ عزوجل نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا اور آپ انکو سناتے اور پھر اسکی کلام کو دہراتے۔ آپ نے اپنی ایمانی قوت اور ایمان اور عبودیت کو ثابت کرنیکے باعث اسکے کلام کو سننے کی قدرت پائی اور دوسرے اپنے ایمان کی کمزوری کے باعث اسکو نہ سن سکے۔ پس اگر وے جو کچھ کہ آپ تعدیت میں لائے تھے مان لیتے اور امر و نہی جو کو ادا کرتے اور مودب بنتے اور جو کچھ انہوں نے کہا اور سیر گستاخی نکرتے تو البتہ اللہ عزوجل کے کلام کو سننے کی طاقت رکھتے اور آپ نے رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں ہر ایک جھوٹے منافق دجال پر حاکم کیا گیا ہوں [illegible] نافرمان پر غالب کیا گیا ہوں۔ انمیں سے سب سے بڑا ابلیس ہے اور سب سے چھوٹا فاسق ہے تحقیق [illegible] باطل کی طرف بلانے والے سے لڑائی کرنے والا ہوں اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم [illegible] پینے والا ہوں۔ تیرے دل پر نفاق ثابت ہے تجھے اسلام اور توبہ اور ریا کو ترک [illegible] دعوی جو میں کر رہا ہوں اللہ عزوجل کی طرف سے ہوگا تو جلدی بڑھیگا اور زیادہ ہوگا اور [illegible] اپنے بادلوں سے اڑ کر لوگوں کے جسموں پر بیٹھیگا اور انکے گھروں میں داخل [illegible] آنکھوں اور دلوں سے دیکھے گئے۔ اور اگر نفس اور ہوا اور طبع اور شیطان کی طرف اور باطل ہوگا تو [illegible] سے اور جلدی نیست و نابود ہوگا اور بدل جائیگا اور متفرق اور منقطع ہوگا کیونکہ تحقیق حق [illegible] مردہ پر [illegible] کرتا۔ منافق کی نصرت نہیں کرتا۔ انکو عطا نہیں کرتا شکر کے تارک کو [illegible]

نفس سے نفاق کیساتھ کچھ نکلتا ہے اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا بلکہ [illegible] باعث ہو جاتا ہے۔ [illegible] سرکشو تحقیق مجھے گویائی عطا کی گئی ہے [illegible] میں میرا نام خرس [illegible] اپنے آپکو مجنون [illegible] زبان [illegible] لیکن مجھے [illegible] قدرت نے مجھکو تمہاری طرف [illegible]

Marfat.com

دو دل نہیں ہیں بلکہ صرف ایکدل ہی وہ کس چیز سے پُر ہے کہ اور چیز کی گنجائش نہیں رکھتا اللہ عزوجل نے فرمایا۔
ما جعل اللہ لرجل من قلبین فی جوفہ (اسنے کسی شخص کے لیے سینہ میں دو دل نہیں پیدا کیے) وہ دل
جو خالق اور خلق سے محبت رکھے صحیح نہیں۔ وہ دل جمیں دنیا اور آخرت ہو تندرست نہیں جب دل خالق کیلئے
اور موقوف خلق کی طرف تو جائز ہے۔ خلق کی طرف انکی مصلحتوں کی خاطر اور ان پر رحم کرنیسے دیکھنا جائز ہے۔
اللہ عزوجل سے جاہل ریا اور نفاق کرتا ہی اور اسکو جاننے والا یہ نہیں کرتا احمق اللہ عزوجل کی نافرمانی کرتا
ہے اور عقلمند فرمانبردار ہی۔ دنیا کے جمع کرنے پہ حرص کرنیوالا ریا اور نفاق کرتا ہے اور مرد کوتاہ امید یہ نہیں
کرتا۔ مومن فرائض کے ادا کرنیسے اللہ عزوجل کے نزدیک ہوتا ہی اور نفلوں کے ادا کرنیسے اوسکی محبت کو طلب
کرتا ہی اور اللہ کے بندے ایسے بھی ہیں کہ انکے لیے نفل نہیں۔ بلکہ وہ فرائض کو ادا کرتے ہیں۔ پھر نفل بجالاتے
ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ہم سب پر اس سبب سے کہ ہم کو ان پر قادر بنایا گیا ہے فرض ہیں۔ ساری عمر عبادتیں
مشغول رہنا ہم پر فرض ہے خلاصہ یہ کہ وہ اپنے لیے نفل نہیں گنتے۔ اولیا اللہ کے لیے خبردار کرنیوالا ہی
جو انکو خبردار کرتا ہی۔ استاد ہی جو انہیں تعلیم دیتا ہی۔ حق عزوجل انکے لیے علم حاصل کرنیکے اسباب تیار کرتا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لو ان المؤمن علی قلة جبل لقیض اللہ له عالما یعلمه (اگر مومن پہاڑ کی
چوٹی پر ہو تو خدا اسکے لیے عالم مقرر کریگا۔ جو اسے تعلیم دے) صالحین کے کلمات عاریتاً لیکر انسے کلام نکر
اور خود انکا دعوی نکر۔ مانگی ہوئی چیز چھپی نہیں رہتی۔ اپنے مال پر فخر نکر نہ مانگے ہوئے پر۔ اپنے ہاتھ سے
روٹی کی زراعت کر۔ اور اسے اپنے ہاتھ سے پانی پلا۔ اور اپنی کوشش سے اوسکی تربیت کر پھر اسکو پیس اور پکا
اور پہن۔ دوسرے کے مال اور دوسرے کے لباس پر خوش نہو جب تو دوسرے کا کلام لیکر اسے بولیگا اور اسکا دعوی
کریگا تو یاد رکھ اگر ... والے تجھے بُرا جانینگے۔ جب تو کرتا نہیں تو نہ کہہ۔ تمام مدار عمل پر ہی اللہ عزوجل نے فرمایا
ادخلوا الجنة بما کنتم تعملون (اسکی عوض جو تم عمل کرتے تھے جنت میں داخل ہو) اللہ عزوجل کی معرفت
حاصل کرنیمیں کوشش کرو۔ تحقیق وہ اسکے ساتھ غائب ہونا اور اسکی تقدیر اور قدرت اور علم کے ساتھ قائم
ہوتا ہی وہ اسکے فعلوں اور قضاؤں میں بالکل فنا ہو جاتا ہی۔ تیرا کلام تیرے دل کا حال بتاتا ہی۔ زبان دل کی ترجمان
جب دل صاف ہو تو کلام کبھی صحیح اور کبھی باطل ہوتا ہی تو کسی شے کو اسکی حقیقت سے نہ بدلا سکیگا۔ جب دل صاف ہو

Marfat.com

زبان صحیح ہو جاتی ہے جب اس سے شرک دور ہو جائے زبان صحیح ہوتی ہے اور جب شرک کرے خلق کا پیرو ہوتا ہے
تغیر پاتا ہے اور بدلتا ہے اور پھسلتا ہے اور جھوٹھ بولتا ہے۔ بعضے کلام کرنیوالے ایسے ہیں جو دل سے کلام کرتے ہیں
اور بعض ایسے ہیں جو منہ سے کلام کرتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو اپنے نفس اور ہوا اور شیطان اور عادت سے کلام
کرتے ہیں۔ اے خدا ہمکو مومن بنا۔ منافق نہ بنا۔ جب تو کسی سے محبت اور کسی سے دشمنی رکھے تو وہ محبت اور
دشمنی نفس اور طبع سے نرکھ۔ بلکہ ان دونوں کو قرآن اور حدیث پر پیش کر اسکی محبت میں وہ تیرے موافق ہیں تو
محبت میں بڑھ اور اگر مخالف ہیں تو محبت کو چھوڑ دے اور اگر اسکے موافق ہیں جس سے تو نے دشمنی کی تو اسکی
دشمنی کو چھوڑ دے اور اگر مخالف ہیں تو اسکی دشمنی میں مداومت کر۔ اور اگر یہ تجھے حاصل نہ ہو اور معلوم نہ کر سکے
تو صدیقوں کی طرف رجوع لا۔ اور انکی بابت اُنسے سوال کر۔ انکے دلوں کی طرف رجوع کر وہ صحیح ہیں
کیونکہ جب دل صحیح ہوتا ہے تو سب چیزوں سے اللہ عزوجل کے زیادہ قریب ہوتا ہے جب دل قرآن
اور حدیث کے بموجب عمل کرتا ہے قریب ہوتا ہے اور جب قریب ہو جاتا ہے تو اپنے فائدے اور ضرر اور اللہ عزوجل
کے حق اور اُسکے غیر کے حق کو اور اُسکو جو حق کے لیے ہے اور اسکو جو باطل کیلیے ہے جان لیتا ہے۔ مومن کیلیے
نور ہوتا ہے جس سے وہ دیکھتا ہے تو صدیقوں اور مقربوں کیلیے کس طرح نہ ہوگا۔ مومن کیلیے نور ہوتا ہے جس سے
وہ دیکھتا ہے۔ اسیواسطے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکی نظر سے ڈرایا ہے اور فرمایا ہے اتقوا فراسة
المؤمن فانه ینظر بنور اللہ عزوجل (مومن کی فراست سے بچتے رہو۔ تحقیق وہ اللہ عزوجل کے نور سے
دیکھتا ہے) اور عارف مقرب ہی نور عطا کیا جاتا ہے جس سے وہ رب عزوجل سے اپنا قرب اور رب عزوجل کا
اپنے دل کیساتھ قرب دیکھ لیتا ہے وہ فرشتوں اور نبیوں کی روحیں اور صدیقوں کے دل اور [illegible]
اُنکے حالات اور مقامات کو دیکھتا ہے [illegible] سب کچھ اپنے دل کے سویدا اور سیاہ نقطہ [illegible]
انکے رب عزوجل کیساتھ [illegible] واسطہ [illegible] لیتا ہے اور [illegible]
اور دیکھے بڑے علم والے ہیں اور بعض [illegible] علیم ہیں [illegible] منافق زبان کا علیم اور دل کا
گندہ ہے۔ اسکا سارا عمل زبان میں ہے اسیواسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اخوف ما اخاف علی امتی منافق
علیم اللسان (مجھے اپنی امت پر زیادہ خوف منافق زبان دراز کا ہے) [illegible]

Marfat.com

تحقیق خدا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ اور اسیواسطے ایک نیک آدمی سے روایت ہی کہ اُسنے اللہ عزوجل کیلیے اپنے بہائی کی زیارت کی۔ پہر اسے کہا۔ ای میرے بہائی آ۔ تاکہ اللہ عزوجل کے علم پر جو ہماری نسبت سے ہے زاری کریں۔ یہ کیا ہی اچہا ہی جو نیک بخت آدمی نے کہا تحقیق وہ اللہ عزوجل کو پہچانتا تہا اور تحقیق اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کو سنا تہا ان الرجل لیعمل بعمل اہل الجنۃ حتی لا یبقی بینہ وبینہا الا ذراع او باع فتدرکہ الشقاوۃ فیصیر من اہل النار ویعمل احدکم بعمل اہل النار حتی لا یبقی بینہ الا ذراع او باع فتدرکہ السعادۃ فیصیر من اہل الجنۃ (ترجمہ) ایک جنت کے لیے عمل کرتا ہی حتی کہ اسکے اور جنت کے درمیان ایک گز یا ایک باع کا فرق رہتا ہے۔ پہر اسے شقاوت آلیتی ہے اور وہ دوزخی ہوجاتا ہی اور ایک دوزخکے عمل کرتا ہی حتی کہ اسکے اور دوزخکے درمیان ایک گز یا ایک باع کا فرق رہجاتا ہے پس سعادت آلیتی ہی۔ اور وہ جنتی ہوجاتا ہے اکسی نیک بخت آدمی سے پوچہا گیا۔ کیا تو نے اپنے رب کو دیکہا ہے۔ اُسنے جوابدیا۔ اگر نہ دیکہا ہوتا تو میں پہلے اسکو ریزہ ریزہ کردیتا۔ اگر کوئی کہے کہ کس طرح دیکہا تو جواب یہ ہی کہ جب بندے کے دل سے مخلوقات نکلجاتی ہی اور اسمیں سوئے رب عزوجل کے اور کوئی نہیں رہتا تو وہ اسے اپنا آپا دکہاتا اور اسے جسطرح چاہتا ہی مقرب بناتا ہی اسکو اپنا آپا باطنی طور سے دکہاتا ہے جیساکہ اسکے غیر کو ظاہری طور سے دکہاتا ہی اسکو اپنا آپا اسطرح دکہاتا ہی جسطرح کہ ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کی رات میں دکہلایا جیسا کہ مجہے اپنا آپا دکہاتا ہی اور مقرب بناتا اور خواب میں بھی مجہسے باتیں کرتا ہے کبہی میرے دل سے بیداری کیحالت میں باتیں کرتا ہے میری ظاہری آنکہیں بند ہوجاتی ہیں۔ پس میں اسے اپنی باطنی آنکہوں سے جیساکہ وہ ہی دیکہتا ہوں اور مجہے حقیقت عطا کرتا ہے جس سے میں اسے دیکہتا ہوں۔ اسکے قرب کو دیکہتا ہوں اسکو دیکہتا ہوں اسکے فضل اور احسان اور لطف کو دیکہتا ہوں۔ اسکے احسان اور حمایت کو دیکہتا ہوں اور اسکی عبودیت اور معرفت میں کامل ہوجاتا ہے۔ وہ نہیں کہتا مجہے دکہا۔ مجہے نہ دکہا۔ مجہے عطا کر یا نہ کر وہ فانی مستغرق ہوجاتا ہے اسیواسطے ایک بزرگ جو اسمقام تک پہونچا ہوا تہا فرماتا تہا مجہے کیا ہی اچہا ہے جو اسنے فرمایا۔ میں اسکا بندہ ہوں اور بندے کا اپنے سردار کے ساتھ کوئی اختیار نہیں ہے۔ ایک شخص نے ایک غلام خریدا۔ وہ غلام دیندار اور نیک بخت آدمی تہا۔ اس سے پوچہا اے غلام

Marfat.com

دکیا کہانا چاہتا ہے۔ اسنے جواب میں کہا جو کچھ تو مجھے کہلائیگا پھر اس سے پوچھا تو کیا پہننا چاہتا ہی اوسنے جوابدیا جو کچھ تو مجھے پہنائیگا پھر پوچھا تو میرے گھر میں کس جگہ بیٹھنا چاہتا ہی اُسنے جوابدیا جس جگہ تو مجھے بٹھلائیگا پھر پوچھا تو کونسا کام کرنا چاہتا ہی اُسنے جواب دیا جس امر کا حکم کریگا۔ وہ شخص رو پڑا اور کہا کہ اگر میں اپنے رب عزوجل کے ساتھ ایسا ہوتا جیسا کہ تو میرے ساتھ ہی تو بڑی خوش قسمتی تھی پس غلام نے کہا۔ اے میرے سردار۔ کیا غلام کا اپنے سیدکے ہوتے ہوے کوئی ارادہ اور اختیار ہوتا ہے۔ اس شخص نے کہا میں نے تجھے اللہ کیواسطے آزاد کیا اور میں چاہتا ہوں کہ تو میرے پاس بیٹھے تاکہ میں اپنے نفس اور مال سے تیری خدمت کروں جسنے اللہ عزوجل کو پہچان لیا اسکا ارادہ اور اختیار باقی نہیں رہتا۔ اور کہتا ہی مجھکو میرا کیا حق ہی اپنے اور اپنے غیر کے کاموں میں تقدیر کی مزاحمت نکرے اللہ عزوجل کے بندوں میں سے وہ نہایت ہی کم ہیں جو خلق سے پرہیز کرتے اور گوشہ نشینی سے انس پکڑتے ہیں۔ قرآن اور حدیث پڑھنے سے مانوس ہیں۔ پس لاچار انکے دل خلقت سے مانوس اور قریب ہوتے ہیں جنسے وہ اپنے اور اپنے غیر کے نفسونکو دیکھتے ہیں۔ انکے دل صحیح ہوتے ہیں اور تمہارا کوئی حال اُنسے پوشیدہ نہیں رہتا۔ تمہارے دلکی باتیں بتلاتے اور تمہارے گھروں کے حالات سے خبر دیتے ہیں۔ پھر افسوس عقلمند بن۔ اپنی جہالت سے اولیاء کا مزاحم نہو قرآن سے ماہر ہوکر تو لوگوں کو وعظ سنانے کے لیے بیٹھتا ہے۔ یہ امر ظاہر اور باطن کو محکم کرنے پر سب سے بے نیاز ہونیکا محتاج ہی۔ پھر دو ضرورتوں میں واقع ہونیکا محتاج ہے پہلے یہ کہ تیرے وجود میں تیرے سوا کچھ نرہے اور تو ضرورتًا لوگوں سے بوے اور دوسرے یہ کہ دلکی جہت سے تجھے کلام کرنیکا حکم ہو۔ اسوقت تو اس مقام سے ترقی کرے تاکہ خلق کو خالق کیطرف لائے تجھپر افسوس ... ہوکر صوفی ہونے کا دعوی کرتا ہے۔ صوفی وہ ہی جسکا باطن اور ظاہر قرآن اور حدیث کی پیروی کر ... ہوگیا ہو جسقدر اسکی صفائی بڑھتی ہی وہ اپنے وجود کے دریا سے نکلتا ہی اور اپنے ارادہ ... مشیت کو دلکی صفائی کے باعث ترک کردیتا ہی۔ بہتری کی بنیاد قول اور فعل میں ... متابعت ہی جسوقت بندے کا دل صاف ہوجاتا ہی۔ خواب میں دیکھتا ہی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ... اور منع کرتے ہیں وہ بالکل دل ہوجاتا ہی اور اپنی نیت میں علٰحدہ ہوتا ہے۔ وہ سر ہوتا ہے بغیر جہرہ ... بغیر کدورت۔ اسسے اسکا ظاہری چھلکا علٰحدہ کیا جاتا ہے اور وہ چھلکے کے بغیر مغز ... رہجاتا

Marfat.com

وہ من حیث الباطن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتا ہی اسکا دل آپکے ساتھ اور آپکے حضور میں ہیبت یا
اسکا ہاتھ آپکے ہاتھ میں ہوتا ہی۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم اسکی طرف مخاطب اور اُسکے سامنے تمام چیزوں کو
اُنکا لینے کے واسطے حاجب ہوتے ہیں۔ مضبوط پہاڑ مجاہدوں کی کدالوں اور سختیوں اور آفات کے نازل ہونے
وقت صبر کرنیسے مدد کرتے ہیں۔ اسکو جو تمہارے ہاتھ میں نہ آئے طلب نہ کرو۔ اگر تم مسلمان ہو کر اس ہدا
تو سفیدی پر ہی عمل کرو تو تمہارے لیے بشارت ہی۔ تمہارے لیے بشارت ہو اگر تم قیامت کے روز
مسلمانوں کے گروہ میں ہو نہ کافروں کے گروہ میں۔ جنت کی زمین یا اُسکے دروازے پر بیٹھنے کی تمکو بشارت ہو
اصحاب و برکات سے نہ ہو۔ تواضع کرو۔ متکبر نہ بنو۔ تواضع عزت بخشتی ہی اور تکبر پست کرتا ہی۔ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا من تواضع للہ رفعہ اللہ (جو شخص اللہ کے لیے تواضع کرتا ہی خدا اسکو بلند کرتا ہی) جب
دل حق عز وجل کے ذکر پر مداومت کرے اوسکو معرفت اور علم اور توحید اور توکل عطا ہوتا ہی۔ خلاصہ یہ
سب چیزوں سے سرگرداں ہو جاتا ہی۔ ذکر کی ہمیشگی دنیا اور آخرت میں ہمیشہ کی نیکی کا باعث ہی جب دل ...
ہوتا ہی تو ذکر ہمیشہ اسکے کناروں اور اسکے کل پر لکھا جاتا ہی۔ پس اُسکی آنکھیں سوتی ہیں اور اسکا دل اپنے
رب عز وجل کو یاد کرتا ہی۔ یہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے وراثت میں ملتا ہی۔ ایک مرد صالح ایک رات لگا
سو رہا تھا اور حاجت کے بغیر سونیکی تیاری میں مشغول تھا اس سے اسکا باعث پوچھا گیا اُسنے جواب دیا تاکہ میرا دل رب
عز وجل کو دیکھ لیوے۔ اُسنے سچ کہا ہی اسلیے کہ سچے خواب اللہ عز وجل کیطرف سے ہیں اُسکی آنکھ نیند میں قوت پاتی ہے

ساٹھویں مجلس آپنے (خدا آپسے راضی ہو) منگل کے روز پچھلے پہر تیرہویں ماہ رجب ۵۴۵ھ کو مدرسہ میں
فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی آپنے فرمایا من حسن اسلام المرء ترکہ ما لا یعنیہ (آدمی کی اسلام
خوبی یہی ہی کہ بیفائدہ امور کو چھوڑ دے) جس شخص کا اسلام عمدہ اور متحقق ہوتا ہی وہ مفید امور میں متوجہ ہوتا اور
غیر مفید کاموں سے منہ پھیر لیتا ہی غیر مفید کاموں میں مشغول ہونا نکموں ستالجیوں کا شغل ہی۔ وہ شخص اپنے مولیٰ
عز وجل کی رضامندی سے محروم ہی جو امروں کو بجا نہیں لاتا اور منہیات میں مشغول رہتا ہی درحقیقت یہی محرومی
اور یہی بعدیت اور یہی دوری ہی۔ دنیا میں نیک نیتی سے مشغول ہونا چاہیے نہیں تو غضب الٰہی ہی۔ پہلے اپنے
دل کو پاک کر یہ فرض ہی پھر معرفت کے درپے ہو۔ جب تو اصل کو ضائع کرے تو شاخ میں مشغول ہونا مقبول

Marfat.com

ہیں۔ ولی نجاست کے ہوتے ہوئے ہاتھ پاؤں کی طہارت مفید نہیں۔ اپنے ہاتھ پاؤں کو سنت کی پیروی کرنے اور دل کو
اُن پر عمل کرنے سے پاک کر۔ اپنے دل کی حفاظت کر تاکہ تیرے اعضا محفوظ رہیں ہر ایک برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں
ہوتا ہے۔ جو چیز تیرے دل میں ہوگی تیرے اعضا پر ٹپکے گی۔ عقلمند بن یہ اس شخص کا عمل نہیں ہے جو موت پر
ایمان رکھتا اور اسکا یقین کرتا ہو یہ اسکا کام نہیں جو اللہ عزوجل کے دیدار کا منتظر اور اُسکے حساب اور
سے ڈرتا ہو۔ صحیح دل توحید اور توکل اور یقین اور توفیق اور علم اور ایمان اور اللہ عزوجل کے قرب
وہ تمام خلقت کو عاجزی اور ذلت اور فقر کی آنکھ سے دیکھتا ہے اور باوجود اسکے وہ انہیں
ذلیل نہیں کرتا۔ وہ کافروں اور منافقوں اور نافرمانوں سے ملنے کے وقت اللہ عزوجل کیلئے غیرت
شیر کی طرح ہوتا ہے۔ وہ اُسکے سامنے گوشت کا ٹکڑا پڑا ہوا ہیں اور نیکو کاروں متقیوں پرہیزگاروں کی
تواضع کرتا اور اُنکے آگے ذلیل ہوتا ہے۔ اور تحقیق اللہ عزوجل نے ان لوگوں کی تعریف کی ہے جنکی صفتیں بیان
فرمایا ہے اشداء علی الکفار رحماء بینھم (کافروں پر نہایت سخت اور آپس میں رحم کرنیوالے ہیں) آ
تجھ پر افسوس کیا وہ انی انا اللہ (تحقیق میں خدا ہوں) نہیں کہہ سکتا۔ خبردار ہمارا رب اللہ عزوجل کلام کرنے
ہے گونگا نہیں ہے۔ اسیواسطے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کرتے وقت اُسنے تاکیدی طور پر فرمایا ہے وکلم اللہ موسیٰ
تکلیما (اللہ نے موسیٰ سے کلام کیا حق کلام کرنے کا اُس کلام سنا اور سمجھایا ہے۔ حضرت
موسیٰ سے فرمایا انی انا اللہ رب العالمین (اے موسیٰ تحقیق میں خدا ہوں عالموں کا رب) یعنی فرعون کا قول انا ربکم
الاعلیٰ میں تمہارا بڑا خدا ہوں۔ وہ اپنی خدائی دعوے میں جھوٹا ہے الٰہ میں ہوں۔ فرعون یا خلقت
اور کوئی نہیں۔ جب حضرت موسیٰ اس سختی اور تنگی میں واقع ہوئے تو آپ ایمان اور ایقان میں کامل
جب آپ رات کے اندھیرے اور اپنی بیوی پر بسبب اس سختی کے جو اُنکو لاحق ہوئی
تو اللہ عزوجل نے آپکے لیے نور کو ظاہر فرمایا۔ پس آپ نے اپنی عادت اور اسباب کو
کلام فرمایا اور فرمایا امکثوا انی آنست نارا (ٹھیرو میں نے آگ دیکھی ہے) میں نے نور کو دیکھا ہے میرے سر اور قلب
اور باطن اور عقل نے نور کو دیکھا ہے۔ میری تقدیر اور ہدایت آگئی ہے اور خلق سے بے نیازی آگئی ہے
میری خلافت اور ولایت کا وقت آگیا ہے۔ مجھے اصل ملگیا اور مجھ سے فرع چلی گئی مجھے سلطنت

Marfat.com

اور مجھ سے ملکیت زائل ہوئی۔ فرعون کا خوف مجھ سے دور ہوا اور خدا کا خوف آگیا۔ آپ نے اہل کو وداع کیا اور انہیں اللہ عزوجل کے حوالہ کرکے چل دیئے۔ پس یقیناً وہ انہیں خدا کے خلیفہ ہوئے۔ یہی مومن کا حال ہے جب اللہ اسے اپنا مقرب بناتا اور اپنے قریب کے دروازے تک بلاتا ہے۔ اسکا دل دائیں اور بائیں اور پیچھے اور آگے دیکھتا ہے پس دیکھتا ہے کہ تمام جہتیں بند ہیں مگر حق عزوجل کی جہت کھلی ہوتی ہے پس وہ اپنے نفس اور ہوا اور اعضا اور عادت اور اہل اور تمام چیزوں کی طرف جن میں وہ تھا مخاطب ہوکر کہتا ہے۔ میں نے اپنے رب عزوجل سے قریب ہونیکی آگ دیکھی ہے میں اسکی طرف جاتا ہوں اگر میری قسمت میں لوٹنا ہوا تو تمہاری طرف واپس آؤنگا دنیا وما فیہا اور اسباب اور شہوتوں کو وداع کرتا ہے۔ تمام خلقت کو رخصت کرنا۔ اور ہر ایک حادث اور مصنوع کو ترک کرتا ہے اور صانع کی طرف چل دیتا ہے پس یقیناً حق عزوجل اسکے اہل اور اولاد اور تمام اسباب کا والی ہوتا ہے جلال جو کچھ کہ بعیدوں سے چھپایا جاتا ہے نہ قریبوں سے مبغضوں سے نہ محبوں سے۔ اکثر وہ چھپایا جاتا ہے نہ نادر دل ہو دل جب صحیح اور صاف ہوتا ہے ہر شش جہت سے حق عزوجل کی آواز سنتا ہے۔ وہ ہر ایک نبی اور رسول اور صدیق اور ولی کی آواز کو سنتا ہے پس اوسکی حیاتی اسکا قرب اور موت اس سے دور ہوتی ہے۔ اسکی رضا اسکی مناجات میں ہوتی ہے سب چیزوں سے اسی پر قناعت کرتا ہے۔ دنیا کے چلا جانے اور بھوک اور پیاس اور برہنگی اور عزت کے دور ہونے سے بے پرواہ ہوتا ہے۔ مرید کی رضا عبادات میں ہے اور عارف محبوب کی خوشنودی اللہ عزوجل سے مقرب ہونے میں ہے۔ اے بناوٹی جس حال میں تو ہے وہ یہ نہیں۔ یہ امر نفس اور ہوا اور طبع اور جہالت اور خلق کو دیکھنے کیساتھ دن کو روزہ رکھنے اور رات کو کھڑا ہونے اور طعام اور لباس کو سخت کرنے سے پورا نہیں ہوتا اس سے کچھ نہیں ہوتا۔ تجھپر افسوس۔ خلوص کر۔ اور اخلاص لا تصدیق کر۔ پھر تو پہنچا اور مقرب ہوا اپنی ہمت کو بلند کر تو بلند ہوگیا سپرد کر تو سلامت ہوا۔ موافق ہو تجھے توفیق دیگئی۔ راضی تجھ سے خوشنودی ہوئی تو طلب کر۔ پس عزوجل تیرا ہوگیا۔ اے اللہ دنیا و آخرت میں ہمارا والی ہو۔ ہمیں ہمارے نفسوں اور اپنی مخلوق میں سے کیلئے سپرد نکر۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے آپ نے فرمایا یقول اللہ عزوجل لجبریل یا جبریل انم فلانا واقم فلانا۔ اللہ عزوجل جبرئیل سے فرماتا ہے اے جبرئیل فلانے کو سلا اور فلانے کو کھڑا کر۔ اسکی دو وجہیں ہیں۔ فلانے یعنے محب کو کھڑا کر۔ اور

... مسافت کردن - اور اسکو اسکی جگہ پر قائم کردن

... میرے ساتھ اسکے وجود کے ٹکڑے کرجائیں - اسکو کھڑا کرتا کہ اسکے دعوے کی دلیل ظاہر ہو - تاکہ اسکی بات بادۂ ثبوت کو پہونچے اور فلانے کو سلا - اسلیے کہ وہ محبوب ہی - اسنے بہت دیر تک مشقت اٹھائی ہی - اسکے دل میں میرے غیر کا بقیہ ہی نہیں ہے - مجھ سے اسکی محبت متفق ہوئی - اور اسکا دعوی اور دلیل اور میرے عہد کو پورا کرنا تحقیق کو پہونچا - تو یہ میرے پاس آئی اور اسنے اپنے عہد کو پورا کیا - وہ یہاں ہے اور یہاں سے خدمت نہیں لیجاتی اور نہ تکلیف دیا جاتا ہے اسکو میرے لطف کی گود میں سلا اور میرے فضل کے دسترخوان پر کھلا - میرے قرب سے اسے مانوس بنا اور میرے غیر سے اسکو غائب کر - اسکی دوستی صحیح ہوئی - جب محبت صحیح ہو جاتی ہے تکلیف دور رہو جاتی ہی - دوسری وجہ یہ ہی کہ فلانے کو سلا - کیونکہ میں اسکی آواز کو برا جانتا ہوں اور فلانے کو کھڑا کر کہ میں اسکی آواز سننے کا مشتاق ہوں - محب محبوب تب ہوتا ہی جب اسکا دل اپنے مولی عزوجل کے غیر سے بالکل پاک ہو جاتا ہی - جب اسکی توحید اور توکل اور ایمان اور ایقان اور معرفت کامل ہو جاتی ہی تو وہ اسوقت محبوب بنتا ہی - شقاوت چلی جاتی ہی اور اسکی عوض راحت آتی ہی - جو شخص بڑے دور کے فاصلہ سے کسی بادشاہ سے محبت رکھے اور اسپر محبت غالب آجائے اور بے سروپا اسکے شہر کا ارادہ کرے - رات دن برابر لگاتار چلتا رہے مشقتیں اور خوف برداشت کرے اور اسکے دروازے تک پہونچنے سے پہلے نہ کچھ کھائے نہ کچھ پیئے اور بادشاہ کو اسکی خبر ہو پس اسکے غلام تکلیف اسے مرحبا کہیں - اور حمام میں لیجائیں اور اسکی میل کو دور کریں اور اسے عمدہ پوشاک پہنائیں اور خوشبو لگائیں اور بادشاہ کے پاس حاضر کریں - پس وہ اسسے انسیت اور مجلس کرے اور اسسے اسکا حال دریافت کرے اور اپنی لونڈیوں میں سے سب سے زیادہ خوبصورت کے ساتھ اسکا نکاح کرے اور اپنے ملک میں سے کچھ اسکو عطا کرے اور وہ اسکا محبوب بنجائے ... تو کیا تھکان باقی رہتا ہی یا وہ اپنے شہر کو لوٹنے کی تمنا کرتا ہی وہ اسکے فراق ...

... نزدیک باعزت وبارتبہ ہو گیا ہے - یہ دل جب حق عزوجل تک پہونچ جاتا ہی اسکے قرب اور اسکی ... پاتا ہی - اسکے پاس بے خوف ہو جاتا ہی اسکے غیر کی طرف رجوع کرنے کی تمنا نہیں کرتا - اور دل کا ... امر حق فرائض کے ادا کرنے اور حرام اور شبہوں سے صبر کرنے اور جائز اور حلال ... کو ترک ... اور

Marfat.com

اور شہوت اور وجود کے ساتھ نہ کہانے سے ہوتا ہی اور اول درجہ کی پرہیزگاری اور کامل زہد کو کام میں
جو اللہ عز و جل کے ماسوا کو ترک کرنا اور نفس اور ہوا اور شیطان کی مخالفت کرنا اور بالکل دنیا و خلقت سے پاک
اور تعریف اور مذمت اور عطا اور سونا چاندی کو مٹی اور پتہر کے برابر جاننا ہے - اس امر کی ابتدا لا الہ الا اللہ
شہادت دینا اور اختتام سونے چاندی کو پتہر مٹی کے برابر جاننا ہے جسکا دل صحیح اور اللہ عز و جل سے
واصل ہوا اس کے نزدیک سونا - چاندی - پتہر - مٹی تعریف اور مذمت بیماری و تندرستی - دولتمندی
اور فقیری دنیا کا بڑہنا اور پیٹہ دینا برابر ہے جس میں یہ صحیح طور سے پایا جائے اسکا نفس اور حرص مر
اور اسکی طبع کا شعلہ بجھ گیا - اور اسکا شیطان اس کا مطیع ہوا - دنیا اور اسکے مالک اسکے دلمیں حقیر ہوجا
اور آخرت اسکے مالک اسکے نزدیک باعظمت - پہر ان دونوں سے منہ پھیر کر اپنے مولا عز و جل کی طرف
بڑہتا ہی - خلقت کے درمیان اسکے دل کے لیے پہاٹک ہوتا ہی جسمیں سے خلقت کی طرف گذرتا ہی
اسکے داہیں اور بائیں ہو جاتے ہیں - کنارہ کرتے اور اسکے لیے راستہ چھوڑ دیتے ہیں اسکے صدق کی
اور اسکے سر کی ہیبت سے بہاگتے ہیں - جس کا یہ حال ہوا سے حق عز و جل کے دروازے سے کوئی رد
نہیں کرتا اور کوئی پھیرنیوالا پہیرتا نہیں - اسکا جھنڈا پہیرا نہیں جاتا - اسکے لشکر کو شکست نہیں ہوتی
اسکا پرندہ خاموش نہیں ہوتا - اسکی توحید کی تلوار کند نہیں ہوتی اسکے اخلاص کے قدم نہیں ہلتے
کام اسپر مشکل نہیں ہوتا - اسکے سامنے کوئی دروازہ اور تالا نہیں ٹہیرتا تمام دروازے اور تالے کہلتے اور ٹوٹ جاتے
ہیں - تمام طرفین کشادہ ہو جاتی ہیں - کوئی چیز اسکے سامنے نہیں ٹہیرتی - حتی کہ وہ خدا کے حضور میں
کھڑا ہو جاتا ہی - پس وہ اسپر لطف کرتا - اسے اپنی گود میں سلاتا ہے - اسکو اپنے فضل کا طعام کہلاتا اور
انس کی شراب پلاتا ہی - اسوقت وہ ان چیزوں کو دیکھتا ہی جو آنکھ نے نہیں دیکھیں کانوں نے نہیں سنیں
دل بشر کے ان پر نہیں گذریں - ایسے بندے کا خلقت کی طرف رجوع لانا انکی ہدایت اور عزت کا
سبب ہو جو اس تک پہنچا اور جس نے اسکو دیکھا وہ ان سب پر بادشاہ ہے اور اسکے سوا دنیاوی شغل ہی
خلقت کا سب داتا اور سفیر اور حق عز و جل کی طرف رہبر ہوتا ہے - اسوقت وہ ملکوت میں بڑا
پکارا جاتا ہی تمام خلقت اسکے دل کے قدموں کے نیچے اور اسکے ساتھ آرام لیتی ہی بیہودہ نیک تو ہر چیز کا دعوی

اہی جو تیرے لیے اور تیرے پاس نہیں ہے۔ تیرا نفس تجھپر غالب ہے اور خلقت اور تمام دنیا تیرے دلمیں ہے
دونوں تیرے دلمیں اللہ عز وجل سے زیادہ بڑی ہیں۔ تو اولیاء کی تعریف اور شمار سے باہر ہے۔ اگر تو اس مک
ی طرف پہنچ اشارہ کیا یہ پہنچنا چاہتا ہے۔ تو تمام چیزوں سے اپنے دلکو پاک کرنے میں مشغول ہو۔ امر کی
اعت کر۔ اور منہیات سے رکا رہ اور قدر پر صبر کر اور دنیا کو اپنے دل سے نکالدے اور اسکے بعد میری
رف آتا کہ میں تجھسے بولوں اور اس سے آئندہ کا حال بتاؤں۔ اگر تو نے یہ کیا تو جسکا ارادہ رکھتا ہے وہ تجھے
اصل ہو جائیگا۔ مگر اس سے پہلے کلام کرنا بیہودگی ہے۔ تجھپر افسوس۔ ایک لقمہ تجھے سختی میں ڈالتا ہے۔ اگر تیرا ایک
بہ چلا جائے یا کسی وجہ سے تیری بیعزتی ہو تو تیری قیامت قائم ہوتی ہے اور اللہ عز وجل پر اعتراض کرتا ہے
اور بیوی اور اولاد کو مارنیسے اپنا کلیجہ ٹھنڈا کرتا ہے اور اپنے دین اور نبی کو گالیاں دیتا ہے۔ اگر تو عقلمند صاحب
بیداری اور مراقبہ ہوتا تو اسکے حضور میں بیزبان رہتا اور اسکے تمام کاموں کو اپنے حق میں نعمت اور رحمت
جانتا جب تو اسکا ہو جائے اور جھگڑا نکرے اور شکر کرے اور فکر نہ کرے اور راضی ہووے غصہ نکرے اور ناسوتی
شکایت کری تو تجھے کہا جائیگا الیس اللہ بکاف عبدہ کیا خدا اپنے بندے کو کافی نہیں ہے۔ اے عقلمند صبر کر تو نے
عمدہ اور خوشگوار کھانا کھایا ہے تو اللہ عز وجل کو نہیں پہچانتا اگر اسے پہچانتا تو اسکے غیر کے پاس اسکی [illegible]
اگر اسے پہچانتا تو اسکے حضور میں بیزبان رہتا اور اس سے سوال نکرتا اور دعا میں اصرار نکرتا بلکہ موافقت [illegible]
کرتا عقلمند بن کیا تو ہر ایک کام کو پاک کرنے اور مصلحت کا محتاج نہیں وہ تجھے مبتلا کرتا ہے تو کہ دیکھے تو کس طرح
عمل کرتے ہو۔ تجھے آزماتا ہے کیا تجھے اسکے وعدے پر پورا اعتماد اور اسکے ناظر اور علیم ہونیکا علم [illegible]
معلوم نہیں کہ خدمتگار جب بادشاہ کے گھر میں ہو اور انعام طلب کرے تو اسکی بے [illegible] اور لالچ [illegible]
گھر سے نکالا جائیگا کہ یہ سوال کرنا ضروری تھا۔ مومن کا ایمان کامل نہیں ہوتا جبتک اسکا [illegible]
اور سوال خلق ہی سے اور خوف موجود ہو۔ یہ دائمی فکر اور اصول [illegible]
اور نیکوکاروں کے حالات میں فکر کرنیسے صحیح ہوتا ہے کہ حق عز وجل نے انکو دشمنوں کے ہاتھ سے کس طرح
بچالیا اور انکو ابھرت دی اور انکے کاموں میں کشائش اور کامیابی عطا کی۔ صحیح فکر کیساتھ توکل درست ہوتا
اور دنیا دل سے غائب ہو جاتی ہے اور جن وانس اور فرشتے اور تمام خلقت فراموش ہو جاتے ہیں اور حق [illegible]

Marfat.com

یاد آتا ہے۔ ایسے دلکا مالک ایسا ہوتا ہے کہ اس جیسا کوئی اور پیدا نہیں ہوا وہ ایسا ہوتا ہے کہ گویا وہی مامور ہے نہ اور خلقت
اور وہی منع کیا گیا ہے نہ اور شخص وہی نعمت دیا گیا ہے نہ کوئی اور گویا کہ تمام تکلیفیں اسکے سر اور دل کی گردن پر ہیں وہ تکلیفوں کے
پہاڑوں کو مختلف جنسوں پر دیکھتا ہے کہ وہ مکلف یعنے اللہ کی طرف سے بھیجی ہوئی ہیں پس انہیں عبودیت اور عبادت
کو تحقیق کرنے کے لیے اوٹھاتا ہے۔ وہ خلق کا حامل (اٹھانے والا) ہوتا ہے اور خالق اسکا حامل وہ انکا طبیب ہوتا
ہے اور رب عزوجل اسکا طبیب۔ وہ حق عزوجل کی طرف خلق کا دروازہ اور انکے اور خدا کے درمیان سفیر ہوتا ہے
وہ سورج ہوتا ہے جس سے وے اُسکے راستے میں روشنی حاصل کرتے ہیں! وہ خلق کا طعام اور خراب ہوتا ہے
انسے غائب نہیں ہوتا۔ اسکی تمام نعمتیں انکی مصلحتیں ہوتی ہیں اور وہ اپنے نفس کو فراموش کرتا ہے اپنے
نفس کو فراموش کرتا اور مخلوق کو رب عزوجل یاد دلاتا ہے۔ اپنے دل کے ساتھ نفس اور خلق سے باہر آتا ہے اور اپنے
رب عزوجل کیساتھ رہتا ہے۔ اسکا تمام مقصود خلق کا نفع ہے اُسنے اپنا نفس رب عزوجل کی قضا کے ہاتھ میں
سپرد کیا ہے اور خود نفس سے بالکل کنارہ کش ہے۔ وہ شخص جو خلقت کو حق عزوجل کے دروازہ کی طرف کھینچنا چاہتا ہے
اسکی صفت یہی ہے تو اللہ عزوجل اور اسکے رسولوں اور اولیاؤں اور اسکے مخلوق میں سے خاصوں کو نہیں
جانتا۔ زہد کا دعویٰ کرتا ہے حالانکہ تو راغب ہے۔ تیرا زہد اپاہج ہے اسکے قدم نہیں دنیا اور خلق میں پورے طور سے
راغب ہے تجھے رب عزوجل کی طرف بالکل رغبت نہیں میرے حضور میں قائم ہو نیک گمان اور ادب کو
بجالا تاکہ میں تجھے رب عزوجل کی طرف رہنمائی کروں اور اسکا راستہ بتاؤں۔ اپنے آپ سے غرور کا لباس اُتار
اور تواضع کا لباس پہن۔ ذلیل ہو تاکہ تجھے عزت ملے۔ تواضع کر تاکہ تو بلند رتبہ کیا جائے۔ تو جس میں اور جسپر
وہ تمام ہو رہے ہیں۔ اللہ عزوجل تیری طرف نہیں دیکھتا۔ یہ حال صرف جسمانی اعمال کے ساتھ حاصل ہوتا بلکہ اول

دل کے عملوں پر پھر جسم کے عملوں سے حاصل ہوتا ہے اور ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے زہد یہاں ہے
تقویٰ یہاں ہے اخلاص یہاں ہے اور اپنے سینہ کی طرف اشارہ فرماتے جسکو نجات منظور ہو اسے چاہیے کہ مشائخ
[illegible] ایسے مشائخ کی کیا صفت ہے۔ وے دنیا اور خلق کو ترک کرنے والے دونوں کو وداع کرنیوالے
[illegible] کی تمام چیزوں کو چھوڑنیوالے ہیں۔ وہ جنہوں نے تمام چیزوں کو ترک کیا اور اس شخص کی طرح

Marfat.com

وداع کیا جو پھر اُنکی طرف کبھی نہ لوٹے گا۔ انہوں نے تمام خلقت اور اپنے نفسوں کو وداع کیا انہیں پسے رب
عزوجل کے ساتھ تمام حالات میں اپنی ہستی کو ترک کیا جو شخص کہ اپنے نفس کی ہستی کیساتھ حق عزوجل کی محبت طلب
کرتا ہی وہ لایعنی اور بیہودہ گوہی۔ زاہد عابدوں میں اکثر خلق کے غلام اور انکے ساتھ شرک کرنیوالے ہیں۔ اسباب پر بھروسہ
اور اُنکے ساتھ شرک اور ان پر اعتماد نکرو نہیں تو حق عزوجل جو مسبب الاسباب اُنکا پیدا کرنیوالا۔ انمیں تصرف کرنیوالا
مدبر غضب میں آئیگا۔ اللہ عزوجل کی کتاب اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے تابعداروں کا اعتقاد
ہی کہ تلوار بالطبع نہیں کاٹتی بلکہ اللہ عزوجل اس سے کاٹتا ہی اور یہ آگ بالطبع نہیں جلاتی بلکہ اللہ عزوجل اس سے
جلاتا ہی اور یہ کہ بالطبع طعام سیر نہیں کرتا بلکہ اللہ عزوجل اس سے سیر کرتا ہی اور یہ کہ پانی بالطبع سیراب نہیں کرتا بلکہ
اللہ عزوجل اس سے سیراب کرتا ہے اور اسیطرح مختلف جنسوں کے تمام اسباب کا حال ہی کہ اللہ عزوجل انمیں
اور اُنکے ساتھ تصرف کرتا ہی اور وہ اُسکے سامنے آلہ ہیں اُنسے کرتا ہی جو چاہتا ہی۔ جب درحقیقت کرنیوالا وہی ہی
تو تم اپنے کاموں میں اسکی طرف کیوں رجوع نہیں لاتے اور اپنی حاجتیں اُسکے حوالے کیوں نہیں کرتے اور اپنے
حالات میں اُسکی توحید کو کیوں لازم نہیں پکڑتے اسکا علم ظاہر ہے کسی عقلمند پر پوشیدہ نہیں شعر
عصا کافی ہی کمینوں کو ہی لاٹھی کی ضرورت ٭ کافی ہی شریفوں کو فقط ایک اشارت ٭ غلام کو لاٹھی سے مارا جاتا ہی
اور شریف کو اشارہ کافی ہی۔ اسکی اطاعت کرو۔ وہ اطاعت کرنے والیکو عزت بخشتا ہی۔ اسکی نافرمانی نکرو وہ نافرمان کو
ذلیل کرتا ہی مدد کرنا اور بے مدد چھوڑنا اُسکے ہاتھ میں ہی جسے چاہتا ہی مدد کرکے عزت دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی
خواری سے ذلیل کرتا ہی۔ جسکو چاہتا ہی علم کیساتھ عزت دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی جہالت کیساتھ ذلیل کرتا ہی قرب کے
ساتھ عزت دیتا ہی جسے چاہتا ہی دوری کیساتھ ذلیل کرتا ہی۔

اٹھویں مجلس

آپنے (خدا آپ سے راضی ہو) بیسویں ماہ رجب ۵۴۵ھ کو ... میں فرمایا
آپسے کسی نے خواطر کی بابت سوال کیا۔ آپنے فرمایا تجھے خاطر کس نے بتائی۔ تیری خواطر شیطان اور طبع اور ہوا
اور دنیا سے ہیں۔ تیرا اہم مقصود وہی جو تجھے رنج میں ڈالے تیرے خواطر بھی اسکی جنس سے ہیں حق عزوجل
کی خاطر کا یہ حال ہی کہ وہ سوا اس دل کے جو اُسکے غیر سے خالی ہو اور میں نہیں آتا جیسا کہ کلام الٰہی میں
حضرت یوسف علیہ السلام کے کلام کی حکایت ذکر کر آپنے فرمایا لا ناخذ الا من وجدنا متاعنا

عندنا یعنے ہم نہیں پکڑینگے مگر اسکو جسکے پاس اپنا اسباب پائینگے۔ جب اللہ عزوجل اور اسکا ذکر تیرے پاس ہو تو یقیناً تیرا دل اسکے قرب پر ہوتا ہے اور شیطان اور ہوا اور دنیا کی خاطر تجھسے فرار کر جاتے ہیں۔ دنیا و آخرت۔ ملک نفس۔ ولی سے ہر ایک کا خاطر ہے اور حق عزوجل کا بھی خاطر (خیال) ہے۔ اے صادق تو تمام خواطر کو دفع کرنے اور حق عزوجل کی خاطر سے اطمینان پانیکا محتاج ہے جب تو نفس اور ہوا اور شیطان اور دنیا کی خاطر سے اعراض کریگا تو آخرت کا خاطر آئیگا پھر ملک کا پھر سب سے پیچھے حق عزوجل کا اور یہی علم ہے جب تیرا دل صحیح ہو تو خطرہ سے واقف ہو کر اسے کہتا ہے تو کونسا خطرہ ہے اور کسکا ہے پس وہ اسے جواب دیتا ہے کہ میں فلاں ابن فلاں ہوں۔ میں خدا کی طرف سے سچا خاطر ہوں۔ میں خیر خواہ اور محب ہوں اور حق عزوجل تجھسے محبت کرتا ہے پس میں بھی تجھسے محبت کرتا ہوں میں سفیر ہوں۔ میں نبوت میں سے تیرا حصہ ہوں۔ اے غلام اللہ عزوجل کی شناخت کے درپے ہو وہ ہر ایک نیکی کا اصل ہے جب تو اسکی عبادت کثرت کیساتھ کریگا وہ تجھے اپنی معرفت عطا کریگا اسیواسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذا اطاع العبد ربه عزوجل اعطاه معرفته جب بندہ اپنے رب عزوجل کی اطاعت کرتا ہے وہ اسے اپنی معرفت عطا کرتا ہے فاذا ترک طاعته لم یسلبها بل یبقیها فی قلبه لیحتج بها علیه یوم القیمة یقول له میزتک بمعرفتی تفضلت علیک بها لم لم تعمل بها علمت۔ پس جب اسکی عبادت ترک کردے اسکو اس سے سلب نہیں کرتا بلکہ اسکے دل میں باقی رہنے دیتا ہے تاکہ قیامت کے روز اس سے اسپر حجت پکڑے۔ اسے فرمائیگا میں نے تجھے اپنی معرفت کیساتھ اوروں سے متمیز کیا اور اس سے تجھے فضیلت بخشی۔ تو نے اپنے علم پر کیوں نہ عمل کیا۔ اے غلام تیرے اس نفاق اور خوش بیانی اور بلاغت اور چہرے کو زرد کرنے اور گودڑی کو چیتھڑے لگانے اور کندھے اکٹھا کرنے اور خاموش رہنے سے حق عزوجل سے تجھے کچھ نہیں ملیگا۔ یہ سب کچھ تیرے نفس اور شیطان اور خلقت کو شریک گردانتے اور انسے طلب کرنیکے باعث ہے اور ہونے کے بعد اپنے نفس کو حقیر جان اور اپنی حالت چھپا اور حق پر [illegible] حتی کہ تجھے کہا جائے۔ اپنے خدا کی نعمت بیان کر۔ ابن شمعون اپنر خدا کی رحمت ہو جب انکے پاس کوئی کرامت آتی تو فرماتے یہ فریب ہے اور شیطان سے ہے اور ہمیشہ انکا یہی حال رہا یہانتک کہ انسے کہا تو کون ہے اور تیرا باپ کون۔ ہماری نعمتیں جو تجھپر ہیں انکو بیان کر۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ عزوجل

Marfat.com

مناجات میں عرض کی۔ اے خدا مجھے وصیت کر۔ فرمایا میں تجھے اپنی اور اپنی طلب کی وصیت کرتا ہوں اسکو چار دفعہ
اسپر دہرایا۔ ہر ایک دفعہ ہی آپکو فرماتا اور پہلے کا سا جواب دیتا آپکو یہ نہیں فرمایا کہ دنیا کو طلب کر یا آخرت کو گویا کہ
آپکو فرماتا تھا۔ میں تجھے اپنی عبادت اور گناہوں کے چھوڑنے کی وصیت کرتا ہوں۔ اپنے قرب کی طلب کی تجھے
وصیت کرتا ہوں اپنی توحید اور میرے لیے عمل کرنے کی وصیت کرتا ہوں میرے غیر سے اعراض کرنیکی
وصیت کرتا ہوں جب دل صحیح ہو اور حق عزوجل کی معرفت حاصل کرے تو اسکے غیر کا انکار کرتا ہے اس سے
انس پاتا ہے اور اسکے غیر سے وحشت کرتا ہے۔ اسکے ساتھ آرام پاتا اور اسکے غیر کیساتھ تکلیف۔ اے غلام اگر وہ
کہ میں تیرے بندے کو نصیحت کرنے اور انکی اصلاح کرنے میں بڑا ساعی اور کوشاں ہوں میں ان چیزوں سے
جنمیں کہ ہوں کنارہ کش ہوں۔ میں ان سے اسیطرح علیحدہ ہوں جیسا کہ تم معنی اور سر کی بہت سے علیحدہ ہوا گر
اسکی تدبیر اور تصرفات میں اپنے آپکو کچھ سمجھوں تو میری کوئی بزرگی نہیں۔ اے صاحبان صومعہ۔ اور زرا دیا تو میرے
کلام کا مزا چکھو خواہی ایک حرف کیوں نہو۔ ایکدن یا ایک ہفتہ میری صحبت میں رہو تاکہ تم ایسی چیز دیکھو جو تمہیں
فائدہ بخشے۔ تم پر افسوس۔ تم میں اکثر حرص مجسم ہیں۔ عبادت خانوں میں خلق کو پوجتے ہو۔ یہ امر صرف خلوت نشینی
جنا کیساتھ بیٹھنے سے حاصل نہیں ہوتا۔ تجھپر افسوس علم اور عامل عالموں کی تلاش میں نکل یہاں تک تجھے سفر کی
حاجت نہ رہے سفر کر۔ یہانتک کہ تیرے پاؤں رہجائیں۔ پس جب تو عاجز ہوجائے تو بیٹھ جا۔ اور دل اپنے ظاہر سے
پھر دل ور معنے سے۔ جب تو ظاہر اور باطن میں عاجز ہوجائیگا تجھے توفیق دی گئی تو نے اللہ عزوجل کا قرب حاصل کر لیا
اور اس تک پہونچگیا۔ جب اسکی طرف سیر کرنے میں تیرے دل کے قدم رہجائیں اور تیری طاقتیں جاتی رہیں تو یہ تیرے
لیے اسکے قرب کی علامت ہے پس اسوقت تسلیم اختیار کر اور عاجز تجھ پر اسکا اختیار رہ جائے [illegible]
معبد بنادے یا ویرانے میں ٹھہرادے یا بازی کیطرف پھیرے اور دنیا اور آخرت اور [illegible]
اور ارواح کو تیری خدمت میں لگائے جب کوئی بندہ کامل مقرب ہوجاتا [illegible] اور [illegible]
خزانوں کی تمام چیزیں اسپر پیش کیجاتی ہیں اور زمین اور آسمان [illegible] اسکے [illegible]
صفائی اور نور قلب کے باعث اسکے شفیع ہوتے ہیں اسلام اور ایمان کو [illegible] اسکے [illegible] خوف
اور روزہ اور نماز اور بیداری زیادہ ہوگی۔ [illegible]

Marfat.com

اور تالابوں کے پانیوں میں اُنکے مزاحم ہوئے۔ اور اُنکا اندھیرا سورج اور چراغ چاند اور ستارہ ہو گئے اُنہوں نے بیہودہ
اور قیل و قال اور مال کا ضائع کرنا چھوڑ دیا۔ بے ضرورت ہمسایوں اور دوستوں اور آشناؤں کے ساتھ زیادہ نہ بیٹھو کیونکہ
یہ ہوس ہے جھوٹھ اور غیبت اکثر دو کے درمیان واقع ہوتے ہیں اور گناہ دو سے کامل ہوتا ہے۔ تم میں سے
کوئی اپنے گھر سے نہ نکلے مگر اپنے یا اپنے اہل کی ضروری مصلحتوں کے لیے اسمیں بھی اگر تو پہلے کلام میں ابتدا نہ کر
بلکہ تیرا کلام جواب ہو۔ جب کوئی پوچھنے والا کسی چیز کی بابت تجھسے سوال کرے اگر اسکے جواب میں تیری یا اسکی
مصلحت ہو تو کلام کر نہیں تو جواب نہ دے۔ اولیاء اپنے تمام حالات میں اپنے رب عزوجل سے ڈرتے ہیں خائف
دلوں کے ساتھ اسکے عطیات کو لیتے ہیں۔ غفلت میں پکڑے جانیسے ڈرتے ہیں۔ ایمان کو عاریت سمجھنے سے
خوف کرتے ہیں انمیں ایسے بہت ہیں جنکے پاس اللہ عزوجل کی طرف سے منتیں اور نعمتیں آئی ہیں۔ پس اُنکے
دل اُسکے قرب کے دروازے میں داخل ہوتے ہیں اُنہیں اندر آنے کی اجازت دیجاتی ہے وہی اُنکو والی بناتا اور
اُنکا والی ہوتا ہے اُنکو اپنے دوست اولیاء اور نبیوں اور خلق میں سے برگزیدوں کا خلیفہ بناتا ہے اُنکو اپنے بندوں
شیوخ اور بادشاہ بناتا ہے۔ اُنکو زمین پر نائب اور خلیفہ گردانتا ہے۔ اُنکو خاص اپنوں میں سے کرتا ہے۔ اپنے علم سے اُنکو
تعلیم دینا اور اپنے حکم سے اُنکو ناطق کرنا اور اپنی کرامت سے اُنکو مکرم بنانا اور اپنی امداد سے اُنکو مدد دیتا ہے اُنکو
اُنکے منافع اور مضرات بتلاتا ہے۔ ایمان کے قدم اُنکے دلوں میں مضبوط ہوتے اور معرفت کا تاج اُنکے ایمان
کے سر پر رکھا جاتا ہے قدر اُنکی خدمت کرتی ہے اور انسان اور جن اور فرشتے اُنکے حضور میں کھڑے ہوتے ہیں
اُنکے دلوں اور اسرار کی طرف فرمان آتے ہیں۔ انمیں سے ہر ایک بجائے خود بادشاہ اور اپنی سلطنت کے تخت پر بیٹھا ہے
اور اُسکا لشکر زمین پر ابلیس کا مخالف خلق کی اصلاح کے لیے پھیلتا ہے۔ اے لوگو۔ اولیاء کے قدموں پر چلو۔ کھانے
اور پینے اور پہننے اور نکاح اور دنیا کو جمع کرنے میں مصروف نہ رہو۔ تمہارا کام عبادت کرنا اور عادت کا ترک کرنا ہے
[illegible] کو طلب کرو۔ اور وہاں پر خیمے لگاؤ۔ آفات کے باعث حق عزوجل کے دروازے سے نہ بھاگو۔ وہ تمہیں بلیات
اور آفات اور مرضوں اور دردوں سے آگاہ کرتا ہے تاکہ تم اسکو طلب کرو اور اُسکے دروازے سے نہ ہٹو۔ ان
لوگوں [illegible] غبطہ کرتے ہیں اور نہیں جانتے کہ حق عزوجل کا کیا ارادہ ہے۔ اسکی عبادت کرو۔ پھر عبادت
میں اخلاص کیا تم نے سنا نہیں کہ اسنے کسطرح فرمایا ہے وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون

Marfat.com

ور میں نے جن و انس کو پیدا نہیں کیا ہے مگر اسلیے کہ وہ میری عبادت کریں۔ تم نے اسکو تحقیق کر لیا اور جانتے ہو پھر اسکی عبادت کیوں
ترک کرتے اور اسکی راہ میں خبط کرتے ہو جو اللہ عزوجل کی عبادت نہیں کرتے وہ ان لوگوں سے ہیں جو نہیں جانتے کہ کس کام کیلئے
پیدا کئے گئے ہیں جو لوگ تحقیق اور حقیقت کے قدم پر ہیں انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم عبادت کے لیے پیدا کئے گئے
ہیں اور ضرور مر جاینگے۔ پھر زندہ کئے جاینگے۔ پس وہ عبودیت کو متحقق کرتے ہیں۔ اے غلام بہت سے باطنی امر ہیں
جو منکشف نہیں ہوتے مگر حق عزوجل تک پہونچنے اور اسکے دروازے پر کھڑا ہونے اور ان یگانوں کی ملاقات کے بعد
جو وہاں کھڑے ہیں جب تو حق عزوجل کے دروازے تک پہونچے اور نیک ادب اور تواضع کے ساتھ وہاں
کھڑا رہے تو تیرے دل کے لیے دروازہ کھولا جائیگا اور اُسے کھینچیگا جو کھینچے اور مقرب بنائیگا جو مقرب بنائے
اور سلائے اور سنوارے گا جو سنوارے اور سرمہ ڈالیگا جو سرمہ ڈالے اور زیور پہنائیگا جو زیور پہنائے اور خوش
کرے گا جو خوش کرے اور امن دے گا جو امن دے اور اوس سے باتیں کریگا جو باتیں کرے اور کلام کرے گا
جو کلام کرے۔ اے نعمتوں سے غافلو۔ تم کہاں ہو اس امر سے جسکی طرف اشارہ کیا گیا ہے تمہارے دل بہت
دور ہیں۔ تم گمان کرتے ہو کہ یہ امر سہل ہے تمہیں بناوٹ اور تکلف اور نفاق سے حاصل ہو جائیگا۔ یہ امر صدق
اور قدر کی ضربوں پر صبر کرنیکا محتاج ہے۔ جب تو دولتمند تندرست حق عزوجل کی نافرمانی میں مشغول ہوئے
صحیفون کے غلام ہو۔ نفسون اور ہوا کی زبان ہاتھون سے علیحدہ رہو۔ تجہپر افسوس خاصون کے ساتھ جہگڑتے ہو تم شکست پاؤگے اور ہلاک ہوگے۔ اور اپنے بہرہ کو نہ پہونچوگے سابقہ اور علم تمہارے کوشش سے کس طرح بدل سکیگا مومن مسلمان بنو۔ کیا تم نے اللہ عزوجل کا فرمودہ نہیں سنا اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاٰیٰتِنَا وَکَانُوْا مُسْلِمِیْنَ (وہ لوگ جو ہماری آیات پر ایمان لائے اور مسلمان ہوئے) اسلام کی حقیقت استسلام (تابعداری) ہے اونیا حق کی حضور مین کرے انہون نے چون و چرا اور اگر اور مگر کو بہلا دیا۔ طرح طرح کی عبادتین کرتے ہین اور خوف کے قدمون پر کہڑے ہین اسیواسطے اللہ عزوجل نے انکی تعریف فرمائی اور فرمایا یُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُھُمْ وَجِلَۃٌ (دیتے ہین جو کچہہ کہ دیتے ہین اور انکے دل ڈرتے ہین) اللہ عزوجل کے امرون کی اطاعت کرتے اور اسکی منہیات سے باز رہتے ہین اسکی بلا پر صبر کرتے اور اسکی عطا پر شکر کرتے ہین اور اپنے نفسون اور اموال اور اولاد اور عزتون کو سابقہ کے ہاتھ مین سپرد کرتے ہین اور دلون مین اس سے ڈرتے اور خوف کہاتے ہین۔ عارف جب آخرت سے پرہیز کرتا ہے اسے کہتا ہے تجہسے دور ہوجا مین حق عزوجل کے دروازے کا طالب ہون۔ تو اور دنیا میرے نزدیک یکسان ہے دنیا مجکو تجہسے حجاب مین رکہتی تہی اور تو مجہے رب عزوجل سے حجاب مین رکہتی ہے۔ جو چیز مجکو اس سے حجاب مین رکہے اوسکی کوئی عزت نہین ہے اس کلام کو سنو۔ یہ اللہ عزوجل کے علم کا مغز خلق مین اور خلق سے اسکے ارادے کا مغز ہے اور یہی پیغمبرون اور رسولون اور اولیا اور نیکوکارون کا حال ہے۔ اے دنیا کے بندو۔ اور اے آخرت کے بندو تم اللہ عزوجل اور دنیا اور آخرت سے جاہل ہو۔ تم دیوارین ہو تم مین سے کسی کی ہمت دنیا اور کسی کا آخرت اور کسی کی خلق اور کسی کا شہوتین اور کسی کا لذتین اور کسی کا حمد و ثنا اور خلق کے نزدیک قبولیت ہے۔ جو چیز اللہ عزوجل کے سوا ہے وہ بت ہے اولیا دنیا اور آخرت کو حق عزوجل کے دروازے اور طبیب کے گہر مین سپرد کرتے ہین تاکہ وہ اپنی مرضی کے موافق انسے بیمار مریض کو کہلائے اے منافق تم کو انکی کوئی خبر نہین۔ منافق اسمین سے ایک حرف بہی نہین سن سکتا کہ اسپر قیامت قائم ہوجاتی ہے کیونکہ وہ حق سننے پر قادر نہین ہے۔ میرا کلام حق ہے اور مین حق پر ہون۔ میرا کلام اللہ عزوجل کی طرف سے نہ مجہسے۔ شرع سے ہے نہ ہوس سے لیکن تیرا فہم سقیم آفت زدہ ہے۔ تجہپر افسوس تونے علم پڑہا اور اپنے علم پر عمل نہ کیا پس تیرا علم تجہے کیا فائدہ دیگا۔ تونے جوانی کیحالت مین مشائخ کی خدمت نہ کی تو بڑہاپے کی حالت مین کس طرح کریگا۔ کوئی مومن نہین ہے مگر کہ موت کیوقت اوسکی آنکہہ سے پردہ دور ہوجاتا ہے پس وہ جنت میں

Marfat.com

اپنا حصہ دیکھتا ہے۔ حوریں اور ولدان اسکی طرف اشارہ کرتی ہیں اور اسے جنت کی خوشبو آتی ہے پس اسکے لیے موت اور سکرات موت آسان ہو جاتی ہے۔ حق عزوجل اسکے ساتھ اسطرح کرتا ہے جس طرح حضرت آسیہ علیہا السلام کیساتھ کیا اور انہیں سے بعض ایسے ہیں جنکو موت سے پہلے اسکا علم دیا جاتا ہے وہ مقرب لگتے اور محبوب ہیں اے حق عزوجل پر اعتراض کرنیوالے تجھپر افسوس بیفائدہ بیہودہ گوئی نکر۔ قضا کو کوئی رد نہیں کرسکتا اور کوئی روکنے والا روک نہیں سکتا تسلیم کر۔ تو راحت میں ہوگیا۔ کیا رات اور دن کو تو رد کرسکتا ہے جب رات آجائے تو آجاتی ہے خواہ تو برا مانے یا راضی ہو وے اسیطرح دن کا حال ہے وہ دونو تیری مرضی کے برخلاف آجاتے ہیں۔ اسیطرح اللہ عزوجل نے قضا کی اور مقدر کیا۔ تیرے فائدے میں ہے کہ تو ضرر میں جب فقر کی رات آئے تو تسلیم کر اور دولتمندی کے دن کو وداع کر۔ جب مرض کی رات آئے تو تسلیم کر اور عافیت کے دن کو رخصت کر۔ اور جب وہ رات آئے جسے تو مکروہ جانتا ہے تو تسلیم کر اور اسدن کو جسے تو پسند کرتا ہے وداع کر۔ مرضوں اور بیماریوں اور فقر اور غربتوں کے زائل کرنیوالی رات کا خوشدلی کیساتھ استقبال کر۔ اللہ کی قضا اور قدر سے کیکو رد نکر نہیں تو تو ہلاک ہو جائیگا اور تیرا ایمان جاتا رہے گا اور تیرا دل مکدر ہوگا۔ اور تیرا سر مر جائیگا اللہ عزوجل نے اپنی کسی کتاب میں فرمایا اِنَّا اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا مَنِ اسْتَسْلَمَ لِقَضَآئِیْ وَصَبَرَ عَلٰی بَلَآئِیْ وَشَکَرَ عَلٰی نَعْمَآئِیْ کَتَبْتُہٗ عِنْدِیْ صِدِّیْقًا وَمَنْ لَّمْ یَسْتَسْلِمْ لِقَضَآئِیْ وَلَمْ یَصْبِرْ عَلٰی بَلَآئِیْ وَلَمْ یَشْکُرْ عَلٰی نَعْمَآئِیْ فَلْیَطْلُبْ رَبًّا سِوَآئِیْ میں وہ خدا ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں جس نے میری قضا کو تسلیم کیا اور میری بلا پر صبر کیا اور میری نعمتوں پر شکر ادا کیا میں اسکو اپنے پاس صدیق لکھتا ہوں اور جس نے میری قضا کو تسلیم نہ کیا اور میری بلا پر صبر نہ کیا اور میری نعمتوں پر شکر نہ کیا۔ پس چاہیے کہ میرے سوا اور رب کی تلاش کرلے۔ جب تو قضا پر راضی نہوا اور بلا پر صبر نہ کرے اور نعمتوں کا شکر نکرے تو وہ تیرا رب نہیں ہے اسکے سوا اور رب کی تلاش کر۔ مگر اس کے بغیر کوئی رب ہی نہیں۔ ارادت ہے تو قضا پر راضی ہو اور قدر پر نیر ہو یا شر شیرین ہو یا تلخ ایمان لا اور اسپر کہ جو تجھے پہونچتا ہے پرہیز کرنے کے ساتھ تجھ سے خطا نہیں کرتا اور جس نے تجھے خطا کی وہ کوشش اور طلب کیساتھ تجھے نہیں ملتا جب یہ ایمان ثابت ہو جاے تو ولایت کے دروازہ تک آ کے کیا جائیگا پس سوقت تو اللہ کے ان بندوں میں ہو جائے گا جو عبودیت کو ثابت کرنیوالے ہیں ولی کی علامت یہ ہے کہ تمام حالات میں اپنے رب

Marfat.com

عزوجل کے موافق ہو۔ بالکل موافق ہو جاوے چون و چرا نہ کرے امر ان کو ادا کرے اور منہیات سے باز رہے یقیناً وہ
خدا کیساتھ ہوتا ہے۔ اسکے قرب میں رہتا ہے نہ دائیں نہ بائیں نہ پیچھے بلکہ بالکل آگے۔ وہ سینہ ہوتا ہے بغیر پشت
کے قرب ہوتا ہے بغیر بعد کے۔ صفا ہوتا ہے بغیر کدورت کے خیر ہوتا ہے بغیر شر کے۔ تیرا امید خلق سے ہے اور تو ان
سے ڈرتا ہے یہ اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کرنا ہے تو عطا کے وقت خلق کی تعریف کرتا ہے اور نہ ملنے کے وقت انکی مذمت
کرتا ہے اور یہ اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کرنا ہے تجھپر افسوس وے کچھ نہیں کر سکتے۔ انکے پاس خیر نہیں ہے
تو موحد نہیں۔ تمام چیزیں اللہ عزوجل کی ایجاد اور راہ سے پہچانی ہیں۔ نہ اسکے خلق سے اسکے دروازے کی طرف
رجوع کرنے سے پہچانی ہیں اسکی راہ کو طے کرنیکے بعد پہچانی ہیں۔ ابتدا میں سبب ہے اور انتہا میں مسبب۔ مبتدی
سبب سے استعانت طلب کیا جاتا ہے جیسے کہ بچہ اپنی ماں باپ کو طلب کرے تاکہ اوسکی پرورش کریں۔ پس جب وہ
بڑا ہوتا اور اونکا سیکھ جاتا ہے تو اپنے بازوؤں کی قوت اور رزق کو خود طلب کر لینے کے باعث انسے بے پرواہ
ہو جاتا ہے کیا تم میں سے کسی نے کبھی اپنے رب عزوجل پر توکل کرنیکے ہاتھ سے بغیر اپنی طاقت اور قوت اور تحقیق اور
رنج اونکی کوشش کے کوئی لقمہ کھایا ہے۔ تم پر افسوس اسکا دعوی کرتے ہو جو تم میں نہیں ہے تو اسلام اور ایمان اور ایقان
اور توحید کا کس طرح دعوی کرتا ہے حالانکہ اپنی طاقت اور قوت اور اسباب پر بھروسہ رکھتا ہے جو عمل کہ یہ ام
ہوں سے حاصل نہیں ہوتا۔ تجھپر افسوس۔ تو اس مقام پر بیٹھتا ہے لوگوں کو وعظ سناتا ہے پھر انکے درمیان ہنستا ہے
اور ہنسی کی حکایتیں کرتا ہے یقیناً نہ تو نجات پائیگا اور نہ وہ نجات پاوینگے واعظ معلم اور مؤدب ہے اور سننے والے
بچوں کی طرح۔ بچہ علم نہیں پڑھتا مگر سختی اور دور اندیشی اور ترش روئی کو لازم پکڑنے کے ساتھ۔ انھیں سے نہایت کے
ایسے ہیں جو عزوجل کی عنایت سے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ ایسے بہت ہیں جو ظاہر میں اسلام کا دعوی کرتے
ہیں ہیں جیسے کفار نے کہا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيٰى وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ
(نہیں ہے مگر ہماری دنیا کی زندگی مرتے ہیں اور زندہ ہوتے ہیں اور نہیں ہلاک کرتا ہے ہم کو مگر زمانہ)
انہوں نے یہ کہا اور تم میں سے بہت ہی ایسے ہیں جو یہ کہتے ہیں اور اسکو میری مرضی کے موافق عمل کر
سے چھپاتے ہیں۔ پس انکی میرے نزدیک کوئی قدر نہیں اور نہ مچھر کے پر جتنا وزن ہے۔ حق عزوجل کو
واضح ہے۔ انکو عقل نہیں اور نہ تمیز ہے جس سے وہ مضر اور مفید میں فرق کریں۔ اللہ عزوجل نے یوسف علیہ

Marfat.com

وعلیہ الصلوۃ والتسلیم کے قصہ میں فرمایا۔ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗ (خدا سے
پناہ ہے کہ ہم کسیکو پکڑیں مگر اسکو جسکے پاس اپنا اسباب پائیں) جسکے پاس ولایت اور توحید اور ایمان کا اسباب پایا
وہ کامل ہے جب دل اللہ عزوجل کے لیے صحیح ہو جائے وہ اسے خلق اور اسباب کے ساتھ نہیں چھوڑتا۔ اور راستہ خرید
وفروخت اور اسباب کو لینے کیساتھ نہیں چھوڑتا۔ اسے تمیز کرتا اور خالص کرتا اور گرنے سے اٹھاتا۔ اور اپنے
دروازے پر بٹھلاتا اور اپنے لطف کی گود میں سلاتا ہے۔ تجھ پر افسوس [illegible] تیرے اسلام کا کرتہ پھٹا ہوا ہے تیرے ایمان کا
کپڑا پلید ہے تو برہنہ ہے تیرا دل جاہل ہے۔ تیرا سینہ اسلام کے ساتھ کھلا نہیں تیرا باطن خراب اور
تیرا ظاہر آباد ہے۔ تیرے صحیفے سیاہ ہیں۔ وہ دنیا جس سے تو محبت کرتا ہے تجھ سے کوچ کرجانیوالی ہے اور قبر اور
آخرت تیری طرف آتے جاتے ہیں اپنے امر کے لیے اور اسکے لیے جسکی طرف تجھے جلد نقل کرنا ہے۔ ہوشیار رہو۔
شاید کہ تیری موت آج یا اسی ساعت میں آجائے۔ تیرے اور تیری امیدوں کے درمیان پردہ ہوجائے۔ دنیا سے
جسکی تو امید کرتا ہے اسے نہ پائے اور نہ اس سے مل سکے اور جسے تونے بھلا دیا وہ تجھے آلے۔ اللہ کے غیر میں
مشغول ہونا اور اسکے غیر سے ڈرنا اور امید رکھنا ہوس ہے۔ سوا اللہ عزوجل کے کوئی ہم کو ضرر اور نفع [illegible]
پہونچا سکتا۔ وہی ہے جس نے ہر ایک شے کے لیے سبب بنایا ہے۔ حکم سب پر وارد ہے۔ جب تو اسکے حکم پر عمل کر
اور عمل کو متحقق کرے۔ تو اسباب تجھ سے اسطرح گر جاتے ہیں جسطرح کہ درخت سے [illegible] مسبب ظاہر ہوتا اور سبب
دور ہوجاتے ہیں مغز ظاہر ہوتا اور چھلکا دور ہوجاتا ہے۔ مغز کیا ہے مسبب کے ساتھ جڑا اصل ہے تعلق [illegible]
درخت کے پھل کی طرح ہے۔ موحد حالات میں منتقل ہوتا رہتا ہے۔ مثلاً کنوئیں کی طرف نقل کرتا ہے [illegible]
سے نہر کی طرف اور نہر سے دریا کی طرف۔ فرع سے اصل کی طرف نقل کرتا ہے والا سے والا کی طرف [illegible]
طرف۔ صنعت سے صانع کی طرف۔ عاجز سے قادر کی طرف۔ فقر سے دولتمندی کی طرف۔ ضعف [illegible]
قلیل سے کثیر کی طرف۔ تجھ پر سختی نہ آگیا۔ تم میں سے اکثروں کے دل ایمان سے خالی [illegible]
کوئی حاجت ہو تو چاہیے کہ دل کو خاموشی اور نیک ادب کی لگام دے اور تقویٰ کی درع پہنا سکے [illegible]
طمانیت اور اپنے رب عزوجل تک پہنچنے کا سبب ہے۔ [illegible] عام اور خاص عام موت کے بعد اللہ عزوجل [illegible]
اور خاص نادر فردوں کے دلوں کا موت سے پہلے اللہ عزوجل تک پہونچنا ہے [illegible]

Marfat.com

مخالفت میں جہاد کرتے ہیں اور خلقت سے نفع اور ضرر کو دیکھنے سے باہر اُٹھتے ہیں۔ پس جب اسپر مداومت کرتے ہیں اس تک پہونچ جاتے ہیں جسطرح کہ عوام موت کے بعد پہونچتے ہیں جسکے لیے یہ صحیح ہو جائے تو اسکو قدرت اور فراخی اور کلام اور موانست حاصل ہوتی ہے۔ اسوقت یہ پہونچنے والا کہتا ہے۔ اِئْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ میرے پاس اپنا سارا کنبہ لاؤ۔ جب حضرت یوسف علیہ السلام گڑھے اور قید خانہ سے نکلے اور ان سختیون پر صبر کیا تو قادر ہوے اور سب کچھ آپ کے ماتحت ہوگیا تو آپ نے اپنے بھائیوں سے کہا اِئْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ (اپنے سارے کنبے کو میرے پاس لاؤ) آپکو دولتمندی اور سلطنت حاصل ہوئی اور تنگی جاتی رہی اور فراخی آگئی۔ اس سے پہلے آپ گڑھے اور قید خانہ میں گونگے تھے جب نکلے تو فصاحت آئی۔ اے قوم سبکو سبکے خالق سے طلب کرو سبکو اُسکی طلب میں خرچ کرو۔ اولیا نے ارواح کو رب عز وجل کا قرب طلب کرنے میں خرچ کیا۔ انہوں نے اسکو جان لیا جسے طلب کرتے ہیں پس انپر ارواح کا خرچ کرنا آسان ہوا جس نے اسکو جسے طلب کرتا ہے جان لیا اسپر وہ جسے خرچ کرتا ہے آسان ہوا۔ **حکایت** ہے کہ ایک آدمی دلال کے حجرے کے پاس سے گذرا دیکھا کہ اس میں ایک لونڈی بڑی خوبصورت ہے اسپر شیفتہ ہوگیا۔ آگے قدم اُٹھانے کی طاقت نہ رہی وہ ایک بیش قیمت گھوڑی پر جو ایک سو دینار کے برابر تھا خوب لباس پہنے ہوئے اور ایک تلوار کو جس کا میان زر سے مرصع تھا لگائے ہوئے سوار تھا اسکے آگے آگے حبشی غلام زین پوش اُٹھائے ہوئے چلتا تھا۔ فوراً اُسکے مالک کی طرف بڑھا اور اس سے اُس کے بیچڈالنے کی درخواست کی اُسنے جواب دیا اسمین شک نہین کہ تو میری لونڈی پر عاشق ہوگیا ہے اور عاشق اپنے معشوق کی طلب میں اپنی تمام ملکیت کو صرف کردیتا ہے میں کبھی نہین بیچونگا مگر اون تمام چیزون کی عوض جو اسوقت تیری ملکیت میں ہیں ... اُسیوقت وہ گھوڑے سے اُترا اور اپنے تمام کپڑے اُتار ڈالے اور دلال سے ایک قمیص ... اور سبکو مع اُس غلام کے جو اوسکے ساتھ تھا سپرد کردیا اور لونڈی کو لیکر اپنے گھر کی طرف برہنہ پانون برہنہ سر چلدیا۔ جب اُسنے قیمت صرف کی تو قیمت دار چیز لی اُسنے اوسکو پہچانا جسے طلب کیا پس اسپر وہ جو خرچ کیا آسان ہوا۔ محبت میں سچا محبوب کے سوا کسی اور چیز پر متوجہ نہین ہوتا جب خلق میں سے کوئی کہے پنے جنت کی اور اُن نعمتوں کی جو اوس میں ہین خبر سنی ہے اور اللہ عز وجل کے فرمودہ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ اور اس میں وہ ہے جسے نفس چاہتے اور آنکھیں لذیذ جانتی ہین معلوم کیا ہے پس اُسکی

Marfat.com

ت کیا ہے ہم اسے کھینگے اللہ عزوجل نے فرمایا اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَاَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ
لَھُمُ الْجَنَّۃَ تحقیق خدا نے مومنون سے اُن کے نفس اور مال خرید لیے ہین اسپر کہ اُنکے لیے جنت ہی نفس اور مال کو
پھر دکر لیس تیرا ہو گیا اور دوسرے نے کہا مین چاہتا ہون اُن میں سے ہو جاؤن جو اوسکی ذات کو چاہتے ہیں میرے
ں نے قرب کے دروازے کو دیکھا اور مین محبون کو بادشاہانہ پوشاک پہنے ہوئے اس میں مدفت کرتے دیکھتا ہون
اسمین داخل ہونیکی قیمت کیا ہے ہم اسے کہین گے پہلے اپنا سارا مال خرچ کر اور اپنی شہوتون اور لذتون کو چھوڑ اور اپنے
ود کو اسمین فنا کر ڈال۔ اور جنت اور اسکی نعمتون کو ترک کر اور نفس اور ہوا اور طبع کو چھوڑ دے اور دنیوی اور اخروی
تون کو ترک کردے اور سبکو اپنی دل کی پیٹھ کے پیچھے ڈالدے پھر داخل ہو پس تو دیکھے گا جو آنکھون نے نہیں دیکھا
ر کانون نے نہیں سنا اور کسی بشر کے دلپر نہین گذرا جسکے لیے یہ کامل ہوا اور اسکے دل کا قدم اس مین ثابت ہوا
یا اور آخرت اسکے لیے ہو گئی۔ یہ دونون اسکے لیے نعمت ہو جاتی ہیں۔ بلا زحمت دونون اسکی مہمان ہوتی ہین
ر اس کا انجام قرب اور نظر ہے۔ قرب دنیا میں دل کے ساتھ اور نظر قیامت کے روز آنکھ کے ساتھ۔

ا غلام! قُلِ اللّٰہُ ثُمَّ ذَرْھُمْ کہہ اللہ ہی ہے انکو چھوڑ قُلِ الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَھُوَ یَھْدِیْنِ کہہ وہ جسنے مجھے پیدا کیا
ہی مجھے ہدایت بخشیگا۔ اے دنیا سے پرہیز کرنیوالے جب تیرا دل اس سے آخرت کو طلب کرتا ہوا نکل آئے
کہہ اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَھُوَ یَھْدِیْنِ اور تو اے حق عزوجل کا ارادہ کرنے والے اسمین رغبت کرنے والے اسکے
یر سے پرہیز کرنیوالے۔ جب تیرا دل جنت کے دروازے سے اپنے مولی کو طلب کرتا ہوا نکلے تو کہہ اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ
فَھُوَ یَھْدِیْنِ۔ راہ کی سختی سے اوسکی ہدایت مین مشغول ہو سا ای کہ تو ان دونوں راستوں میں چلنے کا ارادہ کرتا ہے
لیے راہ طلب کے جو اُنپر چلے اور انکی خوفناک جگہون سے واقف ہیں وہ کون مین مشائخ علم پر عمل کرنیوالے اعمال
میں اخلاص کرنے والے۔ اے غلام۔ رہبر کا غلام ہو۔ اسکی تابعداری کر۔ اپنے پالان کو اسکے
اور اسکے ساتھ چل کبھی اُسکے دائین اور کبھی اسکے بائین اور کبھی اُسکے پیچھے اور کبھی اسکے آگے۔
اسکی راستے سے باہر نہ جا اور اسکے ارشاد کی مخالفت نکر یہانتک کہ تو اپنے مقصود کو پہنچ جائے گا اور راستے ہی کمراہ نہ ہو
اپنے رب عزوجل کو واحد تسلیم کر۔ تحقیق تو مہمات سے کفایت کیا گیا اور تجھسے تنگیان زائل ہو گئین حضرت ابراہیم
علیہ السلام جب گوپھیے میں رکھے گئے تا کہ آگ مین ڈالے جائیں تو انہون نے ذریعون کو قطع کیا اور

رب عز و جل کے بغیر کسی اور کی طرف متوجہ نہوئے لاچار اُسنے آگ کو فرمایا یَا نَارُ کُونِی بَرْدًا وَسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِ
(اے آگ ابراہیم پر خنک اور سلامت ہو جا) اے آگ علیحدہ ہو اور تغیر کر اور بدل جا اپنی گرمی اور شر کو روک لے۔ اپنی
روشنی اور تیزی اور گرمی اور غضب کو باز رکھ سست ہو جا۔ نمناک ہو جا۔ سرد خنک ہو جا بغیر اذیت کے
... سب کچھ اس توحید اور برکت سے ہے جو آپکو حاصل تھی بندہ جب اپنے رب عز و جل کو واحد جانتا ہے اور اسکا
لیے اخلاص کرتا ہے وہ کبھی اسکو وجود میں لاتا ہے پس وہ اُسکی تکوین میں داخل ہوتا ہے۔ اور کبھی تکوین کو اسکے سپرد
کرتا ہے اور وہ خود آپ تا ہے۔ یہ خلق میں سے خواص کیلیے ہے۔ جو شخص جنت میں داخل ہوگا وہ جب کسی شے کو کہیگا
بس وہ ہو جائیگی۔ عزت آپکی تکوین میں ہے نہ کل میں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام بچپن اور بڑی عمر میں توکل کے قدم
رہے جب تمہاری ہمسائے تم سے دور ہو جائینگے اور فقر اور معیشت کی تنگی اور نرخ کی گرانی کیوقت عیال بہت
ہو جائیگا اور بہائی تمہارے موہنوں پر دروازے بند کرینگے تو تم میری باتوں کو یاد کروسگے اور شر منارہ
ہو گے مجھسے سنو میں رسول اللہ کا اور انکا جنکو اُسنے بھیجا نائب ہوں۔ اے خدا میں انبیاء میں تجھسے معا
اور عافیت کا سوال کرتا ہوں اس امر پر جسمیں کہ میں ہوں میری مدد کر میں پیغمبروں اور رسولوں کو تیری طرف شفیع
لاتا ہوں اور تونے مجھے پہلی صف میں کھڑا کیا ہے میں تیری خلقت کا رنج برداشت کرتا ہوں پس میں تجھسے معا
اور عافیت کا طلبگار ہوں۔ انسانوں اور جنوں کے شیطانوں اور تمام مخلوقات کی شر سے مجھے پناہ میں رکھ۔ آمین اور آپ
خدا آپ سے راضی ہو فرمایا۔ اے زاہدو۔ اے عابدو۔ اخلاص کرو نہیں تو تابعداری نکرو۔ تمکو روزہ اور نماز اور کھانے او
صحبت ہونا بغیر نیت اور اخلاص بلکہ نفس کے حضور اور ہوا کو دخل دینے کیساتھ اچھا معلوم ہوا ہے تم پر افسوس
... اولوگ ہوتے ہیں وہ تقدیر کے ساتھ حکم کی صحبت اور ظاہر و باطن اور سر و علانیہ خالق اور خلا
... کی حفاظت سے گردش کرتے ہیں۔ ہر ایک صاحب فضل کو اسکا فضل اور ہر ایک صاحب حق
اسکا حق دیتے ہیں۔ اللہ عز و جل کی کتاب یعنی قرآن کو اسکا حق اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو اسکا ح
اللہ عز و جل کے علم کو جو اونکے دلوں میں ہے اسکا حق دیتے ہیں۔ وے صبر کرنے اور قادر ملنے اور قید اور آزاد
ہونے اور دینے میں ہیں۔ حدود کو دلوں اور اسرار اور نفوس پر قائم کرتے ہیں۔ خلقت پر نیکی کرتے ہیں۔ یہ جو
تمہاری معلومات سے بالا ہے۔ مومن جب اپنے بہائی کو وعظ کرتا ہے اور وہ نہیں مانتا تو اُسے کہتا ہے عنقریب تو با...

Marfat.com

سکو جو میں کہتا ہوں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ (اور میں اپنا امر خدا کے سپرد کرتا ہوں) عارف خلق کے نفسوں کیساتھ توحید اور معرفت کی تلوار سے لڑتا ہے اور جو شخص ان میں سے اسکے اسرار میں آجائے اسکو اس بادشاہ کی درگاہ پر لے جاتا ہے جو اپنے بندوں پر بصیر ہے۔ مومن کے نزدیک تمام چیزوں سے بہت پیاری چیز عبادت ہے۔ اسکے نزدیک سب سے پیاری چیز گھر میں بیٹھے ہوئے نماز میں کھڑا رہنا ہے اسکا دل موذن کا جو حق عزوجل کی طرف بلانے والا ہے منتظر رہتا ہے جب اذان کو سنتا ہے اسکے دل میں خوشی پیدا ہوتی ہے اور مساجد کی طرف جاتا ہے جب سائل اسکے پاس آئے تو خوش ہوتا ہے جب اسکے پاس کچھ موجود ہو تو اسے دیتا ہے کیونکہ اوس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث اَلسَّائِلُ هَدِیَّةُ اللّٰہِ عزوجل اِلٰی عَبْدِہٖ (سوالی بندہ کی طرف اللہ عزوجل کا ہدیہ ہے۔) کو سنا ہے کیونکر خوش نہو حالانکہ بتحقیق اسکا رب عزوجل فقیر کے ہاتھ پر اس سے قرض مانگتا ہے۔ یہ مومن عابد کے آداب ہیں لیکن عارف پس وہ حدود شرع کی حفاظت کرتا ہے اور اپنے دل کو اس میں رب عزوجل کا غیر داخل ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔ وہ اس سے پرہیز کرتا ہے کہ اپنے دل کی طرف دیکھنے سے غیر خدا کا خوف اور اسکے غیر کی امید اور غیر پر توکل کرنا چاہا جائے۔ اپنے دلکو خلقت اور اسباب کے ساتھ لگا کرنے سے نگاہ رکھتا ہے۔ وہ خلق کے دیدار کو مکروہ جانتا ہے حالانکہ اس کا ہونا انکے لیے ضروری ہے اسلیے کہ وہ بیمار ہیں اور یہ طبیب۔ وہ اپنے رب عزوجل کے قرب کی عزت سے ہوا کی تمام آرزو اور اختیار سے دنیا میں زندہ رہنے اور آخرت میں زندہ رہنے کو مکروہ جانتا ہے۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا یقول اللّٰہ عزوجل یوم القیمۃ لعبادہ المؤمنین اٰثرتم اٰخرتکم علی دنیاکم وَاٰثرتم عبادی علی شہواتکم وعزتی وجلالی ما خلقت الجنۃ الا لکم (اللہ عزوجل قیامت کے روز اپنے مومن بندوں کو فرمائیگا۔ تم نے آخرت کو دنیا پر پسند کیا اور میرے بندگی کو اپنی شہوات پر اختیار کیا مجھے اپنی عزت اور جلال کی قسم ہے میں نے جنت کو نہیں بنایا مگر تمہارے لیے۔) اور لیکن اسکا فرمان محبوبوں کیلیے یہ ہے۔ تم نے مجکو تمام خلقت اور دنیا اور آخرت پر اختیار کیا۔ اپنے دلوں کے ساتھ خلق سے عزلت کی اور اپنے اسرار کے ساتھ اس سے کنارہ کش ہوئے پس تمہاری طرف میری توجہ اور میرا قرب تمہارے لیے ہے اور تم میرے حقیقی بندے ہو۔ اولیا میں سے بعض ایسے ہیں جو ہر روز جنت کا کھانا کھاتا اور اسکی شراب پیتے اور جو کچھ اسمیں ہے اسکو دیکھتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو کمانے اور پینے سے فانی ہوتے اور خلق

گوشہ نشینی میں اور انسے پردے میں رہتے ہین اور مرنے کے بغیر زمین پر ساری عمر بسر کرتے ہین الیاس اور خضر علیہما السلام
کی طرح انہین سے بہت اللہ عزوجل کی طرح پردے مین رہتے ہین لوگونکو دیکھتے ہیں اور لوگ انہین نہین دیکھتے
ایسے اولیا بہت ہیں اور انہین سے ہزار مین کم ہین۔ چند روز دیکھا نے ہین اور باقی انکی طرف آتے۔ انکی مقرب ہوتے
ہیں یہ وہ لوگ ہین جنکی برکت سے زمین اگاتی اور آسمان برساتا ہے اور انکی برکت سے خلق کی بلائین دفع ہوتی ہیں
فرشتون کا طعام اور شراب حق عزوجل کا ذکر اور تسبیح سبحان اللہ والحمد للہ الخ پڑھنا ہے اور تہلیل لا الہ الا اللہ
کہنا ہے اور اولیا میں سے نادر ایسے ہیں جنکا طعام ایسا ہے۔ تمہین اسکے سننے سے کیا فائدہ۔ تم مین سے اکثر شیطان کی
ٹھنڈک اور اسکے غلام ہیں تمہاری اور اسکی کوئی عزت نہین۔ ای دیر نشین اسکی خدمت کو ترک کرو۔ اس سے مفارقت کرو
حق عزوجل سے اپنے دلون کے قدمون کے ساتھ رہو اور اسے سوال کرو کہ وہ تمہین ان اعمال کی طرف راہ بتائے جنکو وہ تم سے
پسند کرتا ہے۔ اس سے سوال کرو کہ تم سے خدمت لیوے اس سے سوال کرو کہ وہ تم کو ایسے خزانے پر رہنمائی کرے جو کبھی ختم نہ
ہوگا۔ ایسے مددگار کو بتلائیگا جو کبھی رنجیدہ نہو۔ اس سے مانگو کہ وہ دنیا کو تمہاری طرف مکروہ اور آخرت کو محبوب بنادے
بس یہ عطا کرے تو اس سے سوال کرو کہ وہ آخرت کو تمہارے لیے مبغوض بنائے اور خالص عمل اور اپنی محبت اور غیر کو
ترک کرنا تمہاری نصیب میں کرے تو خلق کا بندہ سب کا بندہ ہے۔ اگر تو حق عزوجل کا بندہ ہوتا تو اپنے تمام کام اسکے
سپرد کرنا اور اپنی حاجتین اسکی خدمت مین پیش کرتا۔ تم کیوں کسی چیز کو برا کہتے ہو اور تمہارے فعل تمہارے کلام کی تکذیب
کرتے ہیں۔ کیا تم نے سنا نہین تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ کَبُرَ مَقْتًا
عِنْدَ اللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ (ای ایمان والو کیون کہتے ہو وہ جو نہین کرتے۔ اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے
کہ تم وہ کہو جو نہین کرتے) تمہارے فرشتے تمہاری بیحیائی سے تعجب کرتے ہین۔ تمہارے اپنے حالات مین یا وہ جھوٹ بولنے
سے تعجب کرتے ہین۔ توحید مین تمہاری جھوٹ بولنے سے متعجب ہوتے ہیں۔ تمہارے تمام باتین گرانی اور ارزانی اور
بادشاہون اور دولتمند و نکے حالات سے وابستہ ہین۔ فلانے نے کہا یا فلانے نے پہنا۔ فلانے نے نکاح کیا اور فلانا غنی ہو
فلانا فقیر ہوا یہ سب ہوس ہے اور غضب الہی اور عذاب ہے۔ توبہ کرو۔ اور اپنے گناہون کو ترک کرو۔ اور اپنے رب عزوجل
کیطرف رجوع لاؤ نہ اسکے غیر کی طرف اسکا ذکر کرو اور اسکے غیر کو بھلاؤ۔ میرے کلام پر ثابت رہنا ایمان کی علامت ہے اور اس سے
بھاگنا نفاق کی علامت ہے کہ تو مجھے طعنہ دیتا ہے۔ آنا کہ ہم اپنی حالتونکو شرع سے پرکھین بس جسکی حالت پوتھ اور چاندی

ہو تو وہ مستحق ہے کہ طعنہ دیا دائے اور چھوڑا جائے بسم اللہ نکل مخنثوں کی طرح دل نہ چرا اور نہ بھاگ یہ امر جسمین تو ہے
بیچ اور ہوس ورستی ہے۔ تجھپر افسوس۔ قریب ہے کہ تجھے اپنا حال معلوم ہو جائیگا۔ ای خدا ہماری توبہ قبول فرما
اور دنیا و آخرت میں ہمکو خوار نکر۔ ای غلام تیرا امر بے بنیاد ہے پس یقیناً تیری دیواریں گر جائینگی۔ تیری بنیاد
بدعت اور گمراہیاں ہیں اور عمارت ریا اور نفاق پس یہ ہوا اور طبع کی عمارت کس طرح ثابت رہیگی۔ تو ہوا
اور طبع سے کھاتا اور پیتا ہے اور نکاح کرتا اور جمع کرتا ہے۔ ان چیزون میں کیسکے درمیان تیری نیت نیک
نہیں۔ مومن کی اپنی تمام حالات اور تمام اعمال میں نیت نیک ہوتی ہے وہ سوا امر خدائے عزوجل نہیں کھاتا اور
نہ پیتا اور نہ پہنتا اور نہ نکاح کرتا ہے اسی طرح دنیا اور آخرت میں۔ خدا دنیا میں اسکو شرع کے ذریعہ امر کرتا ہے اور
آخرت میں بے واسطہ۔ وہ اس دنیا اور اُسکے جلدی فنا ہو جانیکو دیکھتا ہے پس اس سے پرہیز کرتا ہے اور مقسوم
کے حاصل ہونیکو یاد کرتا ہے۔ اسے شرع اور دل کی شہادت کیساتھ لیتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے اسکی حاجت نہیں
مین اسکو نہین چاہتا اور اُس کا دل دائین اور بائین بھاگتا ہے اور اسپر اسکا لینا لازم کیا جاتا اور
اسے مجبور کیا جاتا ہے دنیا میں اسکا حال اسطرح ہے لیکن آخرت میں وہ اپنی آنکھ جنت کی طرف نہیں کرتا تا وقتیکہ اپنے
رب عزوجل سے نہ ملے اور جب اس سے کوئی چیز تناول کرنی ہو تو سوای پختہ امر اور پیش کیا جانے اور اشارے کے
نہین کرتا۔ پس وہ امر کو جنت کا حق ادا کرنیکے لیے قبول کرتا ہے حور اور جنت کے غلامون اور ان شہوات کا حق ادا کرتا ہے
اور وقتاً فوقتاً اس میں پیغمبرون اور رسولون اور شہیدون اور نیکوکارون کی موافقت کرتا ہے نہین تو اسکا بڑا
وقت رب عزوجل کے پاس صرف ہوتا ہے جب تو اللہ عزوجل سے ڈرے تو اسکی طرف سے تمام حالات میں تجلّہ ...
ہوگی۔ کیا تونے نہیں سنا کہ اُسنے کس طرح فرمایا ہے وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ
لَا يَحْتَسِبُ (اور جو اللہ سے ڈرے وہ اسکے لیے کشائش کرتا اور اُسے اُن مقام ...
نہیں) اور اس آیت نے اسباب پر بھروسہ کرنیکے دروازے کو بند کر دیا ہے ... اور بادشاہ ہونیکے ...
بند کیا اور توکل کے دروازیکو کھول دیا ہے جو اس سے ڈرے وہ اُسے اُن چیزوں میں جو لوگوں پر سخت ہیں ...
کشائش بخشتا ہے۔ میں کیا کرون تمکو کیا کہون شعر زندیکو گر پکارے تو بیشک سنا سکے گو زندہ ہی جو نہین ...
تیرا دل سلام اور ایمان اور ایقان سے فارغ ہے تجھے معرفت اور علم نہیں تو ہوس ہے تجھے کلام ...

Marfat.com

اے منافقوں ! تم صرف توکل میں زبانی کلام کرنے پر قانع ہو اور تمہارے دل خلق کو شریک ٹھہرانیوالے ہیں۔ میرا دل تمہیر اللہ عزوجل کے لیے غیرت کے باعث غصے سے بھرا ہوا ہے اگر تم سکوت کرو اور مزاحمت سے باز آؤ تو فبہا نہیں تو تمہارے گھر تم پر جلا دونگا۔ اے شور اور شیرین پانی میں خیانت کرنیوالو۔ اے خدا ہماری اور تجھپر غصہ لانے اور تیری تقدیروں میں تجھ سے مقابلہ کرنے کے درمیان پردہ کر۔ اپنی رحمت کیساتھ ہماری اور گناہوں کے درمیان بنا دے آمین۔ اے غلام اگر تو بلا آنے سے پہلے رب عزوجل سے ڈرنیوالا۔ اس کا ذکر کرنیوالا۔ اسکو واحد ماننے والا اسکی طرف اشارہ کرنیوالا ہوگے تو جب بلا میں واقع ہوگا وہ آگ کو فرمائیگا یا نار کونی بردا وسلاما اے آگ سرد اور سلامت ہو جا۔ اے خدا ہمارے ساتھ بھی اسیطرح کر اگرچہ ہم مستحق نہیں ہیں ہمارے ساتھ اپنے کرم سے معاملہ کر۔ ہماری حقیقت کو نہ کھول ہم سے مقابلہ نکر ہمیں محروم نہ چھوڑ۔ عارف حق میں ادب فرض ہے جیسے کہ مجرم کے حق میں توبہ وہ کیونکر مودب نہو حالانکہ وہ تمام خلقت سے خالق کے زیادہ قریب ہے۔ جو شخص جاہل ہے بادشاہوں کی معاشرت کرے اسکی جہالت اسے قتل کی طرف مقرب بنائیگی اور جو مودب نہیں خلق اور خالق کا مغضوب ہے۔ جس وقت میں ادب ہو وہ عذاب ہے اللہ عزوجل کیساتھ نیک ادب ضروری ہے نیک ادب کرو۔ آخرت پر متوجہ ہو۔ اور دنیا سے اعراض کرو اور اسپر زبردار ہو جیسے کہ کافر رہتا ہے کیونکہ وہ نادانی کے باعث اسپر متوجہ ہوتے اور اس سے محبت کرتے ہیں۔ بندہ اپنے گناہوں اور لغزشوں اور خطاؤں سے توبہ کرتا اور دن کو روزہ رکھنے اور رات کو نماز پڑھنے میں مشغول ہوتا اور اپنے کسب سے بموجب حلال شرعی کے کھاتا ہے۔ پھر ترقی کرتا اور پرہیز گار ہو جاتا ہے پس حرام میں واقع ہونیکے خوف سے اسکا کسب کم ہوتا ہے۔ پھر ترقی کرکے منزہ بنتا ہے پھر ترقی کرکے زاہد اور اس سے ترقی کرکے عارف دلکو اللہ عزوجل میں لگانے والا ہو۔ آخر اسی سے مجالس رکھتا ہے اور اسی سے باتیں کرتا ہے۔ اسکا دل خلق سے فارغ ہو جاتا ہے۔ انسے بے نیاز ہوتا اور اسکی طرف احتیاج رکھتا ہے پیغمبروں اور برگزیدوں کی روحوں کے ہمراہ اس سے مجالس رکھتا ہے اسی انس پانیوالا اسی سے قریب ہو جاتا ہے۔ مگر یہ آہستہ تدریجا ہوتا ہے۔ تجھپر افسوس تو حالات کو نہیں جانتا انہیں کیوں کلام کرتا ہے تو حق عزوجل کو نہیں پہچانتا۔ پس اسکی طرف کیوں بلاتا ہے تو اس دولتمند اور اس بادشاہ کے سوا اور کو نہیں پہچانتا۔ تیرا کوئی رسول اور مرسل نہیں۔ تو حلال نہیں کھاتا صرف حرام کھاتا ہے۔ دین کی عوض دنیا کھانا حرام ہے تو منافق دجال ہے اور میں منافقوں کو برا جاننے والا اور پیٹنے والا انکی عقلوں کو جلانے والا ہوں میری کدال اس منافق کے گھر کو

Marfat.com

گرا تی اور اسکے ایمان کو جس کا وہ دعوی کرتا ہے دور کرتی ہے منافق کے پاس کوئی ہتیار نہیں جس سے وہ لڑے اس کا کوئی گھوڑا نہیں جسپر سوار ہو کر حملہ کرے اور خلق اور خالق اور ظاہر اور باطن اور سبب اور مسبب اور حکم اور علم کے درمیان قرار پکڑے ۔ آفات کیوقت ایمان کا اثر اور ایقان کا عمل اور توحید اور توکل اور اللہ عزوجل پر بھروسہ کرنیکی قوت ظاہر ہوتی ہے ۔ ایمان دعوے پر دلیل ہے ۔ مومن اللہ عزوجل سے اپنے دلون کیساتھ روڑتے ہیں ۔ اسی سے امید رکھتے ہین نہ اُسکے غیر سے اپنی حاجتیں اُسکی پاس پیش کرتے ہیں نہ اُسکے غیر کے پاس ۔ اُسیکے دروازے کی طرف رجوع لائے ہیں نہ اور کے دروازے اور نشانوں کی طرف کسطرح ہوگا تم اللہ عزوجل کو نہیں پہچانتے جسنے دنیا کو پہچانا اسکو ترک کیا اور جسنے آخرت کو پہچانا اوسکو مخلوق اور حادث دیکھا اسکو بھی ترک کیا اور اسکے خالق سے ملگیا پس دنیا اور آخرت اُسکے دل کی آنکھون میں حقیر ہوتی ہیں اور حق عزوجل اُسکے سر کی آنکھون میں بڑا ہوتا ہے اسی کو طلب کرتا ہے نہ اسکے غیر کو خلق اُسکے حضور مین چیونٹی کی طرح ہوتی ہے ۔ انہیں ان بچونکی طرح دیکھتا ہے جو مٹی سے کھیل رہے ہون حاکمون اور بادشاہون کو معزول دیکھتا ہے اور دولتمند ونکو مغرور ۔ انکو جو رب عزوجل کے غیر مین مشغول ہیں پردہ کیے گئے دیکھتا ہے ۔ مین تمہین دیکھتا ہون کہ تم اللہ عزوجل کی کتاب یعنی قرآن اور رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث اور نیکو کار بندونکے کلام سے کھیلتے ہو اپنی جہالت کے باعث اسی سے بازی کرتے ہو اگر تم قرآن اور حدیث کی پیروی کرو تو عجائبات کو دیکھو گے اولیا ہمیشہ اسکی مراد پر صبر کرتے رہے حتی کہ اُسنے انکو عطا کیا جو وہ چاہتے ہیں ۔ بے صبری کیساتھ فقر اور بلا عذاب ہے اور اُسکے ساتھ بزرگی ۔ مومن بلا مین اپنے رب عزوجل کے قرب اور مناجات میں خوش ہوتا ہے اور اس مکان سے ہٹنا نہیں چاہتا ۔ میرا کلام کیسی بے قرار ہے تمہارے نفسون اور ہواؤن مین اثر نہین کرتا یہ زمانہ آخری ہے نفاق کا بازار گرم ہے ۔ اور مین اوس بازار کو قائم کرنے کی کوشش کر رہا ہون جسپر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اور تابعین گذر چکے ہیں یہ زمانہ ہے لوگون میں سے اکثرون کا معبود دینار اور درہم ہیں یہ موسی علیہ السلام کی قوم کی طرح ہیں جنکے دلون میں بچھڑے کی محبت پلائی گئی تھی اس زمانے کا بچھڑا دینار اور درہم ہیں ۔ تجھپر افسوس ۔ تو اس بادشاہ سے مرتبہ اور مال کس طرح طلب کرتا ہے اور اپنی مہمات میں اسپر اعتماد رکھتا ہے ۔ وہ تو عنقریب یا معزول کیا جائے گا یا مر جائیگا ۔ اسکا مال اور ملک اور مرتبہ جاتا رہے گا اور وہ اپنے قبر کی طرف جو

Marfat.com

اندھیرے اور وحشت اور تنہائی اور غم اور رنج اور کیڑے مکوڑون کا گھر ہے نقل کیا جاوے گا۔ وہ ملک سے ہلاکت کی طرف منتقل ہوگا۔ مگر جب کہ اسکے عمل نیک اور خلق کے لیے نیت درست ہو پس خدا اسکو اپنی رحمت سے ڈھانپیگا اور اسکا حساب سہل کریگا۔ ایسے پر جو معزول کیا جائے یا مر جائے بھروسہ نکر نہیں تو تیری اُمید خالی اور تیری امید منقطع ہوگی مومن کی ہمت زمین اور دنیا اور دنیا اور اُسکے بیٹوں اور آخرت اور اسکے بیٹوں سے اٹھ گئی اُنے جانا اسکا رب عزوجل اُنہی بیٹوں سے محبت رکھتا ہے پس اسکی ہمت بلند ہوئی حتی کہ اس تک پہنچی اور اسکے سامنے سجدہ کرتی ہوئی گری پس اُسے سجدہ سے اُٹھنے کا حکم نہ ملا حتی کہ دل اور سر کو بلایا گیا اور انکو نیابت اور ریاست اور امارت اور خلقت پر قدرت عطا کی گئی۔ وہ دنیا میں بھی رئیس ہے اور آخرت میں بھی وہ دنیا میں بادشاہ ہے اور آخرت مین بھی اے قوم۔ اللہ عزوجل کا اسکی نعمتون پر شکریہ ادا کرو۔ اور انکو اُسکے غیر کی طرف نسبت نکرو۔ کیا تم نے نہیں سنا وہ فرماتا ہے وَمَا بِكُم مِّن نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ اور تمہارے پاس جو نعمت ہے وہ اللہ کی طرف سے ہی۔ فقیرون کو تلاش کر۔ اور انپر عطا کر اور سعی کر کہ تجھپر کسی منافق مکار جہوٹے کا جو دولتمند ہو کر اپنے آپکو فقیر ظاہر کرتا اور فقیرونکی اپنی صورت اور رونے اور ذلت سے مزاحم ہوتا ہے حیلہ نہ چلے۔ جب تجھسے اس جنس مین کوئی سوال کرے تو ایک ساعت توقف کر اور اپنے دل سے فتوی طلب کر کہ آیا یہ غنی اپنے آپ کو فقیر ظاہر کیے ہوئے ہی یا نہیں غور کر کہ تیرے دلمیں کیا گذرتا ہے اپنے نفس سے فتوی طلب کر۔ اگرچہ اور مفتی تجھے فتوی دین۔ مومن خلق کو پہچانتا ہے اُسکے لیے اُنکی علامتین ہین۔ اسکا دل حس کرنے والا۔ اللہ عزوجل کے نور سے دیکھتا ہے جس نے اس نور کو اُسکے دلمین جگہ دی۔ تجھپر افسوس تو سست ہے پس یقیناً تیرے ہاتھ کچھ نہ آئیگا۔ تیرے ہمسایون اور بھائیون اور رشتہ دارون نے سفر کیا اور تلاش کی اور کہو واپس خزانون کو پہونچے۔ ایک درہم مین انکو دس اور بیس کا منافع ہوا اور وے غنیمت حاصل کر کے واپس آئے اور تو اپنی جگہہ پر بیٹھا ہوا ہے عنقریب یہ قلیل مقدار جو تیرے ہاتھ میں ہے چلی جاے گی اور بعد اسکے تو لوگوں سے سوال کریگا۔ تجھپر افسوس حق عزوجل کے طریق کو حاصل کرنے میں سعی کر اور اپنی قدر پر بھروسہ نکر۔ کیا تونے نہین سنا کہ اُسنے فرمایا ہے وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا اور وہ جنہون نے ہماری راہ میں کوشش کی ہم انکو اپنا راستہ بتلائینگے تو شروع کر۔ وہ آئیگا اور تیرے کام کو پورا کریگا۔ ہر ایک شے اللہ عزوجل کے ہاتھ میں ہے۔ پس کوئی شے اسکے

Marfat.com

یرے سے نہ مانگ کیا تونے نہین سنا وہ فرماتا ہے وَاِن مِّن شَیۡءٍ اِلَّا عِندَنَا خَزَآئِنُهٗ اور کوئی شے نہین مگر اسکے
زانے ہمارے پاس ہین وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعۡلُوۡمٍ ہم اسکو نازل نہین کرتے مگر مقررہ اندازہ سے
س آیت کے بعد کوئی کلام باقی نہین رہا۔ ای دینار اور درہم کے طالب یہ دونون شے ہین داخل ہین
دونون اللہ تعالی کے ہاتھ مین ہین۔ انکو خلق سے طلب نکر اور انکو شریک گردانے اور اسباب پر اعتماد کرنے
لی زبان سے نہ مانگ۔ آہ ای خدا ای خلق کے پیدا کرنیوالے۔ ای اسباب کو بنانے والے ہمکو خلق اور اسباب
ساتھ شرک کرنے کی قید سے خلاصی بخش۔ وَاٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ
ورہمکو دنیا مین نیکی اور آخرت مین نیکی عطا فرما اور دوزخکے عذاب سے بچا۔ اور آپنے تئین آپ سے راضی ہو فرمایا
ی اللہ کے بندو۔ تم حکمت کے گہر مین ہو۔ واسطہ کا ہونا ضروری ہے۔ اپنے معبود سے ایسے طبیب کو
مانگو۔ جو تمہارے دلون کے مرضون کا علاج کرے۔ معالج جو تمہارا علاج کرے۔ رہبر جو تمہاری رہنمائی
کرے اور تمہارے ہاتھوں کو پکڑ لے۔ اسکے مقربون اور مودبون اور اسکے قرب کی حاجبدان اور اسکے دروازہ
کے دربانون کا قرب حاصل کرو تم اپنے نفسونکی خدمت اور خوہان اور طبیعتون کی تابعداری پر راضی ہو مین
تمہاری اخلاق کو درست کرنا اور اللہ کے دینے مین تم سے بجپائی کرتا ہون۔ ان لوگونکی نسنو جو تمہارے
دلون کو خوش کرتے ہین۔ بادشاہون کے آگے ذلیل ہوتے اور انکے حضور مین جیسے نٹی کی طرح ہین انکو
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہین کرتے اور اگر کرتے ہین تو نفاق اور تکلف کی روسے۔ خدا انسے اور ہر ایک
منافق سے زمین کو پاک کرے یا انہین توبہ کی توفیق بخشے اور اپنے دروازے کی طرف ہدایت کرے مجھے غیرت
آتی ہے جب مین کسیکو اللہ اللہ کہتے ہوئے اور دلمین اور کو دیکھتے ہوئے سنتا ہون ای ذکر کرنے والے اللہ
عزوجل کا ذکر انکے نزدیک کر اور زبان سے ذکر کرنا کیا ہے اور دل اسکے غیر مین لگا ہو مجھ سے دشمنی رکھنے والا اور دوستی رکھنے
والا میرے نزدیک مساوی ہین سب زمین پر میرا کوئی دوست اور دشمن نہین رہا۔ یہ توحید کی درستی اور خلق کو
عاجزی کی آنکھ سے دیکھنے کے باعث ہے نہین تو جو اللہ عزوجل سے ڈرتا ہے وہ میرا دوست اور جو اسکی نافرمانی کرتا
ہے وہ میرا دشمن ہے۔ وہ متقی ایمان کا دوست اور یہ اس کا دشمن ہوا۔ ای خدا میرے لیے اسکو ثابت کر اور ظاہر کر
اور مجھے اسپر ثابت رکھ اسکو وہبت بنا۔ عاریت نہ بنا میری ۔۔۔ اور آرزو کرنے اور

ناموں اور لقبوں اور زبانی ترانے سے حاصل نہیں ہوتی۔ بلکہ صدق اور اخلاص اور ریا کو ترک کرنے اور نفس
اور ہوا اور شیطان کے ساتھ دشمنی رکھنے سے حاصل ہوتی ہے عقل کرو میں تمکو بیدل اور دلی معرفت سے خالی پاتا ہوں
تمہارے نفس سدھائے ہوئے تعلیم یافتہ نہیں۔ وہ غرور اور برائی سے پر ہیں حق عزوجل کی راہ میں آنا (میں) لِیْ
(میرا) مَعِیْ (میرے ساتھ) نہیں ہے۔ یہ راہ بالکل محو اور فنا ہے۔ ابتدا میں ضعف ایمان کے وقت لا الٰہ الا اللہ
نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ ہے اور انتہا میں قوت ایمان کے وقت لا الٰہ الا انت نہیں ہے کوئی معبود مگر تو ہے
اسلیے کہ وہ مخاطب حاضر اور دیکھا گیا ہے جس نے خلق سے طلب کیا وہ خالق کے دروازے سے اندھا ہوا۔ اسکی
خدمت اور صحبت میں نہیں ہے اگر جوانی کی حالت میں اسکی خدمت کرتا تو وہ اسے بڑا ہونے کی حالت میں غنی کرتا
وہ اسکو دیتا ہے جو اسکی خدمت نہیں کرتا۔ پس کسطرح اسکو نہ دیتا جو اسکی خدمت کرتا ہے۔ مومن جسقدر بوڑھا
ہوتا ہے اسکا ایمان طاقتور ہوتا ہے اور وہ حق عزوجل سے قریب ہونیکے باعث خلق سے غنی ہوتا ہے اگرچہ
اسکے پاس ایک ذرہ لقمہ اور ایک چیتھڑا نہ ہو تو بھی وہ اُنسے غنی ہوتا ہے۔ جو میں کہتا ہوں اسکے لیے ہٹ جا
ہو جاؤ اور اسکو پیٹھ کے پیچھے نہ ڈالو۔ میں حق در حق کہتا ہوں میں تجربہ سے کہتا ہوں میں تم سے اکثر کو حجاب میں
دیکھتا ہوں۔ اسلام کا دعوی کرتے ہو اور تم اسکی حقیقت سے واقفیت نہیں تم پر افسوس صرف اسلام کا
نام تمکو مفید نہو گا۔ تم اسکی شرط پر ظاہر اعمل کرتے ہو نہ باطن میں تمہارے عمل رائی کے برابر نہیں نیکو کار وں
کے نزدیک لیلۃ القدر کی علامت ہے اللہ عزوجل کے بندوں میں سے بعض ایسے ہیں جنکی آنکھوں سے پردہ اُٹھایا جاتا
ہے پس وہ ان جھنڈوں کے نور کو دیکھتے ہیں جو فرشتوں کے ہاتھوں میں ہیں اور ان فرشتوں کے چہروں کے نور کو اور
آسمانوں کے دروازوں کے نور کو اور حق عزوجل کی ذات کے نور کو دیکھتے ہیں کیونکہ وہ اس رات اہل زمین کے لیے
تجلی فرماتا ہے۔ بندہ جب حق عزوجل کو پہچانتا ہے تو وہ اسکے دل کو کامل طور سے مقرب بناتا ہے اور اسے ہر
قسم کی عطا کرتا ہے اور اسکے ساتھ ہر ایک وجہ سے اُنس کرتا ہے اور اُسے پوری عزت عنایت فرماتا ہے جب
وہ اچھے طور سے مطمئن ہو جاتا ہے تو اُنسے اپنے سے جدا کرتا ہے اسکے ہاتھ کو فقیر بناتا اور اُسے نفس کیطرف
کرتا ہے اور اسکے اور اپنے درمیان پردہ ڈالدیتا ہے۔ اسکو آزماتا ہے تاکہ دیکھے وہ کس طرح کرتا ہے
بھاگ نکلتا ہے یا ثابت رہتا ہے پس جب ثابت رہتا ہے تو اس سے حجاب کو دور کرتا اور پہلی حالت پر رد کرتا

Marfat.com

حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ اکثر وقت فرمایا کرتے ۔ مجہپر مجہسے کونسی شے ہے ۔ بندہ اور اُسکی ملکیت مولیٰ کی ہے انہوں نے اپنے نفس کو رب عزوجل کے سپرد کیا تہا اور اپنے اختیار اور اسکی مزاحمت سے دست بردار اور اسکی تقدیر پر راضی تھے ۔ آپکا دل صلاحیت پذیر اور نفس مطمئن تہا پس آپکے فرمودہ اِنَّ وَلِیَّ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ۝ اور تحقیق میرا حاکم وہ ہے جسنے کتاب نازل فرمائی اور وہی نیکو کارون کا والی ہی ، پر کاربند ہوئے ۔ حضرت فضیل بن عیاض اپر خدا کی رحمت ہو ۔ جب سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کرتے تو فرماتے آؤ ہم تم اللہ عزوجل کے علم میں جو ہمارے متعلق ہے زاری کرین ۔ یہ کلام کیسا اچھا ہے ۔ یہ اللہ عزوجل کے عارف کا کلام ہے ۔ اُس کا کلام ہے جو اُسکے تصرفات کا واقف ہی وہ علم جسکی طرف اُنسے اشارہ کیا ہے وہ اُس کا فرمودہ ھٰؤُلَاءِ اِلَی الْجَنَّۃِ وَلَا اُبَالِیْ وَھٰؤُلَاءِ اِلَی النَّارِ وَلَا اُبَالِیْ (یہ لوگ جنت کی طرف ہیں اور مجہے کچہ پرواہ نہین اور یہ لوگ دوزخکی طرف ہین اور مجہے کچہ پرواہ نہین) ہے اُسنے سبکو ایک جگہ رکہا ہے پس معلوم نہین کہ وہ کونسی گروہ مین سے ہیں ۔ اولیا اپنی ظاہری اعمال پر مغرور نہ ہوئے اسلیے کہ عملون کا اعتبار خاتمون پر ہے ۔ بہت لوگوں نے بادشاہونکو خدا مقرر کیاہے اور بہتون نے دنیا دولتمندی اور تندرستی طاقت اور قوت کو تیرا افسوس تم نے شاخ کو اصل مرزوق کو رازق اور مملوک کو مالک فقیر کو دولتمند عاجز کو قوی مردے کو زندہ مقرر کیا ہے ۔ تمہاری کوئی عزت نہین ۔ ہم تمہاری تابعداری نہین کرتے اور تمہارے مذہب پر نہین چلتے تاکہ تم سے سلامتی کے ٹیلے پر سنت اور ترک بدعت کے ٹیلے پر ۔ توحید اور اخلاص کے ٹیلے پر ۔ ریا اور نفاق اور خلق کو عاجزی اور ضعف اور قہر سے دیکہنے کے ٹیلے پر علیحدہ رہتے ہین جب تو دنیا کے جابرون اور فرعونوں اور بادشاہون اور دولتمندون کو بڑا جانے اور اللہ عزوجل کو فراموش کرے اور اسکی عظمت نکرے تو تیرا حال بت پرستان حال کی طرح ہے تو بہی اُنہین میں سے ہے جو اپنے بتون کی تعظیم کرتے ہین تجہپر افسوس کی عبادت کر ۔ یقیناً بُت تیرے آگے ذلیل ہوجائین گے ۔ تو اللہ عزوجل کی طرف نزدیک یقیناً خلق تیری مقرب ہوجائے گی جسقدر تو اللہ عزوجل کی تعظیم کریگا اوسیقدر خلقت تیری تعظیم کریگی جسقدر تو اُس سے محبت رکہیگا اوسیقدر خلق تجہسے محبت کریگی جسقدر تو اس سے ڈریگا اسیقدر خلق تجہسے ڈریگی جسقدر تو اُس کے امرون اور نہیون کی عزت کرے گا اسیقدر خلق تیری عزت کریگی جس قدر تو اس سے مقرب بنیگا اسیقدر خلق تجہ سے

Marfat.com

مقرب ہوگی جسقدر تو اسکی خدمت کریگا خلق تیری خدمت کریگی موت کا ذکر دلونکی بیماریونکی دوا اور انکو جڑ سے اُکھاڑنے والی ہے مین کئی سال رات اور دن موت کو بہت یاد کرتا رہا۔ اُسکے ذکر سے مین نے نجات پائی اور اپنے نفس کو مغلوب کیا پس ایک رات مین نے موت کو یاد کیا اور رات کے شروع سے صبح تک روتا رہا۔ اس ساعت مین روتا اور کہتا ای خدا میرا سوال ہے کہ ملک الموت میری جان کو قبض نکرے تو خود اسکے قبض کرنیوالی بنے۔ پس میری آنکھین بند ہوگئین اور مین نے ایک شیخ وجیہہ خوبصورت پہرے والیکو دیکھا کہ دروازہ سے اندر آیا مین نے اس سے پوچھا تو اوسنے جواب دیا مین ملک الموت ہون مین نے کہا میشک تو اللہ عزوجل سے یہ سوال کیا تھا کہ وہ خود میری جان کو قبض فرمائے اور تو نہ قبض کرے اسنے کہا تو نے یہ سوال کیون کیا میرا کیا قصور ہے مین ایک محکوم بندہ ہون کسی قوم کیساتھ نرمی کا امر کیا جاتا ہون اور کسی قوم کیساتھ سختی کا۔ اور مجھ سے گلے ملکر رویا مین بھی اُسکے ساتھ رویا پھر مین بیدار ہوا اس حال مین کہ روتا تھا حضرت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے۔ وہ دل جنکو دنیا کی محبت نے جلایا حالانکہ اُسکے سینون مین قرآن ہے مجھپر چیکر نہ دیکھ نہایت سخت ہین۔ نیکوکارون قائم رہنے والون رکوع کرنیوالون سجدہ کرنیوالون امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنیوالون سے اکثر ایسے مین جنکو پرہیزگاری نے کسب کی نیت سے مقید کیے اور انکی ہمت رب عزوجل کو طلب کرتا ہے اپنے مال اپر خرچ کرو کیونکہ کل قیامت کے روز انکے لیے اللہ عزوجل کے نزدیک بڑی دولت ہو آپسے کسی سائل نے سوال کیا خوف اور شوق کی آگ ان دونون مین کونسی زیادہ سخت ہے۔ آپنے فرمایا۔ مرید کے لیے خوف کی آگ اور محب کے لیے شوق کی آگ اعلیٰ ہے۔ ای سوال کرنیوالے تیری پاس کونسی آگ ہے ای اسباب پر اعتماد کرنیوالو نفع پہنچانیوالا اور ضرر پہنچانیوالا ایک ہی ہے وہی تمہارا مالک ہو وہی تمہارا بادشاہ ہے۔ تمہارا ایک خدا کیا تم نے سنا فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا جو شخص اپنے خدا سے ملنے کی اُمید رکھتا ہے چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اسکی عبادت مین کسیکو شریک ٹھہرائے تیرے اور خدا کے درمیان تیرا وجود حجاب ہے اپنے وجود سے جدا ہو تو اُسے دیکھ لیگا۔ اگر کوئی کہے کہ مین اپنے رب سے کب موافقت کرون تو مین کہتا ہون اپنے نفس سے مخالفت اور جہاد کرنے اور اسکا کہا ماننے سے پھرنے خطا کے ساتھ مفارقت کر شہوتون اور لذتون اور عورتون کی طرف سے آنکی بات نہ مان پس اسوقت وہ ذلیل ہوگا

تیرے دل کے چہرے سے یکسو ہو جائیگا وہ ایک گوشت کا ٹکڑا بے حرکت پڑا ہوا ہو جائیگا پس اسمین خدا بینی کی روح ڈالی جائیگی جب اُسکے وجود کی روح اس سے نکلجائیگی تو طمانیت کی روح اسمین پہریگی پس وسوقت وہ اور دل اپنے رب عزوجل کو دیکھ لیوینگے۔ جب نفس مطمئن اور موافق ہوجائے تو اس مین پہلی روح کے علاوہ اور روح ڈالی جاتی ہی ربوبیت کی روح عقل کی روح خلق سے پرہیز کرنے کی روح حق عزوجل کے ساتھ ہونے کی روح۔ اسکی طرف مائل ہونے اور اوسکے غیر سے نفرت کرنے کی روح۔ وہ شخص جو اپنے عمل مین صادق ہو شیوخ کو وداع کرتا اور ان سے تجاوز کرتا ہے اور انکی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہان بیٹھو تاکہ مین اسجگہ تک جاؤن جسکی طرف تمنے مجھے رہنمائی کی۔ مشائخ تیری فہم کا دروازہ ہین۔ اچھا ہے کہ تو دروازیکو لازم پکڑے اور گھر مین داخل نہو۔ کہ ویَضرِبُ اللّٰہُ الاَمثَالَ لِلنَّاسِ یعنی اور خدا لوگون کے لیے مثالین بیان کرتا ہے۔ اللہ اور اُسکے رسول پر ایمان لاؤ۔ اللہ اور اوسکے رسول کی ان باتونمین جنکی اُنسے خبر دی ہے تصدیق کرو۔ اللہ عزوجل تک پہونچنے کی بنیاد ایمان ہے۔ تمام نیکی کی بنیاد ایمان ہے اور اخلاص نبوت کی بنیاد ہی اور نبوت رسالت کی بنیاد اور یہ ولایت اور بدیت اور قطبیت کی بنیاد۔ جب حضرت علی فضیل ابن عیاض کے بیٹے فوت ہو گئے تو آپکے باپنے آپ کو خواب مین دیکھا اور پوچھا اللہ نے تجہسے کیا سلوک کیا اُنہون نے جوابدیا ای باپ مینے بندیکے لیے خدا سے زیادہ اچھا کوئی مہربان نہین دیکھا۔ ای میرے بیٹے اللہ کو لازم پکڑ۔ اُسکے غیر مین مشغول نہو کہ سب کا اور رزق اسیکا دیا ہوا ہے۔ اُسنے اُسمین اُنکی روزی مقدر کی ہے۔ فرشتے تیرے رزق پر موکل ہین تیرا دوز اوسی کیطرف سے ہے وہ بندیکی طرف آفات کے تیر چلاتا ہے حتی کہ جب بندے کی آنکھین تیر و کمان کی ہو جاتی ہین تو قرب کا طبیب آتا۔ اُسکے زخم کا علاج کرتا ہے اور خیر کا طبیب اُسکو اوٹھاتا ہے اور شوق کا طبیب اسکو ... انتہا مین سختیان ہین جب جنت سختیون سے گہرا ہوا ہے تو حق عزوجل کے قرب کا کیا حال ہوگا بادشاہ حاصل ہو۔ جب سر آسمان ہوا اور دل زمین تو دل کو سر کے آسمان کے ... جب ... سے ان دونون کو جمع کر دیتا ہے۔ پہر وہ اللہ کی رحمت کو قریب پاتا ہے اور اپنے ہاتھ کو لمبا کرتا ہے گویا وہ کسی سے معانقہ کرنا چاہتا ہے۔ پہر فرمایا ای خلیل الو مجھے معذور رکھو مین حال کی قید مین ہون ... گونگا ہون مین پہرا ہون مینے اپنے باپ آدم علیہ السلام کو دیکھا۔ اُسنے کہا۔ ای میرے بیٹے ...

Marfat.com

نسب کو صحیح کر دیا ہے۔ دنیا سے وحشت ضروری ہی جب تیری موت آئیگی تو ہر ایک دوست تجھسے جدا ہو جائیگا اور ہر ایک رشتہ دار علیحدہ ہو گا۔ اُنکے جدا ہونیسے پہلے اُنسے جدائی کر اور اُنکو چھوڑدے۔ قبر حق عز وجل کی طرف راہ اور دلیل ہے مرنے سے پہلے مرجا۔ اپنے وجود اور ان سے مرجا۔ پھر تو خدا کے ساتھ زندہ ہوا تو میت کی طرح ہوگا اور سابقہ مقدر کا ہاتھ تجھے لقمہ دیگا اور پلٹائیگا۔ بے ارادہ اپنے مقسوم کو حاصل کریگا جب یہ حالت کامل طور سے حاصل ہو جائے اللہ عز وجل کے قرب مین حیاتی اور اس کا علم حاصل ہوتا ہے۔ اگر یہ پرندہ یعنی روح اڑ جائے تو اسے کچھہ پروا نہین ہوتی۔ قیامت قائم ہو یا نہ ہو موت پیدا ہوجائے یا نہ اس کا اور ہی شغل ہی وہ خدا تک پہنچگیا اور احکام اسکے نزدیک حفاظت کیے گئے اور نگاہ رکھے گئے ہین۔ پاک ہے وہ جس نے تم کو حکم سے چلایا علم کے ساتھ خوش بیان کیا۔ اگر تم مین سے کوئی مکر صالحین کے لباس اور صوف کو پہنتا ہے تو وہ ہمارے نزدیک کافر ہے۔ بندہ اپنے کسب سے کھاتا ہی حتی کہ جب اسکا ایمان قوی ہو جاتا ہے تو اسپر کسب سے کھانا حرام کیا جاتا ہے اور اسکو کہا جاتا ہے کہ تکوین کا خزانہ کھول دے علم کے خزانون سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تفرغوا من هموم الدنيا ما استطعتم جہانتک ہو سکے دنیا کے غمون سے فارغ رہو موت اور اُسکے بعد کے حالات اور پلصراط اور اُسکے بعد کے حالات کو زیادہ یاد کر آخرت کا۔ اسکی نعمتون اور عذابون کو ذکر کر۔ دلون اور اسرار کو پاک کرنے اور نفسون سے لڑنے اور شیطانون سے مقابلہ کرنے کیساتھ اللہ عز وجل مین مشغول اور دنیا سے اللہ عز وجل کے لیے ہو جاؤ اور اُسکے ہو رہو۔ توحید کیا ہے خلائق کا نابود کرنا اور انقلاب طبع سے فرشتونکی طبیعت پر منتقل ہونا۔ پھر فرشتونکی طبیعت سے فنا ہو کر رب عز وجل سے ملجانا۔ تاکہ وہ تجھے پلائے جو پلائے اور ایسے علمون کے ساتھ اسکے نزدیک متحقق ہو جو عمل ظاہر پر درجہ رکھتے ہین۔ اسلام ظاہر ہے اور ایمان اسکی [illegible] ہے۔ پھر اُسکے بعد اللہ عز وجل کی معرفت پھر اللہ عز وجل کے ساتھ موجود رہنا پس جب تو اُسکے ساتھ موجود ہو تو وہی [illegible] مومن اپنے کسب اور سبب سے کھاتا ہے اور جانتا ہے کہ یہ اللہ عز وجل کیطرف سے ہی پھر جب قوی ہو جاتا ہے اپنے توکل سے کھاتا ہے اور اسے اللہ عز وجل کی طرف سے دیکھتا ہی۔ اور دوسری نظر بھی اُسپر نہین پڑتا۔ اگر وہ ہزار سال دجلہ مین بیٹھا رہے اس کا دل اللہ عز وجل کیسا متعلق ہوگا۔ تجھپر خدا رحم کرے نصیحت پکڑلے۔ تو کس چیز سے [illegible] ملیگا حالانکہ تو اُسکی قضا اور تقدیر مین اس کا معارض ہے معارضہ نکر اور نہ جھگڑ حضرت عزیز علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے پیدا کرنے میں اپنے رب عز وجل کا مقابلہ کیا کہ

Marfat.com

کس طرح مخلوقات کو پیدا کرتا ہے پھر عذاب دیتا ہے۔ اللہ عزوجل نے اس کا نام نبوت کے دفتر سے مٹادیا اور معزولی کی حالت میں سو سال اسکو مارے رکھا پھر زندہ کیا اور نبوت کو اسپر رد کیا۔ استغفار کو اپنی زبان کی حقیقت اور اقرار کرنیکو اپنے دل کی خصلت اور سکون کو اپنے سر کی حقیقت بنا۔ ذکر اول زبان سے ہوتا ہے۔ پھر دل کی طرف تجاوز کرتا ہے۔ پھر محبت اور شوق زبان کی طرف تجاوز کرتے ہیں۔ میں مشائخ کی صحبت میں رہا میں نے انہیں سے کسیکو نہیں دیکھا کہ انھوں نے لذیذ چیزوں کو اپنے دانتوں سے چبایا ہو اور مجھے لقمہ نہ دیا ہو۔ مودب بنو۔ اپنے غیر کو سیر ہونے دے اور خود بھوکا رہ۔ تیرا غیر عزت پائے اور تو ذلیل ہو جا۔ تیرا غیر غنی ہو اور تو فقیر۔ میں تمہاری اسلیے تربیت کرتا اور تمکو مہذب بناتا اور تعلیم دیتا ہوں مجھے یقین ہے کہ تم مجھے نفع اور ضرر نہیں پہونچا سکتے اور نہ میرے رزق میں ایک ذرہ کمی اور زیادتی کر سکتے ہو میں تم کو وعظ کرتا ہوں۔ اسکو محکم کرتا اور خود خمگلوں اور بیابانوں میں ہوں۔ شہوات کی پیروی دل کو سیاہ کرتی اور سر کو متغیر کرتی اور دانائی کو دور کرتی اور نیند اور غفلت کو بڑھاتی اور حرص کو قوی کرتی اور امید کو دراز کرتی ہے۔ ای حرص کے قیدخانہ میں قیدی۔ ای خلق کے بندے۔ ای اپنے انجام کار سے جاہل۔ ای خلق اور حق عزوجل سے اپنے فائدہ اور ضرر سے غافل۔ اگر تو نہیں سمجھتا تو موت کو یاد کر۔ کیونکہ اسکا ذکر ہر ایک نیکی اور سلامتی کی چابی ہے جب موت کو یاد کریگا تو فضول امور کو ترک کر دیگا۔ جب تیری حرص کم ہو اور امید کم ہو جائے بس تو والیٰ ہو گیا۔ تیری تمام کام اللہ عزوجل کی کفالت میں آ گئے۔ ای غلام تجھے نجات نہیں تاوقتیکہ تو اسکی نعمتوں کا اقرار کرے نعمتیں تجھے اسکی توحید میں مستغرق کرینگی۔ پھر تو غیر کی رویت سے اسکی توحید میں فنا ہو جائیگا۔ وہ جو اسکی شکایت کرتا اور اس سے مقابلہ اور جھگڑا کرتا ہے وہ کس طرح اس سے محبت رکھتا ہے آئین محبت اور شوق اور اس کا قرب ثابت نہیں ہوتا جب محبت صحیح ہو تو تقدیروں کے نزول کیوقت رنج محسوس نہیں ہوتا جب محبت متمکن ہو جائے تو ... ہے تو جو قدم اٹھاتا ہے وہ قبر کی طرف ہے تو قبر کی طرف سفر کرنے میں ہے بعض ... عارف کو اسکی نیکی قبولیت اور رد اور تعریف اور مذمت روک لیتی ہے جب نفس زائل ہو جائے تو اسکی جگہ اسرار آ لیتا ہے جب دنیا زائل ہو جائے تو اسکی جگہ آخرت ہو جاتی ہے اور جب آخرت زائل ہو جائے تو اسکی جگہ اللہ عزوجل کا قرب ... اسکے قریب انس پاتا ہے اور اسکی طرف راحت حاصل کرتا ... [illegible]

Marfat.com

پھیرا کرتا ہو اور صدقہ تجھے گھر میں داخل کرتا ہی اسیطرح بعض مشائخ نے فرمایا۔ اللہ کی طرف دا سطہ طو کرنیمیں صبر اور نماز
سے طلب مدد کرو۔ وای تنہائی، وای غربت کوئی سالک نہیں۔ اگر حکم کی حفاظت ہوتی تو حضرت یوسف علیہ السلام کا جماع
تمہارے اسرار اور احوال سے ناطق ہوتا لیکن حکم علم کے دامن سے متعلق اور اس سے پناہ لینے والا ہے۔ تاکہ وہ ظاہر ہو کبھی منعم
میں مشغول ہونے کے باعث نعمت سے پرہیز کیا جاتا ہے۔ اور نعمت کو اس سے علیحدہ سمجھا جاتا ہے تاکہ اس نعمت میں مشغولی
ہو جب یہ شغل مداومت کرتا ہے تو وہ اسے مقرب اپنا بناتا اور اسکے ہاتھ میں تکوین کو رکھدیتا ہے میں تمہاری کچھ پروا
نہیں کرتا اور تم سے نہیں ڈرتا ہی وجہ ہے کہ تمہاری دنیا اور آخرت سے در کنار ہوں میں تمہارے درمیان غور
کی تو معلوم ہوگیا کہ تمہارے اختیار میں ضرر و نفع۔ دینا یا روکنا کچھ نہیں اور اللہ ہی تمہارے درمیان تصرف
کرنیوالا ہے۔ اللہ عز وجل کے حکم کے بغیر تم ضرر نہیں پہنچا سکتے۔ اسلیے میں اُسکی طرف رجوع لایا اور دنیا کو میں نے
زائل ہونیوالی چلے جانیوالی تحمل کرنیوالی غیر نہیں پایا پس اُسکے جلدی چلا جانیکے باعث اسکی طرف مائل ہونے
اور اسپر اعتماد کرنیسے کراہت کی اور آخرت میں میں نے ایک ساعت توقف کی اور اُسکے حال میں غور کیا پس مجھے اُسکا
سبب معلوم ہوگیا۔ یہ کہ وہ نو پیدا اور مشترک ہی ہے اور دیکھا کہ خدا نے اس میں نفس کی شہوت اور ان چیزوں کو جو
آنکھوں کو اچھی لگیں اور جن سے آنکھیں لذت پاتی ہیں جیسا کہ فرماتا ہے وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ (اور
وہاں وہ چیزیں ہیں جنکو نفس چاہتے اور جن سے آنکھیں لذت پاتی ہیں) پس میں نے کہا کہ دلی شہوت کہاں ہے اور اس سے
روگردانی کرنے اسکے مولی اور پیدا کرنیوالے اور بنانے والے اور ناپید کرنیوالے کی طرف متوجہ ہوا جب انسان اللہ
عزوجل سے دور رہے تو اسے جہالت کے بدلے علم اور بعد کی عوض قرب اور خاموشی کے بجائے ذکر اور وحشت کی عوض
انس عطا کیا جاتا ہے۔ ای نفس و ہوا اور طبع اور ارادہ کے بندو۔ اگر تم توحید اور خلق کو
چھوڑ دینے اور مخلوق سے قطع کرنیکو اختیار کرو تو اچھا ہے میں تم سے جبتک تم خدا کے نہ ہو
جاؤ نہیں ملونگا۔ تمہیں قسم ہے کہ بالکل نہ کھاؤنگا نہ پیونگا اور جب مرجاؤنگا تو اپنے سر کیساتھ
حق عزوجل کی طرف اٹھاؤنگا۔ ہمارے نبی کے دین کی دیواریں گرگئی ہیں کسی بنانیوالے سے فریاد کرتی ہیں انکی
بنا کا پانی خشک ہوگیا ہے کہ رب کی پرستش نہیں ہوتی۔ اگر ہوتی ہے تو ریا اور نفاق سے کون ہے جو دیواروں کو
پھر اکرنے اور نہر جاری کرنے اور اہل نفاق کو ہلاک کرنے میں مدد کرے۔ میں اس علم سے گفتگو کرتا ہوں جسکو ضبط

ملکیت نہ بیان کر سکتے ہیں۔ نہ جانتے ہیں وہ کسی پر ظاہر نہیں کیا جاتا ... ہیں انکو شیطان نہیں دیکھتا تاکہ بگاڑے
اور نکوئی بادشاہ اسپر غالب ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کوہ طور کی قسم کھائی ہے اسلیئے کہ اپنے حبیب اور کلیم سے اسپر کلام کیا اور اپنی
تجلی دکھائی جب دل حق عزوجل کو پہچان لے تو اسکی گنجائش رکھتا ہے یہانتک کہ جن و انسان اور فرشتے اسمین سما جاتے ہین
حتی کہ جب کوئی ایسی شے جو مانع ہو یا وہ اسے دیکھے ... تو وہ ... ہوجاتا ہے کیا تو نے موسیٰ علیہ السلام کے
عصا کی بابت نہیں سنا کہ بہت سی لاٹھیوں اور رسون کو بوجھون کو نگل گیا اور ویسے کا ویسا ہی رہا کامل ملاح نے امام
حسن بصری سے پوچھا جب عالم زاہد ہو تو وہ اپنے زمانے والوں پر عذاب ہے۔ انپر عذاب کیون ہوا۔ آپنے فرمایا آپسے راضی ہو
فرمایا اسلیئے کہ وہ بے عمل اور بے اخلاص بولتا ہے پس انکے دلونمین اُسکے کلام کی تاثیر نہیں ہوتی اور نہ وہ ثابت رہتی ہے
وہ سنتے ہیں اور عمل نہیں کرتے۔ دل جب صحیح ہو اور علم کے نور سے منور ہو تو اُسکے نور سے خلقت کے گناہون کی آگ اسطرح
بجھ جاتی ہے جس طرح کہ مومن کا نور دوزخ کی آگ کو اسپر گذرنے کے وقت بجھائیگا۔ بزرگون کا قول ہے کہ گوشہ نشینی نفس شہوات
اور خلق کی مخالفت اور رفیق سے کامیاب ہونا پھر بیٹھنا ہے۔ خلوت آخرت کی راہ ہے اور نفس راستہ مین رفیق ہونیکی
صلاحیت نہین رکھتا اسیطرح ہوا کا حال ہے وہ گمراہ کرتی ہے اور شیطان دشمن ہے ساتھ ہونیکے لائق نہین اور شہوتین نفس
اس رستہ مین تیری دانائی کی آنکھون کو اندھا کردیتی ہیں اور خلق راہزن ہے ... ہوا کو خلوت کے دروازہ پر
چھوڑ پھر تنہا ہو کر داخل ہو تجھے خلوت مین انس ملجائیگا۔ حواریون نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کہا ہمکو علم کیا پڑھایئے۔
آپنے فرمایا۔ اللہ عزوجل سے ڈرو اور اللہ کی قضا پر راضی ہو اور اللہ کے ... محبت کرو ... خلوت
مین گناہ کرنا اور عبادت اور پرہیزگاری کون ... تجھے کچھ ... نہین۔ تجھپر افسوس ...
کی مثال ایسی ہے جیسے کہ کسی خراسانی آدمی کو کوئی قریبی رشتہ دار ... عراق مین ... تھا ہوا ... اور
بہت سا مال چھوڑ جاے اور ... خراسانی کے ... اور رشتہ دار ...
اسے مقام معلوم نہین ملیگا یا نہین۔ تم ... ہو تمہارے ... اور ... کو کلام سلامت رکھنی ہی
ہمیں ... ہم اُسکے بغیر کلام نہین کرتے۔ دل نفس کی ... دور کرتا ہے ... اللہ عزوجل کی ...
لئے جب تیرے دلمین ایک آدمی کی محبت اور دوسرے کی دشمنی ہو تو کیا کرتا ہے اپنی طبیعت سے محبت اور دشمنی
رکھنا ہے کچھ نہین۔ ہمکو قرآن اور حدیث ... اگر ...

Marfat.com

صحت کا فتوی دین تو اپنے دل کی طرف رجوع لا جب دل قرآن اور حدیث پر عمل کرے تو مقرب ہوا اور جب مقرب ہوا عالم ہو گیا اور جب عالم ہوا تو اپنے ضرر اور نفع کو پہچان لیا اور اسکو بھی جو حق عزوجل کے لیے ہی اور اسکو جو باطل کے لیے ہی اور جو شیطان کے لیے ہی اور جو رحمان کے لیے ہے پہچان لیا وہ رب عزوجل سے اپنا قرب اور رب عزوجل کا قرب اپنی پاس ہمیشہ دیکھتا ہی وہ رحمان عزوجل کیساتھ خوشی مین رہتا ہے۔ وہ بادشاہ کا دلال ہوتا ہے خریدتا ہے اور خلق پر تقسیم کرتا ہے۔ جب تو یہان تک داخل ہو تو علم کے لباس کو اتار ڈال اور برہنہ ہو کر داخل ہو اور اسیطرح زہد اور پرہیزگاری اور اپنے احوال کا لباس اتار ڈال کیونکہ جب تو جہپر اس قسم کا لباس پہنے ہوئے داخل ہوگا تو اس سے جو اسجگہ ہے محجوب رہیگا اپنے جسم سے یہ لباس اتار ڈال اور داخل ہو کر جو یہان ہے اسکو پہن لے وہ تجھسے فوت نہوگا مین بعض مشائخ پر داخل ہوا اور وہ کلام کرتے تھے انھون نے پوچھا کیا تو اسحال سے جسپر ہم ہین محبت رکھتا ہے۔ مین نے کہا ہان۔ ایک نے کہا مین تمام زمانہ روزہ رکھتا ہون اور ہر صبح افطار کرتا ہون اور اس شہر کا طعام طیب نہین اس سے پرہیز کر۔ سری سقطی رح نے جنید رح کو وعظ کہنے کا اشارہ کیا پس جنید رح نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ آپ نے بہی اس کا امر کیا جب سری سقطی ملے تو انھون نے فرمایا۔ ای جنید تو نے ہمارا کہنا مانا حتی کہ تجھے اس درگاہ سے امر ہوا۔ تجہپر افسوس تو وعظ کرتا ہے اور تیرے اعمال بد ہین۔ روئے زمین پر اور نہ آسمان پر اور نہ دنیا اور آخرت مین سوائے حق عزوجل کے کوئی ایسا جس سے مین ڈرون اور امید رکھون کسی صالح سے پوچھا گیا۔ کیا تو اپنے خدا کو دیکھتا ہے اسنے جواب مین کہا اگر مین نہ دیکھون تو یہ امکان گرجاتا۔ آپ سے پوچھا گیا کسطرح دیکھتا ہے کہا اسکے وجود کی آنکھین بند ہوتی ہین پس دل اپنے خدا کو دیکھتا ہی جیسے کہ وہ اپنا دیدار آپ جنت والونکو جنت مین جسطرح چاہیگا دکھلائیگا۔ اس کا دل دیکھتا ہے اسکی صفتون اور احسان اور لطف اور عنایت کو دیکھتا ہے۔ ابو القاسم جنید رضی اللہ عنہ فرماتے تھے۔ جہپر تجھسے کیا ہے صوفی وہ ہے جو [illegible] ہو اس کا دل اسکے اور رب عزوجل کے درمیان سفیر ہو نا ہی کوئی صوفی نہین بنتا جبتک کہ نبی صلی اللہ علیہ [illegible] کو اپنی [illegible] فرماتے اور امر کرتے اور نہی کرتے ہوئے نہ دیکھے اسکا دل ترقی پاتا ہی اور اسکا سر بادشاہ کے دروازے پر حاضر ہوتا اور اوسکا ہاتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مین ہوتا ہی۔ اول حضرت آدم علیہ السلام نے سریانی زبان مین کلام کیا اور قیامت کے روز لوگونکا حساب سریانی زبان مین ہوگا اور جب جنت مین داخل ہونگے تو عربی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مین کلام کرینگے بعض بزرگون نے فرمایا جب انسان اللہ تعالے کی فرمانبرداری کرے تو وہ اسے معرفت عطا کرتا ہے اور جب نافرمانی کرے تو اس سے چھینتا نہین تاکہ قیامت کے روز

Marfat.com

اسپر حجت قائم کرے۔ فرشتے کی طرف سے مومن کے دلمین خاطر آتا ہے اور اسکے پاس توقف کرتا ہے مومن اُس سے پوچھتا ہی تو کون ہے اور کہان سے آیا ہے وہ جواب دیتا ہے مین نبوت الٰہی سے تیرا پہرہ ہون میرا حق ہون مین جبیب کی طرف سے ہون مین رقیب نگہبان کی طرف سے ہون یہ خاطر اُسکے باطن اور سمع و بصر کو پُر کر دیتا ہے۔ اسکو خلوت دوست بنا دیتا اور اسے وطن کے قید سے نکال دیتا ہے۔ پہر اُسکے پاس امر آتا ہی اور اسے کسیقدر لرزہ دیتا ہی پہر اور بہی اُسے لرزا تا ہے حتی کہ سکوت کا دورہ آجاتا ہے۔ پس جب سکوت آتا ہے ہمیشہ خاموشی رہتی ہے۔ گویا کہ وہ اپنے کانون کو کسی طرف جو اُس سے بات کر رہا ہے جہکائے ہوئے ہے ایک شخص دنیا سے کچہہ مانگنے کے لیے کہڑا ہوا آپنے اسکو ٹہا دیا اور فرمایا کہ مین تجھے دنیا پہر آخرت سے پرہیز کرنے اور اللہ عز وجل سے سوال کرنیکا امر کرتا ہون پرہیزگاری کر تاکہ تجھے حق عز وجل عطا کرے اور تو نہ لیوے اللہ عز وجل نے حضرت عیسی علیہ السلام کی طرف وحی کی۔ ای عیسی مجکو ہاتھ سے دینے سے بچا رہ اور موسی علیہ السلام نے اپنے رب عز وجل کے آگے عرض کی۔ ای خدا مجہے وصیت کر۔ فرمایا۔ مین تجھے اپنی وصیت کرتا ہون۔ پہر عرض کی مجھے وصیت کر فرمایا۔ مین تجھے اپنی وصیت کرتا ہون اسی طرح چار مرتبہ سوال کیا اور جواب یہی تہا کہ مین تجھے اپنی وصیت کرتا ہون۔ کچہہ اعتبار نہین تاوقتیکہ تیرے وجود کا بیضہ تجہسے پہٹ جائے اور شرع کا بازو تجھے اپنے ساتھ ملا دے اور تجہہ مین اسوقت آواز اثر کرے اور تو فضل کے دانے چگے اور اُسے اثر پذیر ہووے۔ مراد اس سے یہ ہے کہ تو لوگون کو وعظ کہنا اور انکو اللہ عز وجل کی طرف بلانا چہوڑ دے حتی کہ تجہہ مین اللہ کی طرف سے جاذب موجود ہو۔ اور تجھے لوگونکو وعظ کہنے اور اللہ عز وجل کی طرف بلانے کی لیاقت حاصل ہو جائے۔ اس حکم ظاہر کو اسپر عمل کرنے سے محکم کر دے پہر فنا کر دے کہ اُسکے لذیذ قرب اور مناجات سے تمہین کیا حاصل ہوا ہے۔ عوام الناس طعام کے عاشق ہین مین کلام کر رہا ہون اور تو میرے نزدیک عدم ہوا ہے بلحاظ آسمان اور زمین میرے نزدیک معدوم ہین مجھے سوائے اللہ عز وجل کے کوئی نفع اور ضرر نہین

دسوان استرلجنہ کا کلام خذ المرید قبل ان یفطن (مرید کو پیشتر اسکے کہ وہ صاحب فطانت ہو جا پکڑ) سے کیا مراد ہے۔ آپنے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اسکو عبادت اور نماز اور روزہ مین اجتہاد کرنے سے پیشتر اس سے کہ وہ اُسکے قرب اور لطف سے واقف ہوئے بیل وہ اسے مقرب بنا اور اسپر لطف کرے وہ اپنے حلم سے سست ہو جائیگا قبل اسکے کہ وہ شرک اور اُسکے اسباب سے واقف ہو

Marfat.com

تو اس طریق کو طلب کرتا ہے اور ہم تجھے بلاتے ہیں انہیں سے ہر ایک شغل رکھتا ہے۔ کوئی تو جاہ اور درہم کا بندہ اور کوئی اپنے غلبہ کا بندہ۔ اور کوئی اپنے نفس اور کپڑے کا بندہ انہیں سے ہر ایک کا شغل ہے کوئی روزے رکھتا ہے اور کوئی نماز میں۔ اور کوئی روایت میں۔ اور کوئی دوزخ سے ڈرتے ہیں اور کوئی بہشت سے محبت رکھنے میں مصروف ہے وہ شخص جس کا دل اللہ عزوجل کے ساتھ اور اللہ سے متعلق ہے اور وہ خلق سے پرہیز کرتا ہے وہ اسکے دین کی مدد کے لیے کھڑا ہوا ہے۔ دنیا میں تلاش کرو اگر تم کو ایسا ملجائے تو اس سے تعلق پکڑو مومن کا بشارت اسکے چہرے میں ہے اور اسکا غم اسکے دلمیں پھر اسکا عکس ہوتا ہے۔ اسکا غم چہرے میں ہوتا ہے اور بشارت اسکے دلمیں چہرے میں غم کی خلق کی ادب کے لیئے اور اسکے دلمیں بشارت ظاہر ہے قضا او قدر انکی طرف ہنستی ہے اُنسے خوش ہوتی ہے۔ دنیا مومن کا قید خانہ ہے وہ اسکا قید خانہ ہے جبتک وہ مومن ہے پس جب اُس کا تقویٰ ہمیشگی کرتا ہے اس سے نکلتا ہے یعنی اپنے قید خانہ سے اسکی تنگی سے باہر آتا ہے وَمَن يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (اور جو اللہ سے ڈرے وہ اسکے لیے فراخی کرتا ہے اور اُسے اوس جگہ سے رزق پہونچاتا ہے جو اوسکے گمان میں نہ تھی) اس سے اُسکے وجود کا بیضہ پھٹ جاتا ہے۔ وہ حکم کے وانے چنتا ہے۔ قرب کے بازو اُسے ہیں وہ اپنی طرف اسکو بلاتا ہے وہ صاحب اطباق ہے وہی صاحب دفتر ہے۔ اے احمق تیرے ساتھ برق ہے جسے ثبات نہیں۔ تیرے ساتھ عرض ہے جیسے آتی ہے ویسے چلی جاتی ہے تو ہزار مرتبہ کی فنا اور موت کا محتاج ہے پھر انجام کار ثابت رہیگا جس طرح رات اور دن آتے رہتے ہیں تو ہمیشہ رہیگا اور متغیر نہ ہوگا۔ تو آرزو کرے گا اور اپنے سایۂ میں سایۂ رحمت سے سخاوت کریگا بعد اسکے کہ تو ساتوں زمینوں کے نیچے پہنچ ہوجائیگا نہ صرف اسی ایک کے لیے مدعی نہ بن اگر تجھے ایک مچھر کاٹے تو تیرے لیے قیامت قائم ہوتی ہے۔ رات کے کھانے سے ایک لقمہ نہ ملے تو قیامت قائم ہوتی ہے۔ اس حالت کو بلا تاکہ تجھمیں داخل ہو اور تیرے دل سے نکل کر تیرے نیچے اُڑنے کے لائق ہوجائیں تو اپنے سر کے منبر پہ چڑھے خواب میں مشرق و مغرب تک چلا جا دریا و خشکی میں پہونچے۔ فقیر کے لیے لائق ہے کہ قناعت کی ازار پہنے اور عزلت کی چادر اوڑھے تاکہ حق عزوجل تک پہونچجائے اور صادق کے قدموں کے ساتھ قرب کا دروازہ تلاش کرتے ہوئے دنیا و آخرت اور خلق اور وجود سے بھاگتے ہوئے دوڑے حق عزوجل کی عنایت اور مہربانی اور رحمت اور اس طرف کا شوق اور جذبات اور نظر عنایت اور اس کا فخر کرنا

له غرض وہ ہے جو غیر کے ساتھ قائم ہو خود اُسکا وجود مستقل نہو ۱۲

Marfat.com

اور انبیا کی ارواح اور فرشتے اسکا استقبال کریں فرشتے اور نبیوں اور رسولوں کی ارواح اسکے ساتھ ہوں اور اسکا
سنوار کر خدا کیطرف لیجائیں آی دلوں کے مردو تمہارا ساجنت کو طلب کرنا خدا سے مانع ہے دور رہو جاؤ دور ہو جاؤ۔ باز آؤ۔ باز آؤ
امید کو کوتاہ کرتا کہ تیرا دل قریب ہو اور تیرا سر خلق سے صفا اور حق کی طرف قریب ہوجائے اور تو اپنے مقدر کو پڑہے اور
سطر سطر پر واقفیت حاصل کرے اور کلمہ کلمہ اور حرف حرف کو مع وقتوں اور زمانہ اور ساعتوں اور لحظوں سے جان لیوے اور
تجھے اپنا مرجع معلوم ہو جائے جسوقت تجھے خوف اسکی طرف جذب کر قریب اسے تیرے پاس کھینچ لائیگا اسوقت تیبات
ہی کچھ پرواہ نکر عمر لمبی ہو یا کوتاہ قیامت ہو یا نہ ہو خلق تجھسے محبت کرے یا دشمنی تجھپر عطا کریں یا محروم چھوڑیں فرماکر
آپ چلاتے ہوئے اٹھے اور اپنے چہرہ کو ڈہانپا پہر پردہ اٹھایا اور کہا یَا نَارُ کُونِی بَرْدًا وَّ سَلَامًا ای آگ سرد
اور سلامت ہوجا، ای خدا ہمارے بہیدونکو ظاہر نکر پہر بیٹھ گئے اور فرمایا سفیان ثوری نے فضیل بن عیاض کو
خدا اون دونوں سے راضی ہو۔ کہا آؤتا کہ ہم اللہ کے علم پر جو ہمارے درمیان ہے روئیں وہ خوف کرنیوالے ڈرنیوالے تھے
پہ تو تن ما تو قلد بہ دجلہ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں اور دل انکے ڈرتے ہیں وہ ڈر گئے تا کہ ایسا نہو کہ انکے عمل مقبول نہ ہوں
برے انجام ہو اور حضرت امام احمد خدا اون سے راضی ہو۔ فرمایا کرتے تھے یہ صرف لباس ہے سوائے لباس کے اور طعام ہے
سوا طعام کے اور چند روز ہیں۔ ای غلام خلق کی منت کا دروازہ بند کر پہر تیرے لیے حق عز و جل کی منت کا دروازہ
کہولا جائیگا پہر آپ کہڑے ہوئے اور اپنے سینے پر ہاتھ رکھکر اپنی پستانونکو پکڑے ہوئے کبھی دامیں اور کبھی بائیں ٹہلنے لگے
پہر بیٹھ گئے اور فرمایا۔ ای اندہے کھلے دروازے میں داخل ہوجا۔ یہ دو دروازے میں ایک کہلا ہوا اور ایک بند اس کہلے
ہوئے میں داخل ہوجا سنت کے موجب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شرع کو زندہ کرنیکے لیے سبب کیساتھ ہو پہر سبب کی طرف
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حال میں آپکی پیروی کرنیکے لیے کسب سنت ہے اور توکل آپکی حالت ہے پہر اگر تجھے اللہ
ہوکر اپنے سے فانی ہوجائے تو ہوجا نہ سبب کے ساتھ ہو نہ حال کیساتھ کل کام حق کے سپرد کر وہ تجھے
اور مقرب بنائیگا بلکہ تجکو ایسی چیزیں عطا کریگا جنکو تو نہیں پہچانتا وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ اور خدا جانتا ہے
اور تم نہیں جانتے اوسکی قدر کی موجوں کو تسلیم کرتے ہوئے جہاں تو گریگا اللہ عز و جل کے فضل کو اٹہائیگا جہ طرف
متوجہ ہوگا پس ہاں موجود ہے ذات اللہ کی تو نے اسکے قرب اور عنایت اور انس اور رحمت کو دیکھ لیا۔ دولتمند کی
مثال اندہے کی مثال ہے جسکے پاس کئی طبقوں میں کہانا آتا ہے اور اسے اسکی جہت نہیں معلوم ہوتی جب اسکی

Marfat.com

جان لیتا ہی اس جہت کو طلب کرتا ہی اور باقی تمام جہات کو بند کرتا ہی اسی طرح یہ انسان جب پہچان لیتا ہی کہ خدا ہی عمل
کرنیوالا ہی وہی دینے والا اور وہی اسکو اسکی طرف بھیجنے والا ہے تو اسکا دل اللہ تعالی سے تعلق پکڑتا ہی تیرا نفس تیری
معشوقہ ہی اگر تو جان بوجھے کہ وہ تیرا دشمن اور قتل کرنیوالا ہی تو ضرور اسکی مخالفت کری اسے طعام اور شراب کو روکے
مگر اسقدر قلیل کو جو اسکے لیے ضروری ہی اور اسکا حق ہو تیرے لیے گوشہ نشینی لائق نہیں بلکہ بازار مناسب ہی تجھے
صلاحیت نہیں کہ اللہ تعالی کے اسرار پر اطلاع پاسکے وہ جو اللہ تعالی کے اسرار پر مطلع ہوتا ہی وہ گونگا ہوتا ہی۔ وہ
شخص جو اپنی سر پر قابو نہیں رکھتا اور حکم اور علم کو جمع نہیں کرسکتا چاہیے کہ خلقت سے علیحدہ رہی اور چاہی کہ اسکا
ٹھکانہ غار میں اور دریاؤں کے کنارے اور جنگل اور میدان میں ہو بھگوانی بادشاہ کا کوڑا ہی اسے ادب دیتا ہی آپنے
بدبختی اور فاقہ کے وقت میں فرمایا۔ تجھپر افسوس دنیا اور آخرت کو طلب کرتا ہی اور محبت کا دعوی کرتا ہی۔ ای احمق محبت کا
مدعی بنکر اس سے ضرر کو دفع کرنے اور نفع پہنچنے کا سوال کرتا ہی علیحدہ ہو تو اولیا سے نہیں ہی تو خلق کا بندہ ہی نفس اور ہوا اور
شہوات کا بندہ ہی تمہاری کسوٹیاں ہمارے پاس ہیں ہمارے پاس صراف اور پرکھنے والے ہیں۔ ای مدعی یہ کیا
تو بے موقع بات کہتا ہی دعا کا موقع ہوتا ہی کلام کرنیکا وقت اور ہی اور خاموشی کا اور دیکھنے کا اور حال اور جسم اور فہم
اور عمل کرنیوالا کہاں ہے تاکہ ہم اسکی صحبت میں رہیں صدیقوں کے لیے ہر وقت عبادت بڑھتی ہی جو منعم کے
شکر کے باعث وہ انپر واجب ہوتی ہی۔ نعمتوں کا عبادت اور شکر سے مقابلہ کرتے ہیں وہ تجھے تھوڑے حلال کا امر کرتا ہی
اس حلال کو کم تناول کر۔ اگر تو زیادہ کریگا تو تجھے اسکا لینا اس مباح کے لینے پر جو مسلمانوں میں مشترک ہی برانگیختہ
کریگا۔ اور اگر تو اسے لیگا تو وہ شبہہ کے لینے تک پہنچائیگا اور شبہہ حرام ہی اور حرام دوزخ کیطرف لیجانیوالا ہی تو
وہ ہی جو حلال سے پرہیز کرتا ہی لیکن حرام سے پرہیز کرنا کہ نہایت ضروری ہی پس واجب ہی کبھی پیر حکم الٰہی آتا ہی پس
اسکے اٹھانے سے عاجز رہ جاتا ہے جیسا کہ والدہ کے پاس جب بیٹے کے مرگ کی خبر آتی ہی وہ چلاتی اور اپنے کپڑوں
پھاڑتی ہی عقل اسکے اوٹھانے سے عاجز رہجاتی ہے۔ مراد اس سے سماع اور وجد ہی ہم لوگوں کے ساتھ دعا سے ملتے
جلتے ہیں اور انکی موافقت کرتے اور دعا کیساتھ انسے معاشرت کرتے ہیں اور ہمارے دل ٹھنڈی اللہ وعدوں کے
دیکھتے ہیں فضل کے طعام کو کھاتے ہیں یہانتک کہ ثابت ہو جاتے ہیں اپنے ارادہ پر پہنچکر کہ تو حق عز وجل کے
ارادہ پر کامیاب ہو جائیگا محبت کی شرط مشیت اور ارادہ کو ترک کرتا ہی اسحال میں کہ تو ایسا ہوگا تیری زبان بولیگا

Marfat.com

اور کان سنینگے اور آنکھیں کہلجائینگی لطف اور کرامتیں آئینگی اور اسرار کی صفائی ہوگی اور جو ہو کر آئینگی خادم اور
نوکر آئینگے سب تیری خدمت کرینگے اور کل تیری تعریف کرینگے اور خدا تیرے ساتھ فخر کریگا اللہ عزوجل نے فرمایا ہے
وما اتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا اور جو رسول تمہارے پاس لائے اسکو پکڑو اور جس سے
منع کرے اس سے باز رہو ۔ اللہ عزوجل اور اسکے رسول کے امر کی فرمانبرداری کرو۔ اپنے عمل کرو اس راہ میں حیل اور وہم کی
گنجائش نہیں مگر انت انت تو تو ہے وہی اول ہے وہی آخر وہی ظاہر ہے وہی باطن اور آپنے خدا آپ سے راضی
اللہ عزوجل کے فرمودہ والسماء والطارق قسم ہے آسمان اور رات آنیوالے کی بابت فرمایا۔ اللہ عزوجل نے
آسمان اور طارق کی قسم کہائی ہے ۔ طارق کون ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اول آپکی ہمت نے عروج کیا۔
پھر آپکے جسم نے ساتویں آسمان تک اور خدا سے ہم کلام ہوئے اور سر کی آنکھوں اور دل کی آنکھوں سے اسکو دیکھا تھا
چونکہ آپکو وہانتک سیر کرنا تہا آسمان پر چڑھ گئے زمین میں اسکو دل کی آنکھوں سے دیکھا اور آسمان پر سر کی آنکھوں سے اسیطرح
جسکا دل صحیح ہوتا ہے وہ دل سے اپنے خدا کو دیکھتا ہے اور اسکے اسرار اور آسمان کے درمیان کے حجاب اُٹھ جاتے ہیں
اور ہمتیں رات کو چلتی ہیں اور اسرار سیر کرتے ہیں صدیقوں کے سینے رب العالمین کے اسرار کے نوروں سے روشن ہیں
مومن کی فراست سے پہر جو دل جب قریب ہوجاتا ہے ایسا آسمان بنجاتا ہے جسمیں علم کے تارے اور معرفت کا سورج
چمکتا ہے فرشتے اُنکے نوروں سے روشنی طلب کرتے ہیں کوئی نفس نہیں مگر اُسپر اللہ تعالی کیطرف سے نگہبان ہے جو شیطان
کے جہپٹنے سے اُسکو حفاظت میں رکھتا ہے اور بہت کم فرد ہیں جنکی محافظ صفیں باندھکر خلقت کی جفا کیلیے
کھڑے ہوتے ہیں) واللہ من ورائہم محیط اور اللہ انکے پیچھے گھیرنے والا ہے تو نصارا اور بلاد تونے اپنے گھر کو خراب
کردیا اپنے مکان میں گردش کرنیسے نہیں ملتا گویا کہ تو خراس کا اونٹ ہے شاید تجہپر کسی اللہ کے دوست نے
بددعا کی ہے تیری بصیرت کی آنکھیں اندہی ہیں تونے خدا کو بھلایا پس خدا نے تجھے راستے میں بھلا دیا
میں بیماری حل ٹھہر گئی ہے تیرے رنج زیادہ ہوئے اور تیرے قصد کے بازو ٹوٹ
ہوا انکڑا ہے تو تصدیق کا محتاج ہے جو تیرے لیئے بعد تیرے دامن کا اقرار کرنے کی دعا کرے۔ اولیا ایک تنہا جانس کرتے
پھر فرشتوں کے ساتھ تو جب ان سے انس کریگا تیرے لیئے اور دروازہ کھولا جائیگا جب تو مخلوقات میں سے انسانوں کے ساتھ انس کرے
پھر وہ اسکو بند کردے تو تیرے لیئے جنوں کے ساتھ انس کرنیکا دروازہ کھولا جائیگا جب اسکو بھی بند کرے تو فرشتوں کے

Marfat.com

اُنس کرنیکا دروازہ کہولا جائیگا۔ چیز پس بنا تہا کچہ اثر نہیں کرتی گراپنی طبع سے نہیں جلاتی اور نہ پانی بالطبع سیر کرتا ہی
نمرود کی آگ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نہ جلایا اَبو مسلم خولانی رحمۃ اللہ علیہ جب آگین ڈالے گئے تو نہ جلے
سمندر کو آگ نہیں جلاتی جب تو اپنے عمل نہیں اخلاص کرے تو خلق سے خالص ہو اُسکے درمیان سے نکل آئیگا تو حق عزوجل
سے تب ملیگا جب آپ سے نکلے اور اس عزوجل کو طلب کرے۔ اس مسافر آدمی کیطرح جو کوچہ کے دروازہ میں داخل ہوا
اپنے دوست کی تلاش کرتا ہی انتہا تک پہنچکر پہر ابتدا کی طرف لوٹتا ہی اسی دروازہ کا پتہ نہیں ملتا۔ اور صدیق اوسکی
طرف دیکہہ رہا ہی حتی کہ جب اُسکی حیرت کو دیکہا تو محبت نے جوش کیا اور اُسکی طرف نکلا اور اس سے گلے ملا اور اپنے ساتہہ ملا لیا
جسطرح حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بہائی ابن یامین سے کہا کہ مین تیرا بہائی ہوں اللہ نے دلکی زمین معرفت اور خدا کی
علم کی جگہ بنائی ہی رات اور دن میں تین سو ساٹہہ مرتبہ اوسکی طرف نظر فرماتا ہی اگر دلکو ایسی جگہ نہ بناتا تو پہٹ جاتا
اور چور چور ہوجاتا۔ دل جب صحیح ہو اور حق عزوجل کا قرب حاصل کرلیوے تو اُسکے درمیان حکمت کی نہرین مخلوق کی
نفع پہونچانیکی خاطر جاری ہوجاتی ہیں انکو دین کا مضبوط پہاڑ بنایا ہی جن میں سے بڑا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت
ہی اور چہوٹا صحابہ رضی اللہ عنہم کی جگہہ اور اس سے چہوٹا تابعین کی جگہ۔ انہوں نے جو کچہہ کہا ظاہر اور باطن میں
آپکے قول اور فعل کی تابعداری کے لیے اُسپر عمل کیا۔ ان سے نبیوں کی آنکہیں ٹہنڈی ہوئیں اور اللہ
عزوجل نے ان سے فرشتوں میں فخر کیا۔ بشارت ہو اُسکے لیے جسنے انکی تابعداری کی اور اُنسے دنیا اور عیال
کے بوجہہ کو خفیف کیا اولیاء کو شغل ہی جو کسب کرنیسے روکتا ہی وہ خلق کی مصلحتوں کے لیے قائم ہیں لوگ انکے نزدیک
اولاد کی طرح ہیں وہ دنیا سے تعلق نہیں رکہتے اور دنیا اپنے آپکو انپر پیش کرتی ہی اور وہ اس سے اعراض کرتے ہیں جو
ہاتہہ میں ہی تیرا نہیں بلکہ مشترک ہی ہمسایے تیرے شریک ہیں۔ تیرا کسب یعنی کمانا مواخذہ اور پکڑنے کے لیے
تیرے ہاتہہ میں لکہا ہی وانفقوا مما جعلکم مستخلفین فیہ لینظر کیف تعملون اور اسمیں سے جسمیں تمکو خلیفہ
بنایا ہی خرچ کرو تاکہ وہ دیکہے کہ تم کسطرح عمل کرتے ہو اپنے ہمسایوں سے مواسات کر فقیروں کو کہانا کہلا تحقیق صدیق
گہر تنگ ہی اور اسکا صحن فراخ وہ کہاں ہی جسنے خلق کا دروازہ بند کیا اور خدا کے دروازے پر کہڑا ہوا اور اپنی
حاجتیں اپنے خدا کے آگے پیش کیں۔ اسباب کو قطع کر اور لوگوں کو چہوڑ پہر دیکہہ کیا دیکہتا ہے اُسکے دروازے
پر کہڑا ہو اور رنجوں پر صبر کر لیہ کر تکیہ لگا اسطرح کہ اسکی قدر اور قضا قطع کرے اور نہ تجہے رنج معلوم ہو

Marfat.com

سوقت تو عجائبات دیکھیگا تکوین کو دیکھیگا کہ وہ تیرا حال کسطرح بتاتی ہی اور رحمت تجھے کسطرح پالتی ہی اور محبت تجھے کسطرح ترقی دیتی ہی تمام مدار حاجت کے بعد خاموشی پر ہی اور یہی حالت ہی جسمیں حق عزّ وجل بندیکے ساتھ ذکر تاہی اُسپر خلق اسباب کی پستان حرام کردیتا ہی۔ اُسکو اپنے قرب کی طرف اپیلاتا ہی جب خدا حاصل ہوجاتے تو اُسکے لطف کی خوشبو کفایت کرتی ہی رنجوں کی خوشبو کفایت کرتی ہی اُسکی رحمت کفایت کرتی ہی امن یجیب المضطر اذا دعاہ دروہ کون ہی جو مضطر کی دعا قبول فرماتا ہی جب وہ اُسے پکارے) تجھے مضطر کرتا ہی تاکہ تو اُسے پکارے دعا میں اصرار کرنیکے سبب دیکھتا ہی۔ تیرے سامنے اور دروازے بند کردیتا ہی تاکہ تو اُسکے دروازے پر کھڑا ہوجائے دوستوں نے رب کے دروازے کو کھلا پایا ماں کی طرح اپنے بیٹے پر دروازہ بند کرے اور ہمسایوں کو وصیت کرے کہ دروازہ کھولیں سی مطلب کے باعث جسکا وہ ارادہ رکھتی ہے وہ نکلا اور روتا ہوا شرمندہ ہوکر بیٹھ گیا جس دروازے کیطرف وہ متوجہ ہوتا ہی اُسکو بند پاتا ہی آخر اپنی ماں کی طرف لوٹتا ہی۔ خدا اپنے بندے پر تنگی کرتا ہی تاکہ اسکو اپنی طرف رد کرے اور اُسکا دل خلق میں نہ لگائے سچے فقیر کے لیے ضروری ہی کہ وہ اپنے نفس کی آرام کا سوال نکرے اور اگر ضروری ہو تو اسقدر مانگے جسقدر اُسکے لیے کفایت کرے جب وہ تجھے مقرب بنائے اور مبتلا کرے تو اُسکی بلا سے غمگین نہو کیونکہ وہ تجھے اپنی بلا میں مشغول کریگا پیروں کی طرف رغبت تجھے پھر اللہ عزّ وجل کے قریب اور بلا پر صبر کرنیسے مشوش کردیتی ہی جو اللہ تعالی سے نہیں ڈرتا اسے عقل نہیں شہر سے سکونت خراب ہے چرواہے کے بغیر بکریاں بھیڑیئے کی خوراک ہیں دین خوف ہی جو ڈراتا ہے شروع میں چلا وہ ایک جگہ نہیں ٹھہرتا بلکہ سیر کرتا ہی اولیا کے سفروں کا انجام خدا کا قرب ہے سیر دلوں کی سیر ہی اسرار کی سیر جب وہ دروازے تک پہونچتے ہیں سر اجازت طلب کرتا ہی اسے اجازت دیجاتی ہی پھر دل کیسا انس حاصل کرنیکے بعد اجازت طلب کرتا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دل مبارک کا ستارہ قمر تھا اور سورج اور خلوت اور جلوت اور باطن اور ظاہر۔ بندہ دو حالتوں میں ہاتھ لمبا کرتے اور
قمیص کی تہ اور سر کے قبہ میں داخل کیا خلاصہ یہ کہ وہ دریا کے نیچے کے جواہرات کی طرف ہاتھ لمبا کرتا ہی دیکھتا ہی انکی طرف جو اُسکے پاس موجود ہیں اشارہ کرتا ہی اسی فلانے تو اتنا لیلے اور تو اتنا لیلے دربار زمین اور آسمان کے بادشاہ حق عزّ وجل کے حضور میں نائب اور خلیفے ہیں میں بادشاہ کے دروازے پر انتظار کرتا ہوں بیداری اور خواب میں تمہاری طرف دیکھتا ہوں تمہارے لیے تکلیف اٹھاتا ہوں۔ اس شہر

Marfat.com

انکی آفات کے نیچے صبر کرتا ہوں غم اور ہم اور فکر و غور میں دن کو رات سے ملاتا ہوں جسوقت ایک قدم بڑھتا ہوں واپس جاتا ہوں ابراہیم بن ادہمؒ اپنی دعا میں حیران ہوئے۔ پس آپنے اپنی آنکھیں بند کیں اور اللہ عز وجل فرمان کو کہ ای ابراہیم کہہ (قل اللھم رضنی بقضائک وصبرنی علی بلائک واوزعنی شکر نعمائک واسئلک تمام نعمتک ودوام عافیتک والثبات علی محبتک یعنی ای خدا مجھے اپنی قضا پر راضی کر اور اپنی بلا پر صبر عطا کر اور اپنا نعمتوں پر شکر کرنے کی توفیق بخش اور میں تجھسے تیری نعمتوں کی ہمیشگی اور دائمی تندرستی اور تیری محبت پر قائم رہنے کا سوال کرتا ہوں۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دل پر آوازا القا کی گئی جس سے آپکا دل اہل سے اچٹ گیا تو حرا کی طرف جو طور سینا کا ایک ٹکڑا ہی نکلے۔ وحی کی خوشبو دار ہوا آئی اسمیں ایک غار تھا جسمیں ایک عابد ابو کبشہ نام رہتا اسی جگہ اپنے رب کی عبادت کرنے لگے اسی حالمیں خواب میں دیکھتے جو صبح کے پھوٹنے کی طرح صادق نکلتے ناگاہ غیب سے آواز آئی۔ ای محمد ای محمد۔ آپ آواز سے بہاگے اور گہر آکر فرمایا زملونی دثرونی مجھے کمبل میں لپیٹ دو میں آواز سنتا ہوں کوئی کہتا ہی ای محمد یہ کمبل میں لپیٹا جانا تجھے نہیں سمجھا جاتا واللہ غالب علی امرہ اور اللہ اپنے امر پر اس کی مثال ایک گٹھلی کی ہی جو اس گہر کے صحن میں ہی جسپر چھت نہیں اسکی چار دیواریں کھڑی ہوئی ہیں جاڑے کی بارش اور گرمی کا سورج اسپر پڑتا ہی وہ اگتی ہی اور کوئی اسکو نہیں دیکھتا جب اسکا پودا ظاہر اور بلند اور پھلدار پختہ ہوتا ہی اسکے پھل چنتے ہیں اور اسے برباد نہیں کرسکتے اسی طرح دل کو جب چاہتا ہی اٹھاتا ہی ولایت پوشیدہ چھپی ہوئی ہی ولایت کی مثال خاص بادشاہی فراش کی ہی کہ وہ ہمیشہ اسکے حضور میں رہتا ہی مگر جب سوا اللہ عز وجل سے سوائے طعام اور شراب اور لباس میں ہامن ہونیکے کچھ نہ مانگ اسسے نہ بہاگ ان چیزوں کی طلب کے لیے اسکی عبادت نکر۔ نور رحمت کے مقابلہ میں کیا کرسکتا ہی پھر فرمایا ہمکو اپنے غیر سے بے نیاز کر اور اپنے غیر میں مشغول نہ کر یہ کیا چیز ہی آپ غضبناک ہوے اور تند چہرے سے فرمانے لگے۔ پھر اپنا چہرہ ڈھانپ لیا اور چلاتے ہوئے اٹھے پھر بیٹھ گئے اور کھڑے ہوئے اور فرمایا ولتعلمن نباہ بعد حین (اور تم اسکی خبر کچھ مدت کے بعد معلوم کروگے) اولیاء اللہ عز وجل سے سوال کرنیکو برا جانتے ہیں تاکہ لالچ کرنے اور تفویض اور تسلیم کو چھوڑ دینے سے نسبت نہ کیے جائیں شوق انکے قدموں کو جلدی لیجاتا ہی جب تو دنیا میں زاہد بنے تو اسکا خرچ کرنا تجھے آسان معلوم ہوگا۔ اولیاء اللہ کے حالمیں عز انہیں سے خاص ہیں [illegible] ل نہیں بنتا اوقتیکہ خلقت کے بوجھ اسکی پیٹھ پر ہوں اور رب عز وجل

Marfat.com

فسے اٹھاتا ہوا اسلیئے کہ وہ اُسکے حضور میں ہے دور نہیں ہوتا ظاہر میں بوجہ اُسکے ہی اور باطن میں اسکی رحمت کا تھونے
صدیق اور دلوں سے تہمت کو نکال دینا لازم پکڑو۔ اور آپنے خدا آپ سے راضی ہو اللہ تعالیٰ کے قول اِنَّ نَاشِئَۃَ اللَّیْلِ
ہِیَ اَشَدُّ تحقیق رات کا اٹھنا زیادہ سخت ہے کے بارے میں فرمایا۔ یہ نیند کے بعد ہے خلق اور نفس اور طبع اور ہوا اور
ارادے کی نیند کے بعد پھر دل کا طعام اور شراب اللہ عزوجل سے مناجات اور اسکے حضور میں قیام اور رکوع اور سجود
رتا ہے کیا تجھے معلوم نہیں وہ جسنے کہ دنیا سے پرہیز کیا تاکہ وہ اسے حق عزوجل کی طلب سے نہ روکے اور اسی طرح آخرت سے پرہیز
کیا ہے تاکہ وہ اُسے اللہ عزوجل سے نہ روکے اوسکی آرزو یہ ہوتی ہے کہ آخرت نہ پائی جائے اسلیئے کہ وہ شیریں ظاہر رحمت سے
دل در سرچیرہ ہوجاتا ہے جو اسکے دل میں ہے نہ ہی ظاہر ہوتا ہے وہ دنیا کی ہمیشگی چاہتا ہے اسلیئے کہ وہ اللہ عزوجل کی
پوشیدہ عبادت کرتا اور اس سے پوشیدہ معاملہ کرتا ہے تو حق عزوجل سے وحشت میں ہے تیرا دل خلق سے کب وحشت
در خدا سے اُنس لینے والا پائیگا ایک دروازے سے دوسرے دروازے تک حتی کہ کوئی دروازہ باقی نہ رہیگا۔ ایک شہر سے دوسرے
شہر تک ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک سیر کرتا ہے یہانتک کہ جب کوئی آسمان باقی نہ رہے تو اپنے نفس کو قیام تک
قائم کرتا ہے۔ حق عزوجل کے حضور میں کھڑا ہوکر اپنی نیکیوں اور بدیوں کے صحیفے کو پڑھتا ہے اور ڈرتا ہے کہ بدیں
اسکو ہلاکت میں نہ ڈالدیں پس اسی حالمیں کہ وہ خوف اور رجا اور آگ میں گرنے اور گذر جانیکے درمیان ہوتا ہے۔ اللہ
عزوجل بہ سبب لطف سے اسکو آلیتا ہے۔ آگ کو اپنی رحمت کے پانی سے بجھا دیتا ہے آگ آواز کرتی ہے اے مومن جلدی عبور کر
تیرے نور نے میرے شعلہ کو بجھا دیا ہے تین ہزار سال کی مسافت کو ایک لحظہ میں طے کرلیتا ہے حتی کہ جب بادشاہی کے
قریب ہوتا ہے اپنی عقل اور ارادے اور اپنے مولی کی محبت اور شوق کی طرف رجوع لاتا ہے کہتا ہے میں داخل نہیں
ہوں گا مگر محبوب کیساتھ کیا یہ نہیں کہ حسنین وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں سے گر جائے جنت کے دروازے پر کھڑا ہوگا اور کہیگا میں
داخل نہیں ہونگا جبتک کہ میرے والدین داخل نہ ہوں۔ ہمسایہ کہاں ہے شہید کہاں ہے وہ داخل نہیں
علیہ وسلم کا ہاتھ مبارک اسکو محبوب پر داخل کرتا ہے حتی کہ جب یہ اسکے لیئے کامل ہوجاتا ہے تو وہ دنیا کی طرف مقسوم کو پورا
حاصل کرنیکے بعد رد کیا جاتا ہے تاکہ علم نہ بدلے اور نہ منسوخ ہووے اور نہ گھٹے۔ تیرا خدا خلق سے فارغ ہوا کوئی نفس
دنیا سے نہیں نکلتا مگر جبکہ اپنا مقسوم پورا حاصل کرلیتا ہے پس خدائے عزوجل سے ڈرو اور خدا سے نیک طلب کرو
خلقت سے اسباب پڑے ہیں۔ بادشاہ دروازے بند ہیں جب تو اُنسے اعراض کریگا تو تیرے لیئے آسمان دروازہ کھولا جائیگا تو

Marfat.com

پہونچتا ہے کہ دروازہ بند ہے تیری طاقت اور قوت کے بغیر کھولا جائیگا مومن اپنے رب کا قصد کرتے ہوئے اپنی طبیعت کو
اسی حالمیں پاتا ہے کہ ناگاہ راستے میں نفس اور مال کی آفات کے ہاتھ میں پکڑا جاتا ہے اپنے گناہوں اور بے ادبیوں اور حد
شرع میں خود اندازیوں کی طرف رجوع لاتا ہے دعا سے مدد نہیں لیتا غیر خدا سے مدد نہیں مانگتا بلکہ اپنے گناہوں کو یاد کرتا اور اپنے
نفس کی ملامت کرتا ہے حتی کہ جب اس سے فراغت پاتا ہے تو دل سے قدر اور تسلیم اور تفویض کی طرف رجوع لاتا ہے اسی حالمیں ہوتا ہے
کہ ناگاہ ایک دروازہ کھلا دیکھتا ہے و من یتق اللہ یجعل لہ مخرجا اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اسکے لیے وجہ نجات بنا دیتا
آزمایا جاتا ہے تاکہ وہ دیکھے کہ کسطرح عمل کرتا ہے و بلوناھم بالحسنات والسیئات (ہم نے انکو نیکیوں اور بدیوں
آزمایا) ابن آدم کا دل خیر اور شر عزت اور ذلت دولتمندی اور فقیری میں ہی مستقیم ہوتا ہے حتی کہ جب اللہ عزوجل
کی نعمتوں کا اقرار کرتا ہے یعنی شکر بجا لاتا ہے اور شکر عبادت ہے زبان اور اعضا حرکت نہیں کرتے اور بلا کیوقت صبر کر
و گناہوں اور قصوروں کا اقرار کرتا ہے حتی کہ جب نیکی کا قدم منتہی ہوتا ہے تو ناگاہ وہ بادشاہ کے دروازے پر ہوتا ہے اپنے
شکر کا قدم اور صبر کا قدم اٹھایا اور رہبر توفیق ہے بادشاہ کے دروازیکو دیکھا۔ وہاں وہ چیزیں دیکھیں جو آنکھوں
نے دیکھیں نہیں کانوں نے سنی نہیں کسی بشر کے دل پر نہیں گذریں نیکیوں اور بدیوں کی نوبت ختم ہوجاتی ہے
اور ہم کلامی اور باہم ملکر بیٹھنے کا وقت آتا ہے۔ ای عراقی کیا تو اسے سمجھتا ہے۔ ای خراسان کے اونٹ ای احمق تو
اخلاص کھڑا ہونے اور بیٹھنے میں ہے لوگوں کے لیے نماز پڑھتا ہے اور روزے رکھتا ہے حالانکہ تیری آنکھیں
لوگوں کے طبقوں اور ان چیزوں کی طرف ہیں جو انکے گھروں میں ہیں۔ ای خلقت سے نکلے ہوئے۔ ای صدیقوں اور
خدا والوں کی صفت سے علیحدہ ہونیوالے کیا تو نہیں جانتا کہ میں تمہارا پردہ پوش تمہاری کسوٹی ہوں سخت کوشش
مجھے لالچ نہ دے جو کچھ کر سکتا ہے کر سے تیری کوئی حقیقت نہیں ای جاہل میں تیری رتی کو بل دیتا ہوں تیری خیرخواہی
کرتا ہوں اور تجھپر رحم کرتا ہوں مجھے خوف ہے کہ تو زندیق ریاکار دجال ہوکر قبر میں عذاب کیا جاوے منافقوں کا عذر
اعمال سے جنہیں تو ہی ہاتھ کوتاہ کر۔ اور برہنہ ہو۔ تقوی کا لباس پہن تو جلدی مرجائیگا۔ میری اور تیری در
کوئی عداوت نہیں تو جلدی یاد کریگا اسکو جسے میں کہتا ہوں صالح آدمی کی صورت اسکے حال ہی خبر دیتی ہے
جسنے خدا کو پہچانا اسکی زبان گنگ ہوئی اسی سے وہ ناطق ہے اسکے ساتھ غنی اور اسکی احتیاج رکھتا ہے میں
بچپن کی حالت میں جب اپنے شہر میں تھا کہنے والیکو کہتے ہوئے سنا کرتا تھا ای مبارک پس ہیں اس کا مدد

Marfat.com

انکا اور اب خلوت میں سنتا ہون کوئی کہنے والا کہتا ہی میں تجھے خیر کیساتھ دیکھتا ہون اگر تو نجات کا ارادہ رکھتا ہی تو میری
ہمت اختیار کر جب تو کسی آدمی کو دیکھے کہ وہ مجھسے بہاگتا ہی تو جان لے کہ وہ منافق ہے ۔ مومن وہ ہی کہ جب اپنے سر کی
آنکھیں بند کرے تو اوسکے دل کی آنکھیں کہلجائیں جو کچھ کہ وہان ہے اوسے دیکھے اور جب دل کی آنکھیں بند کری تو اوسکی
دل کی آنکھیں کھل جائیں ۔ اللہ عز وجل کی جگہ اور خلق میں اوسکے تصرفات کو دیکھے جن سے اللہ عز وجل نے موسی علیہ السلام کو
خطاب کیا اِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي (میں نے تجھکو اپنی رسالت اور کلام کے
سبب لوگون سے برگزیدہ کیا) اور تجھے اپنا مقرب بنایا ۔ تو ایک روز بکریان چرا رہا تھا پس ان میں سے ایک بہاگ نکلی
تو اسکے پیچھے ہولیا حتی کہ تو نے اسکو پکڑا ۔ مگر تو بھی ماندہ ہوگیا اور وہ بھی پھر تو نے اسکو اپنے گلے لگایا اور کہا تو نے اپنے
تئین تکلیف دی اور مجکو بھی محجوب کی [illegible] کے سبب میں غور کرنا اور اس سے توبہ کرنا اور خدا پر یقین رکھنا ہی وہ جو معصوم
ہر وجہ سے حفاظت میں ہیں اسکے [illegible] نہیں [illegible] رہا ہیں ہی ۔ کوئی کلام نہیں تا وقتیکہ تو بیابانون جنگلون
خشکیون اور دریاؤن خلق کی خشکی اور نفس کی خشکی [illegible] دریا اور [illegible] دریا اور ساحل کو طے کرے اور [illegible]
رات اور دن نہیں ہی اونکی خورش بیمارون کی [illegible] اور خواب [illegible] ہوؤں کی طرح اونکا کلام [illegible]
خدا کو پہچانا اوسکی زبان کند ہوئی لیکن [illegible] چاہتا ہے [illegible] اوٹھاتا ہے ۔ وہ بلا حرف بولتا ہی [illegible]
علت اسکی زبان اور انگلی کے درمیان کوئی فرق نہیں ۔ اسکے لیے اذان [illegible] بغیر [illegible] اور بغیر [illegible]
ہاں اور کوئی اذن لینا نہیں ۔ کوئی [illegible] ولایت نہیں [illegible] نہیں ۔ کوئی شیطان نہیں کوئی
نفس کوئی دل نہیں ۔ پھر فرمایا [illegible] پہلے قدم میں نہیں آتا دوسرے [illegible]
اوسکے گہر سے نکلنا اور دوسرے [illegible] اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (تمام تعریف اللہ کے لیے [illegible]
[illegible] اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (ہم تیری ہی عبادت کرتے [illegible]
اسکے دیکھنے کیوقت [illegible] بعد ہم نعمتوں [illegible]
نہیں [illegible] تیرے نفس میں کوئی نعمت نہیں [illegible]
تیرے ظاہر کو کوئی اعتبار نہیں [illegible] تیرا باطن تیرے لیے اور تیرا سر رب عز وجل کیلیے خاص [illegible]
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس [illegible] آپ نے کئی سال چھپایا آپکے پاس [illegible] جمع ہو گئے

Marfat.com

حتیٰ کہ آپ ارشاد ہوا بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ (پہونچا جو تیری طرف تیرے رب کی طرف سے نازل کیا گیا)
اور تو ایک شئے کو دیکھتا ہے اُسے ظاہر کرتا ہے اور چھپاتا نہیں، اگر تیرے گھر میں کپڑوں کی ایک گٹھڑی گرے تو اپنے
دروازے کو کھولتا اور کہتا ہے مجھ سے خرید لو شاید کہ وہ ہمسایوں کیلئے عاریت اور ودیعت ہو۔ چار چیزیں ہیں جن سے
دل کی اصلاح ہوتی ہے۔ پہلے لقمہ میں دیکھنا۔ دوسرے عبادت کیلئے فارغ ہونا۔ تیسرے کرامت کو نگہ رکھنا۔ چوتھے ان چیزوں
کو ترک کرنا۔ جو تجھے اللہ عزوجل سے روکیں لیکن لقمہ میں نظر کرنے کی تجھے کوئی خبر نہیں۔ یہ امر کامل پرہیزگاری اور
اسکے حضور میں کھڑا ہونے اور دین کی حفاظت کا اس سے سوال کرنے سے صحیح ہوتا ہے۔ مومن اپنے کھانے اور پینے میں
ٹھہر جاتا ہے۔ قرآن اور حدیث سے اذن طلب کرتا ہے۔ حتیٰ کہ جب اپنے مولیٰ عزوجل سے قریب ہو جاتا ہے پھر اسکے امر سے
امر کیا جانا اور اسکی نہی سے منع کیا جاتا اور اسکے علم سے جان لیتا ہے۔ اسکی مدد سے مدد حاصل کرتا ہے موت سے پہلے اسکے ساتھ
عہد کو نیا کرو تو قریب ہے کہ دیکھیگا جب غبار کھل جائیگا۔ اے باطلو۔ اے جاہلو۔ اے غافلو۔ لَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِیْنٍ ط (تم
کچھ مدت کے بعد اسکی خبر جان لوگے۔ کسی نے سوال کیا نفس خیانتی ہے۔ اسکے فتنے پر کس طرح قناعت کی جائے آپ نے
جواب میں فرمایا۔ اس سے جہاد کرتا کہ وہ مرجائے تاکہ وہ پھر اور حیات میں اسکو زندہ کرے اس حال میں کہ وہ فقیہ عالم مطیع
ہو جائے اپنی شہوتوں اور لذتوں کے دروازے کو بند کرے اسکو اسکی شہوتوں سے روک۔ حتیٰ کہ جب لاغر ہو جائیگا اور
اسکی شہوتیں تیرے سر کی طرف رجوع لائیں تو مجاہدے کے ساتھ خالص ہو جائیگا۔ اولیا رات کے آنے اور عیال کے
سو جانے کی آرزو کرتے ہیں اس لئے کہ وہ مکلف ہیں۔ عیال اور اسباب کے بوجھ کو اٹھاتے ہیں۔ انکے دل رب عزوجل کی طرف
مائل ہیں۔ انکے اعضا اسباب میں حرکت کرتے ہیں جب تو بلا سے پہلے متقی ہووے تو بلا کے وقت بھی اسی کی طرف رجوع لائیگا
بغیر اسکے کسی کو اسکا دور کرنے والا نہ دیکھیگا۔ تو دیکھیگا کہ خیر اور شر اور ضرر و نفع اور عزت اور لذت اور دولتمندی اور
فقیری اسکی طرف سے ہے۔ (سوال) اس قول اِنْ لَّمْ یَنْفَعْکَ لَحْظَتُہٗ لَمْ یَنْفَعْکَ وَعْظُہٗ (اگر تجھے نظر
فائدہ نہ بخشے تو وعظ فائدہ نہ بخشیگا) کے معنی کیا؟ جواب۔ آپنے۔ خدا آپ سے راضی ہو فرمایا یہ وہ قوم ہے
کہ دنیا اور آخرت انکے دلوں اور آنکھوں سے غائب ہے انہوں نے اپنے خدا کو دیکھ لیا۔ اگر وہ تیری طرف دیکھیں تجھے
فائدہ دینگے۔ جب وہ خشک زمین کی طرف دیکھے خدا اسکو زندہ کرتا اور اگاتا ہے۔ اور اگر یہودی یا نصرانی کی طرف
دیکھے تو خدا اُسکو ہدایت دیتا ہے۔ کسی نے آپ سے کہا کیا سبب ہے کہ ہم آپکے پاس لکڑی یعنی کرسی کے مینار کو گلے

Marfat.com

...لتے ہوئے دیکھتے ہیں فرمایا اسلئے کہ یہ مجھ سے قریب ہے اور بہت چیزیں ہیں جنکو دیکھتی ہے اور انکو ظاہر نہیں کرتی اور ...ن چھپی نہیں۔ اسلئے میں اسکو گلے لگاتا ہوں۔ اس نے عرض کی کہ ہم آپکے دل کے زیادہ نزدیک ہیں۔ آپنے فرمایا۔ ...ے بھائی تم ایسے اسوقت بنتے ہو۔ جب اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اسکا مراقبہ کرنا اور اس سے خوف رکھو۔ اور اسکے طلب ...د۔ اسوقت میں تمہارا خادم ہوتا ہوں۔ جب انسان اللہ کا بنتا اور رجوع لاتا اور رہتا ہے اللہ اسکے لئے دروازہ ...ولتا ہے اور اسے مقرب اور نزدیک بناتا ہے۔ علم پر اطلاع پانے سے اس نے آنکھ بند کی اسکو علم دکھا دیا اور اسپر ...اقف کیا۔ گمنامی اور لاغری اور شرمساری نیک لوگوں کی عادت میں سے ہیں۔ اولیا اپنے ہاتھ پاؤں اور دلوں اور سرار اور ...واتکے ساتھ اپنے رب کی سخنوں سے ناطق ہوتے ہیں۔ وے برگزیدہ۔ اور اسکے نزدیک معزز ہیں۔ تم میں سے ہر ایک کا ...عبود درہم اور دینار ہے۔ جب اس سے گم ہو جائے تو اسکی قیامت قائم ہوتی ہے اور جمعہ یا جماعت کے فوت ہونے کی کچھ پرواہ ...ہیں کرتا یا اسکا بدکار فاسق بیٹا مرجائے تو حد درجہ کا روتا پیٹتا ہے اور خلق میں سے کسی کے ساتھ دل بہلانا چاہتا ہے ...ور فرشتے جو اسکے ساتھ ہیں ان سے انس پذیر نہیں ہوتا جب انسان کا دل صاف ہوتا ہے فرشتوں سے انس پاتا ہے ...ور اپنی خلوت میں انسے کلام کرتا ہے۔ اے خدا سے غائب ہونے والے۔ اے شرع اور دین سے غائب۔ اے ...نیا اور نفس اور طمع کے ساتھ ٹھہرنے والے۔ اے خلق کو پوجنے والے۔ اے خدا کو فراموش کرنیوالے اللہ تعالیٰ سے ...ضرور ملنا ہے اس سے ابھی مل۔ خلق اور نفس کو چھوڑ تو خدا کے پاس امن میں ہو گیا۔ سوائے اسکے ذکر کے اور سب باطل ہے ...سوائے اسکے علم کے سب کچھ باطل ہے۔ جو معاملہ کہ اسکے غیر کے لئے ہو خسارہ ہے۔ دنیا کے طالب بہت ہیں اور آخرت ...کے طالب کم اور حق عزوجل کے طالب نہایت کم۔ تو رات اور دن دنیا کے ساتھ ہے تجھ سے خدمت لیتی اور تجھ چور ...چور کرتی ہے ہم اس سے اور اسکے تصرفات سے خدمت لیتے ہیں۔ اے کمبخت تیرا حال کیسا ہے۔ اس میں شرع اور علم ...کا ہاتھ ضروری ہے۔ جسکا وہ فتویٰ دیں لے اور جسپر فتویٰ نہیں اس سے باز رہ۔ تو اپنے رب ...کر سکتا۔ اپنی خرید و فروخت اور لقمہ ڈالنے اور لینے اور دینے اور بات کرنیکی وقت توقف کر جو اللہ کیلئے ہو اسے ...غنیمت جان۔ اور جو غیر کیلئے ہو اس سے باز رہ۔ جب محبت غالب آتی ہے تو دنیا اور آخرت اور عطا اور منع اور قبول اور ...رد کے درمیان سے تمیز اٹھ جاتی ہے۔ دل محبت سے پر ہو جاتا ہے محبوب کا خیر اور شر یکساں ہوتا ہے اسلئے دروازے ...اور حقیقتیں واحد ہوتی ہیں محبت انکی جامع ہے خبر اور مشاہدہ اور ضرر نفع یکساں ہوتا ہے ... دل ...

رہتا ہے کبھی اللہ تعالیٰ کے ذکر سے جلال پاتا ہے اور کبھی اوسکے ذکر سے جمال۔ تمام دن حیران رہتا ہے جس قدر اسکے
قریب ہوتا ہے وہ بعید ہوتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کی آگ کی طرح۔ آپ جس قدر اسکے قریب ہوئے بعید ہوتی چلی گئی حتی کہ
کہا إِنِّي أَنَا اللهُ (تحقیق مین اللہ ہون) تاکہ منتہی ہوسکے اسی طرح وہ انکے قریب کے نوروں کو دیکھتا ہے جسقدر آگے بڑھتا ہے
وہ دور ہوتے ہیں حتی یبلغ الکتٰبُ اَجَلَہٗ (یہانتک کہ کتاب اپنے وقت کو پہونچے) قدموں کے ختم ہونیکی اجل امر کا
بڑھتا ہے۔ طالب مطلوب تک جائے۔ قاصد مقصود۔ اور مرید مراد ہو جائے۔ حضرت ذوالنون نے ایک جماعت چمن دانش کے
تمام علوم سے اچھا ہے اس کا بندہ اپنی طبع اور شہوات اور ہوا سے نکلتا ہے علم کے دروازے کرتا اور شہوات کو
ترک کرتا ہے۔ اسکی طلب میں چہرے کا رنگ بدلا ہوا رہتا ہے کبھی کھڑا ہوتا اور کبھی بیٹھتا ہے بے توشہ بے سوار
بے رفیق نماز اور روزے اور مجاہدے سے رات کو دن سے ملاتا ہے اس حال میں کہ وہ ایسا ہوتا ہے تاکہ وہ اپنے آپکو
اسکے قرب کے دروازے اوسکے لطف کی نوید اسکے فضل کے دسترخوان پر اپنی سابقہ کیطرف نظر کرتے ہوئے
پاتا ہے تو تعالیٰ سے محبت کرتا ہے حالانکہ تو زمینوں کی تدبیر و رغبت سے محبت کرتا ہے اور اسکے لیے عمل نہیں کرتا بعض
بزرگوں نے کہا۔ اپنے نفس کو خواہشوں سے روک جیسے طبیب مریض کو روکتا ہے سوائے فرمان الٰہی کے کوئی لقمہ تناول نکر اوسکے بغیر
بغیر دوا نہ پی۔ طب کی کتابوں اور فتووں سے مزاج بدل جائیگا وہی نیکوکاروں کا والی ہے حبیب گر رہے ہیں محبوب
ہے وہ خدا کھلانے اور پلانے کا والی ہے پھر سخت چیخیں ماریں اور اٹھے اور کبھی دائیں اور کبھی بائیں جھکنے لگے
اور اپنے دونوں ہاتھوں کو آسمانوں کیطرف اشارہ کرتے ہوئے اٹھایا اسی طرح آخر مجلس تک یہی پھر فرمایا۔
دا محبت تیرا پھر دونوں ہاتھ دعا کیلیے لمبے کیے اور دعا سے بیٹھ گئے اور کلام نکیا۔ پھر لوٹے اور اٹھ کر
ہوئے انکی چہرے کا رنگ بدلتا کبھی زرد کبھی سرخ ہوتا۔ پھر فرمایا۔ دل جب دنیا سے اٹھے اور اللہ عزوجل کی قرب کا
مہمان ہو جائے تو فی الجملہ خلق سے معصوم ہونیکا انکار کرتا ہے۔ عرش سے زمین تک گویا کہ خلق پیدا نہیں ہوئی گویا کہ خدا
نے کچھ پیدا نہیں کیا۔ گویا کہ اسکے سوا اور خلق نہیں یعنی ایسے دل کا صاحب موصوف ایک ایک ہی محبت ایک
ہے وہی طالب وہی مطلوب وہی ذاکر وہی مذکور۔ اپنے غیر کو نہیں دیکھتا اور آپنے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا۔ مجھے اس کی
خبر ہوئی ہے جو اس شہر پر واقع ہوگی۔ پھر شہر والوں کے لیے اوسکے دفع ہونے کی دعا کی پھر عاجزی سے فرمایا مجھے
اپنی حیات کی قسم ہے کہ اس میں بعض لوگ قتل اور بربادی کے مستحق ہونگے لیکن اگر اسکے کوئی ہزار آنکھ خدا کیجاتی ہے

Marfat.com

تو ہمیں انکی شامت سے ہلاک کرتا ہے اُنکے گناہوں سے ہماری گرفت کرتا ہے ہم نے کیا کیا ہے سخت دہشت ناک کلام میں فرماتے تھے۔ تو نے دوست اور دشمن کو قدر کی بھٹی میں ڈالا دو نو نکل گئے۔ دو نو نکل کر ایک ڈلی بنگئی کرامتوں اور معجزوں سے کچھ نہ طلب کر۔ تو انبیا کا معجزات میں اور اولیا کا کرامات میں مزاحم نہ ہو اگر تو خدا کا قرب چاہتا ہے جب صحبت ہمیشہ رہے تو تجھے وہی کھلاتا اور پہناتا ہے۔ یہ چیزیں حجاب ہیں اور انکی آنیکے بعد انکار کرنا بیجا ہے۔ ہاں جب حق عزوجل کیطرف چلتے ہیں تو جن اور انسان اور فرشتے انکی خدمت کرتے ہیں جہاں کہ قدم ہیں اٹھائے جاتے ہیں حتی کہ وہاں تک پہونچ جاتے ہیں حتی کہ ان سے دنیا کا اور [illegible] شغل دور ہو جاتا ہے وہاں ان [illegible] اور ناز انکی خدمت کرتے ہیں حتی کہ جب قریب سکہ دروازے میں انکو داخل ہونیکی اجازت دیجاتی ہے تو جلال کی آمتین انکو صدمہ پہونچاتی ہیں تاکہ اُنکے نفس اور بقیہ وجود گل جائیں اور ظاہری قیچین ظاہری طعام اور لباس اور عادت اُنسے روکے جائیں۔ وہ صرف دل اور صاف سر رہجائیں فضل کا طعام اور انس کی شراب کرامت کا خلق اور منت کا لباس اسکے آگے پیش کیے جاتے ہیں علم لدنی اور حکمت کے لقمے دیئے جاتے ہیں پھر انکا اُنکے تمام تیرا ہاتھ انکو پہلے اور حال کی نعمتیں یاد دلا دیتا ہے اور یہ سب چیزیں انکی سکونت کا باعث ہوتی ہیں پھر انکو وجود کی طرف لوگوں کی اصلاح اور ہدایت اور رہنمائی اور سفارت کیلیے بھیجتا ہے پھر اُنکے دلوں کو تمکین اور انکی زبانوں کو مقبول اور دعا پر قدرت عطا کی جاتی ہے۔ یہ آخری زمانہ ہے نفاق اور دائمی غرور اور دائمی کفر کا زمانہ ہے [illegible] کا [illegible] تجھے رب عزوجل کی نظر سے گراتا ہے۔ دونوں نعمتیں ہیں راہ کا پردہ۔ اگر کوئی پوچھنے والا پوچھے نفاق کیا ہے تاکہ ہم اس سے پرہیز کریں تو اسے کہہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اَلْمُنَافِقُ اِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ وَاِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا اُئْتُمِنَ خَانَ یعنے جب منافق وعدہ کرتا ہے خلاف کرتا ہے اور جب بات کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے اور جب امانت رکھا جائے خیانت کرتا ہے۔ مومن جبتک اپنی [illegible]

زمین سے اپنے سابقہ اور اہم کو خلوت میں دیکھ نہ سے [illegible] نہیں کھاتا نہیں نکاح کرتا نہیں آ خوشی نہیں ہوتی اسکو امن نہیں قرار نہیں پھر جنگلوں اور بیابانوں میں [illegible] فرشتے اسکی حالت کو دیکھتے اور اسکا لقب سنتے ہیں اور آپس میں [illegible] کہتے ہیں یہ کون ہے وہ اسے جواب دیتے ہیں یہ فلانا محبوب صدیق ہے چالیس میں سے ایک سات میں باقی [illegible] کا یہ رتبہ یہ درجہ [illegible] قدرت سے پلٹاتی ہے اور اسے

Marfat.com

لقمہ دیتی ہے وَاللّٰہُ مِنْ وَرَائِھِمْ مُحِیْطٌ اور اللہ انکو احاطہ کرنیوالا ہے۔ دل کی جہت سے اسکو معرفت آتی ہو لیسے

کہا جاتا ہے اپنے گہر کی طرف لوٹ اپنے خزانہ کو نگہ رکہہ۔ اپنے آپکو چھپا۔ اسکو ایسا بنا گویا کہ خواب ہے۔ تیرا دل

اور سر اوسکی طرف بلند ہوگا۔ علم کی کتاب میں بیٹھ۔ پہر علم کی کتاب میں خواب کرتا کہ تو بالغ ہو جائے اور تیرا بچپن

جاتا رہے اسوقت وہ تجہے پہنائیگا اور کہلائیگا۔ تو یہ چاہتا ہے حالانکہ تو طمع اور ہوا اور شہوات سے بہرا ہوا ہے

تو جب نماز میں کہڑا ہوتا ہے تو دل میں اپنے وسواس سے بیچتا اور خریدتا اور کہاتا اور پیتا اور نکاح کرتا ہے۔ آپ سے

پوچہا گیا اسکا علاج کیا ہے۔ آپنے فرمایا حرام اور شبہ سے لقمہ کا پاک کرنا اور دوسرا علاج نفس کی مخالفت۔ اس

میں جو تجہے نہیات کے اختیار کرنیکا امر کرتا ہے۔ جب بندہ کسی کلمہ سے جو اسکے دل پر القا کیا جائے مضطرب اور

بیقرار ہو تو اسے اور کلمہ القا کیا جاتا ہے جب اسکا اضطراب اور بیقراری کم ہوتی ہے تو اسکے ساتہ اور ملایا جاتا

ہے۔ پہر سکون اور آرام حاصل ہوتا ہے اور اسکی بیقراری زائل ہو جاتی ہے۔ راستہ میں اسکو ثابت رکہنے اور تسکین دینے

کے لئے پتہر اور مٹی کے ڈہیلے اس سے مخاطب ہوتے ہیں اسے کہتے ہیں۔ اے اللہ کے ولی۔ اے اللہ کے مرد۔ اسے

اسکے حبیب اور اسکے مقرب۔ ایک شخص نے آپ سے عرض کیا۔ آپ میرے لئے دعا فرمایئے۔ آپنے فرمایا۔ اے اللہ عزوجل

مجکو خلقت سے اپنی ساتہ غنی کرما اور اسکو اپنے ذکر کے ساتہ سوال سے غنی کر جب خلقت سے غنی ہوگا حق عز

کے دروازے کو لازم پکڑیگا پس وہ اسے اپنے قرب سے غنی کریگا اور جب تو اس سے غنی ہوگا تو سوال کے بجائے اسکے ذکر

اور شکر میں مشغول ہوگا۔ جب تو جنگلوں میں طعام اور شراب کی تلاش سے رک رہے تو تیرے لئے تیرے گہر میں چشمہ

پہوٹ نکلیگا۔ شیطان کا بڑا مضبوط ہتیار تجہیر خلقت ہے۔ اپنے دل کو نیک بنا۔ پہر ظاہر کر۔ بڑا شغل خلق کے

گہر اور کپڑے ہیں۔ ہم محب اپنے محبوب کی طلب کے لئے نکلتا ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام

کی طلب میں نکلا جسنے دیکہا اس سے محبت کرتا اور اسپر عاشق ہو جاتے۔ برقع پہنا اور قید کئے گئے۔ آپکا مقصود یعقوب تہا۔

شعر مجہہ میں اور تجہہ میں ہے جو وہ کہیں آباد ہو + مجہہ میں اور جگہ ہو جو گر وہ نہیں آباد ہو + خدا کی طرف سے شاد

کرنیوالا آیا ہے خلق کی عمارت کو توڑ ڈال حَتّٰی یَبْلُغَ الْکِتَابُ اَجَلَہٗ یہاں تک کہ کتاب اپنی اجل کو پہونچے۔ کوئی کلام

نہیں تا وقتیکہ تیرے رخسار پر پانی جاری ہو۔ تا وقتیکہ تو جنگل میں اسکی عبادت کے لئے خلوت کرے۔ تیرا

سر اسکے پاس اور اسکی قدرت کی کشتی میں ہو وہ اسے دریائے علم میں بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا یعنی اس کا

Marfat.com

جاری ہونا اور ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہو اسکی تلقین کرے۔ خدا کے بندوں کی صحبت اکسیر کی صحبت کی طرح ہے۔ خوف اور ڈر کے ساتھ وہ جو تیرے غیر سے سیر ہو تجھ میں مشغول نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ وہ غیر میں مشغول ہے۔ پس اگر تو اسکی طرف رجوع لانیکے بعد توجہ کریگا تو تجھے پھاڑ کھائیگا۔ صدیق کی صحبت کا یہی حال ہو اس لئے کہ وہ بادشاہ کی صحبت میں ایسے ہیں۔ جنیدؒ کے اصحاب میں سے ایک کی خاطر کی تہمت لگائی گئی تھی۔ جنیدؒ کو اس امر کی خبر دی گئی آپ نے پوچھا کہ کیا سچ ہے جو تیری نسبت کہتے ہیں اُسنے کہا ہاں۔ تو اپنے دل سے کلام کرتا ہے اسنے کہا ہاں میں نے کلام کیا۔ آپنے فرمایا۔ بتلاؤ وہ کونسی بات ہے اس نے کہا میں نے فلانی اور فلانی بات کی ہے آپنے فرمایا نہیں۔ پھر اسنے دوسری دفعہ کلام کیا اور آپکو اسکی خبر دی۔ آپنے فرمایا نہیں۔ پھر اسنے تیسری مرتبہ اپنے دل سے کلام کیا اور آپکو خبر دی آپنے فرمایا نہیں۔ پس اسنے کہا۔ اے شیخ جو میں کہتا ہوں حق ہو آپ غور فرمائیے۔ آپکے پاس کیا ہے۔ آپنے فرمایا تونے تمام نوبتوں میں سچ کہا تھا مگر میں تیرے دل کی صفائی اور ثبات کو آزمانا چاہتا تھا۔ انکے دل اسکے ارادے کی نہریں ہیں انکے علم کے خزانے کھاسکے سر کے سینے قدر کے خزانے اور قدر کے وادیاں ہیں جس وقت انکے اسرار قدر کے گھر کے کونوں میں گردشار کرتے ہیں علوم اور اسرار ملجاتے ہیں۔ خشک لکڑی سے کیا پایا جاتا ہے۔ یعنی صورت سے کیا ہوسکتا ہے۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۙ (بہرے گونگے اندھے ہیں وہ باز نہیں آتے) لوگوں میں سے ایک نے تین سو ساٹھ قصے لکھے ہر روز ایک قصہ امیر شہر تک پہنچاتا اور ملول نہ ہوتا آخر کار اسکی مراد کا فرمان نکلا اور تو اللہ تعالے سے چند روز یا چند آنیں سوال کرکے بھول جاتا۔ اور خلق کے دروازے کی طرف لوٹتا ہے۔ تونے صاحب قصص کو کیوں نہ یاد کیا جبتک تو خلق کے ساتھ ہوگا نجات نپائیگا۔ خلق سے حق کی طرف رجوع لا اور اسکے دروازہ قرب کی دہلیز پر توقف کر۔ تجھے محبت اور قرب کا ہاتھ کھینچ گا۔ پھر تو اس گھر کا جلیس ہو جائیگا حتی کہ جب تو ان نعمتوں اور برکات کو دیکھے گا تجھے تمام طرفوں سے فراخی حاصل ہوگی۔ تیرے بازو قوی ہونگے۔ اس گھر کے کنگروں کی طرف اڑنا ممکن ہونگے اگر تو گریگا تو گھر کے صحن میں گریگا گھر کے مالک کے روبرو بلایا جائیگا۔ تو بلانے والا مقبول ہوگا اگر تو خلقت کا نفع چاہتا ہی تو اسی طرح کر اور بیہودہ بے مطالب بک۔ آپ خدا آپسے راضی ہو اس کلام سے جو وعظ لوگوں پر بیان کرتے ہیں یہ ارادہ رکھتے تھے۔ نماز اللہ تعالی سے ملنا ہو اسکے غیر سے الگ ہونیکے بعد۔ ہم دونوں میں تجزی نہیں ہوتا خلق سے انفصال (جدا ہونا) اور خدا سے اتصال (ملنا) ہے۔ یہ اولیا کی نماز ہے۔

Marfat.com

لیکن عابدوں کی نماز یہ ہی کہ جنت کو دل کے داہنے اور دوزخکو اُسکے بائیں اور پل صراط کو اپنے آگے رکھیں اور رب کو اوپر مطلع جانیں اور محبونکی نماز خلق سے الگ ہونا اور حق سے ملنا ہے نفس کے طعام [illegible] کرنیکی علامت یہ ہے کہ تو اپنے باطن سے جو [illegible] کی آواز کی طرح چیخنا سُنے۔ اوسوقت اسے وہ پہونچا جس [illegible] تعالی نے فرمایا فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا یعنی اسکو اسکی برائی اور پرہیزگاری کا الہام کیا [illegible] ذاکی اُسی نے رُلایا اور ہنسایا [illegible] پر عمل نہیں کریگا مگر [illegible] دل [illegible] داخل ہو۔ اسوقت فعل اور الہام [illegible] اس [illegible] کے درمیان جو [illegible] باطن پر [illegible] شیطان کا الہام طبع کا الہام نفس کا الہام فرشتہ کا الہام فرق کیا جائے۔ اگر تو چاہتا ہے کہ [illegible] کی راہ میں کسکی صحبت اختیار کرے تو [illegible] اور لوگوں سے سو جانیکے [illegible] نماز کیطرف متوجہ ہو۔ نماز کے دروازے کو وضو سے [illegible] کو نماز سے کھول [illegible] اس سے سوال کر کہ میں کس کی صحبت اختیار کروں [illegible] کون ہے منفرد کون ہے خلیفہ کون [illegible] دلکو الہام کریگا تیرے سر کی طرف [illegible] بیان کریگا اور [illegible] کو واضح کریگا جس نے تلاش کی اور کوشش کی [illegible] وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا [illegible] ہماری راہ میں کوشش کی ہم انکو اپنی راہ بتلا دینگے مرض تجھہ میں ہے اسلیے کلام میں [illegible] ایک جا ہیں اور ایک کے معین کرنے پر امر غالب تو اسکو لازم پکڑ اور اس کا ارادہ کر اسکے ساتھ تیری [illegible] صحبت کیطرح [illegible] اور اسکے نقصان اور اپنے حال کی خرابی اور [illegible] اور اپنی عادت کے [illegible] اسکے [illegible] ظاہر ہیں [illegible] چہرے میں ہیں کلام سے ظاہر نہیں کیے جاتے اور انکے [illegible] نہیں [illegible] اسکے قائم [illegible] انتظار کر [illegible] کاتب ہو وہی خیر کو امر کرنیوالا [illegible] اور طبق اسکے [illegible] تغیر کرنیوالا ہے اور عبادت اسکے غیر کی ہے پس تو قبول کر [illegible] کھولتا اور اسکی نظر سے [illegible] اسکی [illegible] ہمیشہ سر نیچے کیے ہوئے ڈرتا [illegible] اُسے تہمت نہ لگا نہ کسی [illegible] میں نہ کسی فعل میں متہم کر ہر ایک صاحب عقل پر [illegible] اسکے پاس سے

Marfat.com

پنے رب کی طرف نقل کرنا اسکے غیر کی طرف ۔ وہ خوش ذائقہ ہے اوسے مٹھا کلام کرنے والا ہی اور اسے جواب دے
ری طبع چوپاؤں کی سی ہی لیکن عقل تمیز کرتی ہے ۔ شرع تمیز کرتی ۔ علم تمیز کرتا قرب تمیز کرتا معرفت اور اطاعت تمیز کرتی ہی
حاصل ایک ہی جبکہ وہ آپکے علم پر عمل کرتے ہیں ۔ میت پر گذرتے ہیں اسکو زندہ کرتے ہیں اسکو زندہ کرتے ہین یا گنہگار ہو تو
سے فرمانبردار بنا دیتے ہین ۔ اُسکے گھر میں غیر کے لیے طبق آتے ہیں خراج کے حاصل کرنیمین سعی کرتا ہی جب حاصل کر لیتا ہے
سے بادشاہ کے سپرد کرتا ہی اُسکے پاس کچکول ہی خلق سے لیتا ہی اپنے لیے نہیں لیتا جب خدا تجھسے بہتری کا ارادہ
لے تجھے ہشیار بنا دیتا اور نفس کے عیوب پر واقف کر دیتا ہے تمہارے عالم جاہل ہیں تمہارے جاہل سست ۔
ارسے زاہد رغبت کرنیوالے ۔ اپنے دین سے نہ کہا دین سے صرف آخرت حاصل کیجاتی ہے ۔ آپنے خدا آپسے راضی ہو خدا سے
وجل کے قول اُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (اپنے خدا کو عاجزی سے اور چپکے
نیدہ پکارو وہ حد سے بڑھنے والوں کو نہیں چاہتا) مین فرمایا اسکو ظاہر پر حمل کرکے فرمایا کہ (حد سے بڑھنے والا) وہ
ہو اُسکے غیر سے مانگتا ہی اوسکے غیر سے سوال کرتا ہے ۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود اپنے اصحاب کو فرماتے تھے تم میرے ہی
تنی ہو جو اللہ کے کلام سنتا اور اوس سے نفع حاصل کرتا ہے وہ جلا ہوتا ہے نہیں تو میرے پاس حاضر ہو ورنہ وہ مکدر
یدا ہوگا جب حضرت ابراہیم علیہ السلام آگ سے نکلے اور آپکے پاس چوپائے غلام بہت ہو گئے تو ملک شام میں ایک گھر
سے دروازوں والا بنایا وہان قیمت کے ادا کرنے اور اپنی قوم کا علاج کرنیکے بعد گوشہ گزین ہوئے ۔ اُسکے بعد تربیت
اختیار کیا خلقت کیا ہی صحبت ۔ اور محبت کیا ہی وصلت ۔ **سوال** قال کی پیروی کیجاتی ہے یا حال کی ؟
پ نے خدا آپ سے راضی ہو فرمایا ۔ عوام قال کی پیروی کرتے ہیں اور اہل میں سے خواص حال کی پیروی کرتے ہیں
ون ہی مجھے اپنے نفس دکھلا تجھے تیرے حال پر ٹھہراؤنگا اور تیرے مرض کی شدت تجھے دکھلاؤنگا اور اس سے
ا کرونگا آپ صلے اللہ علیہ وسلم طریقہ بیماروں کی بیماری پر مبنی تھا اور ہم اس سے منع کیے گئے ہیں لیکن [illegible]
تے ہیں ۔ ہماری کم ہمتی کے باعث ہمارے پاؤں تمہارے گھروں کی طرف چلنے سے [illegible] تمہارا قال لیکر
ما کیے گئے ہیں ہم حال اور قدر کی بہتے ہو رکیے گئے ہیں ہم آپنے خدا آپسے راضی ہو فرمایا ہو سکتا ہی کہ ایک آدمی
ہلاک اور وصی کے جیل [illegible] اُسکے [illegible] اور بیٹی ہوں اُسکے ترکہ کو اہو تو
برابر تقسیم کیا اور انمیں ایک ایسا شخص کہ پاپ [illegible] کل ترکہ کا وارث ہو اتھا تا

Marfat.com

وہ سب یکے بعد دیگرے مرگئے اور وہی ایک باقی رہگیا۔ اسنے تمام ترکہ کو لے لیا اور قضا وقدر دونوں جمع ہوئے کیا اس میں کچھ عیب ہے۔ ای خدا خلقت کو ہم سے روک۔ ای خدا نفس اور ہواؤں اور طبیعتوں کو ہمسے روک۔ اگر تو کہے کہ تو ایسے دریا سے ڈرتا ہی حالانکہ اس میں تیرتا ہے اور خوف اُسکی ضد ہی تو جواب یہ ہوا اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا خدا سے اُسکے بندے عالم ہی ڈرتے ہیں جب انکو علم ہوا تو ڈرے میں نے شے کی ضد کو دیکھ لیا۔ پس اس سے ڈرتا اور پرہیز کرتا ہوں۔ موت کا آنا ضروری ہے اُسکے لیے عمل کر۔ ای کہ تیرے گھر کی چھت نہیں تیرے عیال کے لیے آٹا نہیں نہ اندرونی لباس نہ بیرونی لباس ہے جاڑا آگیا۔ پس تیار ہو جا امیر آگیا پس کوچ کر درندہ آگیا پس موت کے ڈنڈے سے بچ۔ نماز میں جو تو ایاک نعبد و ایاک نستعین خاص ہم تیری عبادت کرتے اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں کہتا ہی اُسکے کیا معنے ہیں۔ ہم تیری اطاعت کرتے اور تجھی کو واحد جانتے ہیں۔ تو نے حق عزوجل کو کب واحد تسلیم کیا تو نے عمل اخلاص کب کیا تو نے خلق اور ریا اور نفاق بری صحبت سے کب پرہیز کیا تو خدا کے لیے کب قبل ہوا ذلت دل کی جہت سے ہے خلوت کی جہت سے ہے جب نفس کی شہوت خدا کی رویت کیساتھ جمع ہو تو اوسکی رویت سے حیا کر۔ اور اپنی نفس کی شہوت کو ترک کر۔ تو شہوت کی شدت کی وقت اپنی خلوت میں حضرت یعقوب علیہ السلام کو اپنی انگلیاں کاٹتے ہوئے کب دیکھے گا تو اپنی عصمت کو کب دیکھیگا اللہ عزوجل کی عزت کی عصمت ہو جب حضرت یوسف علیہ السلام اس عورت کے ساتھ جمع ہوئے غیرت آئی پیٹھ پھیرتے ہوئے بھاگے کَذٰلِکَ لِنَصْرِفَ عَنْہُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ اِنَّہٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِیْنَ ۝ (اسی طرح تاکہ ہم اس سے بدی اور گناہ کو پھیر دیں تحقیق وہ ہمارے خالص بندوں میں سے ہے) یتری حالت یوسف علیہ السلام کی حالت کی طرف کب پہنچیگی جب یوسف علیہ السلام نے خدا کے گھر اور کو دیں عصمت کو بے تکلف حاصل کیا۔ تو قید میں [illegible] رب کے موافق ہوئے خلوت کیوقت اُسنے عصمت اُنکے نصیب کی ای اللہ کے بندو ای مریدوں آنحضرت [illegible] کی حالت کو مانگ لو۔ اسکو خدا سے طلب کرو۔ توکل اسباب کا قطع کرنا اور سبکو چھوڑ دینا ہی۔ دل جب بدلتا ہی تو فرشتہ ہو جاتا ہے وہی سنتا ہی جو فرشتے سنتے ہیں۔ اسے پہچانتا ہے جسے فرشتے پہچانتے ہیں پھر بڑھتا ہی اور فرشتوں حفاظت میں ہو جاتا ہے آپنے خدا آپ سے راضی ہو۔ موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں فرمایا۔ سر کا سر اپنے اہل کو ترک کر دیتا ہے جبکہ اُسنے اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا (طور کی جانب سے آگ کو دیکھا) کیا چیز دیکھی۔ سر کی آنکھوں نے آگ کو۔ اور دل کی آنکھوں نے نور کو دیکھا سر کی آنکھوں نے خلق کو اور دل کی آنکھوں نے

Marfat.com

حق کو دیکھا قَالَ لِاَھْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ نَارًا اپنے اہل سے کہا ٹھہرو میں نے آگ کو دیکھا ہے۔ اسنے اسکے دلکو جذب کرلیا۔ اور بیوی اور اولاد میں زہد کرنے کی ترغیب دی۔ اُسنے بیوی کو کہا ٹھیرو۔ بلند آواز میں آمین قدر کے ابابیل آئے اولیا کو اہل اور اولاد سے سالب کیا۔ ای حلم ثابت رہ۔ ای اللہ کے سر کے علم آگے بڑھ۔ ای نفس ثابت رہ ای دل ای سر آؤ۔ ای بے نصیبی اسکی جو اسکو نہ سمجھے اور اس سے محبت نہ رکھے اور اسپر ایمان نہ لائے ای بے نصیبی ای بے نصیبی وائے اسکا حجاب ٹوٹے اسکا عذاب لَعَلِّیْٓ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ شاید کہ میں اس سے تمہارے پاس کوئی خبر لاؤں، یہاں ٹھیرو تا کہ میں تمہارے پاس رستے کی خبر لاؤں اسلیے کہ وہ راہ سے بہول گیا تھا اس سے اسکے نشان غائب ہو گئے ایک دفعہ آپکی خدمت میں چج بداروں کا رئیس حاضر ہوا اس سے پہلے کبھی حاضر نہوا تھا آپ نے اوسکی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ کاش تو نہ پیدا ہوتا اور جب پیدا ہوا تو جانتا کہ کیوں پیدا ہوا۔ ای سوئے ہوئے بیدار ہو تحقیق رو (سیل) نے تیرے آگے کو گہیر لیا تو قیامت کے روز پکارا جائیگا۔ تیری کتاب کہاں ہے تیرا معلم کون ہے تیرا بلانے والا کون ہے تیرا نبی کون ہے تیرا کوئی نسب نہیں اللہ اور اُسکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک صحیح نسب اسے اہل تقوی ہیں۔ آپ سے پوچھا گیا ای اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپکی آل کون ہیں آپنے فرمایا کُلُّ تَقِیٍّ اٰلُ مُحَمَّدٍ (ہر ایک پرہیزگار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل ہے) خاموش رہ تجھے عقل نہیں تیرا گہر دجلہ کے کنارے پر ہے اور پیاسا مرتا ہے۔ دو قدم ہیں پہر تو خدا سے ملگیا نفس اور خلق اور تو ای مرید دو قدم ہیں۔ پہر تو دنیا اور آخرت میں اس سے ملگیا۔ اگر تو نجات کو چاہتا ہے تو میرے کلام کے ہتوڑوں پہ صبر کر جب میرا جنون مجھے آئیگا تو میں تجھے نہیں دیکھوں گا جب میرے سر کی طبیعت میرے اخلاص کی طبیعت جوش میں آئیگی تو میں تیرے مونہہ کو نہ دیکھوں گا اور تیری اصلاح اور تیرے دل سے برائی کو دور کرنیکا ارادہ کروں گا۔ تیرے گہر سے آگ کو بجھاؤں گا اور تیرے حرم کو بچاؤں گا۔ اپنی آنکھیں کہول اور دیکھ کہ تیرے آگے کیا ہے تیرے پاس عذاب اور گرفتاری کے لشکر آگئے۔ ای احمق تجھپر افسوس تھوڑی دیر کے بعد تو [illegible] چیزوں میں تو ہے تجھسے دور اور متفرق ہو گئے اپنی اولاد اور گہر اور جورو سے علیحدہ ہو [illegible] اور عذاب کے فرشتوں یا رحمت کے فرشتوں سے تیرا پالا پڑیگا۔ ای کوچ کرنیوالے ای دور ہونیوالے۔ ای نقل کرنیوالے ای عاریت۔ ای عاجز وہ پاک ہے جس نے تجھپر احسان کیا اور تم نہیں دیکھتے۔ ای کمبخت کیا تو میرے پاس ہر ایک سال میں ایکدفعہ یا ہر ایک مہینے میں ایکدفعہ یا ہر ایک ہفتہ میں ایکمرتبہ خالی ہاتھ بغیر ایک ذرہ یا [illegible] کے

Marfat.com

نہیں آسکتا تاکہ تو آج مفت کچھ لیوے اور کل کو کڑوڑ ہا میں تیرے بوجھوں کا اُٹھانیوالا ہوں مجھے ڈر ہوگا کہ میں اپنا
بوجھ اُٹھانیکی تجھے تکلیف دونگا مجھے اُسکے لیے فقط اللہ عز وجل کافی ہے پھر مجھے ایک بات سننے کیلیے ہزار میل
سفر کریگا اب تو میرے اور تیرے درمیان چند ایک قدم ہیں۔ تو سست ہی۔ جاہل ہے۔ بخیل ہی۔ تیری خیال میں یہ
کچھ دیا گیا ہے۔ دنیا نے تیرے جیسے بہتوں کو فربہ کیا اور کہایا مرتبے اور کثرت کیسا اسکو موٹا کیا پھر کھالیا اگر ہم
اسمیں بہتری دیکھتے تو ہم سے تو اسکی طرف سبقت نہ کیجاتا الا الی اللہ تصیر الامور خبردار اللہ کی طرف
تمام امور کی بازگشت ہی جس میں ہم ہیں وہ سب اللہ کی طرف سے ہی جب آپ کرسی سے اُترے تو آپکے کسی شاگرد نے
عرض کی آپنے اوسکو بڑی نصیحت کی اور اُسکے لیے کلام میں سختی کی۔ آپنے فرمایا اگر میرے کلام نے اسمیں اثر کیا
تو پھر بھی آئیگا پس اسکے بعد وہ آپکی مجلس میں حاضر ہوتا اور مجلس کے وقت کے علاوہ بھی آتا اور آپکے سامنے
تواضع اور ذلت کیساتھ بیٹھتا۔ اللہ تعالیٰ اُسپر رحم کرے اے خدا صبر عطا کر اور معاف کر۔ اے خدا ہماری مدد کر جب
خلقت ہمسے کسیکے سامنے ان چیزونکو طلب کرنیکے لیے جو اُسکے پاس ہیں ذلیل ہوتا ہے تو اللہ اُسکو دشمن جانیگا جو شخص
خلق کے آگے اس حال کی خاطر جو اُسکے ہاتھ میں ہے ذلت کرے تو اُسکے دین کے دو ثلث جاتے رہتے ہیں تو خلق سے
طلب کرنے کا عادی ہی کیا اس حال پر خدا سے لجائیگا۔ میں نے موضع رصیہ میں ایک شخص کو دیکھا لوگوں سے بھیک مانگتا
تھا اُسنے ایک دیبا کا کوٹ پچیس دینار کو فروخت کیا۔ میں اُسکے پیچھے ہو لیا وہ راستہ میں ایک شخص کے جو ہریسہ
کھا رہا تھا کھڑا ہو گیا اور نہ ہٹا حتی کہ اُسنے اُسکو ایک لقمہ دیا۔ میں نے اس سے کہا کیا تو نے اتنے اور اتنے میں کوٹ
نہیں بیچا۔ اُسنے جواب دیا کیا میں تیرے لیے اپنا پیشہ چھوڑ دوں۔ جو ولایت کی غایت کو پہنچ جاتا ہے تمام خلقت کے
بوجھ اُٹھاتا ہے وہ قطب ہو جاتا ہے اُسے تمام خلقت کے دائیں ہاتھوں کی طاقت عطا کی جاتی ہے تاکہ
اسپر جو اُسنے اُٹھایا طاقت پائے تو میری قمیص اور چادر کو نہیں دیکھتا۔ یہ موت کے بعد کا لباس ہے یہ کفن ہے
اور میت کا کفن عمدہ ہوتا ہے۔ یہ میرے کمبل کو پہننے اور سخت کھانے اور بھوک کے بعد ہی اے بغداد والو تمہے
تمہارے غیر کیساتھ کیسا شغل ہی جو تم سے روکتا ہے عقلمند بنو۔ اے زمین والو۔ اے آسمان والو ویخلق مالا تعلمون
(اور وہ پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے) یہ لباس تقوے حاصل نہیں ہوتا یہ ظاہر ہے باطن اُسکی تصدیق کرتا ہی اور
باطن ہے ظاہر اسکی تصدیق کرتا ہی۔ کوئی کلام نہیں آتا وقتیکہ تو بہت سے ربوں کو چھوڑکر ایک رب کو جانے

Marfat.com

اور سب جہتوں کو چھوڑ کر ایک جہت کی طرف متوجہ ہوئے اور تیرا محبوب ایک ہو تیرا دل واحد ہو خدا کا قرب تیرے والدین کب تک ہمیشہ لگا رہیگا تیرا دل مجذوب کب ہوگا اور سر کب مقرب بنیگا تو خلق سے نکلنے کے بعد کب اپنے خدا سے ملیگا رسول صلعم نے فرمایا مَنِ انْقَطَعَ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ كَفَاهُ مُؤْنَتَهُ وَمَنِ انْقَطَعَ إِلَى الدُّنْيَا وَكَلَهُ اللهُ إِلَيْهَا نَحْتَ الْعَادَاتِ قِيلَ (جو اللہ عزوجل کا ہو رہا وہ اسکے رنج کی کفایت کرتا ہے اور جو دنیا کا ہو رہا خدا اسکو اُسکے سپرد کرتا ہے - اس میں عادتوں کا خلاف ہوتا ہے) جو خدا کے پاس ہے حاصل نہیں ہوتا مگر دل کیساتھ بالکل امید کا ہو رہنے سے - اللہ تعالی فرماتا ہے مَنْ عَمِلَ عَمَلًا تُرِيدُ بِهِ غَيْرِي فَأَنَا أَغْنَى الشُّرَكَاءِ هُوَ لِشَرِيكِي دُونِي (جسنے کوئی ایسا عمل کیا جس سے میرے غیر کا ارادہ رکھتا ہے تو میں اُسے غنی ہوں وہ میرے سوا اور کے لیے ہے) اخلاص مومن کی زمین ہے اور اعمال اسکی دیواریں - دیواریں بدلتی اور تغیر پاتی ہیں مگر زمین نہیں بدلتی - عمارت کی بنیاد تقوی پر ہے - اگر کوئی کہے کہ میں اللہ عزوجل کا ہو رہا لیکن اُسنے میرے رنج کی کفایت نکی - تو جواب یہ ہے کہ تُو خلل تجھ میں ہے نہ رسول میں دمانطق عن الهوى (وہ ہوا سے نہیں بولتا) کیا تم کو اللہ تعالی کی کوئی خبر ہی نہیں خدا کی قسم بلکہ تم دنیا اور اسکی زینت کے عاشق ہو - اگر تو اپنے دعوی میں سچا ہوتا تو حقیر چیزوں کی طلب میں حیلہ نکرتا - اپنے نفس کو قدر کے وادی میں ڈال دے کہ جب وہ اپنا امر حاصل کریگا تو تیرے درجہ کا سر قرب کے دروازہ سے ملجائیگا ایسی صورت جو کہ دنیا اور آخرت کی زینت سے اچھی ہے تیرا استقبال کریگی - تمہارے درمیان دوستی کامل ہوگی اور حجاب اور زریعے اُٹھ گئے تو رکے دادی سے استغاثہ کو سنا - اپنی امانتیں سپرد کر اور میری خدمت کو اپنے لیے پورا کر - میں تجھپر اور تیرے رو کا ہوا ہوں - تیرا قرب اسکی قبولیت میں سفارش کریگا - اسوقت علم کا ہاتھ اسکی طرف دراز ہوگا اور حکم کا ہاتھ اُسکی امداد لے گا ابتدائے حال میں طبع اور ہوا اور ارادہ کی مخالفت سے پہلے اپنے آپکو مقرب اور محبوب ہوکر تیسا تیرا اس میں فکر کرنا حسرت ہے - جو تجھے ملازم رہے گی اور محرومی ہے جو تجھے [illegible] تو جانے کہ دنیا تجھسے جدا ہوگی تو اس سے سوال نکرے جب تو اپنا باطن اللہ عزوجل کیلیے آراستہ کرے دنیا تیرے لیئے آراستہ ہوجائیگی - اسکی شراب زہر ہے وہ شیرینی کو ظاہر کرتی ہے اور پھر تلخی یہ ہونی ہوجتی ہے کہ جب تیرے دلین اور اسکے بازوؤں کے بیچ ہوجائے تو زہر ہوجاویگی اور تجھے ذبح کریگی جو بزرگ پہلے گذر چکے ہیں زاہدوں کی طرح انقطاع کرنے سے پہلے خواطر کے درمیان تمیز کیا کرتے تھے - ای وہ کہ تو نے نفس اور شیطان

Marfat.com

دکی خاطر میں تمیز نہین کی شیطان کی خاطر گناہ اور لغزشین اور اصل میں کفر کرنے اور فرع میں گناہ گاری اور فرشتے کی
خاطر عبادتون اور نیک عملوں کو کس طرح الگ کریگا۔ اسکو جو سولی دیا گیا یعنی حلاج کو کسی نے کہا مجھے وصیت کر۔ فرمایا تیرا
نفس ہی۔ اگر تو اسپر سوار ہوا تو فبہا ورنہ وہ تجہپر سوار ہوگا۔ اگر تو چاہتا ہی کہ بادشاہوں کے ساتھ ملکر شراب پیئے تو ویرانہ اور
جنگلون اور میدانوں کو لازم پکڑ یہانتک کہ تیرا نشہ دور ہو جائے تاکہ اونکے اسرار کو ظاہر نکرے وہ تجھے ہلاک کر دینگے
اسیواسطے انکا کوچ انکی ایک جگہ ٹہیرنیسے اچھا ہی۔ اگر تو اپنے خدا سے ملنا چاہتا ہی تو یہ دنیا سواری بنائی گئی ہی خلوت
شرع کو مضبوط کرنیکے بعد ہے اللہ عزوجل کے دروازہ کیلیے استعانت اور قصد کا ہونا ضروری ہے جس کا سبب آگے آئیگا
علم کا دروازہ حلم کی راہ میں ہی۔ حلم کیا ہی امر اور نہی ہم قبول کرتے ہیں جس کا حکم امر کرتا ہی اور سنتے ہیں اور اطاعت کرتے
ہیں اسوقت ہمپر آفات آتی ہیں اسجگہ ضروری ہی کہ انسان عالم ہو۔ اگر ہم میں سے کوئی کہے کیا باعث کہ باوجودیکہ میں
عبادت میں قائم ہون پہر مبتلا کیا جاتا ہون۔ اسے کہا جائے کہ تو تہوڑے سے علم کا محتاج ہی۔ حلم کا صاحب ذخیرہ کرتا ہی اور
علم کا صاحب خرچ کرتا ہی۔ حلم زاہدوں کیساتھ ہی اور علم صدیقوں محبوبوں۔ انس پانیوالوں کیساتھ ہے حلم کیساتھ ہی اور
علم کیساتھ یہ اسکا شریک ہی اور وہ اسکا وزیر۔ تبکلف زاہد بننے والا محمود ہی اور زاہد سل کا بیمار اور عارف موت کے بعد
ہی اس متزہد نے شہوتوں کو چہوڑا اور روزے رکھے پس اپنے نفس کو حفاظت میں رکھا اور زاہد ہمیشہ ترک میں ہی اسلیے
اسکا مرض دائمی ہی جس سے اسکو سل پیدا ہوگئی۔ اُسکے نزدیک دنیا مرگئی۔ اس حال میں کہ وہ اللہ عزوجل کے لطف کو فرش
ایسا ہوتا ہی ناگاہ اپنے زہد کے دروازے پر طرح طرح کا طعام پاتا ہی اور صحنوں پر لٹکتی ہوئی پوشاک جو تغیر پاگئی۔ وہ دنیا
جبتک کہ اپنے مقسوم کو پورا حاصل نکرے نہیں نکلتا۔ کافروں اور نافرمانوں نے حلال وجہ سے طلب نہیں کیا حرام کو لیا
اللہ تعالی نے اس [illegible] یکو زندہ کیا پہر دوسری دفعہ اسکو پیدا کیا۔ گوشت پراگندہ ہوگیا۔ ہڈیاں کمزور ہوگئیں چمڑا ابتلا ہوگیا
پگہل گیا۔ اُسنے اسکو عذاب دیا ہوا معزول ہوئی طبع مغلوب ہوگئی پہر دل میں روح اور معنی اور معرفت اور توحید آئے کو
شخص کامل فرشتہ نہین بنا مگر کہ دل اور حق اسکا والی ہوتا ہی اسکو اسکی موت کے بعد زندہ کرتا ہی اسکی شہوتین اور لذتیں
باطنی طور سے مرگئین جیسے علم کی موت صدیق کی موت کے قریب ہی خدا نے اسکو بعد اسکے کہ اسکو وہاں جگہ دے دی جو
زندہ کیا۔ وہ جسکو اپنے دروازے پر مردہ کرتا ہے اسکو بہت سے حلم اور اسرار۔ بہت سے لشکر اور رعایتین دکھلاتا
پس جب دیکھتا ہی اسکو مالک بناتا ہے اوسکو مالک بناتا اور گا اپنے سر پر اطلاع دیتا ہی اس سے پہلے اسکے روح اور جسم

Marfat.com

باطن کو مقسوم حاصل کرنیکے لیئے جمع کر دیتا ہے۔ اگر اسپر مشرق اور مغرب کے مقسوم پیش کیے جائیں اُنسے ایک ذرہ اور تھوڑی سی مقدار
راد٘نا اللہ عزوجل کے حکم کے بغیر نہیں لیتا۔ انبیاؤں اولیاؤں اور خلق میں سے خواص کی شہوتوں کے درمیان پردہ کیا جاتا ہے
انہیں ایک ذرہ شہوت اور ارادہ نہیں رہتا حتیٰ کہ اُنکے باطن اُسکے یعنے خدا کیلیے صفا ہو جاتی ہیں۔ پس جب وہ چاہتا ہے
انکو اُنکے مقسوم پورے طور سے دے تو مقسوم کو پورا حاصل کرنیکے لیے انکو وجود میں لاکر زندہ کرتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
نے نکاح نہیں کیا کوئی ملکیت اکٹھی نہیں کی۔ آخری زمانہ میں خدا آپکو زمین کی طرف اُتاریگا اور قریش قبیلہ کی کسی عورت سے
آپکا نکاح کریگا اور اس سے آپکے ہاں اولاد پیدا ہوگی۔ عارف علم اور زہد کو مضبوط کرنیکے بعد اپنے مقسوم کو تمہارے ساتھ
تناول کرتا ہے۔ شہوات کو بعد اُسکے کہ اُنمیں زہد کرتا ہے شک کی حالت میں تناول کرتا ہے اور جب معلوم کرلیتا ہے تو اسکے
لیے طیب ہو جاتی ہیں۔ سرد پانی اور قیمتی طعام زاہد کے نزدیک شراب پینے اور خنزیر کا گوشت کھانیکے برابر ہیں بہت سے
زاہد ہیں جو اپنے زہد کے باعث حق سے محجوب ہیں اور بہت سے عارف ہیں جو معرفت کی طرف نظر کرنیسے محجوب ہیں مگر یہ نادر ہے
اور اغلب یہ ہے کہ وہ سالم رہتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ دنیا داروں کا قرب تجھے اللہ عزوجل سے بعید کرتا ہے تیرے لیے بہتر یہ ہے کہ
آخرت اور عبادت پر متوجہ رہے تاکہ تو نجات حاصل کرے۔ تیرا مقسوم جبراً تیرے پاس آئیگا اول تجھے حکم کریگا کہ طبع سے خارج
ہو اور اسکی جگہ رخصت شرعی کو دے پھر تجھے حکم کریگا کہ قدر ضرورت رخصت سے کم کرتا جا یہانتک تیرے تمام کام عزیمت
ہو جائیں پس جب تو عزیمت پر صبر کریگا تو اللہ عزوجل کی حمیت تیرے دلمیں جگہ لیگی پھر جب تو ثابت رہیگا تو اللہ عزوجل کیطرف سے
محبت اور ولایت تجھے ملیگی اگر تو عقل کرے تو اپنے آپکو دوزخی شمار کرتا کہ تجھے یہ امر عمل میں اخلاص کرنیکی ترغیب دے پس اگر
تو جنتی ہوگا تو تو نے اس کا شکر ادا کیا جب تو اپنے گھر سے نکلے تو ایسا نکل گویا کہ تو لڑائی کی طرف نکلا ہے شاید کہ اپنی جگہ
واپس نہ ہو اور جان لے کہ تو اپنے کسب میں ابتلا کیا جاتا ہے اور یقین رکھ کہ اللہ تعالیٰ اسپر قدرت رکھتا ہے کہ تجھے بغیر سعی اور
کوشش کے رزق دے۔ مومن کبھی پہاڑ کی طرح ہوتا ہے اور کبھی پر کی طرح کہ قدر کی ہوائیں اسکو ہلاتی ہیں
کی طرح ہوتا ہے اور حق عزوجل کی حمیت کیوقت پر کی طرح قدر کی ہوائیں اسکو ہلاتی ہیں۔ اے ہماری قوم تم سے
رسالت اور نبوت جاتی رہی لیکن ولایت فوت نہیں ہوئی۔ اس بادشاہ کی حمیت و غیرہ تجھے کیسا نہیں ہے تو ایسا ہے گویا
کہ تو اندھا ہے دیکھتا نہیں گویا کہ تو بہرا ہے سنتا نہیں گویا کہ تو مردہ ہے تجھ میں حرکت نہیں۔ ان محجوبوں پر افسوس ہے
جو اپنے محجوب ہیں نیکو نہیں جانتے تو نیکی نہیں کرتا اور نہ نیکی کرنیوالوں کی نیکی کرنے پر مدد کرتا ہے۔ تو بہتر ہے آخرت کے بغیر

Marfat.com

دنیا سے محبت رکھتا ہے۔ ظاہر کو چاہتا ہے نہ باطن کو۔ تجھے تیری ولایت تیری دولت مندی کیا کریگی جب کچھ فائدہ نہ دیگی
قریب ہے کہ تو مر جائیگا اور اسکے بعد ذلیل ہوگا۔ جو شخص عزت کو چاہتا ہے پس عزت اللہ اور اسکے رسول صلعم اولیاء
اور صدیقوں کیلئے ہے۔ دنیا دریا ہے اور شرع بہنور اور ملاح اللہ عزوجل کا لطف۔ پس جسنے شرع کی تابعداری ترک کی وہ دنیا کے
دریا میں غرق ہوا اور جسنے شرع کے جہاز میں پناہ لی اور وہاں ٹہیرا تو ملاح اوسے اپنا نائب بنائیگا اور جہاز کو مع اسباب کے
جو اسمیں ہے اسکے حوالے کریگا اور اس سے رشتہ کریگا۔ اسی طرح جسنے دنیا کو ترک کیا اور علم میں مشغول ہوا اور ایذا پر صبر کیا تو شرع کا
محبوب بنگیا۔ پس ایسی حالت میں ہوگا کہ اللہ عزوجل اپنے لطف سے اسپر توجہ کرے گا۔ اسے اسکی معرفت اور خاص
خلعت حاصل ہوگی تیرے لیے ولایت پر ولایت ہے۔ اللہ میں اسکے غیر کے فوت ہونے سے فراخی ہے جب تجھسے کوئی شے فوت
ہو جائے تو اسپر غم نکر اسلیئے کہ وہ اپنے مال میں تصرف کرتا ہے۔ غلام اور اسکی ملکیت آقا کی ہیں۔ وہ جو کچھ تجھسے لیتا ہے
کل تو اسے پاویگا اس سے آگ کہیگی ای مومن جلدی گذر جا تیرے نور نے میرے شعلے کو بجھا دیا اسطرح دنیا میں جب ایمان
قوی ہوا اور باطن حق عزوجل کے قرب سے ملجائے آفات کی آگ آتی ہے دلونکے راستہ میں گرتی ہے مجاہدات کی آگ آتی ہے۔
مریدوں کی راہ میں ٹھہرتی ہے پس وہ مرید جسمیں دنیا کا بقیہ اور خلق کی رویت ہو اسکو آلیتی ہے اور کامل ایمان والے کو کہتی ہے
ای مومن جلدی گذر جا تحقیق تیری نور نے میرے شعلہ کو بجھا دیا۔ دنیا میں انکو وہ تیر جو بے خطا ہیں ضرر نہیں دیتے۔ خالص عمل کرو
دنیا اور آخرت کی آگ تم کو ضرر نہیں دیگی وہ اللہ عزوجل کے بندے ہیں جنکا نام وہ طبیب رکھتا ہے۔ انکو عافیت میں زندہ
رکھتا اور عافیت میں مارتا ہے اور جنت میں انکو عافیت کے ساتھ داخل کرے گا جسنے اللہ عزوجل کو پہچانا شہوتوں
اور لذتوں سے الگ ہوا وہ صرف مقسوم کو پورا کرنیکے لیے مجبور کیا جاتا ہے ہمسایہ گھر سے پہلے ہی اسکو ہمسایہ ملگیا۔
بہ مبارک گھر سے کامیاب ہوا اس سے بادشاہ کے نزدیک عزت پائی بادشاہ نے فرمایا اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ اَمِينٌ
(کہ تحقیق تو آج ہمارے نزدیک عزت والا امین ہے) جسنے اللہ عزوجل کو پہچانا اور اسپر داخل ہوا وہ اپنی آنکھیں اسکے
گھر میں اسلیے شے کی طرف نہیں اٹھاتا۔ اور نہ اپنے ہاتھ اس عروس کی طرف جو بادشاہ کیطرف آراستہ کر کے
بھیجی گئی دراز کرتا ہے اسکا طعام اور شراب بادشاہ کا قرب ہے وہ اپنی تمام شہوتیں اسکے قرب میں پاتا ہے جب
تو تابعدار ہو جائے تو دل کیسا پگل جاتا ہے وہ اس کا ہم سخن ہو جاتا ہے اور دل قید خانہ سے نکل آتا ہے۔
ائتونی بہ بادشاہ نے کہا اسکو میرے پاس لاؤ اسکی بزرگی کے ظاہر ہونے اور اسکے نیک اخلاق اور

نیک ادب کے واضح ہونیکے بعد حکم دیا۔ لاؤ اسے عزت کیساتھ اس کا استقبال کیا اوسکو مقرب بنایا اور اوسپر احسان
کیا اور خلعت عطا کی اور سب کے واسطے اس سے مخاطب ہوا اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ (تو آج ہمارے پاس عزت والا امین ہے)
وہ اوسے اپنے غیر میں مشغول نہیں کرتا پھر آپنے خدا آپ سے راضی ہو چلائے اور کہا یا اللہ یا اللہ یا اللہ حبیب غائب
تجھ میں مشغول رہنے کیلئے آگے بڑھا تاکہ تیرے غیر میں مشغول ہو کے جب اسکی صحبت دراز ہوئی اور سفر کا رنج
زائل ہوگیا تو گوشت اگا اور ہڈیاں مضبوط ہوگئیں اور زندگی خوش ہوئی اور خوف جاتا رہا اسوقت بادشاہ کا راز دار ہوگیا
اُسنے اسکو اپنی رعیت اور اصحاب ور ولایت پر والی اور حاکم بنایا اور اُسنے دریا کی طرف بھیجا تاکہ ڈوبے ہوؤں کو خلاصی دے
اور جنگل کی طرف بھیجا تاکہ مردوں اور بچوں کو درندوں کے موہنوں سے بچالے جب اپنی طبع کے گھر سے نکلا نائب اور امین
ملنے کا مستحق ہوا اُنکے دونو پر اسی طرح خلعت دیتا ہے جس طرح کہ نبیوں اور رسولوں کے اونکو دیا۔ انکے لقب اولیا اور ابدال
ہیں ای بازاریو اسجگہ۔ بادشاہی بھید ہیں میں انکی طرف جو اس مجلس میں اولیا اور فرشتے حاضر ہیں اشارہ کرتا ہوں وہ
پوشیدہ ہیں حاضرین انکو نہیں جانتے کسی نے سوال کیا۔ بسط کب قبض ہوتا ہے اور بدل کب جدہ آپنے فرمایا جب
وہ تجھے سبط کرے تو بسط میں ہو جائیگا۔ تیری رخصت عزیمت اور عزیمت تازہ ہوجاتی ہے حتی کہ جب تو بالکل عزیمت
ہو جائے تو وہ تجھے فضل اور اُنس کے گھر میں داخل کریگا۔ یہ تو بے رخصت کے عزیمت صرف فعل رہجائیگا تیری
مثال اوسکی مثال ہوگی جسکے سامنے طبق رکھا ہوا ہے اور اسمیں سے اسنے کسی قدر تناول کیا۔ اسے کہا گیا۔ دوسرے
گھر میں داخل ہو اور جو اسجگہ ہو اسے تناول کر رخصتیں بڑے ناقص کے لیے ہیں اور عزیمتیں کامل مومن کے لیے۔ اور
ملک فنا ہونے والوں کے لیے ہیں اس سے پہلے زمین پر نہیں بیٹھا اگر خلوت میں اور بیٹھا کے برخلاف ہو۔ میں امین
ہوں اپنے حال کا اقرار نہیں کرتا [illegible] اسلیے کہ میں کیسکو دوجگہوں میں اپنا مودب نہیں پاتا دنیا ترک کرنے اور
لینے میں خلوت جہالت [illegible] داخل ہو مہذب بننے سے پہلے اسکو اختیار کر [illegible]
جو مجلس میں حاضر ہوتے ہیں اور ایک بات پر بھی عمل نہیں کرتے۔ بہت ایسے [illegible] اہل دل کو دیکھا اور اس
نیک نصیحت طلب کی۔ اس ولی نے اسکو نصیحت کی اور اُسنے اسپر عمل کیا اور اسکو [illegible] بنایا اور تو [illegible] پر اطلاع پاتا
اور آثار کو دیکھتا اور مجالس خط میں حاضر ہوتا [illegible] تو اپنی جگہ پر [illegible]
بلکہ جس قدر تو بڑھتا ہے اور [illegible] ہٹتا ہے جسکے [illegible]

Marfat.com

ختم کرے دنیا ایک گھڑی کا سامان ہے اوسکی طرف مائل نہوا دلیا وہ لوگ ہیں جنکو ہیبت نے کمزور بنایا اور اُنکے ہاتھ پاؤں سفید ہو گئے
ان کے دلوں پر خلق کی دہشت غالب ہوئی پس انکے حالات میں لزوم (لازم پکڑنا) اور قعود (بیٹھا رہنا) ہے جب مقسوم کو پورا حاصل
کرلیگا وقت آتا ہے تو فوت ایسے کو بیچا نتا ہے جو اسکو نقد دے مجھ پر پہلوں اور پچھلوں کا کوئی اعتراض نہیں ہے اصل دین کی حفاظت
کرتے ہیں تو جیسے نسبت اور دوستی کو قطع کرے جاہل نہ بن گھر میں بیٹھکر بیہودہ بکتا ہے بہت سی دوائیں ہیں اور انہوں نے [illegible]
[illegible] ایک مجرب چیز جو ہمارے پاس بتلاتے ہیں اُسکے ڈرسے جسمیں مال اور اولاد فائدہ نہ دیگی مال کیا چیز ہے جسکو تو حلال
وجہ سے جمع کیا اور گنایا اور دعوی کیا کہ وہ کل تجھے مع اولاد کے مفید ہوگا جیسے کہ پہلے عرب نے زعم کیا اللہ عزوجل فرماتا ہے یوم لا ینفع
مال و لا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم ۔ جسدن کہ مال اور اولاد فائدہ نہ بخشینگے مگر جو اللہ کے پاس سلامت
دل سے حاضر ہوا) اپنے دل کیساتھ اُسنے اپنے مال اور اولاد کی طرف نہ دیکھا اور دلکو انمیں نہ لگایا بلکہ [illegible] دیکھا کہ وہ ان میں
وکیل ہے اپنے رب عزوجل کیساتھ موافقت کرنیکے لیے انکے ساتھ رہتا ہے اسلیئے اس کا دل مال اور اولاد کی
آفتوں سے بچا رہتا ہے اس آدمی کی طرح جسے خبر لگی کہ بادشاہ کسی لونڈی کے ساتھ اسکا نکاح کرنا اور اسے [illegible]
کے ہاتھ سے اسے قتل کرانا چاہتا ہے ۔ اسنے اپنے دل میں [illegible] کہا اگر [illegible] کروں گا تو [illegible] بادشاہ [illegible]
پائیگا اور اگر اسکی مخالفت کروں گا تو وہ اپنے غلبہ سے مجھے قتل کرا دیگا اور اگر [illegible] لونڈی کے
[illegible] بادشاہ [illegible] ایک کے ساتھ اسکو نکاح کرنیکا امر کیا اور اسکو حکم دیا کہ اسکو زیب
[illegible] جب [illegible] تو اُسے قتل کر ڈالیو [illegible] جو آج مجھسے پیچھے ہٹا نہ پایا ادب اور دلی خوف کیساتھ
موافقت کو ظاہر کرنا [illegible] اسنے سر و چشم تسلیم کیا واصل ہوا اور نکاح اور ہدیہ کو قبول کیا زفاف کا
[illegible] آنکھوں میں [illegible] اسکی حرکات اور سکون اور کام کو
[illegible] اور غلام [illegible] کرتے تھے اور اسے مضبوط کرتے تھے آخر وہ اُن [illegible]
[illegible] مال و لا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم مگر جو سلامت دل کیساتھ اسکے پاس حاضر ہوا وہ عورت
دنیا ہے [illegible] اور آخرت کی طرف [illegible] اسکا دین شہدا کا تھا
[illegible] دنیا سے پرہیز کرنیوالا آخرت میں رغبت کرنیوالا جب
[illegible] پیغام لائے [illegible] دنیا سے ایک جماعت کو ملانا چاہتا ہے تاکہ صدیقوں کے

Marfat.com

لونکی حیات ہو اور یہ ایک قسم کا شغل اور تکلیف اور کدورت اور التفات ہی ہو غور کر کس طرح کریگا دل اور سر کو سپرد کر
کے سر اسکے سپرد رہے [illegible] سر اور دل دونوں کو خرچ کر کے بادشاہ کے دروازہ [illegible] جائے اور عرض کریں کہ [illegible]
[illegible] کیا کرنا چاہتا ہی کیا تو ہم کو بھی درگاہ سے محجوب کرنا اپنے دروازہ سے [illegible] کرنا چاہتا ہی ہماری خوشی کو ترش
کرنیکا ارادہ رکھتا ہے ہم [illegible] لیکن اگر جہود اور بیابانون کے ساتھ وہ نہیں دور سوچے کہ وہ انکو کہتا ہو لا تخافا
[illegible] [illegible] [illegible] تمہارے ساتھ ہون [illegible] اور دیکھتا ہون پس وہ دنیا کی طرف
[illegible] اور [illegible] قطعون [illegible] اللہ کے پاس [illegible] جو آفات اور ریا اور نفاق اور
[illegible] کو [illegible] سے سلامت ہو واپس [illegible] جنگل میں [illegible] ضرور [illegible]
[illegible] کو صاف کرے [illegible] دنیا [illegible] ہو ضرورت [illegible]
دنیا اور شہوتون اور لذتوں اور تمام بیہودگیون سے فارغ کرے [illegible] اور موت کے بعد کے
[illegible] اس میں امید کو تازہ کرنیکی کیمیا [illegible] [illegible]
[illegible] کرنیکے ساتھ صاف ہو جاتے ہیں مگر جب تو امید کو لیا کرے تو دیکھیگا کسی سے تعلق [illegible]
[illegible] اسکو چھوڑتا [illegible] کرتا ہو زندگی کا لباس [illegible] رسول صلی اللہ علیہ وسلم
فرمایا اکفلوا لی بست اکفل لکم بالجنة اذا حدث احدکم فلا یکذب واذا اؤتمن فلا یخن
اذا وعد فلا یخلف کفوا ایدیکم وغضوا ابصارکم واحفظوا [illegible]
[illegible] روایت کیا کہ میرے لیے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہارے لیے جنت [illegible]
[illegible] بولو اور جب امانت رکھے جاؤ تو خیانت نکرو اور جب وعدہ کرو تو خلاف نکرو اپنے [illegible]
[illegible] جب تیرا سر صفا اور موافق ہو جائے تو تو اپنے رب کی [illegible]
[illegible] تو تیرے رب اور دل کا [illegible]
تجھے کچل ڈالے یا [illegible]
اور اگر وہ تجھے فوت ہو جاتا تو اس تعلق [illegible] تیرے [illegible]
بنے گا تو انکا [illegible] عمل کو

Marfat.com

نئے سرے سے شروع کر سبکو بند کر جب میں وعظ کہنے کے لیے بیٹھوں تو گھر میں بیٹھا رہنے ہی توبہ کر اس جگہ
ولائتین میں اسجگہ رہتے ہیں۔ ای عیال میں پہنچنے ہوئے چاہیے کہ تو عیال کے کسب کرے اور تیرا دل خدا کے
فضل پر متوجہ ہو۔ بعضے ایسے ہیں جنکا حلال انکی اپنی کمائی میں ہے اور بعضے ایسے ہیں جنکا حلال وہ ہی
جو دعا کے ذریعے انکو ملتا ہے اور بعض ایسے ہیں جنکا حلال وہ ہے جو انکو بے سوال اور روٹی ملتا ہو اور
بعض ایسے ہیں جنکا حلال وہ ہے جو لوگوں کے ہاتھوں سے طلب کرتے ہیں مگر یہ ریاضت کی حالت ہمیشہ
نہیں رہتی پہلا یعنے کسب سنت ہے۔ دوسرا یعنے سوال صنعت ہے اور تیسرا عزیمت ہی اور گدا کرنا انکے بیچ
میں رخصت ہی اور کبھی ایسے ہی گدا کرتے ہیں جو خود نہیں کہاتے صرف اسکے لیے ابتلا اور آزمائش ہوتی ہیں جب
مانگتے ہیں ایسے بندے کا سوال رات کے سوالیون کا سا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (لَا تَرُدُّوا سُوَالَ
اللَّيْلِ فَإِنَّهُ قَدْ يَأْتِيكُمْ مَنْ لَيْسَ بِجِنٍّ وَلَا إِنْسٍ لِيَنْظُرَ مَا تَصْنَعُونَ فِيمَا خَوَّلَكُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ)
رات کے سوال کو رد نکرو کیونکہ تحقیق کبہی ایسا سوالی آتا ہے جو جن وانس میں سے نہیں ہوتا تاکہ وہ دیکھے
کہ تم اوس میں جو خدا عز وجل نے تمکو دیا کیا کرتے ہو) اسیطرح یہ بندہ سوال کرنیکا امر کیا جاتا ہے
تاکہ خدا ظاہر کرے کہ تو ان نعمتوں میں جو اسنے تجھے دیں کیا کرتا ہی۔ علما کی مجلس اور قبرون اور نیکوکاروں کی زیارت
زیادہ کر تاکہ تیرا دل زندہ ہو جب بندے امروں کی تابعداری اور منہیات سے باز رہنے کو مضبوط کرتے ہیں تو
تقدیرین اونکی مدد کرتی ہیں حضرت عبد اللہ ابن زبیر ایک ہفتہ میں ایک مرتبہ کہا کرتے تھے تیرا حال درست
ہوگا جبتک کہ تو اوس رخنہ دار برتن کی طرح نہو جائے جس میں کوئی پتلی چیز نہیں ٹہیر سکتی مسکینوں کی اس کشتی کیطرح
جسمین حضرت سوار ہوئے اوسکو عیب دار کیا پہر درست کیا کسی حالت میں جمع ہی کسی میں تفرقہ کسی میں قلت ہے کسی میں
کثرت جو شخص ہمارے سامنے سے دوزخ کی طرف نکلا خدا اوسپر رحم نکرے۔ اے خدا معاف کر۔ ای خدا پردہ ڈال
ای خدا ثابت رکھ۔ ای خدا رضا عطا کر جب تو حق عز وجل تک پہونچ جائے تو وہ تجھسے فرائض کے ادا کرنے
راضی ہوجائیگا۔ بادشاہ کا باورچی بوڑہا ہوا عقل اور نظر اور کان اور اشارے جاتے رہے۔ جو کچھہ علم کی حالتمیں اوسکو
ملتا تھا وہی عطا کیا گیا۔ اپنے زعم میں ایسے مرید تونے ہوتے ہوئے اپنے ہمسائے کو کب اپنے نفس پر
فضیلت دی۔ اپنی قمیص پر اپنے عمامے پر اپنے مصلے پر اپنے مال پر تونے اسکو اپنے نفس سے کب بہتر

Marfat.com

اصحاب کہف نے اپنے نفسوں اپنی طبیعتوں اور ہواؤں اور طعام و شراب کو فنا کیا حتی کہ باطنی مردے ہوگئے باطن
میں فنا ہوگئے قدرت کا ہاتھ قدرت کا عمل جیسے اللہ انکا حال ہوا کہ انکو داہین اور بائیں پلٹاتا ہے وکلبھم باسط
ذراعیہ بالوصید (اور ان کا کتا اپنے دونوں بازو غار کے آگے پھیلائے ہوئے ہے) زندگی کی دہلیز کے
نیچے بچھے ہوئے ہیں۔ ہاتھ پاؤں کی دوا آٹھ بیٹے کبیرہ اور صغیرہ گناہوں سے رک رہنا ہے تیرے ہاتھ چوری اور مارنے
سے بند رہیں اور پاؤں گناہوں کی طرف اور بادشاہوں کی طرف چلنے سے رکے رہیں تو اولاد آدم سے لیوے اور اس آنکھ کو
خوبصورتوں کی طرف دیکھنے سے باز رکھے۔ نفس سو گیا یا حکم دل محبوب کی صحبت میں اترا۔ اللہ تعالی کا دوست
جب نیاب وب کرتا ہے تو نبوت کی صفات سے موصوف ہوجاتا ہے حکم طبع اور علم کے درمیان حیران رہجاتا ہے کبھی طبع پر
وارد ہوتا ہے اور کبھی علم پر اور کہتا ہے ما اتاکم الرسول فخذوہ (جو کچھ رسول تمہارے پاس لائے اسکو پکڑو)
حکم دلکو کہتا ہے کیا تجھے کافی نہیں کہ میں تیرے لیے خادم اور محافظ کی طرح کھڑا ہوں اور تو بادشاہ کے ساتھ وزارت
انکے بادشاہ کا تخت ہے۔ خلوت انکے عروس کا چھپر کھٹ ہے دن انکو کسی قدر اسباب کے لیے دھوکہ دینا ہے یابنی لا
تقصص رؤیاک علی اخوتک (اے میرے بیٹے اپنا خواب بھائیوں پر ظاہر نکر) باہم ایکدوسرے کی عزت کرتے
ایکدوسرے کی حفاظت کرتے ہیں۔ ایکدوسرے کی مدد کرتے ہیں یہانتک کہ کتاب اپنی اجل کو پہونچے جب منکر اور نکیر
قبر میں تیرے پاس آویں تو انسے میری بابت پوچھیو وہ تجھے میرا حال بتلائینگے تیرا نام گنہگار ہے کل کو تیرا نام محاسبہ
مناقشہ حساب میں سختی کیا گیا ہے۔ تو قبر میں بحال ہے تجھے معلوم نہیں کہ آیا تو دوزخی ہے یا جنتی تیری
عاقبت نامعلوم ہے۔ اپنے حال کی صفائی پر مغرور نہو تجھے معلوم نہیں کہ کل تیرا کیا نام ہوگا۔ اے میرے بیٹے جب تو
صبح کرے تو اپنے نفس سے شام کی بات نکر اور جب شام کرے تو صبح کی بات نکر۔ کل جمع اسکے رنج سے ہے
اور تجھے اس میں شاہد ہے چلا گیا اور معلوم نہیں کہ آئندہ کل تو پائیگا یا نہیں تو صرف آج کا دنیا ہے مگر
غافل ہے تیری غفلت کی علامت کیا ہے۔ غافلوں سے مجلس کہتا۔ اے احمق جسکی ...
کیوں مجلس کہتا ہے ایسے سے جسکی بنیاد سست اور ظاہر نہ گیا اور اسکے باطن میں حق عز وجل جیسا نہ ہو اور
چالاکی ہے کیوں مجلس کہتا ہے ایسی شے ہے جو کاندھوں کو جمع کرنے اور آنکھوں کو ... نہ بیداری سے سرگین کرنے کے
ساتھ حاصل نہیں ہوتی تمام خلقت کا کوئی اعتبار نہیں تمام تکلف کا کوئی استیار نہیں۔ اے احمق کبھی اسکے

Marfat.com

اور کبھی اُسکے دروازے پر جا کر اپنی جمع کو زیادہ کرنیکے لیے سوال کرتا ہو تیرے لیے نجات کی کس طرح اُمید ہو۔ کبھی جا کر بادشاہ کے دروازے پر دربان کی طرح کیوں نہ بنا جو آتا بادشاہ کو اُسکے آنیکی اطلاع دیتا۔ تجھے اُسکے قیدے سے دور کا رہتا اُسکی وحدت سے اُنس کرتا تو نے خلقت کو اپنا عیال کیوں بنایا اور خود اُنسے الگ رہا۔ گھر میں بیٹھکر صنعت میں مشغول ہوا کہ جب وہ تیرے دروازے پر آتے تو اپنے حال کی اصلاح کرتے تیرا گھر تیری خلوت ہوتا تیرا گھر تیرا دل ہوتا تیرا گھر تیرا سر ہوتا تیرا گھر تیرا باطن ہوتا تیری صحبت اپنے ربکے ساتھ اُسکے امر پر قائم رہنے اور اُسکی نہی سے باز رہنے اور اُسکی قدر میں اُسکی موافقت کرنیسے ہوتی ہے خلقت کے رزق تیری دعا اور ہمت میں ہوتے۔ ایک اندھے کیلیے ہزار آنکھوں کی عزت کیجاتی ہے جب تو اپنی خلوت میں بزرگ نیکوکاروں کی عزت کرے۔ اپنے مولا کی تابعداری کرے۔ اُسکی نافرمانی نکرے۔ قوم کی عزت کرے اور اپنے نفس کو اُنکے نزدیک خوار کرے تو تیرا نام کریم رکھا جائیگا پس جب تو کریم ہو جائیگا تو تیرے سبب سے ہزار آنکھ کی عزت کی جائیگی تیرے اہل اور ہمسایہ اور اہل شہر کی بلا تیرے سبب سے دفع کیجائیگی تو ہمیشہ لوگوں کے دروازوں سے گدا کرتا ہے۔ تجھ سے کب گدا کیا جائیگا تجھسے کب کچھ مانگا جائیگا تیرے دروازے پر لوگ کب آئینگے تو اپنی تلاش سے کب فارغ ہوگا تو اپنے گرد خیمہ کب لگائیگا تو بادشاہ کے قریب میں کب پچھلی راتکو نازل ہوگا تو بادشاہ کے قریب کب ہوگا اپنی شرافت اپنی قابلیت اپنی لیاقت کب ظاہر کریگا اور کب اپنے لقبوں کو واضح اور اپنے فخروں کو ظاہر کریگا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں سے زیادہ کب تجیب ہوگا تاکہ آپکی برکت تجھے سپرد کی جاسکے عالم قول اور فعل عامل اور مقابل کی جہت سے انبیاء کے وارث ہیں نہ صرف اسم اور لقب سے نبوت اسم ہو اور رسالت لقب۔ ای جاہل نبوت اور رسالت تو گذر چکی ولایت قطبیت۔ بدلیت تجھے فوت نہیں ہوئی أَرَضِيتُم بِالْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ (کیا تم آخرت سے دنیا کی حیات پر راضی ہو) دنیا کی حیات تیرا نفس ہوا اور طبع ہے جو کچھ شہوات میں سے زائل ہو جائے وہ دنیا نہیں وہ تیرا مقسوم ہے۔ دنیا وہ ہے جسے تو [illegible] اور اختیار سے لیتا ہے جو بادشاہ تجھپر لازم کرے وہ دنیا سے نہیں جو تیرے لیے ضروری ہو وہ دنیا نہیں [illegible] تجھے [illegible] دیتا۔ لباس جو تجھے ڈھانپتا روٹی جو تجھے سیر کراتی ہو عورت جس سے تو آرام لیتا ہو دنیا سے نہیں [illegible] خلقت پر متوجہ ہونا اور خدا سے پیٹھ پھیرنا ہے۔ ہوا کفر کی ضد ہے۔ ہوا عبادت کی ضد ہے [illegible] ظاہر باطن کی ضد ہے جب تو ظاہر کو محکم کرے تجھے باطن کو مضبوط کرنیکا امر

Marfat.com

کیا جائے گا جب تو حکم کو اسپر عمل کرنے سے محکم کرے گا تو اس کا غلام اس کا تابع اس کا صاحب طبع سے فانی
جسم والا ہو جائیگا وہ تجھے علم کی لگام ڈالیگا اور تجھسے عشق رکھیگا تو دو روحوں کے درمیان ایک روح
ہو جائے گا تو بادشاہ اور اوسکے وزیر کے درمیان حاجب ہو گا تو دنیا اور آخرت اور خلق اور حق عزوجل
اور فرشتوں کا محبوب ہو جائے گا دلوں کے لیے خوشی ہو گا ہماری ایسی حالت ہی جو تمہارے حضور سے
غائب ہی حضرت داؤد نے اپنے بیٹے حضرت سلیمان سے ان دونوں اور تمام نبیوں اور رسولوں اور
مقرب فرشتوں اور اولیاء اور صالحین پر سلام ہو کہا اے بیٹا مسکنت کے بعد گناہ کیا ہی برا ہے
اور اس سے زیادہ برا وہ آدمی ہے جو عابد تھا پس اس نے اپنے رب کی عبادت چھوڑ دی اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ
الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ کیا تم آخرت سے حیات دنیا پر راضی ہو دنیا کی حیات تیرا وجود ہے
اور آخرت تیری فنا ہے خاصوں کے لیے تغیر ہے اور اسرار کے لیے تغیر اور عوام کے لیے تغیر
اور خواص کے لیے تغیر ہے ... تو دنیا کو نہ دیکھیگا اور آخرت تیرے لیے نہیں کھولی
جائیگی وہ جسکو تو سمجھتا نہیں تیرے پاس آئیگا تو حیران رہے گا اور تجھے معلوم ہو جائیگا جو عقل شریک کے
ذریعہ تیرے پاس آئے وہ دنیا میں سے ہے اور جو اس عقل کے ذریعہ جو عقلوں کی عقل ہے آئے وہ
وہ آخرت کا حق ہے تیرا آخرت ہو اور تیرا اظہار دنیا۔ دنیا کے حالات حق عزوجل سے غیر ہیں اور آخرت
مولی سے تعلق رکھنا اور بیہودہ قیل و قال سے اور تعریف اور ثنا اور مذمت سے [illegible]
اور غم کے ساتھ سیر کرنا ہے تیرا مقصد وہ ہے جو تجھے رنج میں ڈالے جب تو اپنے ارادہ سے
سچا ہو وے تو حق عزوجل تیرے ہاتھ کو پکڑے گا۔ قدر کی صحبت میں تجھے چلائیگا تیرے [illegible]
حضرت آدم علیہ السلام کے قدم سے بباعث تیرے ارادہ کے سچا ہونے اور تیرے [illegible]
جو ہونیکے زیادہ فراخ ہو گی آدمی جاہل تو ہلاک ہووے تو خدا اور اسکے نبی [illegible]
لیے اسکے پاس ہیں غافل ہے اولیا نے سنا اور اطاعت کی ولی اول اپنا مقسوم لوح محفوظ میں پڑ
اپنے اہل اور اولاد کا مقسوم دیکھتا ہے حتی کہ جب متعجب ہوتا ہے تو اوسکے باطن میں آواز آتی ہے
اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَیْهِ نہیں ہے مگر بندہ کہ ہم نے اسپر انعام کیا۔ [illegible]

Marfat.com

لَمِنَ الْمُصْطَفَیْنَ الْاَخْیَارِ اور تحقیق وے ہمارے نزدیک برگزیدہ و پسندیدہ ہیں اور یہ خبر سابقہ قسمت سے حاصل ہوتی ہے پھر مشائخ کے قدموں کی پیروی کرنے سے صفا ہوتی ہے اور آپ حالت اور وجد کی حالت میں تھے کہ ایک کاغذ جس میں کسی فقیہ نے کوئی مسئلہ دریافت کیا تھا لایا گیا۔ آپنے فرمایا ٹھہر و حتی کہ میں کلام میں اجازت طلب کرلوں اور مجھے الہام کیا جائے۔ پھر فرمایا کہ آیا نکاح واجب ہے یا نہیں اسمیں اختلاف ہے بعضوں نے کہا سنت ہے اور بعضوں نے کہا جب اپنے نفس سے خوف ہو تو عبادت میں مشغول رہنا اولی ہے۔ امام شافعی رح اور امام احمد رح کے نزدیک اور امام ابوحنیفہ رح نے کہا نکاح میں مشغول ہونا افضل ہے تو جبتک مرید ہوے تو عبادت میں مشغول ہونا افضل ہے اور اگر مراد ہو وے تو اپنے نفس میں تیرا کوئی اختیار نہیں خواہی وہ نیز انکاح کر دیوے یا اُسکے سوا اور عبادت مین رکا دے۔ اگر وہاں تیرا کچھ مقسوم ہوگا تو تو اسکو پالیگا۔ مقسوم تیرا دامن پکڑے گا اور خدا کے آگے عرض کرے گا کہ اس سے جو مجھ سے بہاگتا ہے حالانکہ تونے مجھے اسکی قسمت کیا میرا حق ہے۔ میں کیا کروں یہ مجھسے نفرت کرتا ہے پس وہ تجھے اسکی طرف متوجہ کرے گا لیکن مرید کے لیے نکاح کرنا باطن کی جہت سے حرام ہے اسیطرح زیادہ لباس اور زمین کی ملکیت۔ وہ سیاح ہے اسکو ایک جگہ قرار نہیں۔ اُسکے پاس کپڑے اور اسباب نہیں۔ وہ اپنے تمام لباس سے برہنہ ہوتا ہے بس جب اپنے مقصود کو حاصل کرلے اور سیاحت ختم ہو جائے پھر اُسکے مالک کا ارادہ ہے۔ اس کا نکاح کرے اسکو وجود میں لائے یا گم کرے۔ جو احمق کیساتھ ہوا وہ احمقوں کا احمق ہے جس نے اللہ عزوجل کو شناخت نکیا وہ آخرت سے دنیا کی حیات پر راضی ہوا۔ اے غلام تیرا مقسوم تیرا غیر نہ کھائیگا۔ اپنی طبع اور ہوا کے ساتھ شیطان کے ہاتھ سے نہ کہا بلکہ ایک ساعت انتظار کرتا کہ تو جنت یا اپنے [illegible] رب کے گھر میں پہونچ جائے۔ ایک آدمی نے آپکی خدمت میں عرض کی بچپن سے ابتک میرا ایک ورد اور وظیفہ تہا۔ اب جب میں کھڑا ہوتا ہوں دو رکعت پڑھنے کے بعد مجھے مرض کی عارض ہو جاتا ہے۔ آپنے فرمایا اسپر سابقہ لحہ کا جھگکار نہ پڑا ہوگا۔ صدیق کی آنکھ نے حق عزوجل کی طرف گذرنیکے وقت تجھے دیکھا اور پسند کیا۔ پس اپنے ساتھیوں سے کہا اسکو اپنے ہمراہ لیلو۔ تمہاری عمر کے دنوں میں اللہ عزوجل کی طرف سے خوشبوئیں ہیں اسکی نفحات کو حاصل کرو۔ اپنے دل کو توڑا نہ بنا اسکے مالک نے اُسے قرب کے ورود ہونے پر پہلا یا ہے۔ ظاہری ضعف اور باطنی قوت والا بنا ہوگا۔ تیرے دل کی کمزوری نہوگی۔

Marfat.com

اس کا جگر ازم ہوا۔ غیرت اور منت نے اسکے سر کو جہپٹ لیا یہ تیرے دل نے اپنے رب کے دروازیکو دیکھا قرب کی ہیبت اسپر چھا گئی اسنے پہاڑ دیا دل کی حفاظت مین بڑا شغل ہے دل کی اعمال سے ایک ذرہ ظاہر کے اعمال سو ہزار درجہ اچھا ہی جبتک کہ تو فرائض اور سنن کو لازم پکڑے تجھے کوئی ضرر نہیں۔ جنید رح سے کہا گیا کہ ایک شہری چکی پیس رہا ہے کچھ کھاتا اور پیتا نہیں آپنے فرمایا نماز کے وقتون میں اسکے حال کو دیکھو۔ عرض کیے گئے جب بانگ دیتا ہے ٹہر جاتا ہے۔ آپنے فرمایا کچھ ہرج نہیں بعضے ایسے ہیں جو بچپن سے موت تک اعمال پر قدرت رکھتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو ضعیفی تک عمل کرتے ہیں۔ اگر یہ قرب کے جہت سے علم کی جہت سے مشاہدہ کی جہت سے تو کچھ ڈر نہین اور اگر اسکے سوا ہو تو شیطان ہے جو تجھے گمراہ کرتا اور نفس ہی جو تجھے ایذا دیتا ہی حکم کی صحبت علم کا نتیجہ دیتی ہے انکا سر نتیجہ پیدا کرتا ہی کیا تجھے اسکی کوئی خبر ہی الگ ہو پہر مل اور مل پہر ملا ای خسارہ انکا جو حرص اور امید اور غرور کے مکانون پہ بیٹھے ہیں لاچار تیرا سر مر جائیگا اور تیرا دل سیاہ ہوگا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِنَّ الْقُلُوْبَ لَتَصْدَءُ وَاِنَّ جِلَاءُ هَا الْقُرْاٰنُ تحقیق دلون کو زنگار لگتا ہے اور تحقیق انکا صیقل قرآن ہے ای خدا ہمکو ہدایت دے اور ہمین ہادی بنا۔ ای خدا ہمپر رحم کر اور ہمارے ذریعہ اورونپر رحم کر۔ ہمیں اپنی معرفت عطا کر اور ہمارے ذریعے اورون کو معرفت عطا کر جہان کہیں کہ مین ہون تجھے مبارک بنا۔ مل۔ پہر علیحدہ ہو پہر ملا۔ فقیہ ہو پہر گوشہ نشین کر جسنے جہالت کیساتھ خدا کی عبادت کی اسکا فساد اصلاح سے زیادہ ہوتا ہے۔ اپنے ساتھ اپنے رب کی شرع کے حکم کا چراغ لے اور علم پر داخل ہو اسباب کو قطع کر بہائیون اور ہمسایوں سے جدا ہو مقسومات اپنی اچھا نہیں اپنی عورت کو اپنی پیٹھ دکہا مقسومات کی طرف پیٹھ کر زہد کر۔ پہر ہا مین تکلف ان کا [illegible] کیساتھ اعراض کر۔ اپنی حرص کو چہوڑ نیک ادب کر۔ اسکے سوا اورون سے قطع کر۔ غبار اور اسباب

چراغ کے گل ہوجانے اور ہمیشہ کے اندہیرے سے ڈرتا رہ پس اسحال میں کہ تو ایسا ہو خدا اپنی امداد کا [illegible] تیرے چراغ مین اپنا نور تیرے علم میں ڈالیگا جسنے اپنے علم پر عمل کیا البتہ اسکو وہ علم عطا کرتا ہے جو اسنے حاصل نہیں کیا جو چالیس روز خدا کے لیئے خلاص کرتا ہے اسکے دل سے اسکی زبان پر حکمت کے چشمے جاری ہوتے ہیں۔ اسحال میں کہ وہ ایسا ہوتا ہے ناگاہ حق عزوجل کی آگ کو دیکھتا ہے جس طرح حضرت موسیٰ

علیہ السلام نے جب آگ کو دیکھا فقال لاھلہ امکثوا انی آنست نارا اپنی بیوی کو کہا ٹھیرو میں نے آگ دیکھی ہے جدائی
آگ کے ذریعے اسکو پکارا تھا کہ اس کو قرب بنایا اور اسکو دیکھنا اپنی طرف دلیل بنایا وہ اپنے دل کے درخت سے آگ کو دیکھتا
ہو اپنے نفس اور ہوا اور اسباب اور وجود کو کہتا ہے یہاں ٹھیرو میں نے آگ دیکھی ہے تو آواز آئی انی انا ربک
تحقیق تیرا رب ہوں میں تیرا خدا ہوں پس میری عبادت کر میرے غیر کے بیچ ذلیل ہو مجھے پہچان اور میرے غیر سے
جاہل ہو مجھ سے مل اور میرے غیر سے جدا ہو مجھے طلب کر اور میرے غیر سے اعراض کر تیرا علم میرے قریب میرے
ملک میری بادشاہت کی طرف متوجہ ہوئی کہ جب یہ تیرے بیچ کامل ہو جائیگا [illegible]
جو کچھ گذرا فاوحی الی عبدہ ما اوحی اسنے وحی کی اپنے بندے کی طرف [illegible] جواب [illegible]
نفس نے آرام حاصل کیا سکون آگیا اے دل فرعون کی طرف جا شیطان اور نفس اور ہوا کی طرف [illegible]
طرف کا رستہ تھا انکو میری طرف [illegible] انکو کہہ یا قوم اتبعون اھدکم سبیل الرشاد [illegible]
تابعداری کرو میں تجھے ہدایت کی راہ بتاؤنگا [illegible] کہ تیری حقیقت تجھے
جدا اور خیانت کی [illegible] اور تو دنیا کے نفع اور آخرت کے عذاب [illegible]
[illegible]
اور تیری [illegible] دوزخ کی طرف [illegible] اے ہماری قوم اگر
یعنی دنیا میں نیک [illegible]
[illegible]
طرف اور [illegible]
[illegible]
[illegible] تیری حالت [illegible] ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسھم [illegible] خدا کسی قوم کی حا
نہیں بدلتا جبتک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے [illegible] سے [illegible] بدلا ہیں
گویا کہ [illegible] انکے ہاتھ پاؤں [illegible] اعضا کو کاٹ [illegible] گئے ہیں انہیں گوشت خورد ڈالا
گیا وہ بے حرکت ہوں [illegible] عقلیں یعنی بشریت باقی رہی تھی کہ جب بیہوشی کے دن جاتے رہے اور عقل

Marfat.com

انکی طرف واپس آئی تو انکے رب کی مہربانیاں تغیر دینے اور بدلانے کیلیے آئیں۔ یہو کہ بعد طعام ہی پیاس کے
بعد شراب ہے برہنگی کے بعد لباس ہی۔ جبتک تو راہ میں ہو تو وہ تجھے کسی کام کا امر کرتا ہے تاکہ تیری شہوت کی آگ بجھ جائے
تو اس حکم کا حق ادا کرے شرعی امروں کے بموجب ہووے اور اسکی منہیات سے باز رہے۔ یہ دن ختم ہو جائیں اور تیرے قدم
راہ کی چلا جانے اور دن کے آنیکے ساتھ حق عز وجل کی طرف قریب ہوں۔ اولیاء کی کئی قسمیں ہیں بعض ایسے ہیں جنکا
سفر دن اور مہینے اور سالوں میں ختم ہوتا ہی اپنے وقت کو کیوں اور کس طرح اور قریب ہی ایسی باتوں میں ضائع نکر بلکہ ہمت
کی کمر کو باندھ عمل کر [illegible] کہ جب تو اسکے گھر میں کام کرے تجھے کاتنے والی آلیوے شاید اسکی لونڈیوں میں کوئی لونڈی
تجھپر عاشق ہو جائے پس تو اسے نکاح کرے اپنی صورت کو بدلائے۔ اپنی زنبیل اور کلہاڑی کو بیچڈالے سردار یا بادشاہ
بنایا جائے اور وزیر کیا جائے جسنے اللہ کو پہچانا اسکو یہ زیادہ معلوم نہیں ہوتا جب تو اس تک پہونچ جائیگا وہ تیری
خواہش کریگا زہد اور ترک معرفت سے پہلے ہے بادشاہ تک پہونچنے کے پہلے اس سے پہلے کہ تو اپنے آپکو پہچانے کہ
تو کون ہے اور تیرا لقب کیا اور تیرا نام کیا ہے بندہ اپنے خطوظ نفس۔ اپنے کپڑے اپنی پوشاک اپنے گھر اپنے
اہل اور اولاد اور ہمسایوں اور بھیری اور دوستوں کو ترک کر دیتا ہی ایک پاؤں آگے کرتا ہی اور دوسرا پیچھے امید
و خوف [illegible] قدم اٹھاتا ہے [illegible] پڑھتا ہے وہ [illegible] سے جدا [illegible] اپنے فائدہ اور ضرر پر ناواقف
[illegible] جب سبکو ترک کیا تو بادشاہ کا دروازہ آگیا [illegible] اپنے غلاموں [illegible] اپنے چوپایوں کے
[illegible] ہوا [illegible] اسے معلوم نہیں کہ اس سے کیا معاملہ کیا جائیگا۔ حالانکہ بادشاہ اسکی طرف دیکھتا
اور [illegible] اپنے غلاموں کو کہتا ہی کہ اسکو سب پر فضیلت دو پھر وہ ہمیشہ ایک شغل ہے دوسرے
شغل [illegible] جاتا ہے [illegible] سامنے [illegible] بنایا جاتا اور [illegible] اسکے سامنے ہوتا [illegible] خلعت [illegible]
[illegible] اور [illegible] حاصل کرتا ہی اپنے اہل کی طرف [illegible]
[illegible] بعد اسکے بادشاہ سے عہد لیتا ہے [illegible] اسکے لیے
دائمی صحبت اور دائمی ولایت کا فرمان [illegible] معرفت کیسا [illegible] نہیں رہتا اور ایسا [illegible]
ایک [illegible] سابقہ اور [illegible] حاصل ہوتی ہے تو ان لوگوں سے نہیں جنکے [illegible] فرمایا
[illegible] کی قسم کہتا ہوں [illegible] اپنے نفس سے حساب لیتے ہوئے

Marfat.com

کہتا ہے میں نے اپنی بات سے کیا ارادہ کیا۔ اپنے قدم اٹھانیسے کیا ارادہ کیا آپنے کہا نیسے کیا مقصد رکھا۔ کرتے ہوئے کہتا ہے میں نے کیون کیا کس لیے کیا آیا یہ قرآن اور حدیث کے موافق ہے۔ محاسبہ کے بعد تم یقین کو لازم پکڑو کیونکہ وہ خلاصہ ایمان ہے یقین کے بغیر فرائض ادا نہیں ہوتے یقین کے بغیر دنیا مین زہد نہیں ہے دعا کی قبولیت کیوقت سکون اور آرام ہے پس اگر وہ تیری دعا کو قبول نہ کرے تو تو اعتراض کرتا ہے ہر ایک شے میں اللہ عز وجل کی طرف رجوع لانا۔ صدیقوں کی علامات سے ہے اور جب وہ اپنے حال کو چھپانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ تو لینے اور عطا میں خلقت کیطرف رجوع لاتے ہیں انکے دل اُنکے ساتھ ہیں اور بدن خلق کیساتھ ابن آدم کو اس دنیا میں عمل کرنیکی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی طبع کو بدلائے۔ اپنے نفس اور شیطان اور ہوا سے جہاد کرے تاکہ چوپاؤن کی صفات سے انسانی اخلاق کی طرف نقل کرے أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلًا کیا تو نے اس رب سے کفر کیا جس نے تجھے مٹی سے بنایا پھر نطفہ سے پھر تجھے ٹھیک آدمی بنایا کیا اسکی جزا یہی ہے کہ تو اس کا کفر کرے۔ اس کا انکار کرے لوگوں کی آنکھوں سے شرماتا ہے تاکہ تجھے دیکھ نہ لیں خدا سے نہیں شرماتا۔ حالانکہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ اے کہ تو ظاہر میں ولایت کا دعوی کرتا ہے اور ظاہر خدا کی نافرمانی کرتا ہے تو اس سے نہیں شرماتا حالانکہ وہ تیرے سر اور سریرت پر مطلع ہے۔ اور اے کہ تو فقر کو ظاہر کرتا اور دولتمندی کو چھپاتا ہے کیا تجھے شرم نہیں آتی دین کو دنیا کی عوض فروخت کرتا ہے وَمَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللَّهِ اور تمہارے پاس جو نعمت ہے خدا کی طرف سے ہے تیرا شکر کہاں ہے۔ اے غلام اپنے خالق کی راہ میں کسیکو تہمت نہ لگا شاید کہ تو خطا کرے۔ اور وہ صواب کو پہونچے اور دل پر عیب نہ رکھ تاکہ تیرے عمل نیک ہو جاوین نیک کہنا اور برا کہنا شرع کا کام ہے نہ عقلون کا۔ یہ ظاہر کی وجہ سے ہے اور تو اپنے حالات میں اس طرح رہ کہ برا کہنا اور نیک کہنا باطن کے سپرد ہو۔ دل کا فتوی فقیہ کے فتوے پر غالب ہے اسلیے کہ فقیہ اپنے اجتہاد سے فتوا دیتا ہے اور دل فتوی نہیں دیتا مگر عزیمت سے کہ اسپر خدا راضی ہے۔ اُسکے موافق ہے۔ یہ حکم پر علم کی قضا ہے۔ اول حکم کے علاوہ پھر علم کے۔ مع حکم کے غلامی کے۔ اسطرح کہ اسکے موافق اور اُسکے آگے ذلیل ہو جاؤ۔ علم کے ساتھ عمل کی صحبت میں داخل ہو جو طریقت کہ شرع اسپر شہادت نہ دے وہ زندقہ یعنے مرتد ہونا ہے جب تو اہل عرفان پر داخل ہووے تو پھر انہوںمین وہ کھڑی ہوئے اسی سے کہا جسے اونہوں نے کمایا اور سر اور خلوت میں انہون نے اللہ عز وجل کا شکریہ ادا

Marfat.com

ای اس شہر کے باشندو ان جن حالات میں تم ہو۔ ان سبکو میں برا جانتا ہون اور جن حالات میں ہون تم ان سبکو
برا جانتے ہو۔ ہم دونون ضدین ہیں متفق ہونگے ہین تمہارے درمیان آسمانوں کے مالک کی قوت سے زندگی بسر کرتا
ہون۔ ہماری دلوں کی خبر دن کو قرار نہیں۔ تیری جوانی خالق عزوجل کے غضب باطل ہوئی۔ اپنی عورت اور
اولاد ہمسائے اور بادشاہ کو راضی کرتا ہے اور فرشتوں اور حق عزوجل کو غصے کرتا ہے والیہ المصیر حالانکہ
اسکی طرف بازگشت ہے۔ موت کی اجابت تجھے ضروری ہوگی۔ تو بابون اور ماؤن اور [illegible] دوستون
اور بادشاہون سے ملیگا تم میں سے کوئی نہ کہے کہ قیامت کب قائم ہوگی اسلیے جب وہ مرتا ہے تو اسکی قیامت قائم ہو جاتی
ہے اللہ عزوجل کے دوست وہان اسکے قرب میں ہیں۔ خدا کے نزدیک زندہ ہیں وہ کئی مومنین دنیا پہلی حرام سے
دوسری شبہہ سے تیسری مباح سے چوتھی حلال مطلق سے۔ پانچوین ہر ایک شئے سے جو اللہ عزوجل کے سوا ہے
وہ ان چیزون سے مردہ ہیں نہ انکو طلب کرتے ہیں اور نہ انکے قریب جاتے۔ گویا کہ معانی [illegible]
ہیں پھر اللہ تعالی نے انکو زندہ کیا بسم اللہ مجریہا ومرسہا [illegible]
دل قدر کے دریاؤن پر چلین تو انکے لنگر ڈالنے کی جگہ خدا کے علم [illegible]
وصلت جب بندہ نماز میں مصروف ہوتا ہے تو اللہ اوسکے ساتھ فرشتوں [illegible]
پرندہ۔ اہل معرفت کے نزدیک خلق کہیون پھڑون اور ریشم کے کیڑے کی طرح [illegible]
نہیں کر سکتے۔ عقلمند ذوق اکا مقابلہ نہیں کرتا مگر احمق۔ اور اوسکے مقابلے [illegible]
جو شخص مجکو خرچ کرنے اور سخاوت کا حکم کرے وہ تیرا دوست ہے۔ [illegible]
اسکا محتاج ہوا۔ حضرت [illegible] سلام کے ساتھ تجھے قناعت [illegible]
[illegible]کت کریں تو جان لو کہ تحقیق میرا دل جلگیا۔ ای دنیا [illegible] حال میں [illegible]
دوست نہ رکھیں اور آخر [illegible] ان کی خدمت [illegible]
عیسی علیہ السلام مریم کے [illegible]
جس طرح وہ عورت [illegible] ابن آدم کے لیے [illegible]
ذکر کیا جاتا تو سلوت اختیار کرے تو [illegible]

Marfat.com

زیادہ دیر پھیرنے سے رنجیدہ ہوا اسلیے کہ اسنے ہوا اور نفس اور طبع اور شیطان کے غلبہ کے باعث چیزون کے بدلنے اور خلق کی طرف محتاج ہونے اور خدا سے حجاب میں ہونے کا خوف تھا۔ جو شخص اس دنیا میں بےخوف ہوا وہ بڑا سخت جاہل ہے ای غلام جسقدر خوف زیادہ ہوگا عقل زیادہ ہوگی مجھے اپنی حیات کی قسم وہ تجھے مقرب بنائیگا۔ تجھے اپنے قریب کریگا اور تجھہ سے باتین کریگا اور تجھے لقمہ دیگا اور تجھے واقف کرائیگا اور تجھے مشاہدہ کرائیگا اور تیرے لیے دروازونکو کہولدیگا اور اپنے فضل اور قرب کے دسترخوان پر تجھے بٹہائیگا اور تجھسے خوش طبعی کرے گا لیکن وہ تجھسے رنج طلب کرتا ہو آپکی طرف ایک آدمی کچھہ سوال کرنیکے لیے اٹھا لیکن آپنے اسکی طرف نہ دیکھا اور فرمایا یہ موقع رنج کا ہے تجلی چمک رہی ہو اور عنقریب ہوگا کہ دل اور زبان تھک جائینگی [illegible] کے قریب ہوگا اور قرب احکام کو مضبوط کرنے اور یقین کی کتاب کو اپنے ہاتھون میں لینے اور اسکے اسرار اور ان چیزون پر جو اسکی طرف سے ہونگی اطلاع پانے کے بعد [illegible] خواہش نفس [illegible] دقیقہ کے پیچھے [illegible] ساتون قرآنون سے واقف اور فقیہہ تھا نصرانی بنگیا اور کفار کے شہرون مین اسحال میں [illegible] اسکے گلے میں [illegible] اس سے پوچھا گیا کہ ان قراتون اور عبادت کا کیا حال ہے اسنے جواب دیا [illegible] قرآن [illegible] سوا ایک آیت کے [illegible] یاد نہیں ہے وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا [illegible] انہون نے کچھ جانچا اور انکو غبار پراگندہ بنایا [illegible] ضروری ہو اَلْمُنَافِقُ فِی الْمَسْجِدِ كَالطَّيْرِ فِی الْقَفَسِ [illegible] پنجرے [illegible] ظاہر شرع اسکا پنجرہ ہے اگر ہم ظاہر پر چھوڑتے [illegible] اور [illegible] لیکن شرع نے ہمارے ہاتھون کو اس سے بند کر لیا [illegible] علم کو طلب کرو اسلیے کہ علم تمہارے [illegible] ظاہر کریگا علم پڑھ پھر گوشہ اختیار کر پس اگر تو اسکے [illegible] ہوگا تو وہ تجھے اپنے علم پر اطلاع دیگا جب نفس تجھے اپنے مولی تک لیجائے تو تو دروازے پر [illegible] اور بادشاہونکی طرح داخل ہوگا جب تو دروازے کو کہلا پائیگا تو تجھے کہا جائیگا کہ صرف اکیلا داخل ہو [illegible] حق ہے [illegible] اپنے سارے کپڑے کولا ڈالی سر اور تیرا دل اور ہاتھ پاؤن اور کل کا کل ثابت رہ۔ اسوقت خرید و فروخت اور مقابلہ نہیں [illegible] وہ کہ جس نے نہیں کہایا کہانا [illegible] نہیں پایا جب تو [illegible] پر صبر کیا تو جائز

Marfat.com

پانی ظاہر ہوگیا۔ سفر کرنے والے اور اترنے والے کیجائے پناہ ہوا جب تو مجاہدوں اور ہادون کی تکلیفوں پر صبر نکریگا تو کب عارف ہوگا۔ ای فقیر صبر کر عنقریب خدا تیری طرف دیکھیگا پس تجھے اٹھائیگا اور تیرے سر پر تاج رکھیگا تجھے بزرگی اور بادشاہی اور جلال کا لباس پہنائیگا۔ ای خدا اپنے سے بعید کر اور اپنی طرف نزدیک۔ ای خدا [illegible] کر اور اپنا فقیر بنا۔ ای خدا اپنے غیر سے غنی کرنیکے ساتھ حفاظت کر جب تیرا دل قریب [illegible] اور [illegible] تاریکی میں ہو تو اسپر علم کی فجر روشن ہوگی اور سحر کے [illegible] دل کی آنکھوں [illegible] سرمہ [illegible] لگایا جائیگا اور تقدیر کی فہرست تجھے مطالعہ کرائی جائیگی۔ اسوقت جنت میں جو اسکی مخلوق [illegible] اور [illegible] لیے [illegible] داخل ہونیکے بعد کھانا اور پینا شروع کر تو کھائیگا اور پئیگا اور دل [illegible] ہیں اللہ [illegible] یہ صرف آرزو کرنے سے حاصل نہیں ہوتا۔ مخلوق [illegible] برگزیدہ [illegible] کی طرف دیکھتے ہیں۔ ای اہل مجلس [illegible] کیا تم کو اسکی کچھ خبر ہے [illegible] آپنے اپنے ہاتھوں [illegible] اور اپنا چہرہ مبارک تمام اطراف کی طرف پھیرا پھر کہا جو شخص [illegible] پرہیزگاری کرنیکے بغیر اللہ عزوجل کی محبت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے جو شخص مال اور ملکیت کر [illegible] کرنیکے بغیر جنت کی محبت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے جو شخص فقراء اور [illegible] دن کیساتھ محبت رکھنے کے بغیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے [illegible] دنیا کا اور دل کی آنکھ [illegible] آخرت کا مشاہدہ [illegible]

[illegible] نہیں چڑھتا [illegible]

[illegible] اور اختیار کیا [illegible] غیرت [illegible]

[illegible] ایمان [illegible]

